مسئلہ:۔ بعد نکاح کے حضرت رسولؐ پاک نے ہر دو صاحبوں کے حق میں دعائے خیر فرمائی۔ اور بعد کو فرمایا اے فاطمہ تجھ کو کام کرنا تیرا کام ہے۔ مثلاً چرخہ کاتنا چکی پیسنا اور کپڑا سینا اور دھوبی کرنا اور گھر کی صفائی کرنا اور روٹی ہانڈی وغیرہ پکانا۔ اور پھر حضرت علیؓ کو فرمایا اے علیؓ باہر کا کام کرنا تیرا کام ہے۔ مثلاً کھیتی باڑی کا کام اور مال مویشی کو چارہ

---

۵ یعنی ڈیڑھ سو روپیہ

پانی دینا، اور لکڑی وغیرہ باہر سے لانا، اور سودا سودا بازار سے لاکر دینا وغیرہ
مسئلہ :- مائیں بٹھانا - تیل چڑھانا - گانا باندھنا - گادن نکانا - جنج کو عورتوں کا لانا اور باندھنا اور جھجی چینی کالاگ مانگنا - اور بائیں ہاتھ سے سرمہ پانا - اور سالیوں کا منہ میں لقمہ دینا اور منٹھ کھلانا و راسوئی پڑا سوہاگ منجانا - دلہن کو ڈولی میں پانا و دولہا کو سوتن سہرے باندھنا ڈھول باجے گاجے بجانا - آتش بازی جھاڑنا وغیرہ وغیرہ تمام رسوات کفریہ ہیں - ان کے کرنے والے اور کرانے والے اور خوش ہونے والے سب گنہگار ہیں - حضرت فاطمہ زہرا اور حضرت علیؓ کے نکاح پر ان تمام رسومات سے ایک رسم بھی نہیں کی گئی تھی - صرف بعد نکاح کے چھوہارے بانٹ کر حضرت فاطمہؓ کو ام سلمہ کے ساتھ حضرت علی کرم اللہ وجہٗ کے گھر بھیج دیا گیا - اور بعد نکاح کے دوسرے تیسرے دن ولیمہ کیا گیا تھا جو سنت موکدہ ہے جس کو اب لوگوں نے ترک کر دیا ہے - اور ہزار ہا بے جا خرچ کرتے ہیں -

ذکر داج حضرت فاطمہ زہرا

غزل

جد دیا ہی فاطمہ حضرت رسولؐ — داج دیتاں کیا نبی نے کیتا قبول
ایک چکی تے مصلےؐ پاک تھا — ایک کوزہ دوسرا مسواک تھا
ایک چادر شاہزدہ پیوند تھی! — سی پورانی فاطمہؓ دل بند کی
دو گدّے تے دو سلواراں سعو دو پلے دو بند چاندیوں آئے — دو گھڑے تے یک مشکیزہ دو پیالے رادی لیائے
دو لہا لیاں کھدروں آیاں برگ کھجوروں بھریاں — جو حضرت فاطمہ کارن بنیاں عمدہ لایاں تنیاں
چار سرہانے روانڑوں بھرے تے دو چھل کھجوروں — ایہ کچھ داج نبی نے دتا اپنی خاص حضوروں

ذکر

ایک منافق کا حضرت علی کرم اللہ وجہٗ کو اس داج پر طعن کرنا یعنی ایک منافق نے داج حضرت فاطمہ کا دیکھ کر بائیں کر حضرت علی کو ملامت کرنے لگا کہ تم کیسے بہادر اور جوان آدمی ہو کہ زمانے کے بہادر اور پہلوان آپ کی دہشت سے کانپتے ہیں - بسبب ایسی بہادری کے تم نے ایک ایسے شخص کی لڑکی کے نکاح کی درخواست کی کہ جس کے گھر اگر رات کو ہوتا ہے تو دن کو نہیں ہوتا - اور دن کو ہوتا ہے تو رات کو نہیں ہوتا - اگر تو میری لڑکی کے ساتھ نکاح کرتا تو میں اتنا داج دیتا کہ میرے گھر سے لے کر تیرے گھر تک اونٹوں کی قطاریں مال متاع سونا چاندی، اور کپڑے وغیرہ کی ہوتیں حضرت علی نے فرمایا کہ ہماری نظر مال و متاع دنیا پر نہیں ہے کہ چند روز کے بعد تباہ ہونے والا ہے ہماری نظر رضامندی خدا اور رسول پر ہے جو دونوں جہان کے واسطے کافی وافی ہے - چنانچہ شیخ عطار رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں ؎

مال دنیا خاکساراں را دہند — عاقبت پرہیزگاراں را دہند
دنیا کا مال اللہ تعالیٰ کمینوں کو دیتا ہے — اور عاقبت کی سچ نیکوں کو دیتا ہے
از خدا نابود وجستن غنا !!! — بیت مومن را غنی رنج وعنا
خدا تعالیٰ سے دنیا کا مال نہیں مانگنا چاہیئے — اس لئے کہ مومن کو باعث رنج ہے
مال دنیا بے عدد دولت آورد ہ گیر — عاقبت در گور حسرت بردہ گیر

Marfat.com

مال اسباب دنیا کا بے اوڑک ہاتھ میں نہ لا۔ اوڑک قبر کو پچھتا تا ہوا جائے گا تو

حاصل کلام جب حضرت علیؓ حضرت رسول پاک کی رضا پر راضی ہوئے تو ہاتف سے آواز آئی اے علیؓ آسمان کی طرف نظر اٹھا کر دیکھ تاکہ تجھ کو قدرت خدا عز و جل اور داج فاطمہ بنت رسول کا نظر آوے۔ جب حضرت علی نے سر مبارک اٹھایا اور دیکھا تو تمام پردے دُور کیے گئے۔ اور زمین سے لے کر سات آسمان اور عرش معلّٰے تک اونٹوں کی قطاریں مع جواہر سونا چاندی ریشمی کپڑے اور خوبصورت غلام اور لونڈیاں سے بھری ہوئی نظر آئیں جو کہ داج حضرت فاطمہ کا تیار کیا گیا تھا ؂

غیبوں ہک فرشتے حضرت علیؓ آواز سنایا
ایہ سب داج ہے فاطمہ بنت محمدؐ سندا آیا

تاں خوش دل ہو کر حیدر چائیں چائیں گھر ول آیا
حضرت فاطمہ تائیں چاہے قصہ سب سنایا

ہو کجھ طعن منافق کیتا علی حیدرؓ دے تائیں
جو کجھ ہیسی رب دیکھایا عرش معلّٰے تائیں

آکھیا حضرت فاطمہ توں دس یا میں نہ سنائیں
جو کجھ تینوں نظری آیا عرش معلّٰے تائیں

فاطمہؓ کہیا جو طعن کیتا نہ منافق ہک بدینے
تاں داج میرا توں دیکھ لیا خود اکھیں نال یقینے

خاطر ساڈی زمین آسماناں دو جہاناں رب اوپایا
لَوْلَاكَ لَمَا خَلَقْتُ الْاَفْلَاكَ جو ہے آیا

جے کر تینوں نہ پیدا کردا کرداشے نہ کائی
یا محمد ہر شے تیری خاطر اساں بنائی

فائدہ :- جب حضرت فاطمہ کا نکاح ہوا تو آپ کی عمر شریف اٹھاراں برس کی تھی اور حضرت علی کی بائی برس۔

فائدہ :- نو برس سے لے کر اٹھاراں برس تک حد ہے بالغ ہونے کی۔ یعنی لڑکیاں نو سال کی جوان ہو جاتی ہیں بعض باراں چوداں آخر اٹھاراں برس تک کوئی تلیل جاتی ہے۔ اور فرمایا بزرگان دین نے کہ لڑکی بالغ بٹھاتی بڑا گناہ ہے

نظم

آکھن جس گھر ہووے لڑکی عمروں بالغ کنواری
ہر جین قتل کرے ہک بندہ حیض ہوس جد جاری

ایڈا سخت گناہ کبیرا ماپیاں بٹھادن والا
سبے دیناں عقل نہ آوے پیا آپچھا چالا

مسئلہ :- معارج میں آیا ہے کہ ایک دن سرورِ عالم حضرت فاطمہ کے گھر تشریف لائے۔ اور فرمایا اے بیٹی کیا حال ہے۔ حضرت فاطمہؓ نے عرض کیا ابا جان آج میں مع اپنی اولاد کے تین دن سے بھوکی ہوں۔ بلکہ تین دن سے اناج کی خوشبو نہیں پائی۔ تو سرورِ عالم نے دست مبارک اٹھا کر دعا کرنی شروع کی اَللّٰهُمَّ اَنْزِلْ رِزْقًا عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اَهْلِ بَيْتِهٖ كَمَا اَنْزَلْتَ عَلٰى مَرْيَمَ بِنْتِ عِمْرَانَ ط اے اللہ تبارک و تعالیٰ رزق عنایت فرما اوپر محمدؐ اور اس کے اہل بیت کو جس طرح رزق عنایت فرمایا اوپر مریمؑ بیٹی عمران کی کو۔ بعدہ فرمایا اے بیٹی اندر جا کر دیکھ حضرت فاطمہ جب اندر گئیں تو دیکھا کہ ایک پیالہ جواہر سے نقش و نگار کیا ہوا ہے اور اس میں نان اور گوشت بھنا ہوا ہے۔ اور خوشبو آرہی ہے۔ حضرت فاطمہ نے وہ پیالہ اٹھا کر حضرت محمد الرسول اللہ کے آگے رکھ دیا فرمایا آپ نے كُلُوْا بِسْمِ اللّٰهِ وَمُحَمَّدٍ۔ یعنی کھاؤ تم ساتھ نام اللہ اور محمدؐ کے۔ پس کھایا اس پیالہ سے حضرت محمدؐ اور حضرت فاطمہؓ اور حضرت علیؓ اور حضرت حسنؓ اور حسینؓ نے سیر ہو کر۔ بلکہ ایک روایت میں ہے کہ کھایا اس پیالہ سے نان اور گوشت اہل بیت نے سات دن اور پھر بھی وہ پیالہ پُر تھا اور وہ نان اور گوشت کم نہیں ہوتا تھا۔ مگر ایک دن حضرت امام حسنؓ ایک گوشت کا ٹکڑا پکڑ کر گھر سے باہر گئے تو ایک یہودی عورت نے پوچھا اے اہل بیت یہ گوشت تم نے کہاں سے

Marfat.com

لیا ہے تو حضرت امام حسنؓ نے تمام قصہ اُس کے آگے بیان کر دیا۔ تو اس عورت نے وہ گوشت کا ٹکڑا مانگا۔ تب امام نے گوشت کا وہ ٹکڑا اس عورت کو دے دیا۔ کیونکہ آپ بڑے سخی تھے۔ جب اس عورت کو گوشت دیا تو وہ پیالہ سمیت گوشت و نان کے گھر سے غائب ہو گیا۔ آنحضرتؐ نے فرمایا کہ اگر تم اس گوشت و نان کو ظاہر نہ کرتے تو تم کو اے اہل بیت تمام زندگی کے لئے کافی تھا۔

ذکر فضائل حضرت فاطمہ

قَالَتْ كُنَّا اَزْوَاجَ النَّبِيِّ عِنْدَهٗ فَاَقْبَلَتْ فَاطِمَةُ مَا تَخْفٰى مِشْيَتُهَا مِنْ مِشْيَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ

فرمایا حضرت عائشہ نے کہ تھے ہم سب حرم پاس رسول اللہ کے پس آئی فاطمہ قریب وفات رسول اللہ کے اور نہیں چھپتی تھی چال اور روش فاطمہ کی چال اور روش رسول خدا سے یعنی جس طرح حضور کی چال اور روش تھی ویسے ہی فاطمہؓ کی چال اور روش تھی۔ شکل شباہت ذکر اذکار صبر و تحمل دینی دنیاوی معاملات میں فَلَمَّا رَاٰهَا قَالَ مَرْحَبًا بِابْنَتِيْ ثُمَّ اَجْلَسَهَا عَنْ يَمِيْنِهٖ ثُمَّ سَارَّهَا فَبَكَتْ بُكَاءً شَدِيْدًا پس جب دیکھا رسول اللہ نے حضرت فاطمہؓ کو تو فرمایا جیو آیاں اے بیٹی میری فراخی و کشادگی ہو واسطے تیرے پس بٹھایا فاطمہ کو دائیں طرف اپنی پھر چپکی کی سی بات کی اس کے کان میں پس روئی حضرت فاطمہ رونا سخت فَلَمَّا رَاٰى حُزْنَهَا سَارَّهَا الثَّانِيَةَ فَاِذَا هِيَ تَضْحَكُ پھر جب دیکھا آنحضرتؐ نے فاطمہؓ بہت غمناک ہے تو چپکی سی دوسری بات اس کے کان میں کہی پس جب سنی بات فاطمہؓ نے اسی وقت ہنسنے لگی یعنی خوش ہو گئی فَلَمَّا قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ سَاَلْتُهَا عَمَّا سَارَّكِ قَالَتْ مَا كُنْتُ لِاُفْشِيَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ سِرَّهٗ۔ پس جب اٹھے حضرتؐ واسطے نماز وضو کے مجلس سے تو کہا حضرت عائشہؓ نے اے فاطمہؓ کیا بات تھی جو آپ کو پوشیدہ رسولؐ نے بتائی تھی تو فرمایا حضرت فاطمہؓ نے کہ نہیں ہوں میں اس چیز کو ظاہر کرنے والی جس کو رسول خدا نے چھپایا ہے۔ فَلَمَّا تُوُفِّيَ قُلْتُ عَزَمْتُ عَلَيْكِ مِنَ الْحَقِّ لَمَّا اَخْبَرْتِنِيْهِ۔ پس جب وفات پائی رسول خدا نے تو کہا حضرت عائشہؓ نے کہ قسم دیتی ہوں میں تجھ کو اے فاطمہؓ ساتھ اس چیز کے کہ حق ہے میرا اوپر تیرے وہ حق مادر یا محبت نہیں پوچھتی میں مگر وہ بات جو کہی تھی رسول پاکؐ نے اس دن تجھکو چپکے قَالَتْ اَمَّا الْاٰنَ فَنَعَمْ اَمَّا حِيْنَ سَارَّنِيْ فِي الْاَوَّلِ فَاِنَّهٗ اَخْبَرَنِيْ اَنَّ جِبْرِيْلَ كَانَ۔ کہا حضرت فاطمہ نے اب رسولؐ خدا جہان فانی سے گئے اے پر جو وقت چپکی سی بات کہی اول مرتبہ پس تحقیق آنحضرتؐ نے خبر دی مجھ کو کہ آتے تھے جبریل يُعَارِضُنِي الْقُرْاٰنَ كُلَّ سَنَةٍ مَرَّةً وَاِنَّهٗ عَارَضَنِيْ بِهِ الْعَامَ مَرَّتَيْنِ وَلَا اَرَى الْاَجَلَ اِلَّا قَدِ اقْتَرَبَ دور کرنے قرآن مجید کا ہر سال ایک بار رمضان شریف میں اور اس سال دو بار دور کیا ہے نہیں دیکھتا میں موت اپنی کو مگر بہت قریب فَاتَّقِي اللّٰهَ وَاصْبِرِيْ فَاِنَّهٗ نِعْمَ السَّلَفُ اَنَا لَكِ فَبَكَيْتُ۔ پس پرہیزگاری کر اے فاطمہؓ جہاں تک ہو سکے اور صبر کر مصیبتوں اور آفتوں اور بلاؤں پر خصوصاً میری مفارقت پر۔ پس تحقیق میں اچھا پیشوا ہوں واسطے تیرے پس یہ سن کر میں روئی فَلَمَّا رَاٰى جَزَعِيْ سَارَّنِي الثَّانِيَةَ قَالَ يَا فَاطِمَةُ اَلَا تَرْضَيْنَ اَنْ تَكُوْنِيْ سَيِّدَةَ النِّسَاءِ اَهْلِ الْجَنَّةِ اَتْبَعُهٗ فَضَحِكْتُ (از مشکوٰۃ شریف) پس جب دیکھا آنحضرتؐ نے بے صبری میری تو چپکے سے کہا مجھ کو اے فاطمہؓ کیا تو راضی نہیں کہ تو سردار ہو گی جنت میں تمام عورتوں کی اور تمام اہل بیت سے اول تو مجھ کو ملے گی پس ہنسی میں خوشخبری سن کر۔

بہت فضیلت فاطمہؓ زہرا وچہ حساب نہ آوے ۔ جگر میرے دا ٹکڑا اسنوں پاک نبی فرماوے

Marfat.com

شکل شباہت ساری حضرت فاطمہ دالی بھائی ۔۔۔ دانگ رسول اللہ سب آہی وچ حدیث گواہی
اٹھن بیٹھن آون جاون کھاون پیون نالے ۔۔۔ ذکرا ذکار عبادت جلین چال رسولؐ کمالے
جویں طریقہ پاک محمدؐ وچہ سخاوت آیا ۔۔۔ فاطمہ زہرا دا بھی ایویں رتی فرق نہ پایا
صبر تحمل دانگ نبیؐ دے فاطمہ زہری ساہی ۔۔۔ ایسے کارن پاک نبیؐ نوں بہت پیاری آہی
امام مالک نوں کسے سوالی آن سوال سنایا ۔۔۔ فاطمہؓ بہتر یا ہاں اس دی مالک ایہ فرمایا
گوشت پاک نبیؐ توں بہتر گوشت ہووے نہ کائی ۔۔۔ فاطمہؓ بنت رسولؐ خدیجہ بنت خویلد آئی
جو کجھ شرف فضیلت ہیسی فاطمہ زہرا تائیں ۔۔۔ ہور کسے دے تائیں ہرگز ایہ فضیلت نائیں

جیسا کہ حدیث شریف میں آیا ہے :۔ وَعَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ فَاطِمَةُ بَضْعَةٌ مِنِّیْ فَمَنْ اَبْغَضَھَا مَا اَبْغَضَنِیْ۔ حضرت مسور بن مخرمہؓ سے روایت ہے کہ تحقیق فرمایا رسول اللہ نے کہ فاطمہ میرے گوشت کا ٹکڑا ہے۔ پس جو کوئی غصہ میں لاتا ہے فاطمہؓ کو وہ غصہ میں ڈالتا ہے مجھ کو۔ اور کیا خوب کہا امام مالک نے کہ لَا اُفَضِّلُ اَحَدًا عَلٰی بِضْعَةِ رَسُوْلِ اللّٰہِ نہیں میں بہتر جانتا کسی گوشت کو گوشت رسول اللہ سے یعنی حضرت فاطمہؓ سے۔ پس جس نے حضرت فاطمہ کو برا جانا وہ کافر بیدین ہے۔ اور اسی طرح کئی حدیثیں آئی ہیں۔ جیسا کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے روایت کی ہے کہ فرمایا رسول پاکؐ نے دوست رکھنا قریش کا نشانی ہے ایمان کی اور دشمن جاننا قریش کا نشانی ہے کفر کی جیسا کہ مشکوٰۃ شریف میں ہے

مسئلہ :۔ صواعق میں ابو ایوب سے روایت ہے قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ یُنَادِیْ مُنَادٍ مِّنْ تَحْتِ الْعَرْشِ یَا اَھْلَ الْجَمْعِ نَکِّسُوْا رُءُوْسَکُمْ وَغُضُّوْا اَبْصَارَکُمْ حَتّٰی تَمُرَّ فَاطِمَةُ بِنْتُ مُحَمَّدٍ عَلَی الصِّرَاطِ فَتَمُرُّ مَعَ سَبْعِیْنَ اَلْفَ جَارِیَةٍ مِّنَ الْحُوْرِ الْعِیْنِ کَمَرِّ الْبَرْقِ

فرمایا رسول پاکؐ نے ایک فرشتہ تلے عرش کے منادی کرے گا کہ اے حشر کے لوگو تمام سر نیچے کرو اور آنکھیں بند کرو تاکہ گذر جائے حضرت فاطمہؓ بیٹی محمد رسول اللہ کی پلصراط سے۔ جب تمام لوگ اپنی آنکھیں بند کر لیں گے اور سر نیچے تو گذرے گی حضرت فاطمہؓ پلصراط سے ساتھ ہزار غلاموں اور حوروں کے مثل گذرنے بجلی کے ۔

ہک فرشتہ روز قیامت عرشاں تلے پکارے ۔۔۔ اے لوکو سر نیویں کر لو نالے اکھیں میٹو سارے
فاطمہ بنت محمدؐ سب ہوسی اول پل پر چڑھسی ۔۔۔ ستر ہزاراں خدمت گاراں سبھے کیتے کھڑسی
سب تھیں اول جنت خاتون جنت اندر جاوے ۔۔۔ جنت اندر اس تھیں اول کوئی نہ قدم ٹکاوے
لے بنی وشے سب تھیں بہتر حضرت فاطمہ جانی ۔۔۔ بی اولاد[1] اونہاں تھیں بہتر حسنؓ حسینؓ پچھانی

فصل ششم

در وفات حضرت فاطمہؓ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی کُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَةُ الْمَوْتِ۔ فرمایا اللہ تعالے نے ہر جاندار چیز چکھنے والی ہے لذت موت کی بخاری شریف میں ہے کہ وفات پائی حضرت فاطمہ نے منگلوار تیراں ۱۰ رمضان کو اور

[1] یعنی اولادوں سے ۔

گیارہ ۱۱ھ ہجری چھ ماہ بعد وفات رسول پاک سے اور تمام عمر حضرت فاطمہؓ کی اٹھائیس ۲۸ سال ہوئی اور غسل دیا ان کو حضرت علی نے اس واسطے کہ آپ نے وصیت فرمائی تھی کہ مجھ کو کوئی نہ غسلا دے سوائے علی کرم اللہ وجہہ کے کیونکہ آپ اجنبی عورتوں سے بھی پردہ کرتی تھیں۔ اور دفن کی گئیں جنت البقیعہ میں اور جنازہ بھی آپ کا خود حضرت علیؓ نے پڑھایا۔ اور آپ کے بطن مبارک سے پیدا ہوئیں چھ اولادیں۔ تین لڑکے یعنی امام حسنؓ۔ امام حسینؓ۔ امام محسنؓ اور تین لڑکیاں یعنی ام کلثومؓ۔ رقیہؓ۔ زینبؓ اور آپ کی وفات کا واقعہ اس طرح ہے۔ کہ حضرت فاطمہ کو بعد وفات والد بزرگوارؐ کوئی دنیا دی تکلیف نہیں ہوئی۔ سوائے فراق والد بزرگوار کے۔ ایک دن حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے دیکھا کہ حضرت فاطمہؓ تین کام کر رہی ہیں۔ قدرے آٹا خمیر کیا ہوا ہے کہ روٹی پکا دیں۔ اور کچھ کاچھی ترکی ہوئی ہے کہ صاحبزادوں کے سر مبارک دھودیں اور کچھ صابن بھی ابال رہے ہیں کہ کپڑے صاف کریں۔ حضرت علی نے یہ کام دیکھ کر حیران ہو کر پوچھا کہ مخدومہ دو جہان میں نے اتنی عمر میں آپ کو دنیا کے دو کام ایک وقت میں کرتے ہوئے کبھی نہیں دیکھا۔ آج کیا سبب ہے کہ آپ تین کام کر رہی ہیں۔ یہ بات سنتے ہی حضرت فاطمہ کے آنسو مبارک جاری ہو گئے۔ اور عرض کیا اے میرے سر کے تاج آج رات میں نے اپنے والد بزرگوار سرور کائنات کو دیکھا کہ آپ میرے سر پر کھڑے دیکھ رہے ہیں جیسا کہ کوئی کسی کی انتظاری کرتا ہے۔ میں نے فریاد کی اے ابا جان آپ اتنی مدت کہاں رہے کہ میرا دل آپ کی جدائی میں جل رہا ہے اور تن کباب ہو رہا ہے۔ تو آپ نے فرمایا اے میری پیاری بیٹی میں تیرا انتظار کر رہا ہوں کہ فراق میرا بھی حد سے گذر رہا ہے۔ تو میں نے عرض کی یا حضرتؐ میں بھی اس بات کی خواہش مند ہوں کہ آپ کی ملاقات کروں تاکہ میری جدائی کے فراق کی آگ سرد ہو تو فرمایا سرور کائناتؐ نے اے میری بیٹی کل رات کو تو میرے پاس ہو گی۔ پس روٹی اس واسطے پکاتی ہوں کہ کل رات کو آپ میری مصیبت میں ہوں گے اور صاحبزادوں کے کپڑے اس واسطے دھوتی ہوں کہ میں نہیں جانتی بعد وفات میری کے میرے فرزندوں کے کوئی کپڑے دھودے اور میں چاہتی ہوں کہ اپنے بچوں کے سر مبارک دھوؤں اور کنگھی کروں میں نہیں جانتی کہ میرے بعد کوئی میرے بچوں کے سر دھودے اور ان کے بدن مبارک سے میل اتارے۔ بیشک حضرت فاطمہ نے سچ فرمایا ہے۔ کیونکہ یہ بات کئی دفعہ تجربہ میں آچکی ہے کہ والدین کے بعد یتیم بچوں کا بہت ہی ابتر حالت ہوتی ہے ؎

دنیا وچہ خدا دی رحمت برکت نال بھراواں — سایہ رحمت باپ پیارے ماواں ٹھنڈیاں چھاواں
ماواں باجھ یتیم بچارے رہندے حال نمانے — تے ماواں والے ہسن کھیڈن لاڈ کرن من بھانے
کون کرادے لاڈ یتیماں نہیں جنہاں دیاں ماواں — کیہڑا میل اتارے نہیں جنہاں دیاں ماواں
کپڑے میلے بدن آلودہ پھیرے یتیم نمھاداں — بھتاں والے ٹکڑے اونہاں کھوہ کھائے نے کاواں
ماواں والے جو کجھ منگن سو کجھ ملدا جاوے — کھڑا یتیم نمانا ہو کر منہ دے دل تکاوے
ایسے کارن پاک نبیؐ نے واضح کر سمجھایا — کول یتیم نہ اپنے بیٹے لاڈ کرو فرمایا
سب گھراں تھیں بہتر عزت والا اوہ گھر آیا — جس گھر پلے یتیم نماناں حضرت نے فرمایا
روٹے جدوں یتیم غاناں ہلتے عرش الہیٰ! — بہت پیار کردسنگ اونہاں آکھن نبیؐ خدائی
فاطمہؓ آکھیا میرے بچیاں ہون یتیم نمانے — کی کجھ ہوسی نال انہاں دے اللہ بہتر جانے

فائدہ:۔ جب یہ بات جدائی والی حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے حضرت فاطمہؓ سے سنا تو نہایت غمگین ہوئے۔ اور کہا اے فاطمہؓ تیرے باپ کی جدائی والا داغ میرے دل سے ابھی نہیں مٹا کہ تو نے ایک اور داغ میرے دل پر داغ دیا۔ حضرت فاطمہؓ نے کہا اے علی کرم اللہ وجہہ صبر کر اس جدائی میں جس طرح صبر کیا تو نے جدائی رسول اللہ میں۔ اور پھر امامین کی طرف دیکھ کر آنسو بھر لائیں کہ اے فرزند و دلبند تمہارے بدن کی میل کون اتارے گا۔ اور تمہارے کپڑوں کی میل کون نکالے گا۔ تو

Marfat.com

توحضرت امام حسنؓ حسینؓ اپنی والدہ کی بات سُن کر رونے لگے۔ بعدہٗ آپ نے فرمایا اے فرزند دلبند عنقریب میں جنت میں جانے والی ہوں جو قبرستان ہے تم میرے لئے دُعا کرنا اور میرے ملنے کو یعنی زیارت کو آیا کرنا۔ پس تھوڑی دیر کے صاحبزادے باہر چلے گئے اور حضرت فاطمہؓ بستر پر لیٹ گئیں اور حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ کو کہا کہ میرے پاس بیٹھ جاؤ وقت رحلت کا قریب ہے۔ حضرت علیؓ نے کہا کہ یہ بات جدائی کی سُنتے ہی میرے بدن میں طاقت نہیں رہی۔ پھر حضرت علیؓ بیٹھ گئے اور فرمایا کہ مجھ کو معاف کر دے میں نے کیا اگر آپ کی جان بہت ہی گھٹتی جا رہی تھی۔ پس حضرت فاطمہؓ نے کہا حاشا للہ آپ کی زبان سے کوئی کلام ایسی نہیں نکلی جو میرے رنج کا باعث ہو۔ دوسری وصیت یہ ہے کہ میرے بعد میرے فرزندوں کے ساتھ نہایت ہی پیار اور شفقت اور محبت کرنی ہوگی۔ اگر کبھی گستاخی بھی کریں تو جھڑکنا نہ ہوگا تیسری وصیت یہ ہے کہ مجھ کو رات کے وقت دفنانا ہوگا تاکہ غیر محرم میرے جنازے کو بھی نہ دیکھے۔ کیونکہ میں نے اپنی تمام زندگی کسی غیر محرم کو نہیں دیکھا۔ اور چوتھی وصیت یہ ہے کہ بعد میرے میری زیارت کو کبھی کبھی آیا کرنا۔ تب حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ نے کہا کہ میں نے ان چار وصیتوں کو قبول کیا۔ اب میری بھی تین وصیتیں سنو۔ اوّل جو میں نے تیرے حق ادا کرنے میں کوتاہی کی معاف کرنا۔ دوسرا جب اپنے والد بزرگوارؐ کے پاس جاؤ میرا سلام کہنا۔ تیسرا کوئی شکایت میری جنابؐ کے سامنے نہ کرنا۔

ہکدوجے نوں کرن وصیتاں، علی تے فاطمہ دونویں — ماں حجرے وچہ آواز رون دی باہروں آئی دونویں
حضرت علی کہیا کیوں روندو صاحبزادڑیو بھائی — بوہا کھولو کراں زیارت آخر واری مائی!
جھب لے بوہا کھولیا حضرتؓ دیر نہ لائی کائی — حسنؓ حسینؓ جاں اندر آئے کردے ائی ائی
حضرت فاطمہؓ دوہاں صاحبزادیاں گلے لگایا — نے آکھیا میں صدقے واری کیوں رون تسانوں آیا
عرض کریندے دونویں صاحب خواب جو سانوں آیا — روضے نانے پاک دے اندر ایہہ کجھ اساں دسایا
ابراہیم خلیل کہیا یتیم ایہ فاطمہؓ جائے — حضرت اسمٰعیل کہیا شفیع قیامت آئے
حبیب محمد مصطفٰے ساڈے نانیں ایہ فرمائے — ایہ دو ٹکڑے جگر میرے دے میری بیٹی جائے
اساں سلام جا کہنا اپنے نانے صاحبؐ نائیں — بڑی محبت دیوچہ آئے ملدے چائیں چائیں
بعد ملن تھیں سرور عالم حکم اساں فرمادے — جس نے ماں اپنی نوں ملنا دوڑ شتابی جادے
ابراہیم دے اسماعیل بھی کل رسول الٰہی — استقبالی ماں تساڈی کارن آئے بھائی
حضرت فاطمہؓ دوہاں صاحبزادیاں دے دلاسا — كُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَةُ الْمَوْتِ آخر قبریں واسا
یعنی جو کجھ پیدا ہویا سب کجھ ہوسی فانی — ملکوت ام دائم رہسی واحد ذات ربانی!

روایت ہے حضرت فاطمہؓ نے حضرت علی کو کہا کہ تم دونوں صاحبزادیوں کو کہو کہ پھر اپنے نانا پاکؐ کے روضہ اقدس پر چلے جائیں۔ جب دونوں صاحبزادے چلے گئے تو آپ نے ام سلمہ کو فرمایا کہ میرے لئے پانی گرم کر تاکہ میں غسل کروں جب حضرت ام سلمہ نے پانی گرم کیا تو حضرت فاطمہؓ نے غسل کیا اور فرمایا میرے کپڑے لاؤ۔ کپڑے پہن کر فرمایا کہ میرا بستر درست کرو۔ بعدہٗ آپ تکیہ لگا کر دائیں پہلو پر قبلہ رخ دراز ہو گئیں۔ اور اسماءؓ بنت عمیس کو بلا کر فرمایا اے اسماء ایک دن جبرائیل علیہ السلام میرے والد بزرگوار کے پاس بوقت مرض الموت کچھ کافور بہشتی واسطے خوشبو کے لائے تھے تو آپ نے ایک حصہ لیا اور ایک حصہ یعنی نصف مجھ کو دے دیا تھا۔ وہ کافور میں نے فلاں جگہ رکھا ہوا ہے۔ اس کو دو حصے کر کے ایک حصہ مجھکو دے دو اور دوسرا حضرت علیؓ کے لئے رکھ دو۔ پس اسماء نے ایسا ہی کیا۔ بعدہٗ فرمایا اے اسماء باہر چلی جا اور مجھے اکیلی چھوڑ دے تاکہ میں اپنے رب تعالےٰ کے ساتھ التجا کروں پس اسماء تھوڑی دیر کے لئے باہر چلی گئی۔ اور انتظاری

Marfat.com

تو آواز رونے کی گھر سے باہر سنی ۔ کہ حضرت فاطمہؓ مناجات خدا تعالےٰ سے کر رہی ہیں کہ اے خداوندا میری مصیبت
حضرت علیؓ اور حسنؓ حسینؓ اور زینبؓ رقیہؓ ام کلثومؓ کو صبر عنایت کر ۔ اور میرے باپ کی اُمت کو بخشدے اور سب پر
رحمت نازل فرما ۔ اور گناہ بخشدے جب حضرت فاطمہؓ نے آنکھیں کھولیں تو اسمٰاء سرہانے کھڑی ہے فرمایا اے اسمٰا
کیا میں نے نہیں کہا تھا کہ مجھے ایک زمانہ اکیلی چھوڑ دے ابھی باہر جا اور ایک گھڑی کے بعد مجھے آواز دے اگر میں آواز نہ دوں
تو جان کہ میں اپنے پروردگار کے ساتھ مشغول ہوں ۔ یعنی میرا روح اس جہان فانی سے رحلت کر گیا ہے ۔ پس ایک گھڑی کے
بعد اسمٰاء نے آواز دی یا قُرَّۃُ العین رسول اللہ تو کوئی جواب نہ آیا ۔ پھر کہا یا سیّدۃ النساء تب بھی کوئی جواب نہ آیا تو پھر
کہا یا بنت المصطفےٰ احمد مجتبیٰ پھر بھی کوئی جواب نہ آیا ۔ تو گھر کے اندر آئی اور رُخ مبارک سے کپڑا اتار کر دیکھا تو حضرت
فاطمہؓ اس جہان فانی سے انتقال فرما گئی ہیں ۔ اور حسنؓ حسینؓ بھی باہر سے تشریف لے آئے اور فرمایا کہ اے اسمٰاء ہماری
والدہ کا کیا حال ہے عرض کیا کہ اس جہان فانی سے جہان جاودانی کی طرف کوچ کر گئی ہیں ۔ یہ بات سُن کر حضرت امامین
روتے ہوئے مسجد کی طرف آئے ۔ اس وقت حضرت علیؓ ساتھ تمام اصحاب کبارؓ کے بیٹھے ہوئے تھے ۔ امامین کو روتے
ہوئے دیکھ کر فرمایا ۔ اے صاحبزادو کیوں رونتے ہو تو امامین نے عرض کی کہ ہماری والدہ صاحبہ اس جہان سے رحلت فرما
گئی ہیں ۔ تو حضرت علی نے فرمایا اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ اور فرمایا اَلْمَوْتُ لَابُدَّ مِنْہُ عَلٰی کُلِّ حَالٍ ۔ ہر ایک چیز
موت کے مُنہ میں آنے والی ہے ۔ یعنی موت ایک ایسی چیز ہے کہ اس سے کسی کو بھی نجات نہیں خواہ نیک ہو خواہ بد ہو ۔ خواہ امیر
ہو یا فقیر خواہ بڑا ہو یا چھوٹا ۔ خواہ عورت ہو یا مرد جیسا کہ اللہ تعالےٰ نے فرمایا کُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَۃُ الْمَوْتِ ۔ یعنی ہر
جاندار چیز موت کا شکار ہے ۔ اور فرمایا اے دلبند سوائے صبر کے مصیبت میں کوئی چارہ نہیں ۔ فرمایا نبی کریم نے اَلصَّبْرُ
مِفْتَاحُ الْفَرَجِ ۔ یعنی صبر کرنا کنجی خلاصی کی ہے ۔ جیسا کہ بُلبل شیراز رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں ۔

صبوری بود کار پیغمبراں ۔۔ نہ پیچند زیں روئے دیں پروراں
صبر مصیبت اُپر کرنا کم پیغمبراں یارا ۔۔ صبر کنوں منہ پھیرن ناہیں جنہاں دین پیارا
صبوری کشائد در کام جان ۔۔ کہ جز صابری نیست مفتاح آں
کرنا صبر مراداں والدیاں ساریاں باہر لیائے ۔۔ بے صبرا کدی مراد نہ پائے ایویں اوتر جائے
صبوری کنی گر ترا دین بود ۔۔ کہ تعجیل کارے شیطیں بود
صبر مصیبت اندر کر توں جیکر دین پیارا ۔۔ جو بے صبری کردا جانی سو شیطان نکارا

الغرض فرمایا حضرت علیؓ اے میرے فرزند دلبندو ۔ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ اِنَّ اللّٰہَ تَعَالٰی اِذَا اَحَبَّ قَوْمًا ابْتَلَاھُمْ
اللّٰہُ تَعَالٰی فِیْ مُصِیْبَۃِ الْکُبْرٰی فَمَنْ رَضِیَ فَلَہُ الرِّضَا وَمَنْ سَخِطَ فَلَہُ السُّخْطُ ۔ (از ترمذی ابن ماجہ) ۔ فرمایا
رسول پاک نے کہ تحقیق اللہ تعالےٰ دوست رکھتا ہے کسی قوم کو تو ڈالتا ہے اس پر بڑی مصیبت ۔ پس جو مصیبت پر صبر کرے
اور راضی ہووے تو اللہ تعالےٰ بھی اس پر راضی ہوتا ہے ۔ اور جو مصیبت کے وقت بے صبری کرے یعنی واویلا کرے اور
سر سینہ پیٹے اس پر خدا سخت ناراض ہوتا ہے بلکہ ابوداؤد میں ہے لَعَنَ رَسُوْلُ اللّٰہِ النَّائِحَۃَ وَالْمُسْتَمِعَۃَ ۔ یعنی لعنت
کی ہے رسول خدا نے جو کوئی وین کرے یا منہ سر سینہ پیٹے یا ان کو خوشی سے دیکھے یا سنے ۔

اور دوسری حدیث میں ہے فرمایا آپ نے اَوَّلُ مَنْ نَاحَ مِنَ الشَّیْطَانِ ۔ یعنی سب سے اوّل وین کرنا اور پیٹنا
شیطان نے کیا ہے ۔ اب یہ کام تا قیامت جو کوئی کرے گا وہ شیطان کی چال چلے گا ۔ حاصل کلام حضرت علیؓ نے خود بھی
صبر کیا اور اپنے اہل بیت کو بھی صبر کرنے کی رغبت دی اور اِنَّ اللّٰہَ مَعَ الصَّابِرِیْنَ ۔ تحقیق اللہ تعالےٰ صبر کرنیوالوں

Marfat.com

کا درست ہے، اکے مصداق ہوئے ۔

جو وقت مصیبت منہ بھر سینہ پڑے مرد زنانی — اوہ سارے دشمن ربدے ٹولا ریا سنگ شیطانی
جیہڑے پڑدیاں تائیں خوش ہو دیکھن ربدے مارے — اوہ بھی سنگی جان اونہاندے سارے قہر لتاڑے
حضرت علیؓ تے حسنؓ حسینؓ نہ ہرگز پٹے بھائی — حضرت فاطمہ جنت خاتون رحلت جد فرمائی
صبر مصیبت اُپر کیتا جیوں رب نبیؐ فرمایا! — صبرے باجھ نہ چارہ کوئی وچ مصیبت آیا

مجلس چہارم

(یہ مجلس آٹھ فصلوں میں منقسم ہے)

فصل اوّل

دربیان تولد امام حسنؓ وکنیت ولقب

(کنیت وہ نام جو والدین کی طرف سے ہو اور لقب وہ نام جس سے تعریف ظاہر ہو)

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اِنَّمَا یُرِیْدُ اللّٰہُ لِیُذْھِبَ عَنْکُمُ الرِّجْسَ اَھْلَ الْبَیْتِ وَیُطَھِّرَکُمْ تَطْھِیْرًا،

ترجمہ۔ سوائے اس کے نہیں کہ چاہتا ہے اللہ تعالےٰ یہ کہ دور کر دے تم سے پلیدی کو اے اہل بیت رسول اللہ کے اور پاک کرے تم کو پاک کرنا ۔

اس آیت سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ جو شخص سید ہوگا وہ ممنوع کام سے پرہیز کرے گا۔ کیونکہ اللہ تعالےٰ کا فیصلہ ہے۔ اور جو سید ہو کر پھر برے کام کرے گا، مثلاً بے نماز بے روزہ۔ بے زکوٰۃ ۔ زانی، چور۔ شراب خور جھوٹے بازا داہڑی مون شطرنج ۔ زد چوپٹ کا کھلاڑی ہوگا ۔ تو وہ مثل کنعان بن نوحؑ کی ہوگا۔ چنانچہ شیخ سعدی علیہ الرحمۃ کا قول ہے

پسر نوحؑ با بداں بنشست بد شد — خاندان نبوتش گم شد

لڑکا نوح علیہ السلام کا ساتھ بروں کے بیٹھ کر برا ہوا بسبب گناہوں کے خاندان مقبولیت اس کا گم ہوا ۔

کنیت امام حسنؓ کی ابو محمد ہے (بیٹا محمدؐ کا) اور لقب آپ کا مجتبیٰ اور سید و سبط اکبر ہے۔ مسئلہ سر الشہادتین میں ہے کہ آپ کی ولادت بروز جمعرات بوقت صبح پندرہ شعبان المعظم ہوئی ۔ اور جبریل علیہ السلام اللہ تعالےٰ کی طرف سے یہ نام یعنی حسنؓ ریشمی کپڑے پر لکھا ہوا لائے ۔ اور بہشتی ناموں سے یہ پہلا نام ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دائیں کان میں اذان اور بائیں کان میں تکبیر کہی ۔ اور ساتویں دن آپ کا عقیقہ ہوا۔

فصل دوم

در فضائل امام حسن

براءؓ بن عازب سے روایت ہے قَالَ رَئَیْتُ النَّبِیَّ الحسن بن عَلِیٍّ عَلٰی عَاتِقِہٖ یَقُوْلُ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اُحِبُّہٗ فَاَحِبَّہٗ (از مشکوٰۃ) براءؓ عازب کے کہا کہ دیکھا میں نے رسول خدا کو اس حال میں کہ امام حسنؓ کو کندھے پر اٹھایا ہوا ہے اور فرما رہے ہیں۔ یا اللہ تحقیق دوست رکھتا ہوں اس کو اور تو بھی دوست رکھ اس کو

فائدہ:۔ جس کو دوست رکھا رسولؐ خدا نے واجب ہے مسلمانوں پر کہ دوست رکھیں اُس کو عَنْ اِبْنِ عَبَّاسٍ قَالَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ حَامِلَ الْحَسَنِ ابن عَلِیٍّ عَلٰی عَاتِقِہٖ فَقَالَ رَجُلٌ نِعْمَ الْمَرْکَبُ رَکِبْتَ یَا غُلَامُ فَقَالَ النَّبِیُّ وَنِعْمَ الرَّاکِبُ (از ترمذی) روایت ہے حضرت ابن عباسؓ سے کہ تھے رسول اللہ اٹھانے والے حسنؓ بن علیؓ کو اوپر کندھے مبارک اپنے کے پس کہا، ایک شخص نے کہ اچھی سواری ہے تیری اے لڑکے تو فرمایا آپ نے کہ سوار بھی اچھا ہے۔ یعنی سواری بھی اچھی اور سوار بھی اچھا۔ اس میں کمال فضیلت ہے اس واسطے آپ نے لقب رکھا امام حسنؓ کا سید سہ

سید سو جو خُلق دانگ ہووے عُلم حلم دے وچ بھرپور جانی — اُپر شرع محمدیؐ دے قائم کدی ہتھ دا کرے نہ من بھانی
ہر وقت نمازنوں قائم رکھے جب جمعہ جماعت دی نت جانی — ذکر رب دے وچ مشغول دائم رکھے مسجد اندی خوب نگہبانی
نہ گپٹ نرد شطرنج نہ تاش کھیڈے پڑھن وچہ قرآن سلطان جانی — موہنی شکل تے داہڑی نہ مُول منّے آل نبی دی اوہ بیٹک مانی
اور دکھ مصیبتاں صبر کردا وانگ حسن حسینؓ شہزادیاں دے — منہ سر سینہ نہ اوہ مول پٹے وانگ کافراں بے بنیادیاں دے
آل پاک محمدؐ دی جان سوئی جنہاں وچ ایہہ خصلتاں آئیاں نی — جنہاں نوں چہ ایہ صفت نہ مول کوئی دعوی اوسدا انگ سیدواریاں نی
امام حسن حسینؓ نے صبر کیتا وچہ دکھ مصیبتاں بھاریاں دے — امتحان اندر دونویں پاس ہوئے ملے سرٹیفکیٹ سرداریاں دے
اَلْحَسَنُ وَالْحُسَیْنُ شَبَابُ الْاَھْلِ الْجَنَّۃِ وچ حدیث دے آئیا دے — وچ جنتاں ہیں سردار دونویں ویکھو نبیؐ نے آپ فرمائیا ئے
پیٹن پٹدے وانگ کفار جیہڑے نام حسن حسینؓ چتار دیئی — ایسا حسن حسینؓ نہ مول کیتا بلکہ پٹنوں منع پکے رہے دی
لَیْسَ مِنَّا مَنْ ضَرَبَ الْخُدُوْدَ وَشَقَّ الْجُیُوْبَ ایہ حکم بھی سرکار دیئی — تیری امتوں مول نہ جان اسنوں جہڑا پٹن تے کپڑے پاڑ دیئی

حدیث:۔ ابوبکرؓ سے روایت ہے کہ ایک دن رسول خدا نماز پڑھاتے تھے ہم کو اور امام حسنؓ آئے اس حالت میں کہ آپ چھوٹے بچے تھے جب حضرت محمد الرسول اللہ سجدے میں جاتے تو امام حسنؓ آپ کی گردن مبارک پر چڑھ بیٹھے تو سجدہ سے سر مبارک نہ اٹھاتے جب تک خود امام حسنؓ نہ اترتے

ایہ محبت پاک خداوں آکھن سر ورتائیں — فاطمہؓ دے فرزند نہ دودن سجدیوں نہ سر چائیں

اصحابہ کرام نے عرض کیا یا رسول اللہ آپ جس قدر اس لڑکے کے ساتھ محبت کرتے ہیں ہم نے کبھی نہیں دیکھا کہ کسی اور کے ساتھ بھی آپ اس قدر محبت کریں۔ آپؐ نے فرمایا کہ یہ دنیا میں میرا پھول ہے۔ اور بلاشبہ یہ میرا بیٹا سید ہے اور امید ہے کہ اس کے سبب اللہ تعالیٰ دو جماعتوں مسلمان میں صلح کرے گا (یعنی لشکر حضرت علیؓ اور لشکر امیر معاویہؓ کے درمیان)

مسئلہ:۔ امیر معاویہؓ سے روایت ہے کہ آنحضرتؐ امام حسنؓ کا ہونٹ چوستے تھے اور فرماتے تھے کہ نہیں

Marfat.com

عذاب کرے گا اللہ تعالے اس ہونٹ کو جس کو چوسا ہے محمد رسول اللہ نے

مسئلہ :- شواہد النبوۃ میں لکھا ہے کہ ایک دن حضرت امام حسنؓ ابن زبیرؓ کے ساتھ ہم سفر تھے۔ راستہ میں مقام کیا کہ ایک کھجور کے نیچے آپ کا بستر تھا۔ اور دوسری کھجور جو سوکھی کھڑی تھی۔ ابن زبیر نے کہا کیا ہی اچھا ہوتا کہ یہ کھجور بھی سبز ہوتی۔ تو امام حسنؓ نے فرمایا کہ تیرا دل چاہتا ہے کہ یہ سبز ہو جائے اور چھوہارے لگیں اور ہم کھائیں تو ابن زبیر نے عرض کیا کہ ہاں یا حضرت امام صاحب نے ہاتھ اٹھا کر ہونٹوں میں کچھ پڑا۔ اسی وقت وہ کھجور ہری ہو گئی اور اس سے تازہ چھوہارے لگے۔ حضرت زبیرؓ نے توڑ کر کھائے۔ ایک شتربان نے دیکھ کر کہا۔ کہ یہ جادو ہے۔ امام حسنؓ نے فرمایا یہ جادو نہیں یہ رسول خدا کے بیٹے کی کرامت ہے۔

مسئلہ :- سوائے عورت جعدہ کے آپ جس عورت سے نکاح کرتے تھے وہ آپ پر عاشق ہو جاتی تھی حدیث ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ قَالَ خَرَجْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰہِ مِنَ النَّھَارِ حَتّٰی جَآءَ فَاطِمَۃُ کہا ابو ہریرہؓ نے کہ نکلا میں ساتھ رسول خدا کے کچھ دن کھڑے یہاں تک کہ آئے رسول خدا فاطمہؓ کے گھر اور فرمایا کہاں ہیں بیٹے میرے اور آپؐ ان کو ڈھونڈتے تھے پس نہ دیر لگی کہ آئے دونوں دوڑتے ہوئے جیسا کہ عادت ہوتی ہے بچوں کی اور گلے لگ گئے رسول خدا کے دونوں صاحبزادے اور ملے۔ اس حدیث سے ثابت ہوتا ہے کہ گلے لگ کر ملنا اور بچوں کے ساتھ محبت کرنا سنت ہے۔ حدیث شریف میں آتا ہے کہ جب حضرت امام حسنؓ پیدا ہوئے تو خداوند تعالے نے حضرت جبریلؑ واسطے مبارکباد دینے حضرت محمدؐ کے پاس بھیجا تو جب چوتھے آسمان پر آیا تو دیکھا کہ ایک فرشتہ فطرس نام جس کے پر و بازو سب جل گئے تھے مثل بوٹے کے پڑا ہے اس سے اس کا حال دریافت کیا اس نے کہا مجھے ایک گھڑی اللہ تعالے کی عبادت سے غفلت ہوئی ہے اس لئے غضب الٰہی سے میری یہ حالت ہوئی ہے۔ اور آپ کہاں تشریف لے چلے ہو تو جبرائیل نے کہا کہ حضرت محمدؐ کے پاس چلا ہوں، برائے مبارک بادی امام حسنؓ کے اس فرشتہ نے عرض کی کہ آپ کا بڑا احسان مجھ پر ہوگا کہ اگر مجھ کو بھی آنحضرتؐ کے پاس لے چلو تو ہر لاچار کا وسیلہ نبیؐ ہوتا ہے شاید میری بھی خطا معاف ہو جائے بطفیل حضرت محمدؐ کے۔ چنانچہ جبریلؑ اس کو آنحضرت کے پاس اٹھا کر لے آئے۔ اور بعد مبارک بادی امام حسنؓ کے اس فرشتہ کی سفارش کی تو حضرت رسول خدا نے فرمایا۔ اس کا جسم امام حسن کے جسم کے ساتھ ملاؤ انشاء اللہ تعالے اچھا ہو جائے گا۔ تو چنانچہ ایسا ہی کیا۔ تو اس فطرس فرشتہ کے پر بازو تمام تر و تازہ ہو گئے بطفیل امام حسنؓ کے جسم مبارک لگانے کے

غزل

واہ سبحان اللہ کیا مبارک جسم تھا — جس سے ملتی ہر بیماری سے شفا
جو آل محمد کا دشمن ہوا سکا رو سیاہ — دُنیا و آخر میں نہ ہو اسکی نجا
یارب اس غلام کو با یار و آشنا! — پیر دکن باآل محمد مصطفٰےؐ!

فصل سوم

در حلم امام حسنؓ

بزازی نے روایت کی ہے کہ حلم یعنی حوصلہ آپ کا اس قدر تھا کہ جب آپ تمام زمین کے خلیفے ہوئے تو ایک

آپ نماز پڑھ رہے تھے۔ اور ایک شخص آکر آپ کے اوپر چڑھ بیٹھا۔ اور خنجر آپ کے بدن مبارک میں چبھو دیا۔ جب آپ نماز سے نماز سے فارغ ہوئے تو منبر پر چڑھ کر خطبہ پڑھا اور فرمایا اے عراق والو اللہ تعالےٰ سے ڈرو۔ کہ ہم تمہارے بادشاہ ہیں اور مہمان ہیں۔ اور ہم اہل بیت ہیں کہ اللہ تعالےٰ نے ہمارے حق میں آیت نازل فرمائی ہے اِنَّمَا یُرِیْدُ اللّٰہُ لِیُذْھِبَ عَنْکُمُ الرِّجْسَ اَھْلَ الْبَیْتِ وَیُطَھِّرَکُمْ تَطْھِیْرًا ؕ

جب امام صاحب نے خطبہ پڑھا تو حاضرین مجلس روتے تھے اور کہتے تھے امام صاحب جو فرما رہے ہیں سچ ہے

اہل بیت جو نام سدا اون مسجد قدم نہ پاون — بلکہ مسیت اجاڑن کارن ساری قوت لاون
اماماں دی حب نال مسیتاں ایہ حب داڑیاں کردے — محب نہیں ایہ اہل بیت دے جو مسجد قدم نہ دھردے
نال مسیت پیار کرن ایہ مومناں خاص نشانی — جس نال مسیت محبت ناہیں اوہ ٹولا شیطانی
ہیں سند قرآن لیاواں اسدی سنتوں مومن بھائی — دسویں وچ سیپارے آیا اللہ دے گواہی!

نوٹ:۔ اگر اس کو کسی نے دیکھنا ہو تو مجلس چہ خصائل پنجتن پاک میں دیکھو۔

مسئلہ:۔ حضرت امام حسنؓ بہت ہی بردبار تھے۔ لکھتے ہیں کہ ایک دن مروان آپ کو بے ادبانہ الفاظ سے پکارتا تھا اور حضرت علی کی بھی بدگوئی کرتا تھا۔ مگر آپ خاموش تھے۔ بسبب بردباری کے ورنہ اس سے بدلہ لے سکتے تھے۔ مگر جس وقت کوئی کام شریعت کے خلاف ہوتا دیکھتے تو فوراً روکتے۔ جیسا کہ ایک دن مروان نے اپنا ناک دائیں ہاتھ سے صاف کیا تو امام حسنؓ نے فرمایا۔ اے مروان تُف ہے تیری عقل پر کہ اللہ تعالےٰ نے پاکیوں کیواسطے یعنی منہ دھونے اور کھانے کیواسطے دایاں ہاتھ اور پلید چیزوں یعنی استنجا کرنے اور ناک صاف کرنے کے واسطے بایاں ہاتھ بنایا ہے۔ اور تو دائیں ہاتھ سے ناک صاف کرتا ہے۔

فصل چہارم

دربیان زہد وسخاوت امام حسنؓ

ابو نعیم کتاب اپنی وچ ایہ بیان لیایا — حضرت شاہ امام حسنؓ نے اتنا زہد کمایا
بیت اللہ حج پیدل ٹر کر کیتا پنجی ۲۵ واری — اگے پچھے کوتل گھوڑے جلدی خوب اسواری
ربدے گھر ول کر اسواری جاواں میں شرماواں — آکھیں اگے زہد انہاں دا ہور بیان سناواں
امام حسنؓ دو واری اپنا جھگا ٹہر کرایا — یعنی گھر دا مال تمامی رب دے نام لٹایا
تن واری ادھا مال جو دتا گھر دا راہ ربانے — جو اک جتی پیریں تے اک پیروں اتو ترانے
صواعق اندر لکھیا اک مسافر پاس حسنؓ دے آیا — آکھیں حضرت میں قرضائی آن سلام سنایا!
امام صاحب نے آکھیا کتنا قرضہ تیرا بھائی — تن ہزار روپیہ اوس سوالی عرض سنائی!
فوراً حکم غلام نوں کیتا جلدی گھر ول جائیں — تن ہزار روپیہ لیا کر جھولی اسدی پائیں
ہور بیان سناواں تینوں سن توں میرے بھائی — امام حسنؓ دی سخاوت خصلت نانے والی ساہی
اک اعرابی شاہزادے نوں گالی دیندا آیا — امام کہیا توں بھکھا بھاویں تاہیں شور مچایا
پھر بھی اوہ اعرابی گالی دینوں مڑیا ناہیں!! — تاں فوراً کہیا غلام اپنے نوں جلدی گھر ول جائیں

Marfat.com

یک توڑا وہ سو درماں کھیا لیاوے اس دے تائیں
پھرا وہ اعرابی امام صاحب دے قدماں اُپر جھیڑیا
میں سُنیا جو نانے والا حلم حسنؓ دا بھائی
ابو محمدؐ کنیت تیری آپ نبیؐ فرمائی
کی کی صفت امام حسنؓ دی اسماعیل سنائی

تے آکھیا میتھوں دیر جو ہوئی معاف کریں توں سائیں
آکھے میں ازماون کارن ہے اہ حیلہ کریا
توں بیشک ہیں فرزند نبیؐ دا فرق نہیں اک رائی
تاہیں حلم تے حوصلہ تیرا دانگ نبیدے بھائی
نعت جنہاں ندا سید دھریا آپ رسول الٰہی

لکھتے ہیں کہ امام حسنؓ اتنے حلیم الطبع اور سخی تھے کہ ایک وقت میں ایک ہی آدمی کو لاکھ لاکھ دینار بخش دیتے تھے اور ایک دینار اڑھائی روپیہ انگریزی کا ہوتا ہے۔

فصل پنجم

دربیان خلافت امام حسنؓ و صلح کردن با امیر معاویہؓ

عن ابی بکرۃ قال رأیت رسول اللہ علی المنبر والحسن ابن علی الی جنبہ وھو یقبل علی الناس مرۃ وعلیہ اخرٰی ویقول ان ابنی ھذا سید ولعل ان یصلح بہ بین فئتین عظیمتین من المسلمین رواہ بخاری۔

کہا ابی بکرہؓ نے دیکھا میں نے رسولؐ خدا کو اوپر منبر شریف کے اور امام حسنؓ آپ کے دائیں طرف تھے۔ اور حال یہ تھا کہ کبھی آپ متوجہ ہوتے آدمیوں کی طرف وعظ و نصیحت کے لئے اور کبھی امام حسنؓ کی طرف۔ متوجہ ہوتے از روئے شفقت اور محبت اور فرماتے یہ بیٹا میرا سید ہے۔ امید ہے کہ اللہ تعالٰے صلح کراوے بسبب اس کے درمیان دو جماعتوں بڑی مسلمانوں کی بیرا۔

فائدہ:- یہ پیشین گوئی فرمائی آپ نے یعنی ایک جماعت امام حسنؓ کی اور دوسری جماعت امیر معاویہؓ کی۔ اور اسی حدیث سے ثابت ہے کہ دونوں فریق ملت اسلام پر تھے۔ ایک فریق مصیب تھا یعنی ثواب کو پہنچنے والا مراد امام حسنؓ اور دوسرا فرقہ مخطی تھا یعنی جس سے سوا ارادہ کے خطا ہو جائے۔ مراد امیر معاویہؓ اور سنت اہل جماعت کے نزدیک صلح کرنی امام حسنؓ کی امیر معاویہؓ کے ساتھ دلیل ہے حق ہونے خلافت امیر معاویہؓ کی۔

مسئلہ:- جب حضرت علی کرم اللہ وجہ نے انیسویں ماہ رمضان سنہ ۴۰ ہجری کو شہادت پائی تو امیر المومنین حضرت حسنؓ خلافت کی مسند پر بیٹھے۔ اور چالیس ہزار سے زیادہ آدمیوں نے آپ سے بیعت کی۔ اور چھ ماہ تک خلافت پر رونق افروز ہوئے۔ بعد مطابق فرمان نبویؐ کے یعنی فرمایا آپ نے الخلافۃ من بعدی ثلاثون سنۃ۔ یعنی خلافت میرے بعد تیس سال تک رہیگی۔ تیس سال پورے ہونے میں چھ ماہ باقی جو امام حسنؓ نے پورے کر دئے اور سرور کائناتؐ کے تیس کے بعد خلافت نہ ہوگی بلکہ بادشاہت ہوگی۔ اسی واسطے امام حسنؓ نے خلافت کو امیر معاویہ کے سپرد کر دیا۔ جیسا کہ آگے اس کے حدیث ترمذی میں مکمل ذکر آتا ہے۔ عن سفینۃ قال سمعت النبی یقول الخلافۃ ثلاثون سنۃ ثم یکون ملکا ثم یقول سفینۃ امسک خلافۃ ابی بکر سنتین وخلافۃ عمر عشرۃ سنۃ وعثمان اثنتی و عشرۃ وخلافۃ علی ستۃ وخلافۃ حسن ابن علی ستۃ شھر۔

ابو سفینہؓ سے روایت ہے کہ میں نے سنا فرماتے تھے رسولؐ اکرم کہ خلافت میرے بعد رہیگی تیس سال اور بعد بادشاہت ہو جائے گی۔ پھر کہا سفینہ نے حق خلافت پسندیدہ اللہ و رسول جو موافق سنت اور طریقہ حق کے ہو یا کاملہ خلافت تیس سال

Marfat.com

تک رہیگی پھر بادشاہت ہوجائے گی - خلیفہ ابوبکرؓ دو سال چار ماہ - خلافت عمرؓ دس سال چھ ماہ - خلافت عثمانؓ گیارہ سال تک اور خلافت علیؓ چھ سال تک اور خلافت امام حسنؓ چھ ماہ تک ہوئی - پس تمام ہوئی خلافت کاملہ - اور بعد میں تخت خلافت پر جو ہوگا بادشاہ ہوگا - مگر مجازی طور پر اُسے بھی خلیفہ بولا جائے گا خواہ وہ عدل کرے یا ظلم کرے - مگر جو بادشاہ ظالم ہوگا وہ خلیفہ کہلانے کا حقدار نہیں ہوگا - مگر اس کو بھی خلیفہ ہی کہا جائے گا - اور جو عادل بادشاہ ہوگا وہ خلیفہ کہلانے کا حقدار ہوگا جیسے امیر معاویہ یا عبدالعزیز وغیرہ -

صلح کرنا امیر معاویہؓ کا ساتھ امام حسنؓ

صحیح بخاری میں خواجہ حسنؒ بصری رحمۃ اللہ علیہ سے روایت ہے کہ امام حسنؓ نے اپنی فوجیں پہاڑ پر سے لے کر امیر معاویہؓ کے مقابلے کے لئے آئے - تو عمرو بن عاصؓ نے کہا جو لشکر معاویہؓ میں سے تھا کہ جو فوجیں میں دیکھ رہا ہوں - نہیں ملیں گی جب تک اپنے برابر والوں کو قتل نہ کریں گی - امیر معاویہؓ نے کہا - اے عمروؓ اگر مارا ہم نے انکو یا انہوں نے ہم کو تو پھر مسلمانوں کے مال اور عورتوں کی کون حفاظت کریگا - غرض امیر معاویہؓ نے دو شخص صلح کرنے کے واسطے مقرر کیئے - ایک بنی اُمیہ سے عبدالرحمنؓ بن سمرہ - اور دوسرا بنی ہاشم سے عبداللہؓ بن عاص کو حکم دیا کہ تم دونوں جاکر امام حسنؓ کو صلح کی رغبت دو - جب وہ دونوں امام صاحب کی خدمت میں حاضر ہوئے اور صلح کرنے کی مصلحت اور رغبت دی تو امام صاحبؓ نے فرمایا کہ ہم بنی امیہ سے منتفع ہوتے ہیں - یعنی فائدہ مند ہوتے ہیں - گو بنو امیہ حرص دنیا میں غرق ہیں - اسی واسطے ہم صلح کو منظور کرتے ہیں - الغرض جب صلح کی مصلحت ٹھہری تو امام حسنؓ نے سوائے عہد زبانی کے صلحنامہ بھی لکھ دیا - جیسا کہ صواعق میں ہے - نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِهِ الْكَرِیْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ - حسنؓ بن علیؓ نے امیر معاویہؓ بن سفیان سے صلح کر لی ہے اور سپرد کر دی ہے خلافت اپنی واسطے اُس کے بشرطیکہ موافق رہے کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ اور اوپر طریقہ خلفائے راشدینؓ کے یعنی جس چیز پر ان چار خلیفہ سابقہ نے عمل کیا ہے اُس پر عمل کرے - اور لوگ اللہ تعالٰے کی زمین میں جہاں چاہیں رہیں اور غیر ملک میں واسطے تجارت وغیرہ کے جائیں - یا غیر ملک سے آئیں کوئی نہ روکے اور نہ کوئی کسی کو تکلیف دے - ہر طرح امن میں رہیں - علیٰ ہٰذا القیاس اسی طرح کی اور بھی چند شرطوں کے اقرار کرانے کے بعد ملک اور سلطنت امیر معاویہؓ کے سپرد کر دی - اور خود بھی امام حسنؓ نے امیر معاویہؓ کی بیعت اختیار کی اور حضرت محمدؐ الرسول اللہ کی پیش گوئی یا معجزہ ظاہر ہوا اِنَّ ابْنِیْ هٰذَا سَیِّدٌ لَعَلَّ اللّٰهَ اَنْ یُّصْلِحَ بِهٖ بَیْنَ فِئَتَیْنِ عَظِیْمَتَیْنِ ا یعنی حضرت نبی کریمؐ نے امام حسنؓ کی طرف اشارہ کر کے فرمایا تھا کہ یہ بیٹا میرا سید ہے - اُمید ہے کہ اللہ تعالٰے بسبب اس کے دو جماعتوں بڑی مسلمانوں میں صلح کرا دے

مسئلہ :- یہ مصلحت صلح سنہ ۴۱ ہجری ماہ ربیع الاول میں واقع ہوئی - اور امام حسنؓ نے فرمایا کہ یہ صلح میں نے امیر معاویہؓ سے ڈر کر نہیں کی بلکہ میں نے مسلمانوں کے خون کو بچایا ہے - اور فرمایا کہ تمام عرب کی کھوپریاں میرے ہاتھ میں ہیں جس سے چاہوں لڑوں اور جس کو چاہوں چھوڑ دوں - مگر میں نے مسلمانوں کی گردنیں اور خون بچانے کے لئے برائے خود چھوڑ دیا - امیر معاویہؓ نے امام حسنؓ کے لئے ایکہزار پانچسو دینار سالانہ مقرر کیا - اور بہت سی امداد امیر معاویہؓ سے آپ کو ملتی تھی - اور بعد تمام عمر آپ مدینہ منورہ ہی میں رہے یہاں تک کہ وفات بھی آپ کی مدینہ ہی میں ہوئی -

فائدہ :- اس صلح کے بعد خیر تشیین دنیا نے آپ کو طعن بھی دیا کہ اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا عَارَ الْمُؤْمِنِیْنَ یعنی سلام ہو تجھ پر اے امام مومنوں کو عار دینے والے آپ نے جواب فرمایا - اَلْعَارُ خَیْرٌ مِّنَ النَّارِ یعنی عار بہتر ہے نار سے کہ اس لڑائی کے سبب کئی مسلمان تکلیف اٹھاتے دنیا اور آخرت میں -

Marfat.com

ایہ صلح امام حسنؓ دی معجزہ پاک نبیؐ دا جانی
پر بیدیناں نوں چڑھ مروڑے جاں ایہ سنن کہانی

ایہ ہے بیٹا میرا سید آکھیا خود پیغمبرؐ
دو بڑی جماعتاں صلح کرا وے اُمّت میری اندر

حق خلافت معاویہ دیو چہ ہرگز شک نہ جانی
جو کیتی بیعت امام حسنؓ نے معاویہؓ بن سفیانی

بیعت امام صاحب دی ثابت کرے خلافت عالی
مخالف اسدے سڑ سڑ مردے دین ایمانوں خالی

معاویہؓ ہے اصحاب نبیدا شک اس اندر ناہیں
ہادی مہدی نبیؐ کہیا اُس دشمناں نگر نہ جائیں

حضرت حسنؓ معاویہؓ دے سنگ جو کجھ ہویاں لڑائیاں
ساہنوں کرنی چپ ہے بہتر وانگ یوسف دے بھائیاں

اہل سلف دا مذہب ایہی جو کرنی چپ ایہائی
نہ وانگ بیدیناں بدظن ہو بو کہ دجے پر بھائی

فصل ششم

دربیان شہادت امام حسنؓ

روضۃ الاصفیاء میں آپ کی شہادت کا واقعہ یوں ہے۔ کہ آپ کی زوجہ جعدہ بنت کندی کو یزید لعین نے بہکایا کہ اگر تم امام حسنؓ کو زہر دے کر شہید کردگی تو میں تم کو اپنے نکاح میں لے آؤں گا۔ چنانچہ اس نے ایسا ہی کیا۔ اور آپ کو اس سبب سے اسہال کبدی شروع ہو گئے۔ اور اس قدر نوبت پہنچی کہ آپ کا جگر ٹکڑے ٹکڑے ہو کر دستوں کے ساتھ باہر آتا تھا بعض نے لکھا ہے کہ آپ کا جگر اسّی ٹکڑے ہو کر باہر آیا۔ عمر بن اسحاق نے کہا کہ میں امام صاحب کی بیمار پرسی کے واسطے آیا تو آپ نے فرمایا کہ میرا جگر کٹ کٹ کر آتا ہے اور مجھے کئی بار زہر دیا گیا مگر ایسا سخت کبھی نہیں دیا گیا۔ اور حضرت امام حسینؓ آپ کے سرہانے بیٹھے پوچھ رہے ہیں کہ آپ کو زہر کس نے دیا ہے۔ آپ نے فرمایا کہ میرا جس پر گمان ہے اگر وہ سچا ہے تو میں نہیں چاہتا کہ کسی پر بہتان لگاؤں۔ اور اگر وہ جھوٹا ہے تو اس سے بدلہ لینے کے لئے اللہ تعالےٰ قادر ہے اور میں نہیں چاہتا کہ میرے بدلے کوئی مارا جائے۔ اور ایک روایت میں ہے کہ حضرت امام حسینؓ نے آپ سے دریافت کیا کہ آپ کو کس نے زہر دیا ہے تو آپ نے فرمایا کہ ہم اہلبیت ہیں ہمارا طریقہ نہیں۔ کہ ہم کسی اہل اسلام پر بدظن ہوں واہ سبحان اللہ کیا امام حسنؓ کی بردباری تھی۔

واہ سبحان اللہ کیا صفتاں آل نبیؐ دیاں جانی
نہ ہودن بدظن اپر کسیدے جس دعوے اسلامی

ہن اہل البیت محب اساڈے یاراں بڑا منا دن
کافر کہندے او نہاں تائیں خود کافر ہو جا دن!

مومن نوں جو کافر آکھے جے اوہ کافر ناہیں!
تاں کافر ہووے آکھن والا لیسی سخت سزائیں

صدیقؓ عمرؓ عثمانؓ مومن سب مومناں بہت پیارے
جو او نہاں مومن جانن ناہیں کافر جانوں سارے

ذکر وصیّت امام حسنؓ

آپ چالیس دن تک بیمار رہے جب آخری وقت آیا تو حضرت امام حسینؓ کو بلا کر وصیّت فرمائی کہ اہل کوفہ کے شیعہ آپ کو خلافت کے لئے ابھاریں گے اور پھر دشمنوں میں پھنسا کر چھوڑ دیں گے میں آپ کو اے حسینؓ واضح کرتا ہوں کہ خبردار ہرگز ہرگز ان کا فریب نہ کھانا۔ اور پھر پچھتانے سے کوئی فائدہ نہ ہوگا۔ اور نہ ہی کوئی بچاؤ کی صورت ہوگی کیونکہ آگے بھی اہل کوفہ کے

Marfat.com

شیعہ نے ہمارے والد بزرگوار حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو دھوکہ دے کر شہید کیا تھا۔ یہ لوگ ظاہر حال مومن محب اہلبیت کا دعویٰ کرتے ہیں اور دراصل دشمن اہل بیتؓ کے ہیں۔

اور دوسری وصیت یہ ہے کہ میری وفات پر صبر اور استقلال سے کام لینا۔ یعنی منہ سر سینہ نہ پیٹنا۔ صبر ہر حال میں بہتر ہے۔ اور بے صبروں کے حق میں حضور پاکؐ نے سخت وعید فرمائی ہے عَنْ عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ لَیْسَ مِنَّا ضَرَبَ الْخُدُوْدِ وَشَقَّ الْجُیُوْبِ وَدَعْوٰی بِدَعْوَۃِ الْجَاھِلِیَّۃِ ۔ عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ نے جو کوئی منہ سر سینہ پیٹے اور مثل جاہلوں کے واویلا کرے۔ وہ میری اُمّت سے نہیں۔

تیسری وصیت یہ ہے کہ میں نے عائشہ صدیقہ ام المومنینؓ سے اپنے دفن کے لئے جگہ طلب کی ہے اور انہوں نے قبول کر لیا ہے مگر میرے گمان میں ہے کہ تجھے وہاں دفن کرنے سے کوئی روکے گا تو لڑنا مت۔ اور میں نہیں چاہتا کہ میری طرف سے کوئی دل ناراض ہو، پھر مجھ کو جنت البقیع میں دفن کر دینا۔

چوتھی وصیت میری یہ ہے کہ تمام اہل بیت کو بلاؤ۔ جب سارے حاضر ہو گئے تو فرمایا کہ اے اہل بیتؓ تقویٰ اور پرہیزگاری کو اختیار کرنا۔ اور اللہ اور اس کے رسولؐ کے حکم پر کمربستہ رہنا۔ اور پانچوں وقت کی نماز کو پورے طور پر ادا کرنا۔ اور اپنی ہمشیرہ ام کلثومؓ کو فرمایا کہ میرے بیٹے قاسم کو حاضر کرو۔ جب حضرت قاسمؓ حاضر آیا تو اس کا ہاتھ پکڑ کر حضرت امام حسینؓ کو پکڑا دیا اور فرمایا کہ اس پر محبت اور شفقت مثل باپ کی کرنا۔ اور اپنی فلاں لڑکی کے ساتھ اس کا نکاح کر دینا۔ پس ۵۰ھ ہجری پانچ ماہ ربیع الاول بروز ہفتہ پہر رات گزری آپ کا وصال ہوا۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ ۔ اور محمد بن حنفیہؓ اور عباسؓ بن علیؓ نے آپ کو غسل دیا۔ اور سعیدؓ بن مصیب نے جو حاکم مدینہ منورہ تھا۔ آپ کا جنازہ پڑھا۔ اور وصیت کے مطابق حضرت عائشہ سے جگہ طلب کی۔ حضرت عائشہ نے جگہ دیدی اور فرمایا نِعْمَ حَبَّا ذِکْرِ اُمَّتِہٖ یعنی اچھی یادگار ہے۔ اُمّت محمدؐ کا امام حسن فَاللّٰہُ اَعْلَمُ ۔ جب یہ بات مروان نے سُنی تو کہا کہ یہاں پر میں نے حضرت عثمانؓ کو نہیں دفن ہونے دیا۔ اب امام حسنؓ کو اس جگہ دفن کیا چاہتے ہیں۔ تو میں اس جگہ دفن نہیں کرنے دوں گا۔ جب یہ بات امام حسینؓ نے سُنی تو جنگ کے لئے تیار ہو گئے۔ اور ہتھیار پہن لئے۔ اور ابو ہریرہ نے سنا تو فرمایا کہ یہ سراسر ظلم ہے کہ امام حسنؓ تو بیٹے تھے رسول اللہ کے اگر بیٹا باپ کے پاس دفن کیا جائے تو کیا ہے۔ اتنے میں کسی نے امام حسینؓ کو عرض کیا کہ حضور آپ کے بھائی تو آپ کو وصیت فرما گئے ہیں کہ اگر لڑائی جھگڑا ہو تو مجھے جنت البقیع میں دفن کر دینا۔ غرض وہاں سے لا کر آپ کو جنت البقیع میں آپ کی اماں فاطمہ علیہا السلام کی قبر کے قریب دفن کیا گیا اور حضرت ابن عباسؓ بن عبدالمطلب کی قبر بھی نزدیک ہی ہے۔

فصل ہفتم

دربیان اولاد امام حسنؓ

حافظ بزازیؒ نے اپنی تاریخ میں لکھا ہے کہ جناب امام حسنؓ کے پندرہ فرزند تھے۔ حسنؓ مثنیٰ۔ زید۔ عمر جسینؓ۔ عبداللہ عبیداللہ۔ عبدالرحمن۔ محمد۔ اسمٰعیل۔ حمزہ۔ ابوبکر۔ یعقوب۔ جعفر۔ طلحہؓ۔ قاسم۔ اور پانچ دختریں تھیں۔ ام حسن۔ زینب ام عبداللہ سلمہ۔ فاطمہ۔

مسئلہ:۔ اسماء الرجال مشکوٰۃ شریف میں لکھا ہے کہ حضرت حسن مثنیٰ اور حضرت زید بن حسنؓ کی اولاد باقی رہی

ہے۔ اور کسی صاحبزادے کی اولاد باقی نہیں رہی۔ اور عبداللہ بن حسنؓ ستّر برس تک زندہ رہے۔ مگر لاولد گئے۔ اور صاحبزادیوں میں سے ایک صاحبزادی فاطمہؓ بن حسنؓ بن علی کی اولاد باقی رہی ہے۔ اُس کے دو بیٹے تھے۔ یعنی مثلثؓ اور ابراہیم اور جعفر اور داؤد ام ولد یعنی آپ کی لونڈی سے پیدا ہوئے۔ وَاللّٰہُ اَعْلَمُ۔

فصل ہشتم

در فضائل ابابین قرۃ عینین امام حسن حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہم

یعنی وہ حدیثیں جن سے دونوں صاحبزادوں کا شان ظاہر ہوتا ہے۔ حدیث حذیفہ از ترمذی ۔ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ اِنَّ ھٰذَا مَلَکٌ لَمْ یَنْزِلِ الْاَرْضَ قَطُّ قَبْلَ ھٰذِہِ اللَّیْلَۃِ اسْتَاذَنَ رَبَّہٗ اَنْ یُّسَلِّمَ عَلَیَّ وَیُبَشِّرَنِیْ وَاِنَّ فَاطِمَۃَ سَیِّدَۃُ نِسَآءِ اَھْلِ الْجَنَّۃِ وَاِنَّ الْحَسَنَ وَالْحُسَیْنَ سَیِّدَا شَبَابِ اَھْلِ الْجَنَّۃِ۔

ترجمہ:۔ ابو حذیفہؓ سے روایت ہے کہ فرمایا رسول اللہ نے کہ تحقیق یہ ایک فرشتہ ہے نہیں اترا زمین پر پہلے اس سے کبھی اور اب اجازت لے کر آیا ہے رب اپنے سے آج کی رات اس واسطے کہ سلام کرے مجھ کو اور خوشخبری دے مجھ کو اس بات کی کہ فاطمہ زہراؓ سردار ہیں جنت میں تمام عورتوں کی۔ اور تحقیق حسنؓ اور حسینؓ سردار ہیں جنت میں تمام جوانوں کے۔

فائدہ:۔ اس میں اشارہ ہے بڑا ہونے مرتبہ امام حسنؓ حسینؓ کا۔

عَنْ عَلِیٍّ قَالَ الْحَسَنُ اَشْبَہُ رَسُوْلِ اللّٰہِ مَا بَیْنَ الصَّدْرِ اِلَی الرَّاْسِ وَالْحُسَیْنُ اَشْبَہُ النَّبِیِّ مَا کَانَ اَسْفَلَ مِنْ ذٰلِکَ۔ از ترمذی

ترجمہ۔ اور حضرت علی سے روایت ہے کہ امام حسنؓ سر مبارک سے لے کر سینہ تک مشابہ تھے رسول اللہ کے۔ اور امام حسینؓ سینہ سے لے کر پاؤں تک مشابہ تھے رسول اللہ کے۔

فائدہ:۔ حضور پاک محمدؐ الرسول اللہ کا وجود مبارک دونوں شہزادوں پر تقسیم کیا ہوا تھا۔ ؎

حسن حسینؓ دونویں شہزادے مثل نبیؐ دے جانی ۔۔۔ یعنی صورت سیرت خصلت نانے وانگ پچھانی
نور نبیؐ فرزند علیؓ دے حسنؓ حسینؓ پیارے ۔۔۔ پیر حقانی تے لاثانی اندر عالم سارے
اوپر دوہاں دے رب دی طرفوں رحمت نظر کردی ۔۔۔ ختم کیتا رب اُپر دوہاں دے حسن جمال محمدی
پشت مبارک چہرہ سینہ حضرت حسنؓ دلی دا ۔۔۔ صورت جلوہ نور برابر جیویں جمال نبی دا
ڈاہڈا سوہنا بدن مبارک وانگ رسول الٰہی ۔۔۔ رنگ مبارک نانے والا فرق تفاوت ناہی
بیٹا حضرت حسنؓ جے ہوسے نظروں علم نفیسے ۔۔۔ جیویں محمدؐ سرور عالم عین جہاں دسیوے
ناف مبارک راناں پنیاں زانوں پیر تمامی ۔۔۔ وانگ رسول حسینؓ دلی نوں بخشے رب گرامی
نال ایمان ڈٹھا جس مومن حسنؓ حسینؓ دلی نوں ۔۔۔ حق ثواب زیارت جیوں کر ویکھیا پاک نبیؐ نوں
جویں نبیؐ دی مجلس جاکر تھیندا پاک گناہوں ۔۔۔ مجلس حسنؓ حسینؓ دلی نوں ایسا فضل الٰہوں
نوشش کیتا جس شخص دوہاتوں خوشی رسولؐ کرا ۔۔۔ اُس پر ہو لا بے شک راضی جنت اجر سوایا
جو بے ادب دوہاں دا ہوسی سو بے ادب نبیؐ دا ۔۔۔ جو بے ادب نبیؐ دا ہوسی دشمن رب جلی دا

Marfat.com

جس تکلیف اونہانوں دتی سو تکلیف نبیؐ نوں　　اوہ تکلیف تمام اصحاباں فاطمہؓ اتے علیؓ نوں!
سخن بے ادب ذرا جس کیتا اوس ایمان نہ کوئی　　کافر ہیچی توبہ باجھوں کتے نہ ملسی ڈھوئی
ذکر امام حسینؓ حسن دا ہیں کیا حال سناواں　　قسم خدا دی ختم نہ ہووے کدی حساب پاواں
اٹھن بیٹھن آون جاون بولن چلن والی　　جاگن سوون کھاون پہنن عادت سرورؐ عالی
ذکر عبادت ورد وظیفہ وانگ نبیؐ دے پڑھدے　　بھی نفل نوافل شغل تلاوت سستی مول نہ کردے
دوہاں ظاہر باطن خصلت نانے والی آہی　　صبر مصیبتاں اوپر کیتے دھن جنہیں دی مائی
ہن بعضے بن محبّ انہاندے کردے نے دل آئیاں　　داہڑی چٹ تے سر پر بودا رکھن وانگ عیسائیاں
مچھاں سکھاں وانگوں رکھن ٹھوڈی وانگ کراڑاں　　منہ تھیں اہل البیت سداون شرم نہیں بریاراں
ذکر اذکار تلاوت نفلاں حب نہ رکھن کائی!　　پٹن اوپر زورا پایا واہ وا کرن کمائی
حسن حسینؓ علی تھیں پچھے واہ دا پوریاں پائیاں　　چھڈ مسیتاں ول لئے واڑے کیتیاں جو دل آئیاں
جس دل حب نماز جماعت مسجد مول نہ آئی　　اوہ آل نبیؐ دی مول نہ جانی دعویٰ کوڑ سودائی
بن محب زبانی جیہڑے مول نماز نہ پڑھدے　　دشمن آل نبیؐ دے سوئی ایویں پٹ پٹ مردے
جے کر صرف محبت پٹن اندر پائی جاوے　　تاں کنجر چوہڑے بہتے پٹن دیکھو جیہیں دل آوے
میں قسم خدا نہیں جھوٹھ کہیا سب اکھیں ڈٹھے حالے　　وچہ محرم چوہڑیاں کنجراں پاون کرتے کالے
ماتم کردیاں وچہ محرم نال محب اماماں　　واہ محرم اندر دیکھیاں کر دیاں ایہ افسانہ
واہ وا آل نبیؐ دی بن کر سوہنا سنگ رلایا　　پر آکھن والے تائیں اُلٹا دشمن دوں بنایا
بس میاں ایہ آل نہ ہرگز ہیچی بات سنائیے　　چوہڑے کنجر سنگیاں نوں کیوں سیّد اسیں بنائیے

عَنْ ابنِ عمر ان رسول اللّٰہ قَالَ اِنَّ الْحَسَنَ وَالْحُسَیْنَ هُمَا رَیْحَانَایَ مِنَ الدُّنْیَا (از ترمذی)۔

ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ فرمایا رسول اللہ نے کہ تحقیق حسنؓ اور حسینؓ دونوں پھول ہیں میرے دُنیا میں۔ اور آپ ان کو پھولوں کی طرح سونگھتے تھے۔ وَعَنْ اَنَسٍ سُئِلَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ اَیُّ اَهْلِ بَیْتِكَ اَحَبُّ اِلَیْكَ قَالَ الْحَسَنُ وَالْحُسَیْنُ ۞

ترجمہ۔ روایت ہے انسؓ سے کہ پوچھے گئے رسول اللہ کہ کون سب سے زیادہ پیارا ہے آپ کو اہل بیت سے فرمایا آپ نے امام حسنؓ حسینؓ زیادہ پیارے ہیں

وَكَانَ یَقُوْلُ لِفَاطِمَةَ اُدْعِیْ لِیْ (از ترمذی) ترجمہ۔ اور فرماتے تھے واسطے فاطمہؓ کے بُلا واسطے میرے دونوں بیٹے میرے پس سونگھتے تھے آنحضرتؐ ان کو اس لئے کہ وہ ان کے پھول تھے اور وَیَضُمُّهُمَا اِلَیْهِ گلے لگاتے ان کو طرف اپنے۔ حدیث زید بن ارقم سے اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ قَالَ لِعَلِیٍّ وَّفَاطِمَةَ وَالْحَسَنِ وَالْحُسَیْنِ اَنَا حَرْبٌ لِمَنْ حَارَبَهُمْ وَسِلْمٌ لِمَنْ سَالَمَهُمْ۔ (از ترمذی)

ترجمہ۔ زید بن ارقم سے روایت ہے کہ فرمایا رسول اللہ نے کہ تحقیق میں لڑنے والا ہوں اس سے جو لڑے ساتھ علیؓ و فاطمہ و حسنؓ و حسینؓ کے اور صلح کرنیوالا ہوں اس سے جو صلح کرے ان سب سے

علی تے فاطمہ حسن حسینؓ نوں جو کوئی پیارا جانے　　اوہ بیشک پیارا پاک نبی نوں مسئلہ حق پچھانے
جو کوئی حال اونہاندے بھائی ویر عداوت بھاوے　　اوہ دشمن پاک نبیؐ دا جانی مردیاں پچھوتاوے

Marfat.com

علیؓ تے فاطمہ حسنؓ حسینؓ دا جو کوئی سنگ بناوے — اوہ سنگی میرا جنت اندر پاک نبیؐ فرما دے
ہکے درجے جنت اندر نال میرے اوہ وڑسی — جو کوئی اہل بیت میرے سنگ پیار محبت کرسی

فائدہ :۔ جسطرح قرآن کریم کی نگہبانی ہم مسلمانوں پر فرض ہے اسی طرح آل نبیؐ کی عبادت کرنا بھی ضروری امر ہے جیسا کہ جابر سے روایت ہے

قَالَ رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ فِي حَجَّتِهٖ يَوْمَ عَرَفَةَ وَهُوَ عَلٰى نَاقَتِهِ الْقَصْوَاءِ يَخْطُبُ فَسَمِعْتُهٗ يَقُولُ أَيُّهَا النَّاسُ إِنِّيْ تَرَكْتُ فِيْكُمْ مَا إِنْ أَخَذْتُمْ بِهٖ لَنْ تَضِلُّوْا الْكِتَابُ اللّٰهِ وَعِتْرَتِيْ ۔

ترجمہ :۔ کہا جابر نے کہ دیکھا میں نے رسول اللہ کو کہ حجۃ الوداع میں روز عرفہ یعنی دن حج کے اس حالت میں کہ آپ سوار تھے اپنی ڈاچی قصوہ پر۔ اور خطبہ پڑھتے تھے۔ پس سنا میں نے کہ فرماتے تھے اے لوگو میں نے چھوڑی ہیں بیچ تمہارے دو چیزیں اگر پکڑ رکھو گے۔ اور عمل کرو گے اس پر تو ہرگز گمراہ نہیں ہو گے۔ یعنی چھوڑا میں نے قرآن کریم اور عترت اپنی یعنی اہل بیت۔

تمسک نال قرآن کچھا نی عمل قرآن کماون — جو کجھ حکم احکام قرآنی سب بجا لیاون
ساتھ محبت پڑھن پڑھاون نالے عمل کماون — نال قرآن تمسک ایہو جو سرور فرماون!
بھی آل میری نوں محکم پکڑ و چلو چال اونہاندی — ذکر اذکار عبادت اندر کریو ریس تنہاں دی
بھی کرو محبت نال انہاندے دلدیاں نال صفائیں — ظاہر باطن ادب تنہاندا فرض تساڈے تائیں
علم تے حلم سخاوت کرنی اونہاں وانگ دکھائیں — صبر تحمل وانگ اماماں کرنا وچہ بلائیں
منہ سر سینہ پٹن ناہیں حکم نبی سرور دا — اوہ ہے آل نبی دا دشمن جو ہے ایہ کم کردا
غرض کہ پاک نبی فرمایا امت اپنی تائیں — قرآن تے آل میری نوں پکڑو محکم چھوڑ دناہیں
تاں تسیں گمراہی کولوں بچ کر جنت جاہو — جے آل میری سنگ پیار کردے تے عمل قرآن کماؤ
پڑھو درود اونہاندے اُتے ہرگز بھلّو ناہیں — تلاوت کرو قرآن ہمیشہ تو دبہشتیں جائیں

فائدہ :۔ بعض لوگ بظاہر دعویٰ محب ہونے اہل بیت کا کرتے ہیں۔ اور قرآن کریم پر عمل کرنا تو درکنار تلاوت قرآن کریم بھی بہت ہی کم کرتے ہیں۔ اور اگر کوئی کرے گا بھی تو عموماً غلط پڑھتے ہیں۔ اور حافظ تو اُن میں قطعاً ہوتا ہی نہیں۔ حدیث :۔ ابو سعید سے روایت ہے کہ فرمایا رسول اللہ نے اُس پر اللہ تعالےٰ کا غضب ہو جو میری آل کو ستائے۔ اور جو کوئی چاہتا ہے کہ میری اولاد اور رزق میں برکت وہ میری آل کے ساتھ اچھا سلوک کرے ورنہ تباہ اور دن قیامت کے اپنی قبر سے روسیاہ اٹھے گا۔ عَنْ أَبِيْ ذَرٍّ اَنَّهٗ قَالَ وَهُوَ اٰخِذٌ بِبَابِ الْكَعْبَةِ سَمِعْتُ النَّبِيَّ يَقُولُ أَنَا اِنَّ مَثَلَ أَهْلِ بَيْتِيْ فِيْكُمْ مَثَلُ السَّفِيْنَةِ نُوْحٍ مَنْ رَكِبَهَا نَجَا وَمَنْ تَخَلَّفَ عَنْهَا هَلَكَ ۔

ترجمہ رواہ احمد ۔ ابو ذر غفاری سے روایت ہے کہ دیکھا میں نے رسول اللہ کو پکڑے ہوئے دروازہ بیت اللہ کا اور سنا میں نے فرماتے تھے اے لوگو خبردار ہو تمہارے بیچ میری آل کا ہونا مثل کشتی نوح علیہ السلام کے ہے جو کوئی اس پر سوار ہوا اُس پر نجات پائی اور جو کوئی اسوار نہ ہوا وہ ہلاک ہوا۔ اگرچہ خرچ کرے مال دمرتبہ اپنا تمام۔

فائدہ :۔ پس اہل بیتؓ کی محبت کرنی ضروری ہے اور ساتھ ہی محبت کرنی اصحابہ کرام سے بھی ضروری ہے۔ جو شخص محبت کرے اہل بیت کی اور نہ کرے محبت صحابہ کرام کی وہ شخص جھوٹا ہے جیسا کہ فرمایا رسول اللہ۔ حدیث مشکوٰۃ شریف ابن عدی قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ يَدَّعُوْنَ فِيْ اٰخِرِ الزَّمَانِ يَنْتَحِلُوْنَ حُبَّ أَهْلِ بَيْتٍ وَلَيْسُوْا كَذَالِكَ دَايَةٌ

Marfat.com

ذَالِكَ اِنَّهُمْ يَسُبُّوْنَ اَبَا بَكْرٍ وَّعُمَرَ -

ترجمہ :۔ روایت ہے ابن عدی سے کہ فرمایا رسول اللہ نے بعد میرے ایک قوم ہوگی جو دعوے کرے گی اہل بیت کی محبت کا۔ اور نہ ہوں گے وہ محب اہل بیت کہ نشانی ان کی یہ ہوگی کہ تحقیق برا کہیں گے ابا بکر صدیقؓ اور عمر فاروقؓ کو۔ اس حدیث کے مطابق ایک اور حدیث عقیل بن ابی طالب کی بھی ہے۔ کہ فرمایا رسول اللہ نے کہ آوے گی ایک قوم قریب ہی بعد میرے جو بُرا کہے گی میرے اصحابوں کو خاص کر ابا بکر صدیقؓ اور عمر فاروقؓ کو پس نہ جاؤ بیچ مجلس ان کی کے۔ اور نہ ساتھ اُن کے کھاؤ پیو۔ اور نہ ان کو نکاح دو۔ اور نہ ان سے لو۔ اور نہ جنازہ پڑھو ان کا

مسئلہ :۔ فرمایا آپ نے اَصْحَابِیْ کَالنُّجُوْمِ مَنِ اقْتَدٰی بِشَیْئٍ مِنْهُ هُتَدِیْ -

ترجمہ :۔ یعنی مثال میرے اصحابوں کی مانند ستاروں کے ہے جس نے پیروی کی ستاروں کی۔ اس نے راہ پائی۔ الغرض کشتی کا سیدھا چلنا بیچ سمندر کے سوا ستاروں کے نہیں ہوسکتا پس جو کشتی پر سوار ہوا یعنی اہل بیت سے محبت تو کی۔ مگر ستاروں کے ذریعہ اُس کو سیدھا نہیں کیا۔ یعنی اصحابہ کرام کی محبت نہیں کی وہ بیچ سمندر کے ہی غرق ہوگا۔ کیونکہ بغیر نگہبانی ستاروں کے کشتی کا کنارے لگنا محال ہے۔ از مشکوٰۃ۔

مسئلہ :۔ القول المقبول فی حبِ آل رسولؐ میں لکھا ہے کہ فرمایا رسول اللہ نے جو شخص میری اہل بیتؓ اور انصار مہاجر خصوصًا ابابکر صدیقؓ اور عمر فاروقؓ کا حق نہیں جانتا۔ وہ تین باتوں سے خالی نہیں ہے۔ یا تو وہ ولدالزناہ ہے۔ یا منافق ہے یا ولدالحیض ہے۔

جو کوئی پیارا جانے آل اصحاب محمد تائیں
اس ٹکٹ جہاز محمدی ملسی نہیں ناں ملسنا ہیں

جو خارجی ہو کر آل نبیؐ سنگ ویر عداوت چاوے
یا رافضیاں دے ٹولے دانگوں اصحاباں بُرا سناوے

ٹکٹ جہاز محمدیؐ او نہاں ہرگز ملنا ناہیں
وچے غوطے کھا کھا مرسن توبہ باجھ بلائیں!

اج ملدا ٹکٹ جہاز محمدیؐ لے و ٹکٹاں بھائی
بھلکے دفتر بند ہو جاسن ٹکٹ نہ ملسی کائی

آل اصحاب محبت ٹکٹ جہاز محمدی جانی
باجھ انہاں دے ٹکٹ نہ ملدا مسئلہ حق چھپانی

کر توبہ بُرے عقیدے کولوں من نصیحت میری
کیوں توں منہ سر سینہ بھنئیں عقل گئی کتھ تیری

کیوں جھوٹھے بھنئے کھادن پچھے دین ایمانؐ گنوایا
کرلے توبہ کرنے توبہ ہے اج ویلا آیا!

چارے یار نبیؐ دے منیں کریں نہ مول کوتاہی
صدیقؓ عمرؓ۔ عثمان غنیؓ تے حیدر شیر الٰہی

بھی ذکر امام حسینؓ حسنؓ دا ہیں کی کہاں زبانی
گود اٹھا کر ملک جنہاں نوں لے جادن آسمانی

گوشے جگر نبیؐ دے پیارے خوش فرزند علیؓ دے
ہکدن دو نویں دوڑے آئے کارن حب نبیؐ دے

منبرا تو تو سرور عالم جدوں دھیان کیتا سی
خطبہ چھوڑ شتاب انہاں نوں گود وچہ لیاسی

ہکدن سجدے اندر آہے پاک حبیب غفاری!
دو نویں صاحبزادے آکر بیٹھے اسواری!

سجدے اندر رب دی طرفوں آیا حکم نداہیں
فاطمہؓ دے فرزند نہ لتھوں سجدیوں نہ سر چائیں

نال محبت مرشد ربانے چایا پاک نبیؐ نوں!
نال پیار نبیؐ نے چایا عشق حسینؓ ولی نوں!

Marfat.com

مجلس پنجم

دربیان محبّت و ادب و تعظیم کرنا ساتھ اہل بیت کے

ابا بکر صدیقؓ اور عمر فاروقؓ اور عثمان غنیؓ اور امیر معاویہؓ اور ابو حنیفہؒ اور امام مالکؒ شافعی - احمد حنبلؒ کا بلکہ تمام ہاشمیوں کے ساتھ کیا کیا سلوک ان صاحبوں نے کئے ہیں۔ سچ کا بول بالا۔ جھوٹے کا منہ کالا - الغرض جو فرمایا آپؐ نے، وفت کے یَا اَیُّھَا النَّاسُ اِنِّیْ تَرَکْتُ فِیْکُمْ مَا اَخَذْ تُمْ بِہٖ لَنْ تُضِلُّوْ کِتَابَ اللّٰہِ وَعِتْرَتِیْ۔ یعنی اے لوگو! میں تمہارے درمیان دو چیزیں چھوڑنے والا ہوں یعنی قرآن مجید اور اہل بیت اپنی - اگر تم لوگ ان کو مضبوط پکڑو گے تو گمراہ نہ ہوگے - اب دیکھنا چاہیے کہ اصحابہ کرامؓ و دیگر بزرگان دین نے اس حدیث پر عمل کیسا کیا ہے - قرآن مجید کی جو کچھ عزت اور حفاظت اصحابہ کرام و دیگر بزرگان دین نے کی ہے وہ تو روزِ روشن کی طرح روشن ہے - اور اب اہل بیت کے ساتھ جو کچھ محبت و سلوک اصحابہ کرام اور بزرگان دین نے کیا۔ ناظرین کو مفصل طور پر بدلائل عقلی و نقلی لکھ کر دکھایا جائے گا - اس لئے کہ بعض دشمنانِ دین جاہل سنیوں کو گمراہ کرنے کے واسطے کہہ دیتے ہیں کہ ابا بکر صدیقؓ و عمر فاروقؓ و عثمان غنیؓ و امیر معاویہؓ و ابو حنیفہؒ وغیرہ اہل بیت کے دشمن تھے نَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ ذَالِکَ :-

ذکر ابا بکر صدّیقؓ کا ادب و تعظیم و سلوک محبت کرنا آل محمدؐ کے ساتھ

عَنْ عُقْبَۃَ بِنْ حَارِثٍ قَالَ صَلّٰی اَبَا بَکْرِ الْعَصْرَ ثُمَّ خَرَجَ یَمْشِیْ وَمَعَہٗ عَلِیٌّ فَرَاٰی الْحَسَنَ یَلْعَبُ مَعَ الصِّبْیَانِ فَحَمَلَہٗ عَلٰی عَاتِقِہٖ قَالَ بِاَبِیْ شَبِیْہٌ بِالنَّبِیِّ شَبِیْہًا بِعَلِیٍّ وَعَلِیٌّ یَضْحَکُ - (رواہ ترمذی)

ترجمہ :- عقبہ بن حارث سے روایت ہے کہ نماز پڑھائی ابا بکر صدیقؓ نے بیچ اپنی خلافت کے پھر نکلے اس حال میں کہ چلنے والے تھے اور آپ کے ساتھ حضرت علیؓ بھی تھے - پس دیکھا ابا بکر صدیقؓ نے کہ لڑکوں کے ساتھ امام حسنؓ کھیل رہے ہیں - پس اٹھا لیا ابا بکر صدیقؓ نے امام حسنؓ کو اوپر کندھے اپنے کے از روئے خوشی اور فرماتے تھے قربان جاؤں میں - اور ماں باپ میرے یہ لڑکا مشابہ ہے ساتھ رسولِ خدا کے اور نہیں مشابہ ساتھ علیؓ کے اور حضرت علیؓ از روئے خوشی ہنستے تھے۔

آپس وچ محبت آہی علیؓ صدیقؓ پیارے — جو دشمن ہکدے دوجے دے جانن سوئی قہر نتارے
اوہ ظاہر باطن اندر ہکدوجے دے دوست جانی — ظاہر دوست باطن دشمن آکھیں ٹول شیطانی
اوہ ہکدوجے سنگ پڑھن نمازاں جمعہ جماعتاں بھائی — عیداں تے بقر عیداں رل کر پڑھدے نال صفائی
جنازہ حضرت ابا بکرؓ دا حضرت علیؓ پڑھایا — تے غسل کفن بھی حیدرؓ کیتا وچ کتاباں آیا
علیؓ صدیقؓ محبت ایویں جیوں کر سکے بھائی — جیہڑے دشمن جانن اونہاں اُوپر قہر الٰہی !!
آل نبیؐ سنگ پیار صدیقؓ دا جیویں فرزند پیارے — دشمن سب صدیق اکبر دے جاون قہروں مارے

حدیث :- ایک دفعہ حضرت علیؓ حضور پاکؐ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو مجلس بھری ہوئی تھی اور جگہ تنگ تھی - تو حضور پاکؐ نے اصحابہ کرام کی طرف دیکھا کہ کون حضرت علیؓ کو جگہ دیتا ہے تو صدیق اکبرؓ جو ہمیشہ نبی کریمؐ کے قریب بیٹھتے اپنی جگہ

Marfat.com

سے ہٹ گئے - اور حضرت علیؓ اس جگہ درمیان میں آکر بیٹھ گئے - تو آنحضرتؐ کے چہرہ انور پر خوشی کے انوار ظاہر ہوئے - اور فرمایا اے ابا بکرؓ بیشک بزرگ بزرگوں کی قدر کرتے ہیں -

قدر زر زرگر بداند قدر جوہر جوہری

قدر سونے سنیارا جانے ہور نہ جانے کائی — تے موتیاں قدر جواہری جانے کی جانن قدر سودائی

علیؓ دا قدر صدیق جانے جس قدر نبیؐ دا جاتا — صدیق دا شان علیؓ نوں معلم جس شان رسول پچھاتا

علیؓ دا قدر صدیق جانے جس قدر نبیؐ دا پایا — تے قدر صدیق علیؓ نوں معلم ہوری قدر نہ آیا

مسئلہ :- حضرت صدیق اکبرؓ ہمیشہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے چہرہ مبارک کی طرف دیکھتے رہتے تھے - کسی نے اس کا سبب پوچھا - آپ نے فرمایا کہ میں نے سُنا ہے کہ فرماتے تھے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے حضرت علیؓ کے چہرہ کی طرف دیکھنا عبادت ہے -

صدیقؓ کہے مینوں قسم خدا دی سُنتوں میرا یارا — رشتے اپنے ناواں مینوں رشتہ نبیؐ پیارا

اپنے پُتراں ناواں مینوں حسنؑ حسینؑ پیارے — علیؓ عقیل تے جعفر بھائیاں ناواں وَدھ پیارے

ابوطالب عباس تے حمزہ باپ دی مثل پچھاناں — اپنے ساکاں ناواں ساک نبیؐ دے چنگے جاناں

مسئلہ :- قیسؓ بن حازم سے روایت ہے کہ ایک دن حضرت صدیقؓ حضرت علیؓ کے چہرہ مبارک کی طرف دیکھ کر ہنس پڑے - تو حضرت علیؓ نے ہنسنے کا سبب پوچھا عرض کی کہ میں نے سُنا ہے آنحضرتؐ نے فرمایا کہ پل صراط سے کوئی نہ گزرے گا مگر جس کو حضرت علی راہداری کا پاس دے گا - تو حضرت علی نے ہنس کر جواب دیا کہ قسم ہے خدا کی میں نے بھی آنحضرتؐ سے سُنا ہے کہ فرمایا آپ نے اے علیؓ تو راہداری کا پاس نہ دیگا - مگر جس کے دل میں محبت صدیق اکبرؓ کی ہوگی ؎

علیؓ کہیا میں راہداری لکھدیساں اسے تائیں — جس دل صدق صدیق محبت دلدیاں نال وصائیں

جس دل صدق صدیق نہیں راہداری ملسی ناہیں — ابوبکرؓ دے دشمن اُسدن رودن مارن ڈھائیں

حیدرؓ جاؤ بھائی صدق صدیق سیاؤ — بن حُب صدیق پاس نہ ملنا اویں مفت کھپاؤ

بھائیو مسلمانوں ہے اج ویلا سنبھل جاؤ — علیؓ صدیقؓ پاس نہ فرق پچھانو تا راہداری پاؤ!

نہیں تاں پل صراط اتوں کسے گذرن دینا ناہیں — جسدل حب صدیق نہ ہوسی سڑسی دوزخ بھائیں

چھڈ وسندے تے مومن بن جاؤ کرو نہ اپنا بھاناں — بن حُب صدیقوں مومن ناہیں آکھے نبی ربانا ں

جدتک حب نہ چوہنہ یاراں دی دل دیوچ سماوے — تدتک اوہ منافق بندہ مومن کہیا نہ جاوے

حدیث :- عبداللہ کما قال النبیؐ اَلْحُبُّ عَنِ الصِّدِّیْقِ وَالْعُمَرَ وَلِعُثْمَانِ وَعَلِیِّ بْنِ طَالِبٍ ایتُ الْاِیْمَانِ وَبُغْضُ عَلَیْھِمْ ایتُ النِّفَاقِ - از مشکوٰۃ شریف - جیساکہ فرمایا نبی کریمؐ نے محبت کرنی صدیقؓ و عمرؓ و عثمانؓ و علیؓ کی نشانی ہے ایمان کی - اور اُن سب سے دشمنی رکھنی ظاہر یا باطن نشانی ہے نفاق کی - یعنی ان سب کی محبت مومن بنا دیتی ہے اور ان کی دشمنی منافق بنادیتی ہے -

ذکر حضرت عمر فاروقؓ کا محبت و سلوک کرنا ساتھ اہل بیتؑ کے

سچ کا بول بالا - جھوٹے کا مُنہ کالا - یَااَیُّھَا النَّاسُ اِنِّیْ تَرَکْتُ فِیْکُمْ مَا اِنْ اَخَذْتُمْ بِہٖ لَنْ تَضِلُّوْا کِتَابَ اللّٰہِ

Marfat.com

وَعِتْرَتِی پر حضرت عمر فاروق نے کیسا عمل کیا ہے۔

ذکر فتح مدائن و ایوان کسریٰ

جب سعدؓ بن ابی وقاص نے مدائن کو فتح کیا بیچ خلافت عمر فاروقؓ کے اور مال غنیمت مسلمانوں پر تقسیم کیا اور جو بساط یعنی تخت گاہ کسریٰ کا تھا وہ بہت ہی قیمت دار تھا۔ اس میں تمام تاریں سونے کی تھیں جس سے وہ بنا ہوا تھا اور ارد گرد اُس کے تمام جواہرات لگے ہوئے تھے۔ اس کو بساط زینت یا بساط مسرت کہتے تھے۔ جب اُس کے تقسیم کرنے کا ارادہ کیا تو اس کی قیمت کسی کی سمجھ میں نہ آئی تو وہ بساط بھی خمس کے ساتھ ہی حضرت عمر فاروقؓ کو مدینہ منورہ بھیج دیا۔

فائدہ: خمس کہتے ہیں جو کہ پانچواں حصہ مال غنیمت سے بادشاہ اہل اسلام لیتے ہیں۔ اور پھر بادشاہ اپنی مرضی سے اہل اسلام پر خرچ کرتے ہیں۔ الغرض ایک لڑکی جو کسریٰ بادشاہ کی بیٹی تھی جس کا ذکر اسطرح واقدی نے بیان کیا ہے کہ فتح مدائن کے بعد ہاشم بن عتبہ کی جو گورنر تھا فوج اسلامی کا ایک قوم اہل فارس سے ملاقات ہوئی کہ انہوں نے خوب ہتھیار پہنے ہوئے تھے۔ اور ایک محل یعنی ڈولی اُن کے ہمراہ تھی۔ جس میں ایک خوبصورت عورت تھی۔ اور وہ تمام لوگ اس عورت کے غلام تھے۔ اور اس کی محافظت کرتے تھے۔ اور وہ محل بڑا بیش قیمت خوبصورت بنا ہوا تھا۔ اُس پر سرپوش سنہری رنگا رنگ کے رنگین تھے۔ اور تانا بانا سب اس کا سنہری تھا۔ اور بیل بوٹے سب اس کے سنہری تھے۔ اور جڑاؤ جواہرات کے جڑے ہوئے تھے۔ اور اس محل کو فوج اسلامی نے ان فارسیوں سے جنگ کرکے لے لیا۔ اور اس محل کی اتنی قیمت تھی جتنی کل مال غنیمت کی۔ بلکہ تمام مال سے بھی زیادہ۔ الغرض اس محل کو معہ لڑکی جو اس میں تھی اور بساط جو تخت تھا بادشاہ کا، کو خمس کے ساتھ ہی حضرت عمر فاروقؓ کی خدمت میں مدینہ منورہ بھیج دیا۔ جب وہ خمس اور بساط اور محل اور لڑکی جو بیٹی تھی بادشاہ کسریٰ کی اور پڑپوتری تھی نوشیرواں کی، حضرت عمرؓ کے پاس پہنچے۔ تو آپ نے مال خمس کو تو اہل اسلام حاضر و غائب پر جس طرح تقسیم کرنے کا حق تھا تقسیم کیا۔ مگر مسند کسریٰ کو تقسیم کرنے کی بابت تمام اصحاب کو جمع کرکے مشورہ کیا۔ تو تمام اصحاب نے یک زبان ہو کر کہا کہ آپ کی رائے بلند تر اور سب سے بہتر ہے تو حضرت عمر فاروقؓ نے اس تخت کو ٹکڑے ٹکڑے کرکے مدینہ منورہ کے باشندگان کو تقسیم کر دیا۔ اور ہر ایک ٹکڑا اس کا چوبیس چوبیس ہزار دینار کو فروخت ہوا۔ تو بعد اس کے حضرت عمر فاروقؓ نے منبر شریف پر کھڑے ہو کر تمام مسلمانوں کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا۔ کہ جس شخص نے اسلام پر احسان یعنی اسلام کی خدمت کی ہے وہ حاضر ہو کر اپنا احسان بیان کرے۔ تو سب سے پہلے عبدالرحمٰن بن ابو بکر صدیقؓ اٹھ کر کھڑے ہوئے اور بیان کیا کہ اے امیرالمومنین میں اس شخص کا لڑکا ہوں۔

نظم

میں اُس دا لڑکا جس نے سرور موہڈیاں اُپر چایا ‏ توڑ جبل وچہ نال نبی دے سوہنا ساتھ بنایا
جنھیں اوّل ہجرت کر کے نال نبی دے آیا ‏ سارا مال خزانہ اپنا رب دے راہ لٹایا
سامنے حضرت نال کفاراں کیتا سی جنگ بھارا ‏ جو خدمت اسلام کیتی اُس جانے عالم سارا

جیسا کہ فرمایا اللہ تعالےٰ نے پارہ ستائی سورۃ حدید میں لَا يَسْتَوِي مِنكُم مَّنْ أَنفَقَ مِن قَبْلِ الْفَتْحِ وَقَاتَلَ۔ یعنی کوئی برابری نہیں کر سکتا تم میں سے اس شخص کی جس نے خرچ کیا مال پہلے فتح مکہ کے اور جنگ کیا بیچ راہ اللہ کے۔ پس کر حضرت عمر فاروقؓ نے فرمایا کہ اے لڑکے جو کچھ تو نے کہا سچ کہا۔ کہ جس کو خاص و عام لوگ جانتے ہیں۔ اور اس کو ایک خلعت اور ایک ہزار درہم عطا کئے۔ اس کے بعد حضرت عثمانؓ کھڑے ہو کر بیان کرنے لگے کہ میں وہ شخص ہوں جس نے بوقت

Marfat.com

سخت تنگی کے سامانِ جنگ تیار کیا (یعنی ایکہزار اُونٹ مع ساز و سامان) اور میں وہ شخص ہوں جس نے بیر رُومہ کو تمام مسلمانوں کے لئے وقف کیا ہے۔

فائدہ :۔ بیر رومہ ایک کھوہ ہے مدینہ منورہ میں۔ جب مدینہ منورہ میں مسلمان آئے تو پانی کی بڑی سخت تنگی تھی تو حضرت عثمانؓ نے یہودیوں سے بہت سی قیمت دے کر خرید کیا اور مسلمانوں کے واسطے وقف عام کر دیا جو اب تک موجود ہے۔ حاجی لوگ اس کی زیارت کرتے ہیں۔ اور میں وہ شخص ہوں جس نے قرآن مجید کو جمع کیا اور سارا قرآن مجید دو رکعت میں ختم کیا۔ اور میں وہ شخص ہوں جس نے حضرت محمد الرسول اللہ کی دو لڑکیوں کے ساتھ نکاح کیا (ام کلثوم و رقیہ) اور میں وہ شخص ہوں جس نے دو قبلہ کی طرف نماز پڑھی۔ اور وہ شخص ہوں جس سے فرشتے بھی شرم کرتے ہیں۔ بعدہ فرمایا حضرت عمر فاروقؓ نے اے عثمانؓ تم نے سچ کہا ہے اور ایکہزار دینار اُن کو دیا ثُمَّ نَظَرَ اِلَى الْاَخَوَيْنِ اَلْزَّاهِدِيْنَ وَلْعَفِيْفَيْنِ سَيِّدِ شَبَابِ اَهْلَ الْجَنَّةِ۔ پھر نظر پڑی حضرت عمر فاروقؓ کی اُوپر دونوں صاحبزادوں صاحب تقویٰ پر گویا کہ وہ دونوں شاخیں ہیں سرسبز دونوں سردار ہیں اہل جنت کے اور پھول ہیں حَضْرَتْ مُحَمَّدُ الرَّسُوْلُ اللّٰہِ کے یعنی امام حسن حسینؓ۔ اور کہا حضرت عمر فاروق نے واسطے دونوں صاحبوں کے کہ تم نواسے ہو رسول خداؐ کے اور باپ تمہارا سیف اللہ یعنی تلوار ہے اللہ کی اور تمہارے گھر میں اترا ہے قرآن مجید جو رحمت ہے واسطے تمام جہان کے اور جبرئیلؑ تمہارے گھر کا خادم ہے اور تمہارے نانا صاحب رحمۃ اللعالمین سید المرسلین اور رؤف المومنین ہیں۔ بلکہ جو کچھ بھی منصب ہم کو ملا ہے وہ سب تمہاری ہی طفیل ملا ہے۔ غرض کہ حضرت عمر فاروقؓ بہت سے اوصاف بیان کرنے کے بعد بہت ہی روئے اور مخاطب ہو کر عرض کیا۔

جو کجھ عزت حرمت مینوں بخشش ہوئی سرکاروں　　سبھ تساڈا صدقہ حضرت ٹی تساڈی پاروں
جو ملیا سو ملیا مینوں دان تساڈے گھر دا　　ہر حالت وچہ سمجھو مینوں اپنا گولا بردا!

تم سب سے زیادہ حقدار ہو کہ اپنا احسان اسلام پر جتلاؤ اور بیس بیس ہزار درہم دونوں صاحبزادوں کو عطا کئے۔ تو حضرت علی نے کھڑے ہو کر کہا۔ اے عُمَرُ اللّٰہِ دُرُّکَ۔ یعنی اے عمرؓ اللہ تم کو جزائے خیر عطا فرماوے کہ مثل تمہارے کون ہے جو اہلبیتؓ کی صفت ثنا تعریف کرے۔ اور طرح طرح کے عطیات انعامات عطا کرے اُس کے بعد پھر حضرت عمر فاروق نے فرمایا۔ کہ جس کسی نے اسلام پر احسان کئے ہیں۔ بیان کرے۔ یہ بات سُن کر عبد اللہ بن عمرؓ یعنی آپ کا لڑکا کھڑا ہوا اور کہنے لگا۔ کہ میں اس شخص کا لڑکا ہوں جس کے حق میں محمد الرسول اللہ نے فرمایا ہے لَوْ کَانَ بَعْدِیْ نَبِیٌّ لَکَانَ عُمَرُ اگر میرے بعد کوئی نبی ہونا ہوتا تو حضرت عمرؓ ہوتے۔ اور میں اس شخص کا لڑکا ہوں جس کے حق میں فرمایا حضور پاکؐ نے اَشَدُّهُمْ فِیْ اَمْرِ اللّٰہِ عُمَرُ۔ یعنی حکم اللہ تعالےٰ کا جاری کرنے میں حضرت عمرؓ بہت سخت اور دلیر ہیں۔ اور میں اس شخص کا لڑکا ہوں جس کے سایہ سے شیطان بھاگ جاتے ہیں۔ اور میں اس شخص کا لڑکا ہوں کہ جس کے حق میں اللہ تعالےٰ نے پارہ دس سورہ انعام میں ارشاد فرمایا ہے یٰاَیُّهَا النَّبِیُّ حَسْبُکَ اللّٰہُ وَمَنِ اتَّبَعَکَ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ۔ اے محمدؐ کافی ہے تجھ کو اللہ تعالےٰ اور جو تیرے تابعدار ہیں مومن۔ میں اس شخص کا لڑکا ہوں جس نے قیصر کسریٰ کے محلوں میں کلمہ طیب پڑھایا۔ حاصل کلام بہت سی خوبیاں بیان کیں، جو کہ آپ میں تھیں۔ مگر جب یہ باتیں حضرت عمر فاروق نے اپنے بیٹے سے سُنیں تو جواب دیا کہ اے بیٹے میرے وہ شخص بڑا بد بخت ہے جو اپنی تعریف سُن کر خوش ہووے۔ اور نیک بخت وہ ہے جو کار خیر کرے۔ اس کے بعد حضرت عمر فاروقؓ نے یہ آیت پڑھی، مَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفْسِہٖ یعنی جو کوئی نیک کام کرے پس وہ [illegible] ذات اس کی کے ہے۔ اُس کے بعد حضرت عمر فاروقؓ نے اپنے بیٹے عبد اللہ کو ایک ہزار درہم دیا۔ تو عبد اللہ نے عرض کیا کہ یا حضرت کیا سبب ہے۔ آپ نے امامین حضرت حسنؓ حسینؓ کو بیس بیس ہزار درم دیا ہے اور مجھے ایک ہزار یعنی انیس ہزار کم دیتے ہو۔ حالانکہ

Marfat.com

میں فوجی آدمی ہوں۔ اور شاہ روم کو میں نے شکست دی ہے۔ اور اسلام کی خدمت میں نے خود کی ہے۔ تب حضرت فاروق نے فرمایا۔

ایہ گل سن کر بیٹے تائیں عمرؓ ولی فرمایا
جانے نہ توں باپ انہاں دا حیدر شیر الٰہی
حضرت فاطمہؓ ماں اونہاندی بیٹی جو سرور دی
خود حضرت سردار محمدؐ نانا پاک انہاں دا
ناں کوئی تیرا ساک تے نہ توں آپ انہاں دے جیہا
لے آتوں بھی جانگ انہاں دے اپنا باپ تے مائی
ایہ گل سن کر گل تے کیتی بیٹے عمر ولی دے
شان اونہاں دے نال برابر تیرا شان نہ آیا
حضرت پاک رسول اللہ دا چاچے جایا بھائی
نانی پاک خدیجہ کبریٰ بیوی پیغمبر دی
کیوں نہ تیتھوں ودھ انہانوں حصہ دتا جاندا
ناں پھر تیرا باپ پیارا باپ انہاں دے جیہا
تینوں بھی پھر نال انہاں دے حصہ ملسی بھائی
راضی ہو کر وہ سے درماں لیاں نال خوشی دے

راوی لکھتا ہے کہ جب حضرت عمر فاروقؓ ان باتوں سے فارغ ہوئے تو بیٹی کسریٰ بادشاہ کی کو سامنے لانے کا حکم فرمایا چنانچہ جب وہ لڑکی سامنے آئی تو آپ نے اس کے تمام زیورات وغیرہ اسباب اتارنے کا حکم فرمایا۔ کیونکہ اس شہزادی کا لباس پوشاک زیورات وغیرہ لاکھوں کروڑوں روپوں کا مال تھا۔ اور اس پوشاک زیورات اتارنے کی وجہ یہ تھی کہ یہ بھی مال غنیمت کی طرح مسلمانوں پر تقسیم کئے جائیں۔ الغرض کہ جب ایک شخص اس شہزادی کے لباس زیورات اتارنے کے لئے آگے بڑھا تو شہزادی نے زور سے اُس کے سینہ پر دو چپڑ مارا۔ کہ وہ الٹا گر پڑا۔ اور یہ دیکھ کر حضرت عمر فاروقؓ کو بڑا غصہ آیا۔ اور لوگوں نے اس شہزادی کو مارنے کے واسطے چابک کھڑے کئے۔ اور منتظر حکم خلیفہ کے تھے اور وہ شاہزادی زور زور روتی تھی۔ تو یہ بات دیکھ کر حضرت علیؓ نے فرمایا کہ اے امیر المومنین متقلاً یعنی غصہ نہ کر۔ کیونکہ میں نے رسول خدا سے سنا ہے کہ آپ فرماتے تھے اِرْحَمُوْا عَزِیْزَ قَوْمٍ ذَلَّ اَوْ غَنِیَّ قَوْمٍ اِفْتَقَرَ۔ یعنی اگر کوئی رئیس یا سردار قوم جب ذلیل وخوار ہو جائے۔ یا غنی کسی قوم کا غریب ومحتاج ہو جائے تو ان پر رحم کرو۔ یہ حدیث سن کر حضرت عمر فاروقؓ کا غصہ سرد ہو گیا۔ اور اس لڑکی کی طرف دیکھا تو وہ حاضرین مجلس کی طرف دیکھ رہی ہے جیسا کہ واقدی نے بیان کیا ہے
ثُمَّ نَظَرَ عُمَرُ مُحَدِّقٌ بِالنَّظَرِ اِلَی الْحُسَیْنِ بْنِ عَلِیٍّ

یعنی جب دیکھا حضرت عمر فاروقؓ نے وہ بادشاہزادی ٹکٹکی لگا کر امام حسینؓ کی طرف دیکھ رہی ہے اور امام حسینؓ اس کی طرف دیکھ رہے ہیں۔ تو فرمایا حضرت عمرؓ نے کہ سنا میں نے رسول خدا فرماتے تھے
اِتَّقُوْا فِرَاسَۃَ الْمُؤْمِنِ فَاِنَّہٗ یَنْظُرُ بِنُوْرِ اللّٰہِ تَعَالٰی
ترجمہ: کہ ڈرو فراست مومن کی سے یعنی وہ مشاہدہ کرتا ہے ہر ایک چیز کا کہ تحقیق وہ دیکھتا ہے نور خدا سے۔

الغرض یہ بات دیکھ کر حضرت عمر فاروقؓ نے وہ شاہزادی مع پوشاک زیورات اور اسباب اور خدام کے حضرت امام حسینؓ کو بخش دی۔ اور اس شہزادی کا نام شہر بانوں تھا اور وہ نوشیرواں بادشاہ کی پڑ پوتی تھی جس کے شکم مبارک سے حضرت زین العابدینؓ پیدا ہوئے۔ جس سے تمام اولاد حسینی پیدا ہوئی۔ حضرت زین العابدین کے سوا حضرت امام حسینؓ کی اولاد میں سے کوئی زندہ نہ رہا۔ بعد واقعہ کربلا کے۔

الغرض حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے بہت سا شکریہ ادا کرنے کے بعد حاضرین مجلس کے سامنے کھڑے ہو کر یہ حدیث ارشاد فرمایا کہ سچ فرمایا سرور کائنات محمد رسول اللہ نے اَنْتَ عُمَرُ سِرَاجُ الْاَھْلِ الْجَنَّۃِ۔ یعنی حضرت عمرؓ چراغ ہیں اہل جنت کے۔ تو حضرت عمر فاروقؓ نے عرض کی کہ یا علی کرم اللہ وجہہ یہ جو خوشخبری فرمائی ہے آپ نے مجھے لکھ دو تو حضرت

Marfat.com

علی نے فرمایا کہ کاغذ لاؤ میں لکھ دیتا ہوں ۔ جس کا مضمون یہ ہے ۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ ھٰذَا مَا ضَمِنَ عَلِیُّ بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ لِعُمَرَ الْخَطَّابِ وَعَنْ جِبْرَائِیْلَ وَعَنِ اللّٰہِ تَعَالٰی ۔

تَرْجَمَہ : (شروع اللہ کے نام سے جو بخشنے والا مہربان ہے ۔ یہ ضمانت نامہ علی ؓ بن ابی طالب کی طرف سے واسطے عمر بن خطاب کے رسول خدا اور جبریل اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے کہ تحقیق عمر ؓ بن خطاب چراغ ہیں اہل جنت کے)

حضرت عمر فاروق نے وصیت کی کہ جب میں فوت ہو جاؤں تو یہ ضمانت نامہ میرے کفن میں رکھ دینا کہ اس کو میں اللہ تعالیٰ کے سامنے لے جاؤں گا ۔ اور دشمنان دین کی آرزو میں خاک میں ملاؤں گا ۔ جو کہتے ہیں حضرت علی ؓ و عمر ؓ کا آپس میں بیر تھا ۔ اور یہ تمام قصہ حضرت واقدی مورخ نے تاریخ واقدی میں صفحہ ۱۸۰ میں لکھا ہے ۔ اور یہ ضمانت نامہ اَلْقَوْلُ الْمَقْبُوْلُ فِیْ حُبِّ اٰلِ الرَّسُوْلِ میں لکھا ہے

مسئلہ :- حضرت عمر فاروق نے اپنی خلافت میں ایکہزار چھتیس ۱۰۳۶ شہر فتح کئے ہیں ۔ اور چار ہزار مسجد جامع تعمیر کرائی ہے ۔ اور چار ہزار بت خانہ کفار توڑ کر نیست و نابود کیا ہے ۔ اور بند و بست زمین کا سب سے پہلے آپ نے ہی شروع کیا ہے ۔ الغرض اتنی بڑی زبردست حکومت تھی مگر آپ ہمیشہ سنت نبوی اور سادگی اور کسر نفسی اور محبت اہل بیت میں اس قدر غریق تھے جس کا اندازہ کرنا انسان کی طاقت سے باہر ہے ۔

مسئلہ :- القول المقبول میں لکھا ہے کہ ایک دفعہ حضرت عمر نے کسی مقدمہ میں حضرت علی کو دو شخصوں پر حاکم یعنی ثالث مقرر کیا جب ان میں سے ایک نے رنجیدگی ظاہر کی ۔ تو آپ نے فرمایا افسوس تو نہیں جانتا کہ یہ کون ہیں ۔ یہ تیرا بھی مولا ہے اور ہر مومن کا مولا ہے ۔ جو شخص اس کا دوست نہیں وہ مومن نہیں ہے کَمَا قَالَ النَّبِیُّ مَنْ کُنْتُ مَوْلَاہُ فَعَلِیٌّ مَوْلَاہُ فرمایا نبی کریم ؐ نے میں جس کا دوست ہوں علی بھی اس کا دوست ہے ۔ اور جو علی کا دوست نہیں وہ مومن ہی نہیں ۔

جس دل حُب نہ حیدرؓ اوہ دل خالی جان ایمانوں ۔۔۔ دشمن علیؓ خدا دا دشمن آکھیا نبیؐ زبانوں

پر حُب نہ صرف زبانی حضرت حیدر پائی جاوے ۔۔۔ حُب علیؓ جو شرع محمدی اُپر عمل کماوے

بے نماز تے داہڑی منڈا چوپٹ تاش کھڈاری ۔۔۔ کویں محب علی دا بنسی کرکے عمل کفاری

دار قطنی والا کرے روایت سنتوں میتھوں بھائی ۔۔۔ ہکدن فاطمہ تائیں حضرت عمرؓ نے عرض سنائی

سب تھیں افضل پیارا تیرا باپ رسولؐ الٰہی ۔۔۔ بعد انہاندے تیتھوں بہتر ہور نہیں ہے کائی

پر دشمن آکھن حضرت فاطمہؓ تائیں عمرؓ ستایا ۔۔۔ گھر اسدا سی ساڑن کارن بالن جمع کرایا

اتنا ماریا فاطمہؓ تائیں ماروں حمل گرایا ! ۔۔۔ امام محسن اس مارنے سبیوں شکموں باہر آیا !

ایہ سارا جھوٹ طوفان انہانے فرقے عمرؓ لگایا ۔۔۔ جنگ علیؓ تے فاطمہ کدی جسدا اتنہ نہ آیا

جاہلاں دے گمراہ کرن نوں ایہ گل دوں بنائی ۔۔۔ اتنا عمر پیار کریندے جسدی حد نہ کائی

علی ہے شیر خدا سب شیراں اُپر غالب آوے ۔۔۔ حیدر جہد یاں زہرا ہتھ لگاوے

مسئلہ :- روایت کرتے ہیں کہ حضرت عمر فاروق ؓ نے ۔۔۔ رکھے تو لوگوں نے کہا کہ پہلے اپنے خاندان

Marfat.com

سے شروع کرو۔ تو آپ نے فرمایا کہ نہیں پہلے رسول خدا کے خاندان سے شروع کروں گا۔ پھر آپ نے اپنے خاندان کو پندرہ[۵] خاندان ہاشمی کے پیچھے رکھا یعنی سب سے اوّل حضرت علی کرم اللہ وجہٗ پھر امام حسنؓ کو پھر امام حسینؓ کو پھر حضرت عباسؓ کو علیٰ ہذا القیاس اسی طرح پندرہ خاندان ہاشمی کے بعد پھر اپنے خاندان کو شروع کیا۔

عمر زمانے قحط پیا ہک واری ذکر لیا دن — بھکھ پیاسوں آدمی تے ہور ڈنگر مر جاون
منگن لوگ دعائیں ملکر بارش کارن سارے — سکوں دودھیری گرمی ہوئے دھپ کلیجہ ساڑے
کئی دیہاڑے گذرے ایویں بارش مول نہ آئی — عمرؓ نے کہیا اسیں بیا واں گے اس کل دیہاڑے بھائی
دعا جنہاں دی رد نہ کرسی حضرت ذات الٰہی! — صبح سویرے ابن عباسؓ نوں جا کر عرض سنائی
چلو حضرت دعا فرماؤ خلقت قحط ستائی — آدمی ڈنگر تنگ تمامی حالت بہت تباہی
تاں اسو یلے ابن عباس نے حضرت علیؓ بلائے — حسنؓ حسینؓ بھی نال لئے پھر جنگل طرف سدھائے
حسنؓ حسینؓ علی سب اگے پچھے ہاشمی سارے — بارش منگن کارن چلے ربدے خاص پیارے
تے آکھیا ساڈے باجھوں ہرگز ہور نہ کوئی آوے — ابن عباس پھر ہتھ اٹھا کے ربنوں عرض سناوے
اَنَا ابنُ مُستَسقِی[۱] تن واری عرض سنائی — اوسے ویلے فضل کرم دی رحمت بارش آئی

حضرت جابرؓ سے روایت ہے، کہ اسی وقت بارش نازل ہوئی اور سب بھیگ کر گھر آئے۔

[۱] :- یہ اشارہ ہے عبد المطلبؓ کی طرف کہ انہوں نے اپنی ساری عمر میں پانچ دفعہ بارش مانگی ہے اور قبول ہوئی ہے :-

مسئلہ :- حضرت عمر فاروقؓ نے ایک دفعہ حضرت زبیر کو کہا کہ چلو حضرت حسنؓ کی عیادت کریں۔ تو اُن سے کچھ دیر ہوئی۔ تو حضرت عمر فاروق نے فرمایا کہ کیا آپ کو معلوم نہیں کہ عیادت یعنی بیمارپُرسی بنی ہاشم کی مسلمانوں پر فرض عین ہے۔

مسئلہ :- حضرت عمر فاروقؓ اور عثمان غنی جب حضرت ابن عباس اور حضرت علی کو دیکھتے تو سواری چھوڑ کر پیدل ہو جاتے جب تک وہ نظر سے غائب نہ ہو جاتے، گھوڑے پر سوار نہ ہوتے۔ نقل از قول المقبول فی حب آل رسول

صدیق عمر عثمان غنی سب اہل البیت پیارے — وانگ غلاماں خدمت اندر حاضر ہوون سارے
توں کیوں آکھیں دشمنی اونہاں آپس اندر آئی — اوہ سارے ہک دوجے سنگ پیارے جیونکر سکے بھائی
اوہ آپس اندر پیارے سارے جیویں ہک موتیوں لڑیاں — توں کیوں نال اونہاں دے لاویں وانگ خراندے اڑیاں
ہو جاتا بعد ازاں اصحاباں اڑیاں مول نہ لاتیں! — اینہاں اڑیاں ٹھیں ہتھکڑیاں دوزخ روز جڑائیں۔
اوہ ہتھکڑیاں ہتھیں جڑیاں کوئی نہ آن کھلاوے — جنہاں تائیں حیدر سائیں آپ چلان کراوے
جنہاں تائیں حیدر سائیں آپ چلان کرائی — اپیل کدی منظور نہ ہوسی سنتوں مومن بھائی!

ہے اج ویلا کرلے توبہ وقت وہیاندا جاندا
وقت وہہانے پچھوتاون ہاریا عقل جنہاندا

[۱] میں بیٹا ہوں پانی مانگنے والے کا پانی مانگنے آیا ہوں۔

Marfat.com

ذکر امیر معاویہ کا اہل بیت کے ساتھ سلوک و محبت و ہمدردی کرنا

مسئلہ:- انیس الواعظین میں لکھا ہے کہ ایک بار امیر معاویہ حضرت محمد الرسول اللہ کے ساتھ رکاب پکڑ جا رہا تھا۔ تو حضرت رسول خدا نے فرمایا۔ اے معاویہ مجھ سے دور ہو جا۔ تیری پیٹھ سے مجھے خون کی بو آتی ہے۔ تو امیر معاویہ سن کر رونے لگا۔ اور عرض کی یا حضرت میں قربان جاؤں میرا جگر اس وقت پانی پانی ہو گیا ہے۔ مجھ کو اس بات کی اصل کیفیت بیان فرمائیے۔ رسول خدا نے فرمایا کہ تیری پشت سے ایک لڑکا پیدا ہوگا جو میری آل کا دشمن اور قاتل ہوگا۔ تو امیر معاویہ نے رو کر کہا کہ میں اپنی بیوی کو تین طلاقیں دے دیتا ہوں۔ چنانچہ ایسا ہی کیا۔ یعنی اپنی عورت کو طلاق دے دی۔ بعدہٗ امیر معاویہ کو ایسی بیماری لگی کہ تمام حکماء نے کہا کہ تو بچ نہیں سکتا جب تک تو کسی عورت سے مباشرت نہ کرے گا تو امیر معاویہ نے اپنی ایک لونڈی سے مباشرت کی جس سے یہ یزید پیدا ہوا۔

جو تقدیروں ہونا ہووے ہو کر رہندا بھائی ۔۔۔ کسنوں طاقت جو دم مارے وچہ تقدیر الٰہی

نیکاں بداں عداوت بھائی مڈھ قدیموں آئی ۔۔۔ شیطاں اول حضرت آدمؑ نال عداوت چائی

پھر ہابیل قابیل جے جو آدم بیٹے آہے ۔۔۔ قتل ہابیل قابیل کیتا سر ظلموں بھار اٹھائے

روز قیامت تائیں جاری رہسی ایویں بھائی ۔۔۔ نیکاں بداں دی آپس اندر دیر عداوت آئی

تاریخ خلفاء میں لکھا ہے کہ امیر معاویہ نے اپنی خلافت کے زمانہ میں ایک لاکھ دینار سالانہ امام حسنؓ اور امام حسین کے لئے وظیفہ مقرر کیا ہوا تھا۔

مسئلہ:- وصیت کی امیر معاویہؓ نے اپنے بیٹے یزید کو بوقت قریب الموت کے کہ اے یزید ان چند اصحابوں کا بہت ہی لحاظ رکھنا۔ اور ادب آداب کے ساتھ پیش آتا ہوگا۔ ایک عبدالرحمٰن بن ابوبکر صدیقؓ اور عبداللہ بن عمرؓ اور ابن مسعودؓ اور فرزند حضرت علی یعنی حسنؓ حسینؓ کی خدمت اچھی طرح بجا لائیں اور ان کے خلافت کے مدعی ہونے سے خوف نہ کرنا۔ اور ان کو آرام سے عبادت الٰہی کرنے دینا۔ کیونکہ ان کو خلافت سے کوئی غرض نہیں۔ اور جب مدینہ منورہ میں جانا تو بہت سارو پیہ اور تحائف مال وغیرہ کثرت سے ان کی خدمت میں نذرانہ لے جانا۔ اور ان کی رکاب پکڑ کر سواری کے ساتھ دوڑنا۔ کیونکہ میں نے ان کا بہت بڑا مرتبہ دیکھا ہے کہ وہ دونوں صاحبزادے رسول خدا کے دوش مبارک پر سوار ہوتے تھے۔ اے یزید حضور پاک حضرت فاطمہ کے گھر آئے اور دیکھا۔

رو رو نیر چلاوے فاطمہ پاک نبی جد آیا! ۔۔۔ پچھیا دس لے بیٹی میری تینوں کس رودایا

آکھیا حسن حسین دوہاں نوں کتنا وقت دیہایا ۔۔۔ باہر کھیڈن گئے تے ہوسی بھکھ پیاس ستایا

ہوئی بے چین طبیعت میری سرور الٰہی ۔۔۔ تاں ڈھونڈن کارن نبی گیا سنگ ابوبکر ہمراہی

میل برابر بھالن کارن شہروں باہر آئے ۔۔۔ تاں ویکھیں ہک چھیڑو ان پیا اجیڑ مال چرائے

معاویہؓ ہے میں چھیڑو کولوں پچھیا سنیں یزیدا ۔۔۔ ہیں کدھرے صاحبزادے ڈٹھے سانوں دس مزیدا

اس آکھیا ادھر گئے دو لڑکے سندر شکل نورانی ۔۔۔ تاں ویکھیا درخت تلے نے ستے اوپر چادر تانی

نے جبرائیل مرہانے بیٹھا پکھا پیا ہلاوے ۔۔۔ صاحبزادیاں اید وانگ غلاماں جھلتے جاوے

Marfat.com

امام حسن نوں پاک نبی تے گود دی وچہ اُٹھایا — ابو بکر امام حسینؓ نوں موڈھایاں اُپر چایا
غرض معاویہ کرے وصیت یزید پلید دیتائیں — اے لڑکے نہ حسنؓ حسینؓ نوں ہرگز رنج پہنچائیں
ایہ بہت پیارے پاک نبیؐ نوں صاحب منصب عالی — جو اونہاں نال عداوت رکھے جان ایمانوں خالی
کیتی بہت وصیت معاویہؓ کسر نہ چھوڑی کائی — اسے پر اس بد بخت کمینے سگوں عداوت چائی
اسدیو بیہ امیر معاویہ طعن نہ کوئی آیا — جویں نوح نبیؑ پر طعن نہ کوئی جو کنعان کمایا

فائدہ :- اور حضرت علی کرم اللہ وجہٗ اور امیر معاویہؓ کے درمیان جو جنگ و جدال ہوئے ہیں وہ بڑا طول طراز قصہ ہے ۔ اور پیچ در پیچ باتیں ہیں ۔ انشاءاللہ آگے چل کر اس کا بھی ذکر کیا جائے گا ۔ مگر خلاصہ یہ ہے کہ ہر دو فریقین کو بُرا نہیں کہنا چاہیئے ۔ خموشی ہی بہتر ہے ۔ اور حضرت علی کرم اللہ وجہٗ اس آیت کے تحت میں لکھتے ہیں جو پارہ ۱۴ سورہ حجر میں ہے ۔ وَنَزَعۡنَا مَا فِیۡ صُدُوۡرِهِمۡ مِّنۡ غِلٍّ اِخۡوَانًا عَلٰی سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِیۡنَ ۝ اور دُور کر دیں گے ہم جو کچھ بیچ سینوں اُن کے بیں تھا ۔ کینہ حسد ۔ عداوت وغیرہ اور بھائی ہو جائیں گے ایک دوسرے اوپر تختوں کے آمنے سامنے

فائدہ :- حضرت علیؓ نے فرمایا کہ ہم جنگ جمل سے پہلے اس آیت کو ماسوا اپنے غیر مومنوں کے حق میں جانتے تھے ۔ جب ہمارا اور امیر معاویہؓ اور طلحہؓ زبیر و عائشہؓ ام المومنین کا آپس میں تنازعہ پڑا تو ہم نے جان لیا کہ یہ آیت شریف ہمارے ہی حق میں نازل ہوئی ہے کہ دن قیامت کے اللہ تعالیٰ ہمارے درمیان صلح کرا دیں گے اور بغض اور کینہ وغیرہ تمام دُور فرما کر ایک دوسرے کے بھائی بنا دیں گے ۔ اور دشمنوں کی آرزوئیں خاک میں ملا دیں گے ۔

معاویہؓ طلحہؓ زبیرؓ تے عائشہؓ لڑے جو نال علیؓ دے — جنہاں قتل کیتا عثمانؓ او سبھن لشکر دے وچ ولیدے
اوہ چاہے آکھن ایہناں سبھناں تائیں قتل کچھوے — علیؓ کہے بن ثابت کیتے کیویں جماعت مریوے
سبھناں عمل شریعت اُتے اپنی طرفوں کیتا — ساٹوں اس قصے دے اندر واجب ہے چپ بیتا
روز قیامت اونہاں اندر اللہ صلح کریسی — بغضے کینے دلاں دے اونہاں اللہ پاک دھوسی

ذکر تعظیم و سلوک و محبت و امداد کرنا اہل بیتؓ کے ساتھ ابو حنیفہؓ کا

القول المقبول فی حب آل رسول میں ہے کہ حضرت ابو حنیفہ اُن سادات کی جو ظالموں کے ظلم سے پوشیدہ تھے بڑی امداد کرتے تھے ۔ اور اپنے شاگردوں کو بھی اُن کی خدمت کیواسطے اُبھارتے رہتے تھے ۔ ایک دفعہ ایک سیّد کی مخفی طور پر دو لاکھ درموں سے امداد کی ۔

ذکر امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کا اہل بیت کے ساتھ محبت کرنا

اسی کتاب میں لکھا ہے کہ ایک دفعہ جعفر عباسی نے امام مالک کو اتنا مارا کہ غش کھا کر گر پڑے جب ہوش آئی تو عرض کی کہ میں نے آپ کو معاف کیا ۔ لوگوں نے سبب معافی کا پوچھا تو امام مالکؒ نے فرمایا کہ میں نے نہیں چاہتا کہ میرے بدلے دن قیامت کے اہلبیت کو تکلیف ہو ۔ اور جب منصور خلیفہ مدینہ منورہ کا ہوا تو امام مالک کو کہا

Marfat.com

کہ اب تو اپنا قصاص جعفرؓ عباسی سے لے لے۔ تو امام مالکؒ نے کہا کہ میں تو جب کوڑا میرے بدن پر لگتا تھا تب ہی معاف کر دیتا تھا۔ بسبب قرابت رسولؐ خدا کے

ذکر امام شافعی رحمتہ اللہ کا اہلبیت کے ساتھ سلوک و محبت

اسی کتاب القول المقبول میں ہے کہ حضرت امام شافعیؒ اس قدر سادات کے ساتھ محبت کرتے تھے کہ لوگ گمان کرتے تھے کہ شاید یہ رافضی ہو گئے ہیں۔ تو ان کے جواب میں آپؒ نے فرمایا۔

لَوْ کَانَ رِفضاً حُبُّ اٰلِ مُحَمَّدٍ — فَلْیَشْهَدُ الثَّقَلَانِ اِنِّیْ رَافِضِیْ
پس جے کر ہے رفض محبت آل محمد آئی — دو جہان گواہ رہو میں ٹھیک ہاں رافض بھائی
رافضی خاص اصحاب ثلاثہ نائیں برا مادن — کرن تبرّہ بازی اونہاں ہرگز نہ شرمادن
شافعی آکھیا میں اصحاباں دوست دلوں بجاوں — پر آل نبی سنگ پیارا میرا جو باہر حد حسابوں
رفض گر ہست حب آل رسولؐ — یا تولّا بخاندان بتولؓ
رفض جے کر ہے حب آل رسول — یا دوستی با فرزندان بتولؓ
گر گو باشں آدمی و پری! — کہ شدم من زغیر اقضو بری
کدی کدائیں ہووے بھائی آدمی مثل پری دے — پر میں بیزار انہانوں رافضیانوں جنہاں بُرعقیدے
بتول لقب ہے حضرت فاطمہ زہرا سندا آیا — یعنی تارک دنیا جانی حرص کنوں دل چایا
پر ہے افسوس انہاں اُپر جنہاں بتول حریص ٹھہرایا — باغ فدک دے معاملے اندر طول طراز الایا
آکھن زہرا سرنگا کروچہ کچہری آئی — لوکو فدک دیوا دو میں آکھیا لفظ دہائی
باغ فدک دے معاملے اندر بہت کرن بکواساں — زہرہ بتول حریص ٹھہرائی ہے اونہاں بدذاتاں
اٰلُ النَّبِیِّ ذَرِیْعَتِیْ وَ هُمْ اِلَیْهِ وَسِیْلَتِیْ — اَرْجُوْبِهِمْ اُعْطٰی غَدًا بِیَدِ الْیَمِیْنِ صَحِیْفَتِیْ
نبی دی آل ذریعہ میرا وسیلہ ہور تماماں! — ہے اُمید جو سجے ہتھ وچہ ملسی عملاں ناماں
الٰہی بحق بنی فاطمہ — کہ بر قول ایماں کنی خاتمہ
اگر دعوتم رد کنی در قبول — من و دست و داماں آل رسول
آل نبیؐ دی حب طفیل میں کراں امیداں بھائی — عزت حشمت ہووے میری وچہ دربار الٰہی
عملاں اپنیاں اُپر مینوں مُول امید نہ کائی — گر محبت آل نبیؐ دی ہیں دل آس لیائی
بھی احمد حنبلؒ وانگ اونہاندے تابعدار اماماں — یعنی اہل البیت نبی دا خادم وانگ غلاماں
کوئی شافعی مالک احمد حنبل سن توں جائی — کہن درود جو آل نہ پڑھدا اوس نماز نہ کائی
دعا اندر جد آل نبیؐ پر نہ درود پہنچاوے — کوئی دعا منظور نہ ہووے ایویں مغز کھپاوے
سنت اہل جماعت ساری متفق اسپر ہوئی — آل نبیؐ دا دشمن کافر اس وچہ شک نہ کوئی
اس اصحاب اماماں حد تک تابعدار نہ ہووے — اوہ کدے نہ مومن ہووے بھاویں پٹ پٹ جھاٹا کھووے

Marfat.com

منہ سر سینہ پٹن نال جے ہے حب آل رسولی
آل نبی دی ایہ محبت ہرگز جانوں ناہیں
وچ محرم کنجر پاندا ماتم انت نہ آوے
ایہ محبت آل نبی دی ہرگز جانوں ناہیں!

ناں کنجر چوہڑے ہتا پٹن جو ہے ٹولی فضولی
جیہڑے چوہڑے کنجر کرے رباساں بچائیں
ایویں چوہڑاں ماتم کردیاں ویکھے جیں دل بھاوے
محبت آل محمد سندی میں ہن لکھ دکھائیں

اوّل محبت آل نبی کی یہ ہے کہ ان پر درود شریف بکثرت پڑھے اللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَسَلَّمْ
دوم ۔صبر۔ توکل علم۔ حلم۔ سخاوت شجاعت ذکر اذکار نفل نوافل صوم صلوٰۃ حج زکوٰۃ خیر خیرات صدقہ صدقات
تلاوت قرآن کریم روشن لباس مثل اُن کے رکھے ۔ الغرض تمام احکام الٰہی بجا لانا محبت اہل بیت رسول اللہ
کی ہے ۔ اور یہ محبت نہیں کہ ماہ محرم میں چند دن سینہ کوبی کرنا وغیرہ ۔

مجلس ششم

در فضائل پنجتن پاک و مومنین و علامات مشرکین و منافقین متعلق آل ۔

فائدہ :۔ خصائل پنجتن پاک و مومنین کے بے شمار ہیں ۔ مگر چند خصائل مختصر طور پر یہاں لکھے جاتے ہیں ۔ تاکہ معلوم ہو جائے کہ جو لوگ آجکل دعویٰ محبت پنجتن پاک کا کرتے ہیں اگر ان میں خصائل پنجتن پاک و مومنین کے ہوں تو وہ اپنے دعویٰ میں سچے ہیں ۔ ورنہ مثل مشہور ہے کہ زنگی کا نام کافور ۔

مسئلہ :۔ اوّل تو دیکھو کہ پنجتن پاک کو مسجدوں اور نمازوں کیساتھ کیساتھ پیار تھا ۔ اور جس کو مسجد اور نماز جماعت کیساتھ پیار نہیں اس کو اللہ تعالےٰ اور پنجتن پاک کافر فرماتے ہیں ۔ جیسے پارہ دس سورۃ توبہ میں ارشاد ہے مَا كَانَ لِلْمُشْرِكِيْنَ اَنْ يَّعْمُرُوْا مَسٰجِدَ اللّٰهِ شٰهِدِيْنَ عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ بِالْكُفْرِ اُولٰٓئِكَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ وَفِي النَّارِ هُمْ خٰلِدُوْنَ ○

ترجمہ :۔ نہیں ہے لائق واسطے مشرکوں کے یہ کہ آباد کریں مسجدیں اللہ کی کو اور گواہی دینے والے ہیں اوپر جانوں اپنی کے ساتھ کفر کے وہ لوگ ضائع ہوئے نیک اعمال اُن کے اور وہ بیچ آگ کے ہمیشہ رہیں گے ۔ دوسری جگہ ارشاد ہوتا ہے اِنَّمَا يَعْمُرُ مَسٰجِدَ اللّٰهِ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَاَقَامَ الصَّلٰوةَ وَاٰتَى الزَّكٰوةَ وَلَمْ يَخْشَ اِلَّا اللّٰهَ فَعَسٰٓى اُولٰٓئِكَ اَنْ يَّكُوْنُوْا مِنَ الْمُهْتَدِيْنَ ○

ترجمہ :۔ سوا اس کے نہیں کہ آباد کرتے ہیں مسجدیں اللہ کی جو ایمان لائے ساتھ اللہ کے اور دن آخرت کے اور قائم کرتے ہیں نماز کو یعنی ہمیشہ کے لئے ہیں ۔ اور دیتے ہیں زکوٰۃ اور نہیں ڈرتے وہ کسی سے سوا اللہ کے یعنی تقیہ نہیں کرتے یہ لوگ ہیں راہ پانے والوں سے

فائدہ :۔ اللہ تعالےٰ نے فرمایا ہے جن میں یہ چھ خصلتیں ہیں وہ راہ پانے والوں سے ہیں ورنہ نہیں ۔

Marfat.com

اول مسجدوں کو آباد کرنا دوسرا اللہ تعالےٰ کے ساتھ ایمان لانا۔ تیسرا آخرت کو ماننا۔ چوتھا نماز کو ہمیشہ پڑھنا۔ پنجواں مال کی زکوٰۃ دینا۔ چھیواں خاص اللہ تعالےٰ سے ڈرنا۔ تقیہ نہ کرنا۔

حدیث:۔ ابوہریرہ سے روایت ہے اَحَبُّ الْبِلَادِ اِلَی اللّٰہِ تعالےٰ مَسَاجِدُھَا۔ فرمایا پنجتن پاک نے تمام گاؤں کی آبادی سے اللہ تعالےٰ دوست رکھتا ہے اس گاؤں کی مسجد کو۔ اور فرمایا پنجتن پاک نے اے ابوسعید جس کو دیکھو تم مسجد کی نگہبانی کرتا ہے فَاشْھَدُوْا لَهٗ بِالْاِیْمَانِ۔ پس گواہی دو تم کہ وہ مومن ہے جیسا کہ فرمایا اللہ تعالےٰ نے کہا قَالَ اللّٰہُ تعالےٰ اِنَّمَا یَعْمُرُ مَسٰجِدَ اللّٰہِ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰہِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ۔ سوا اس کے نہیں کہ مسجد اللہ کی وہ آباد کرتا ہے جو ایمان والا ہوتا ہے اللہ تعالےٰ اور آخرت پر۔

پنجتن پاک کہن جو مسجد طرفے ٹُرکے آوے ۔ ہر ہر قدمے دہ دہ نیکی اجر اللہ تھیں پاوے
دہ دہ بدیاں دُور ہوون دہ درجے ہون بلندی ۔ مسجد وچہ نماز گذارے ڈاہڈا عمل پسندی
نہ مسجد باجھ نمازاں پڑھدے پنجتن پاک غفاری ۔ مگر اں سفر بیماری اندر ہووے امر لاچاری
اوہ پنجتن کیوں محب بنن جو حب مسیت نہ کردے ۔ جو سُن کر بانگاں مسجد اندر قدم نہ ہرگز دھردے

پنجتن پاک فرماتے ہیں۔ مَنْ خَمَسَ خَمْسَ اَوْقَاتٍ فِی الْجَمَاعَۃِ اَعْطَا اللّٰہُ تعالےٰ اَجْرَ اَلْفِ شَھِیْدٍ کہ جو کوئی پانچ نمازوں کو پانچ وقت ساتھ جماعت کے پڑھے گا تو عطا کرتا ہے اللہ تعالےٰ اس کو ثواب ہزار شہید کا۔

مومن جو پنجو تت نمازاں نال جماعت پڑھدا ۔ ہزار شہیداں اجر لے اس روز قیامت فردا
ساتھ جماعت نماز جو مسجد اندر جا کر پڑھسی ۔ اس امر نوں پچھے خوف نہ کوئی جنت موجاں کرسی
جو کوئی سُن کر بانگ آوازہ مسجد طرف نہ آوے ۔ اوہ پاک منافق جانی خود سرور فرماوے

مَاتَرَكَ الْجَمَاعَةَ اِلَّا مُنَافِقٌ۔ نہیں چھوڑتا نماز جماعت کو جان بوجھ کر مگر منافق۔

جو جان جماعت نماز نہ پڑھدے پنجتن پاک بتاون ۔ اوہ پاک منافق پک منافق مومن کہے نہ جاون
نال جماعت نماز گذارن موموناں خاص نشانی ۔ جو چھڈ جماعتاں پڑھن اکلے جانوں ٹول شیطانی
پنجتن پاک کہن جو نال یہود سلام الاؤ! ۔ پر ساڈی امت دے یہوداں نہ سلام بلاؤ
تاں اُس وقت اک شخص اصحابی عرض حضور سناوے ۔ کون یہود تساڈی امت سانوں سمجھ نہ آوے
نبیؐ کہیا جس بانگ سُنی پھر مسجد طرف نہ آیا ۔ اوہ یہودی امت میری واضح کر سمجھایا
میں لکھ حدیث دکھیاواں تینوں دلدا شک ونجاواں ۔ جیونکر پنجتن پاک کہن نہ دل یقین کچھ بناواں

قَالَ النَّبِیُّ سَلِّمُوْا عَلَی الْیَھُوْدِ وَالنَّصَارٰی وَلَا تُسَلِّمُوْا عَلٰی یَھُوْدِ اُمَّتِیْ قَالَ شَدَّادُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ مَا یَھُوْدُ مِنْ اُمَّتِكَ قَالَ مَنْ یَّسْمَعُ الْاَذَانَ وَلَمْ یَحْضُرِ الْجَمَاعَۃَ

ترجمہ:۔ فرمایا نبی کریم نے اے میرے اصحاب تو یہودوں اور عیسائیوں کو سلام کہا کرو۔ مگر میری امت کے یہودیوں کو سلام نہ کیا کرو۔ تو ایک اصحابی نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ آپ کی امت کے یہودی کون ہیں تو فرمایا آپ نے جو بانگ سن کر مسجد میں جماعت کے واسطے نہ آویں۔

Marfat.com

پنجتن پاک محبت نال مسیت ہمیشہ آہی — اَلْمَسْجِدُ بَیْتُ کُلِّ مُؤْمِنٍ التَّقِیِّ پاک حدیث آئی
یعنی مسجد مومناں داتے متقیاں گھر آیا ! — توں کیوں محب اماماں جنے مسجد قدم نہ پایا
مومناں نال مسیت محبت گھرتوں زیادہ آئی — توں کویں محب اماماں جس نے مسجد جھات نہ پائی
جس نال مسیت پیار نہیں اوہ مومن موتہوں سداوے — جیوں کر کالا کتا ہوکر موتی نام سداوے

مسئلہ :- حدیث پنجتن پاک فرماتے ہیں کہ مومن کا دل مسجد میں ایسا آرام پکڑتا ہے جیسا مچھلی پانی میں اور منافق کا دل مسجد میں ایسا بے آرام ہوتا ہے جیسا کہ مچھلی بغیر پانی کے بے آرام ہوتی ہے

پنجتن پاک تے مومناں ساریاں ایہو طریقہ جانی — پنجوقت نماز جماعت پڑھنی مسجد وچہ پچھانی
مومن دا کم مسجد اندر کرن آبادی ٹھاوا — جو کرے آباد نہ مسجد اوہ منافق سمجھ بھراوا
پنجتن وقت نمازاں پنجے کردے خوب ادائی — جو ہک نماز نہ پڑھدا اسنوں کافر آکھن بھائی

مَنْ تَرَکَ الصَّلٰوۃَ مُتَعَمِّدًا فَقَدْ کَفَرَ ؕ جو کوئی دیدہ و دانستہ ایک نماز کو چھوڑ دے وہ کافر ہے یعنی قضا ہونے پر افسوس نہ کرے ایک سرئی نقصان ہونے جتنا بھی ۔ اور قضا بھی نہ دے وہ کافر ہے ۔

حضرت علی نوں خاص محبت نال مسیتاں آہی — وچہ نماز شہید ہوئے سن راوی خبر سنائی
محب اماماں بنیوں حب نماز مسیت نہ کائی — اپنے موہنوں مومن بنیوں دعوٰی کوڑ ہوائی

مسئلہ :- جو شخص کبھی نماز پڑھتا ہے اور کبھی نماز نہیں پڑھتا اس کو اللہ تعالےٰ اور پنجتن پاک منافق فرماتے ہیں جو کافر سے بھی ابتر ہے جیسا کہ پارہ پنج سورہ نساء میں ارشاد ہوتا ہے وَاِذَا قَامُوْٓا اِلَی الصَّلٰوۃِ قَامُوْا کُسَالٰی یُرَآءُوْنَ النَّاسَ وَلَا یَذْکُرُوْنَ اللّٰہَ اِلَّا قَلِیْلًا ۙ مُّذَبْذَبِیْنَ بَیْنَ ذٰلِکَ لَآ اِلٰی ھٰٓؤُلَآءِ

ترجمہ - اور منافق لوگ جب کھڑے ہوتے ہیں نماز کے لئے ہارے دل سے لوگوں کے دکھلاوے کے لئے اور نہیں نہیں یاد کرتے اللہ کو مگر کبھی کبھی اور دھوکے ہیں ہیں درمیان اس کے اور نہ وہ کافر ہیں ۔ اور نہ وہ مومن ہیں اور جگہ منافق کا بہ دوزخ ہے ۔ یعنی کافر سے بھی ان کو زیادہ سخت عذاب ہے ۔

اِنَّ الْمُنٰفِقِیْنَ فِی الدَّرْکِ الْاَسْفَلِ مِنَ النَّارِ ۚ وَلَنْ تَجِدَ لَھُمْ نَصِیْرًا — منافق لوگ بیچ درکہ نیچے کے ہوں گے آگ میں اور ہرگز نہ پائیں گے کوئی مددگار

بعضے کدی نمازاں پڑھدے تے کدے پڑھدے نائیں — اوہ جان منافق بیشک بین دوزخ وچہ سزائیں
کافراں نالوں بھی ودھ جان عذاب منافق تائیں — تھلے دوزخ اندر جاسن بے نماز بلائیں
جو پنجتن پاک محب نہیں تے نماز کدی نہ آوادے — اوجان منافق بھاویں سید مثل پٹھان سداوے
پنجتن پاک محباں والی ایہ نشانی آئی !! — پنج وقت نمازاں اندر مسجد کرن ادائی!
امام حسینؑ نے بین شہادت وچہ نمازے پائی — کربلا وچہ مصیبت ویلے نہ نماز بھلائی
ہُن جو مومن محب حسینی حب نماز نہ کرئے — بیشک جھوٹے بیشک جھوٹے جان شیطانی پرے

مسئلہ :- پنجتن پاک سب کے سب حافظ قرآن تھے ۔ اور قرآن کا حفظ کرنا ثواب عظیم ہے جیسا کہ فرمایا عَنْ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَرَاَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَظْھَرَہٗ فَاَحَلَّ حَلَالَہٗ

Marfat.com

وَحَرَّمَ اُمَّهٗ اَدْخَلَ اللّٰهُ تَعَالٰی فِی الْجَنَّةِ وَشَفَعَهٗ فِیْ عَشْرَةٍ مِّنْ اَهْلِ بَیْتِهٖ کُلُّهُمْ قَدْ وَجَبَتْ عَلَیْهِمُ النَّارُ

ترجمہ :۔ حضرت علیؓ سے روایت ہے کہ فرمایا رسول اللہ نے کہ جو کوئی پڑھے قرآن اور یاد کرے اُس کو اور حلال جانے اس کے کو اور حرام جانے حرام اُس کے کو داخل کرے گا اللہ تعالٰے اس کو بیچ جنت کے اور شفاعت کرے گا اپنے قبیلے کے دس آدمیوں کی جن پر دوزخ واجب ہوگا۔

حفظ قرآن جو کردا مومن اسدا باپ تے ائی ‏ ‏ ملسی تاج جڑاؤ سر پر سورج وں وُدہ روشنائی
بہت فضیلتاں حافظاں تائیں پنجتن پاک بتاون ‏ ‏ دنیا وچہ بھی روز قیامت نبیا ندا سنگ پاون
نے حافظ دی خود شان جو ملسی وچہ بیان ڈاٹے ‏ ‏ شان بیاں قرآن نہ ہنوے پر شرطا جو عمل کماوے
حضرت علی تے حسن حسین تے فاطمہ حافظ آہی ‏ ‏ جو پنجتن پاک نہ حافظ جانے مارے قہر الٰہی!
من من محب جو پنجتن دے اوہ حافظ ہوندے ناہیں ‏ ‏ توں مول محب نہ جانی اونہاں پنجتن پاک کداہیں
ایہہ بھی معجزہ پنجتن پاک دا ظاہر پیا دسیوے ‏ ‏ جو اصحاباں دشمن اس نوں یاد قرآن نہ تھیوے
یعنی ادب اصحاباں تھیں ایہہ یاد قرآن ہے تھیندا ‏ ‏ بے ادب اصحاب نہ حافظ ہووے ظاہر پیا دسیندا

فائدہ :۔ اب جو محبت پنجتن پاک کا دعوٰے کرتے ہیں اُن میں سے کوئی بھی حافظ قرآن نہیں ہوتا۔ اگر ان سے دریافت کیا جائے تو وہ کہتے ہیں کہ ہمارا حافظ فلاں جگہ رہتا ہے اسی طرح ٹالی مٹالا کر دیتے ہیں۔ مگر حافظ نہیں ملتا۔ اس سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ وہ فرقہ محب اہل بیت کہلانے کا حقدار نہیں ہے بلکہ ہم سنت اہل جماعت کی جماعت ہے جو محب اہلبیت ہیں جس سے ہزاروں حافظ ہوئے اور ہزاروں اب بھی خدا کے فضل سے موجود ہیں۔ اور وہ اس واسطے حافظ نہیں ہو سکتے، قرآن مجید پاک ہے اور پاک جگہ میں رہتا ہے۔ اور وہ بسبب گالی دینے اصحابہ کرام کے پلید اور مشرک ہیں۔ اس واسطے پلید جگہ میں نہیں رہ سکتا۔ جیسا کہ دار قطنی میں ہے:

عَنْ اَبِیْ طَالِبٍ عَنِ النَّبِیِّ قَالَ سَیَاْتِیْ مِنْ بَعْدِ قَوْمٍ یُّقَالُ لَهُمُ الرَّافِضَةُ فَاِنْ اَدْرَکْتَهُمْ فَاقْتُلُوْهُمْ فَاِنَّهُمْ مُشْرِکُوْنَ قَالَ قُلْتُ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ مَا عَلَامَةٌ قَالَ اِنَّهُمْ یَسُبُّوْنَهُمْ اَبَابَکْرٍ وَّعُمَرَ وَمَنْ سَبَّ اَصْحَابِیْ فَلَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلٰٓئِکَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِیْنَ وَسَبُّ اَبِیْ بَکْرٍ وَّعُمَرَ اِیْمَانٌ وَبُغْضُهُمَا کُفْرٌ۔

ترجمہ :۔ حضرت علیؓ سے روایت ہے کہ فرمایا رسول خدا نے کہ قریب ہی بعد میرے ایک قوم آئے گی کہ کہا جائے گا ان کو رافضی پس اگر پاؤ اُن کو اے علیؓ پس قتل کرو اُن کو پس تحقیق وہ مشرک ہیں۔ کہا حضرت علیؓ نے یا رسول اللہ کیا ہوگی نشانی ان کی مشرک ہونے کی جو بظاہر دعوٰے محبت کریں گے اور درحقیقت وہ مشرک ہوں گے۔ تو فرمایا رسول خدا نے اے علیؓ کرم اللہ وجہہ وہ گالیاں دیں گے ابابکر صدیقؓ اور عمر فاروقؓ کو۔ اور فرمایا جو کوئی میرے کسی اصحاب کو گالی دیوے وہ کافر ہے۔ اور محبت ابابکر صدیقؓ اور عمر فاروقؓ کی نشانی ہے ایمان کی۔ اور بُرا جاننا ان کا نشانی ہے بے ایمانی کی۔ پس یہی سبب ہے کہ جو گمراہ کردہ دشمن اصحاب ثلاثہؓ کا ہوگا ان میں ایک بھی حافظ نہیں ہو سکتا، کیونکہ ادب اصحاب کا ادب قرآن کریم کا ہے۔ اور بے ادبی اصحابؓ کی بے ادبی قرآن کریم کی ہے۔ جیسا کہ فرمایا رسول خدا نے کَمَا قَالَ النَّبِیُّ مَنْ تَرَکَ الْاَدَبَ فَنَزَلَ دَرَجَاتٍ۔ پس جو کوئی طریقہ ادب کا چھوڑ دیتا ہے باب درجات سے محروم سے محروم رہ جاتا ہے مثل شیطان کے۔ با ادب بانصیب تا نزدگے شوائی۔ کہ بزرگی نتیجہ ہے ادب کا جیسا کہ مولانا روم صاحب فرماتے ہیں مثنوی شریف ۔

از خدا جوئیم توفیق ادب ‏ ‏ بے ادب محروم ماند از لطف رب

ترجمہ - خداوند سے طلب کرتا ہوں میں توفیق ادب کی - اس لئے کہ بے ادب خدا کی رحمت سے محروم رہتا ہے۔

بے ادباں وچہ حافظ کوئی دیکھ اکسیں ازمایا
لیا ؤ حافظ کوئی دیکھا ڈجے میں جھوٹ الایا

مشرق مغرب پورب پچھم تائیں بھلے جا دن
جنہاندے وچہ ہک نہ حافظ مومن کویں سدا دن

ادب قرآن تے ادب اصحاباں ظاہر پاویسیوے
بے ادب قرآن اصحاباں کدے نہ حافظ تھیوے

انٹھ نشان جو مومناں دے پاک اللہ فرمائے
پارے اٹھارویں سورۃ مومنوں دے اندر آئے

جنہاندیوچہ سب نشانیاں ظاہر پایاں جادن
اوہ بیشک مومن بیشک مومن اعلےٰ درجے پادن

تے جنہاندیوچہ ہک نشانی مول نہ پائی جاوے
جیوں کر کالا کتا ہوکر موتی نام دھراوے

ہن میں تنیوں لکھ دیکھاواں مومناں خاص نشانی
اٹھارھویں پارے والی آیت سنتوں میرے جانی

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ ہ الَّذِیْنَ ھُمْ فِیْ صَلَاتِھِمْ خَاشِعُوْنَ ہ

ترجمہ :- تحقیق خلاصی یا نجات حاصل کی ان لوگوں نے جو بیچ نماز اپنی کے عاجزی کرنیوالے ہیں (یعنی اپنے ہاتھوں کو سینہ یا ناف کے نیچے باندھ کر عاجز ہوکر اپنے مولا حقیقی کے آگے کھڑے ہوکر نماز پڑھتے ہیں) - جیساکہ وائل بن حجرؓ نے ابن بشیرؓ سے روایت کی ہے قَالَ رَئَیْتُ النَّبِیَّ وَضَعَ یَمِیْنَہٗ عَلٰی شِمَالِہٖ تَحْتَ السُّرَّۃِ ہ

ترجمہ - کہتے ہیں کہ دیکھا میں نے رسول خدا کو نماز پڑھتے تھے اور رکھا تھا آپ نے ہاتھ اپنا دایاں اوپر بائیں کے تلے ناف کے - وَالَّذِیْنَ ھُمْ عَنِ اللَّغْوِ مُعْرِضُوْنَ ترجمہ :- دوسری نشانی مومنوں کی یہ ہے کہ بیہودہ باتوں سے کنارہ کرتے ہیں (یعنی چوپٹ نرد تاش وغیرہ نہ خود کھیلتے ہیں اور نہ کھیلنے والوں کو خوش ہوکر دیکھتے ہیں - بلکہ کتب فریقین سے ثابت ہے کہ چوپٹ - نرد - تاش کی کھیل کو خوش ہوکر دیکھنا بھی ایسا ہے جیساکہ اپنی ماں کی شرمگاہ کو دیکھنا ہے اور تاش کے پتے اور نرد ان کی گوٹیاں وغیرہ کو ہاتھ میں پکڑنا ایسا ہے جیساکہ خنزیر کے گوشت کو پکڑنا یا اس کے خون میں ہاتھ ڈبوتا ہے ۔ نظم فارسی با ترجمہ :-

در نرد یا شطرنج کس دستے بیازی مے کند
در لحم خوکاں خون شاں گوئی کند او دست رست

جو کوئی نرد چوپٹ تاش میں ہاتھ مارتا ہے — گویا کہ وہ گوشت سور یا خون سور میں ہاتھ ڈبوتا ہے

در نرد یا شطرنج چوں بیند کسے نظر کند
در شرم گاہے مادراں آنکس کند گوئی نظر

جو کوئی شخص چوپٹ نرد تاش کو دیکھتا ہے — گویا اپنی ماں کی شرمگاہ کو دیکھتا ہے!

حضرت خدا بر مومناں سی صد نظر روزے کند
شطرنج باراں زیں نظر محروم شاں بیشک شمر

اللہ تعالیٰ تین ہزار نظر رحمت ہر روز مومنوں پر کرتا ہے
گر چوپٹ تاش کھیلنے والے اس سے محروم رہتے ہیں

نقل تحفہ نصائح و تفسیر عمدۃ البیان قَالَ النَّبِیُّ مَنْ لَعِبَ بِالنَّرْدِ وَشَطْرَنْجِ فَکَاَنَّمَا اَغْمَسَ یَدَہٗ فِیْ لَحْمِ الْخِنْزِیْرِ - فرمایا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی کھیلے چوپٹ تاش نرد وغیرہ سے وہ سور کے گوشت یا خون سے ہاتھ ڈبوتا ہے ۔

جو بات بیہودہ دیکھن سنن تے کرن باز نہ آوے
چوپٹ تاش تے نرد کھڈاری ڈاہڈی نوں کترادے

آتش بازی داجیاں اندر ضائع مال دنجاوے
کنجر پوستیاں بھنگیاں بیلی نہ توبہ در آدسے!

ایہ سارے کم بیہودہ کرکے مومن چبیر سداوے
دعوے اس دا جھوٹھا یارو من وچہ نہ آوے

وَالَّذِیْنَ ھُمْ لِفُرُوْجِھِمْ حَافِظُوْنَ ہ اور چوتھی نشانی مومن کی یہ ہے کہ وہ اپنی شرمگاہوں کی پورے طور

Marfat.com

پرحفاظت کرتے ہیں۔ یعنی زنا بدکاری کے قریب نہیں جاتے۔ اِلَّا عَلٰٓی اَزْوَاجِهِمْ اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ فَاِنَّهُمْ غَيْرُ مَلُوْمِيْنَ ۝ ترجمہ۔ مگر اوپر عورتوں اپنی کے یا جو مالک ہوئے ہاتھ ان کے یعنی لونڈی پس یہ لوگ نہیں ملامت کئے گئے فَمَنِ ابْتَغٰى وَرَآءَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْعٰدُوْنَ ۝ ترجمہ پس جو کوئی سوائے اس کے طلب کرے یعنی متعہ کرے کے پس وہ لوگ ہیں حد سے گذرنے والے۔ اگر اس کو زیادہ دیکھنا ہو تو مذمت متعہ میں دیکھو۔ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِاَمٰنٰتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ رٰعُوْنَ ۝ ترجمہ۔ اور مومن وہ ہیں جو امانتوں اور اقرار اپنوں کو پورا کرتے ہیں۔ وَالَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلٰوتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ ۝ ترجمہ۔ اور مومن وہ ہیں جو اوپر نماز اپنی کے خبردار ہیں یعنی اپنی نماز پورے طور پر پڑھتے ہیں۔ جیسا کہ سورۃ المعارج میں اللہ تعالٰے فرماتے ہیں۔ اَلَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَاتِهِمْ دَآئِمُوْنَ ۝ اور مومن وہ ہیں جو نماز اپنی کو ہمیشہ وقت پر پڑھتے ہیں۔ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْوٰرِثُوْنَ ۝ الَّذِيْنَ يَرِثُوْنَ الْفِرْدَوْسَ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝ ترجمہ۔ یہی لوگ ہیں وارث ہونے والے فردوس یعنی باغ کے وہ بیچ اس کے ہمیشہ رہیں گے۔ حاصل کلام جس شخص میں یہ آٹھ صفتیں ہوں وہ بیشک مومن ہے اور مومن کہلانے کا حقدار ہے ورنہ برعکس اس کے اور سورۃ البقر میں مومن کی صفت یوں ہے يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ۝ ترجمہ:۔ اے مومنو یاری چاہو تم ساتھ صبر اور نماز کے تحقیق اللہ تعالٰے ان مومنوں کا یاری دینے والا مددگار ہے۔

فائدہ:۔ جو شخص وقت مصیبت کے صبر کرتے اور نماز پڑھتے ہیں اُن کا خدا مددگار ہے۔ اور جو لوگ وقت مصیبت کے منہ سر سینہ پیٹتے ہیں۔ اور بے صبری کرتے اور نماز کو ترک کرتے ہیں خدا اُن کا دشمن ہے اور سورۃ المعارج میں اللہ تعالٰے کا ارشاد ہے فَاصْبِرْ صَبْرًا جَمِيْلًا ۝ ترجمہ۔ کہ یا رسول اللہ ایسا صبر کر جو بے شکایت ہو یعنی جیسا صبر حضرت ایوبؑ یا یعقوبؑ یا یوسفؑ نے وقت مصیبت کے کیا تھا۔ اور یہ بھی ایک مومنوں کی بڑی بھاری صفت ہے کہ اپنی داڑھی کو نہ مونڈتے اور نہ کترواتے ہیں۔ داڑھی کا مونڈانا اور مشت سے چھوٹی کو کترانا ایک برابر ہے جیسا کہ پنجتن پاک نے فرمایا مَنْ قَطَعَ اللِّحْيَةَ مِنْ قَبْلِ الْقَبْضَةِ سُوِّدَ وَجْهُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَلَمْ يَنَلْ شَفَاعَتِيْ ۔ ترجمہ۔ جو کوئی کترائے داڑھی اپنی آگے مشت بھر سے سیاہ کالی ہوگی شکل اُس کی میدان قیامت میں اور نہ شفاعت کروں گا میں اس کی۔

اور دوسری حدیث پنجتن پاک نے فرمایا کہ ساتویں آسمان والے فرشتوں کی یہ تسبیح ہے سُبْحَانَ مَنْ زَيَّنَ الرِّجَالَ بِاللُّحٰى وَالنِّسَآءَ بِالذَّوَائِبِ ترجمہ:۔ پاک بابرکات ہے اللہ تعالٰے جس نے زینت دی یعنی سوہنا بنایا مردوں کو ساتھ بالوں داڑھیوں کے اور عورتوں کو ساتھ بالوں سر کے کے۔

الغرض جیسی سر منڈی عورت ہر ایک کے نزدیک بہت بُری ہے خواہ وہ کیسی ہی خوبصورت ہو۔ اور زیورات قیمتی سے آراستہ ہو۔ اور ذات گوت سے بھی اعلٰی ہو۔ ایسے ہی داڑھی منڈا آدمی خواہ کیسا ہی خوبصورت یا ذات گوت میں افضل ہو مگر بسبب داڑھی منڈانے کے اللہ تعالٰے اور اس کے فرشتوں اور نبیوں کے نزدیک بہت ہی بُرا ہے کیوں کہ داڑھی منڈانے والا ایک لاکھ کئی ہزار پیغمبروں اور اماموں اور بزرگان دین کے خلاف کرتا ہے یعنی مخالفت کرتا ہے۔ زیادہ دیکھنا ہو تو مذمت داڑھی منانے میں دیکھو۔

مجلس ہفتم

دربیان فضائل شہادت و غسل و جنازہ و تکبیرات

اور نماز جنازہ کس کس پر پڑھنی جائز ہے اور کس پر ناجائز ہے اس کے متعلق سورۃ آل عمران پارہ چہارم میں ارشاد ہوتا ہے وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِیْنَ قُتِلُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ اَمْوَاتًا ترجمہ - اور مردہ نہ گمان کرو تم جو صدق دل سے اللہ کی راہ میں شہید ہوئے اُن کو مُردے ، یعنی اللہ تعالیٰ کو مردہ کہنا شہید کا بُرا معلوم ہوتا ہے - جیب پارہ دوم سورۃ البقر میں ارشاد ہوتا ہے -

وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ یُّقْتَلُ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ اَمْوَاتٌ ط بَلْ اَحْیَآءٌ وَّلٰکِنْ لَّا تَشْعُرُوْنَ ہ ترجمہ - لا دو مت کہو جو اللہ تعالیٰ کی راہ میں شہید ہوئے اُن کو مُردے - بلکہ وہ زندہ ہیں - اور تم نہیں جانتے ، یعنی ان کی زندگی کی کیفیت نہیں سمجھ سکتے -

فائدہ :- ابن عباسؓ سے مروی ہے کہ فرمایا رسول اللہ نے جو تمہارے بھائی جنگوں میں شہید ہوئے ہیں ان کو اللہ تعالیٰ نے سبز پرندوں کی شکل بنا کر جنت میں طوبیٰ درخت کی ٹہنیوں پر جگہ دی ہے اور وہ جنت کی نہروں میں سے پانی پیتے ہیں اور میوے کھاتے ہیں - اور سونے کے شمعدان جو پایہ عرش میں لٹکے ہوئے ہیں ان پر وہ آرام کرتے ہیں اور وہی ہے جگہ خواب گاہ ان کی -

آنکہ ترا شناخت جاں را چہ کند فرزند و عیال و خانماں را چہ کند
جس نے تینوں جاتا اوہ کیوں کردا جان پیاری مال اولاد اسباب کرے اوہ صدقے سو سو واری
شہیداں تائیں نہ مُردے آکھو ظاہر حکم سنایا نہ مریاں وانگو پٹو رووو دین کرد فرمایا
بلکہ اوہ نزدیک اللہ دے زندے میوے کھاون تسیں کیوں اونہاں تائیں پٹو رب صاحب فرماون

کَمَا قَالَ اللّٰہُ تعالیٰ بَلْ اَحْیَآءٌ عِنْدَ رَبِّھِمْ یُرْزَقُوْنَ ترجمہ - جیسا کہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے بلکہ شہید نزدیک اپنے پروردگار کے زندہ ہیں - اور میوے کھاتے ہیں - الغرض جو لوگ شہیدوں پر ماتم وغیرہ کرتے ہیں وہ اس آیت کے منکر ہیں - کیونکہ ماتم تو مُردہ پر ہوتا ہے اور زندوں پر ماتم نہیں ہو سکتا ، مولانا رومؒ فرماتے ہیں

گفت پیغمبر خنک آں را کہ او شد ز دنیا ماند ازو فعل نکو
کہا نبی کریمؐ نے خوشی اور لائق ہے وہ - جو گیا دنیا سے اور باقی رہا اس سے نیک کام
مرد محسن مرد نیک احسانش نمرد نزد یزداں دین و احسانش نخورد
نیک آدمی فوت ہو جاتا ہے اور نیکی اسکی فوت نہیں ہوتی - نزدیک اللہ تعالیٰ کے نیکی اسکی نابود نہیں ہوتی
وائے آنکہ مرد و عصیانش نمرد !! تا نہ پنداری بمرگ او جاں ببرد
ہائے افسوس وہ جو مر گیا اور گناہ اس کے نہ مرے - اسکو تو نہ گمان کر کہ جان سلامت لے گیا ہے
دل زندہ ہرگز نہ گردد ہلاک دل مردہ تن گو بمیر در پہ باک

دل جس کا ذکر الٰہی سے زندہ ہے وہ ہرگز فوت نہیں ہوتا۔ اور جس کا دل مردہ ہے اگر اس کا تن بھی فوت ہو جائے تو کیا خوف ہے

مسئلہ :۔ جب حضرت جابرؓ انصاری کا باپ شہید ہوا تو اُس نے بارگاہ ایزدی میں درخواست کی کہ یا اللہ مجھے پھر دنیا میں بھیج۔ تاکہ میں پھر شربت شہادت کا پیوں اور دوستوں یاروں کو بھی اس نعمت سے آگاہ کروں تاکہ وہ بھی شہادت کی طرف رغبت کریں۔ بارگاہ عالی سے ندا آئی کہ حکم ازلی اسی طرح جاری ہو چکا ہے کہ جو اس جگہ ہمارے پاس آیا پھر وہ دنیا کی طرف نہ جائے گا۔ ہاں تمہارے حال کی خبر دی جاتی ہے بَلْ اَحْيَاءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُوْنَ ترجمہ:۔ جو اللہ تعالیٰ کی راہ پر شہید ہوئے وہ نزدیک پروردگار کے زندہ ہیں اور میوے کھاتے ہیں فَرِحِيْنَ بِمَا اٰتٰهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ وَيَسْتَبْشِرُوْنَ بِالَّذِيْنَ لَمْ يَلْحَقُوْا بِهِمْ مِّنْ خَلْفِهِمْ خوش ہیں وہ ساتھ اس چیز کے کہ دی ہے ان کو اللہ تعالیٰ نے فضل اپنے سے اور خوش ہوتے ہیں ساتھ خوشخبری کے جو ابھی نہیں ملے اُن کو پیچھے سے اور وہ اُمید رکھتے ہیں کہ جنت میں پہنچیں گے یعنی شہادت کی آرزو رکھتے ہیں۔ جیسے کہ ہمارے بھائی شہید ہو کر اللہ تعالیٰ کے نزدیک عالی منصب کو پہنچے ہیں۔ ہم بھی شہادت پاکر اس منزل کو حاصل کریں گے اَلَّا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝ نہیں خوف اُن کو اس چیز کا جو پیش اُن کے آئے گی۔ اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔

شان نزول آیت کریمہ کا یہ ہے کہ جب خویش و اقربا شہیدوں کے کوئی دنیا کی نعمت کھاتے تو خیال کرتے کہ افسوس ہم خوش اور ناز و نعمت میں ہیں اور باپ یا بیٹے یا بھائی وغیرہ ہمارے جو شہید ہو چکے ہیں ان اغذیات یا نعمتوں سے محروم ہیں تو یہ آیت شریف نازل ہوئی وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتًا ؕ بَلْ اَحْيَاءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُوْنَ ۝

ترجمہ۔ اور نہ گمان کرو جو شہید ہوئے رستے اللہ کے ہیں مُردے بلکہ وہ زندہ ہیں نزدیک رب اپنے کے کھاتے ہیں میوے۔ فَرِحِيْنَ بِمَا اٰتٰهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ۔ ترجمہ۔ خوش ہیں ساتھ اس چیز کے جو عنایت کی ہے اللہ نے فضل اپنے سے۔

مسئلہ :۔ اصلی شہید وہ ہے جو مارا جائے اہل کفار سے بیچ لڑائی حمایت اسلام کی کے۔ اور زخم ہونے کے بعد اسی وقت فوت ہو جائے مثل شہدائے اُحد و کربلا کے یعنی وصیت وغیرہ کوئی بات کرنی نہ پائے۔ اقسام شہادت کے بہت ہیں۔ مگر اصلی شہادت یہی ہے۔ اور سوا اصلی شہادت کے سب کو غسل دیا جائے گا۔

ارواح شہیداں جنت میوے رن پوتے کھاون | پیون شربت شہد بہشتاں ہیر کرن نت جاون
سبز پکھیرو صورت سوہنی بن کر سیر کریندے | تلے عرش دے راتیں جا کر اپر قندیلاں بہندے
تک کہے رب شہیداں تائیں جو چاہو سو منگو | جو کجھ منگسو میں تساں دیساں منگو مول نہ سنگو
اوہ سجدے پیکر عرض کریندے رب رحیم کریماں | جو کتیں سنے نہ اکھیں ڈٹھے دتیاں تدھ نعمیاں
حکم ہووے کجھ ہور لبی منگو آکھن یا رب سائیں | اساں راہ تیری وچ مرن چنگیرا دنیا پھیر بھائیں
پھر راہ تیرے وچ لڑیئے مر جیئے دیئے جان پیاری | حکم ہووے ایہ بات نہ منگو دنیا پھیر نہ داری
چھ انعام شہیداں ملدے قبر عذاب نہ ہوئے | پہلے قطرے نال ہووے سب گناہ رب دھوئے
بھی ستر ستر حور عجائب جنت اندر پاون ! | ستر ستر شخص گناہیں بھائے رب کولوں بخشاون

فائدہ :۔ ان چھ انعاموں کے سوا اور بھی چھ انعام شہیدوں کو ملتے ہیں۔ اوّل ہر سال ان کو شہادت کا ثواب ملتا ہے۔ دوم ان کے جسم مثل انبیاء علیہم السلام کے مٹی نہیں کھاتی۔ سوم ان کا خون پاک ہوتا ہے اگر ان

Marfat.com

کا خون کسی بدن یا کپڑے کو لگ جائے تو وہ بدن یا کپڑا بغیر دھوئے پاک ہے۔ چہارم اُن کو غسل دینے کی ضرور
نہیں، وہ پاک ہیں۔ پنجم وہ مثل زندوں کی ہیں۔ اور کلام کرنے والے کی سُنتے ہیں۔ ششم وہ مثل زندو
جنت کے میوے کھاتے ہیں۔

ذکرِ غسلِ میت

فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم نے میت کو غسل دینا زندوں پر واجب یا فرض کفایہ ہے۔ اور بوقت
غسل میت کا سر پہاڑ اور پاؤں دکن کی طرف کرنے چاہئیں، جس طرح میت کو دفن کیا جاتا ہے۔ اور بعض لوگ
میت کا سر مشرق اور پاؤں مغرب یعنی قبلہ رُخ کرتے ہیں۔ اس میں سخت بے ادبی پائی جاتی ہے

مسئلہ :- فتاویٰ عالمگیری اور درالمختار اور قاضی خان وغیرہ کتب میں لکھا ہے کہ سر میت بوقت غسل
کرنا مشرق کو اور پاؤں قبلہ رخ کرنا دینیات سے نہیں بلکہ مکروہ ہے۔ سنت طریقہ یہ ہے کہ سر میت قطب اور پیر بطرف
دکھن کرنا افضل ہے۔

ذکرِ فضیلت نمازِ جنازہ

جنازہ کی نماز فرض کفایہ ہے۔ اگر بعض لوگ پڑھ لیں تو سب کی طرف سے فرضیت ادا ہو گئی۔ اور اگر کسی کا جنازہ
پڑھے بغیر دفن کیا جائے تو سب گاؤں والے گنہگار ہوں گے اور دلیل فرضیت نماز جنازہ کی یہ ہے کہ اللہ تعالےٰ نے
پارہ گیارہ سورۃ توبہ کے درمیان ارشاد فرماتا ہے وَصَلِّ عَلَیْهِمْ اِنَّ صَلٰوتَكَ سَكَنٌ لَّهُمْ۔ اور نماز جنازہ پڑھ
یا رسول اللہ اوپر اُن کے تحقیق نماز تیری تسلی بخش ہے واسطے ان کے۔ اور دلیل فرض کفایہ نماز جنازہ کی یہ ہے کہ ایک
جنازہ پر حضرت رسول اللہ نے اصحابوں کو حکم دیا کہ اس پر نماز جنازہ پڑھو۔ اور آپ نے خود اس پر نماز جنازہ
نہ پڑھی۔

مسئلہ :- نماز جنازہ پڑھی جاتی ہے ہر ایک نیک و بد چھوٹے و بڑے پر جیسا کہ سنن بیہقی میں عبداللہ سے روایت
ہے۔ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلُّوْا عَلٰی كُلِّ بَرٍّ وَّ فَاجِرٍ وَّ عَلٰی كُلِّ صَغِیْرٍ وَّ كَبِیْرٍ۔ ترجمہ :- فرمایا آپ نے
نماز جنازہ پڑھو تم ہر نیک و بد اور چھوٹے و بڑے پر یہاں تک کہ شکم مادر سے تولد ہو کر ایک سانس بھی لیوے یا کچھ
حرکت کرے یا آواز کرے اور پھر مر جائے تو اس پر نماز جنازہ پڑھنی فرض کفایہ ہے۔ جیسا کہ ابی سلمہؓ سے روایت
ہے لَقَدْ صَلّٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ عَلٰی ابْنَیْ بَیْضَاءَ۔ رواہ مسلم بخاری۔ البتہ تحقیق نماز جنازہ کی پڑھی رسول خدا نے
اوپر دو لڑکوں بانوں کے جو بیضاء اصحابی کے تھے۔

مسئلہ :- حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم نے اپنے صاحبزادے طیب طاہر۔ عبداللہ۔ قاسم
ابراہیم علیہم السلام پر خود نماز جنازہ پڑھی ہے۔

جے زندہ بچہ باہر آوے پھر او ہ مرجاوے
غسل کفن اس فرض جنازہ چنگا نام ٹکا دے
جے کر ساہ لوے یا روے یا کجھ کرے آوازہ
گواہی مادر دائی اُس پر کر دی فرض جنازہ
جے کر زندہ معلم ہوئے مردہ باہر آوے
غسل نہیں نہ فرض جنازہ اُسدے اُپر آوے

مسئلہ :- کسی عورت کا آدھا طفل باہر آکر مر گیا تو اس کا دفن غسل جنازہ بھی فرض کفایہ ہے۔

Marfat.com

فائدہ :- یہ یاد رہے کہ نماز جنازہ کی بہت فضیلت اور بزرگی والی ہے کیونکہ تمام انبیاء علیہم السلام کا جنازہ پڑھا گیا۔ اور پیغمبر گناہ سے پاک ہوتے ہیں۔ سوائے کتب اہل سنت جماعت کے شیعہ کی معتبر کتاب اصول کافی صفحہ دو سو چھہتر پر لکھا ہے۔ وَعَنْ اَبِیْ جَعْفَرٍ صَلَّتْ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ وَالْمَلٰئِکَۃُ الْمُہَاجِرِیْنَ وَالْاَنْصَارِیْنَ فَوْجًا فَوْجًا

ترجمہ :- حضرت جعفرؓ سے روایت ہے کہ نماز جنازہ کی پڑھی گئی اوپر رسول اللہ کے تین دن تک۔ پہلے نماز جنازہ پڑھی تمام فرشتوں پھر تمام مہاجرین ابابکر صدیقؓ۔ عمر فاروقؓ عثمانؓ وغیرہ نے پھر تمام انصار یعنی مدینہ کے رہنے والوں نے پھر تمام گروہ اہل اسلام مسلمانوں نے۔ اور یہ بھی یاد رہے کہ نبیؐ کے بعد شہید کا مرتبہ ہے مگر نماز جنازہ ان پر بھی پڑھی جاتی ہے۔ کیونکہ حضور پاک نے جنگ احد کے شہیدوں پر پڑھی ہے۔ اگر اس مسئلہ کو زیادہ دیکھنا ہو تو صحیح بخاری شرح وقایہ باب شہدا میں دیکھو۔

مسئلہ :- اگر کوئی مرد یا عورت یا لڑکی لڑکا بغیر جنازہ کے دفن کر دیا جائے تو تین تک کر رجب تک اس کا بدن نہ گلے، جنازہ اس کی قبر پر پڑھ لینا چاہیے۔ حاصل کلام جو لڑکا لڑکی اپنی ماں کے پیٹ سے مردہ تولد ہو یا کافر یا منافق ہو تو اس کا جنازہ نہیں پڑھنا چاہیے۔ سورۃ توبہ پارہ دسویں میں اللہ تعالےٰ فرماتا ہے وَلَا تُصَلِّ عَلٰۤی اَحَدٍ مِّنْهُمْ مَّاتَ اَبَدًا وَّلَا تَقُمْ عَلٰی قَبْرِهٖ ؕ اِنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَمَاتُوْا وَهُمْ فٰسِقُوْنَ ۔ ترجمہ - اور نہ نماز جنازہ پڑھ اوپر ان کے جو مر جائیں ان میں سے کبھی تحقیق انہوں نے کفر کیا ساتھ اللہ تعالےٰ کے اور وہ بداعتقاد ہیں۔

مسئلہ :- جو کوئی اپنے والدین کے قصاص میں مارا جائے یا خودکشی کرے اس کا جنازہ بھی منع ہے

بعضے نامی مسلم مومن اپنے موہوں سداون
جو تڑیاں دانگ نہ پڑھن جنازہ ایویں دفن کرادن

نماز جنازہ طفل نابالغ نبیؐ نے آپ پڑھائی
کیتڑا جو فرزند نبیؐ توں انتقال آیا بھائی

جو نہ پڑھن نماز جنازہ اُپر نابالغ جانیں
مومن ہن خلاف شریعت چلن چال شیطانی

سدھے راہوں آپ بھلے ہور لوکاں بہت بھلایا
جو ٹھے مُٹھے کھان پچھے کیتاں دین ایمان ونجایا

ہور مسیب روایت کردا راوی ذکر سنایا
جنازہ ابوہریرہ پڑھیا طفل نابالغ آیا

اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ عَلٰی صَبِیٍّ لَمْ یَعْمَلْ خَطِیْئَۃً قَطُّ - از مشکوٰۃ - حضرت ابوہریرہ نے نماز جنازہ پڑھی ایک نابالغ لڑکے پر جو بے گناہ تھا۔

ذکر تکبیرات نماز جنازہ

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِیَّ کَانَ یُکَبِّرُ عَلٰی اَھْلِ بَدْرٍ سَبْعَ تَکْبِیْرَاتٍ ترجمہ - روایت ہے ابن عباس سے کہ تحقیق رسول مقبول نے کہی تھیں تکبیریں اوپر شہدا بدر کے سات بار

وَبَنِیْ ھَاشِمٍ خَمْسَ تَکْبِیْرَاتٍ ثُمَّ کَانَ اٰخِرُ صَلٰوتِہٖ اَرْبَعَ تَکْبِیْرَاتٍ اِلٰی اَنْ خَرَجَ مِنَ الدُّنْیَا۔

ترجمہ - اور اوپر بنی ہاشم کے پانچ بار اور پھر تھی آخر نماز جنازہ آپ کی چار تکبیریں یہاں تک کہ آپ نے اس جہان فانی سے انتقال فرمایا۔

فائدہ :- جن حدیثوں میں سات یا پانچ یا زیادہ تکبیروں کا ذکر آیا ہے وہ سب حدیثیں منسوخ ہیں۔ اور تمام امت کا اس پر اجماع ہے کہ نماز جنازہ میں چار تکبیریں کہنی چاہئیں، چنانچہ زید بن ارقمؓ سے روایت ہے یُکَبِّرُ عَلٰی جَنَائِزِنَا اَرْبَعَ تَکْبِیْرَاتٍ ۔ یعنی رسول اللہ چار تکبیریں فرماتے تھے اوپر نماز جنازہ ہماری کے۔ الغرض چار سے زیادہ نہ کہنی چاہئیں۔ از نفع

Marfat.com

بخاری مسلم ترمذی ابن ماجہ نسائی۔

مسئلہ:۔ جنازہ پڑھنے کا مسنون طریقہ یہ ہے کہ سب سے اول نیت کرے۔ یعنی نیت کی میں نے نماز جنازہ کی چار تکبیر جنازہ فرض کفایہ ثناء واسطے اللہ تعالےٰ کے درود واسطے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اور دعا واسطے حاضر میت کے منہ طرف کعبہ شریف کے (مقتدی ہو تو کہے پیچھے اس امام کے) اَللّٰہُ اَکْبَرُ دونوں ہاتھ کانوں تک لے جاکر زیر ناف باندھے اور پڑھے سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَجَلَّ ثَنَاؤُكَ وَلَا اِلٰهَ غَيْرُكَ۔ پھر اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہہ کر پڑھے۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔ پھر تیسری تکبیر یعنی اللّٰہ اکبر کہہ کر پڑھے اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِحَيِّنَا وَمَيِّتِنَا وَشَاهِدِنَا وَغَائِبِنَا وَصَغِيْرِنَا وَكَبِيْرِنَا وَذَكَرِنَا وَاُنْثَانَا۔ اَللّٰهُمَّ مَنْ اَحْيَيْتَهٗ مِنَّا فَاَحْيِهٖ عَلَى الْاِسْلَامِ وَمَنْ تَوَفَّيْتَهٗ مِنَّا فَتَوَفَّهٗ عَلَى الْاِيْمَانِ۔ اگر نابالغ لڑکا ہو تو پڑھے اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ لَنَا فَرَطًا وَّاجْعَلْهُ لَنَا اَجْرًا وَّذُخْرًا وَّاجْعَلْهُ لَنَا شَافِعًا وَّمُشَفَّعًا۔ اگر میت لڑکی ہو تو پڑھے اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهَا لَنَا فَرَطًا وَّاجْعَلْهَا لَنَا اَجْرًا وَّذُخْرًا وَّاجْعَلْهَا لَنَا شَافِعَةً وَّمُشَفَّعَةً۔ اور پھر چوتھی تکبیر اللّٰہ اکبر کہہ کر دائیں بائیں السَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ کہہ کر فارغ ہو جاوے۔

فائدہ:۔ یہی ترکیب نماز جنازہ کی حدیث شریف سے ثابت ہے اور جو دعائیں لکھی گئی ہیں خود حضور پر نور نے پڑھی ہیں۔ اور تمام امت مرحومہ کو پڑھنے کا حکم دیا ہے۔ اور اس پر تمام امت کا اجماع ہے سوائے فرقہ شیعہ کے۔

مسئلہ:۔ جس طرح ہر نیک و بد پر نماز جنازہ پڑھنی جائز ہے سوائے کافر و مرتد کے اسی طرح نماز جماعت بھی ہر نیک و بد کے پیچھے جائز ہے جیسا کہ بیہقی نے حدیث بیان کیا ہے وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلُّوْا خَلْفَ كُلِّ بَرٍّ وَّفَاجِرٍ۔

ترجمہ:۔ حضرت ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ فرمایا رسول اللہ نے کہ نماز جنازہ پڑھو اوپر ہر نیک و بد کے اور نماز جماعت پڑھو پیچھے ہر نیک و بد کے

حدیث دوم از بیہقی عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ قَالَ صَلُّوْا عَلٰى كُلِّ بَرٍّ وَّفَاجِرٍ ترجمہ:۔ ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ فرمایا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نماز جنازہ پڑھو تم اوپر ہر نیک و بد کے حدیث از طبرانی اِبْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلُّوْا عَلٰى مَنْ قَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ۔ ترجمہ:۔ ابن عمر سے روایت ہے کہ فرمایا حضرت محمد رسول اللہ نے کہ نماز جنازہ پڑھو تم اوپر ہر ایک جو پڑھے کلمہ طیب۔

فائدہ:۔ فاسق و فاجر کے پیچھے نماز پڑھنا منع ہے۔ مگر امام نسفی نے لکھا ہے کہ منع سے مراد کراہت ہے مگر جب اس کا فسق اور بدعت حد سے زیادہ یعنی کفر تک پہنچ جاوے تو نماز پڑھنا اتفاقاً ناجائز ہے۔ الغرض جو شخص کھلم کھلا عمل کفر کا عامل ہو یعنی گناہ علانیہ کرے اس کے پیچھے نماز پڑھنا منع ہے۔

مجلس ہشتم

یہ تین فصلوں پر مشتمل ہے

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ اِنَّمَا یُرِیْدُ اللّٰہُ لِیُذْہِبَ عَنْکُمُ الرِّجْسَ اَہْلَ الْبَیْتِ وَیُطَہِّرَکُمْ تَطْہِیْرًا ○

ترجمہ:۔ (سوائے اس کے نہیں کہ چاہتا ہے اللہ تعالےٰ یہ کہ دور کرے پلیدی تم سے اور پاک کرے تم کو اے اہل بیت پاک کرنا ہر گناہ کی بات سے)۔ امام حسینؓ کے فضائل تو بیان ہو چکے ہیں مگر مختصر چند مسائل اب بھی لکھے جاتے ہیں ۔

فصل اوّل

امام حسینؓ کی پیدائش و کنیت و لقب

کنیت امام حسینؓ کی عبداللہ ہے اور لقب شہید وسبط صغریٰ و سید ہے ۔ اور آپ کی پیدائش مدینہ منورہ میں پانچ شعبان ۴ھ ہجری بروز سوموار ہوئی ۔ اور آپ چھ ماہ میں پیدا ہوئے ۔ کوئی لڑکا چھ ماہ کا زندہ نہیں رہا ۔ مگر امام حسینؓ اور حضرت یحییٰؑ ۔ بعد تولد ہونے امام حسینؓ کے حضرت محمد الرسول اللہ حضرت فاطمہ کے گھر تشریف لائے ۔ اور اسماء بنت عمیسؓ کو فرمایا کہ لاؤ میرے فرزند کو ۔ پس وہ ایک سفید کپڑے میں لپیٹ کر لے آئی تو آنحضرت نے دائیں کان میں اذان اور بائیں کان میں تکبیر فرمائی ۔ اور فرمایا اے علیؓ اس کا نام کیا رکھا ہے ۔ عرض کی یا حضرت مجھے کیا مجال ہے کہ میں آپ کی اجازت کے سوا کوئی کام شروع کروں ۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں بھی اس کا نام اللہ تعالےٰ کے سپرد کرتا ہوں ۔ چنانچہ جبرائیلؑ نازل ہوئے اور بعد سلام پروردگار کے عرض کی کہ اللہ تعالےٰ فرماتے ہیں کہ علی کرم اللہ وجہٗ آپ کے بھائی مثل ہارون کے ہیں ۔ اور ہارون کا ایک لڑکا تھا جس کا نام بشیر تھا ۔ اور آپ بھی اس کا نام بشیر رکھیں ۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے جبرئیل علیہ السلام یہ نام عبرانی ہے ۔ اور ہم عربی ہیں ۔ جو تمام زبانوں سے بہتر زبان ہے ہم کس طرح اپنے بیٹے کا نام غیر عربی زبان میں رکھیں ۔ تو جبرائیل امین نے عرض کی کہ یا حضرت بشیر کو عربی زبان میں حُسین کہتے ہیں ۔ پس آپ کا نام حسین رکھا گیا اور بعد سات دن کے آپ کے عقیقہ کیا گیا اور ام فضل بنت حارث حضرت عباسؓ بن عبدالمطلب کی بیوی نے آپ کو دودھ پلایا ۔ اس سبب سے عبداللہ بن عباسؓ آپ کے دودھ شریک بھائی ہیں ۔ اور حضرت امام حسینؓ ناف سے لے کر پاؤں تک حضرت محمد الرسول اللہ کے مشابہ تھے حدیث شریف میں وارد ہے وَالْحُسَیْنُ اَشْبَہُ النَّبِیِّ کَانَ اَسْفَلَ مِنْ ذٰلِکَ یعنی امام حسینؓ کا مبارک سینہ سے لے کر پاؤں تک حضرت محمدؐ کے مشابہ تھے ۔ اور آپ خوبصورت وسیرت خوش جمال تھے ۔ کہ اندھیری رات میں آپ کی پیشانی چودھویں رات کے چاند کی طرح چمکتی تھی ۔ جہاں بیٹھے ہوتے معلوم ہو جاتے تھے

وَعَنْ یَعْلٰی بْنِ مُرَّۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ حُسَیْنٌ مِّنِّیْ وَاَنَا مِنْ حُسَیْنٍ اَحَبَّ اللّٰہُ مَنْ اَحَبَّ حُسَیْنًا سِبْطٌ مِّنَ الْاَسْبَاطِ ۔

ترمذی روایت ہے یعلی بن مرہؓ سے کہ فرمایا رسول اللہ نے حسینؓ مجھ سے ہے اور میں حسینؓ سے ہوں ۔ دوست رکھتا ہے اللہ تعالےٰ اس کو جو دوست رکھتا ہے حسینؓ کو ۔ اور سبط اسباط یعنی اولاد اس کی بہت ہوگی اور سبط کے معنی فرزند کا فرزند ہے ۔ اور سبط صغریٰ سے مراد چھوٹا فرزند ہے ۔

فائدہ :۔ کہا ملا قاری نے گویا آنحضرتؐ نے نور نبوۃ سے معلوم کر لیا تھا کہ بعد میرے آوے گی ایک قوم جو شہید

کرے گی ان کو - اس واسطے فرمایا کہ دوست حسینؓ کا میرا دوست ہے - اور دشمن حسینؓ کا میرا دشمن ہے

مسئلہ :- شواہد نبوۃ میں لکھا ہے کہ ایک روز رسول خدا نے امام حسینؓ کو دائیں زانو اور اپنے بیٹے ابراہیم کو بائیں زانو پر بٹھایا ہوا تھا - اور اس حال میں جبرئیل آئے اور عرض کی کہ یا رسول اللہ آپ کے پاس اللہ تعالے ان دونوں صاحبزادوں کو نہیں رہنے دے گا - ان میں سے ایک رہنے دے گا - جس کو آپ چاہیں رکھ لیں - تو حضورؐ نے فرمایا کہ اگر حسینؓ نہ رہا تو میرا اور علیؓ اور فاطمہؓ کا دل غمگین ہوگا - اگر میرا بیٹا ابراہیم نہ رہا تو میری جان پر صدمہ گذریگا پس میں نہیں چاہتا کہ حضرت علیؓ اور حضرت فاطمہؓ زہرا کو رنج پہنچے - بعدہٗ تین دن کے بعد حضرت ابراہیم انتقال فرما گئے - اس وقت آپ کے شاہزادے کی عمر ڈیڑھ سال کی تھی - الغرض آپ نے اُس کو غسل کفن دے کر جنازہ کر کے جنت البقیع میں دفن کر دیا - پھر اس کے بعد ایک دن امام حسینؓ آپ کے پاس آئے تو آپ نے فرمایا اَهْلًا وَّمَرْحَبًا بِمَا فَدَيْتُهُ يَا بِنِي جیو آیاں جو ساتھ اس کے قربان کیا میں نے بیٹے اپنے کو - اور امام حسینؓ کو گلے لگایا اور سینہ سے لگا لیا -

مسئلہ :- کشف المحجوب میں ہے کہ ایک دن حضرت عمر فاروقؓ رسول مقبولؐ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے تو دیکھا کہ حضرت امام حسینؓ حضور پر نور کی پشت مبارک پر سوار ہیں - اور حضورؐ زانو کے بل چلتے ہیں - اور ایک رسی بطور لگام حضور نے اپنے دہن مبارک میں لی ہوئی ہے - اور رسی کا دوسرا سرا حضرت امام حسینؓ نے پکڑا ہوا ہے اور ہانکتے ہیں - تو حضرت عمر فاروق نے عرض کی کہ اسواری کیا اچھی ہے - تو حضورؐ نے فرمایا اسوار بھی اچھا ہے -

فصل دوم

در ذکر سخاوت حضرت حسینؓ

کشف المحجوب میں لکھا ہے کہ ایک شخص امام حسینؓ کی خدمت میں حاضر ہوا - اور عرض کی کہ میں بہت ہی محتاج ہوں اور عیال دار ہوں اور قرضائی بھی ہوں - امام صاحب نے فرمایا کہ بیٹھ جاؤ - اتنے میں پانچ توڑے دیناروں کے امیر معاویہؓ کی طرف سے آئے تو حضرت امام صاحب نے وہ پانچوں توڑے اس سوالی کو دے دیئے - اور فرمایا کہ تجھے انتظار میں تکلیف تو ہوئی ہوگی معاف کرنا -

مسئلہ :- بہت سی کتابوں میں آیا ہے کہ امام حسینؓ نے ایک ہزار غلام اپنے ہاتھوں سے کما کر خرید کر کے آزاد کیا تھا -

فصل سوم

در ذکر عبادت و حلم امام حسینؓ در نظم

فصل خطاب کتاب دے اندر راوی ذکر لیایا — مہمان نوازی کارن حضرت کھانا خوب پکایا
خادم تائیں آکھیا جلدی سالن گرم لیائیں — خدمت کرو مہماناں سندی جلدی دیر نہ لائیں
خادم گوشت گرم پیالہ بھر کر جلد لیایا — سر پر امام حسینؓ اتفاقاً پیالہ ٹٹ سدھایا

Marfat.com

پوشاک ویرانہ تے سر جلیا حضرت خفگی آئی — ادب سکھاون کارن حضرت طرف غلام ڈٹھائی
وَالْکَاظِمِیْنَ الْغَیْظَ پڑھ کر عرض غلام سنائی — امام کہیا میں غصے اپنے کارن روکیا بھائی
پھیر غلام نے وَالْعَافِیْنَ عَنِ النَّاسِ پڑھیا چائیں — یعنی بندیاں ربدیاں صفت جو کردے معاف خطائیں
کہیا امام معاف کیتا میں لواں نہ بدلہ کائی! — وَاللّٰہُ یُحِبُّ الْمُحْسِنِیْنَ پڑھ آیت غلام سنائی
اللہ صاحب دوست رکھے احسان کنندیاں تائیں — جو غصے اپنے رد کن لوکاں کرن معاف خطائیں
آزاد کیتا میں تیرے تائیں امام حسینؓ بتایا — اس تھیں ودھ نہ نظر میری وچ نیک عمل کوئی آیا
حسن جمال حسینؓ دلی دا سوہنا یوسف پیارا — وانگ یعقوب محبت اندر پاک رسولؐ سوہارا
مکھ چھپاون پردہ پاون جھکن خوش رخساراں — نال نصیب زیارت ہووے خویش قریبیاں یاراں
جیویں رسول خدا دے تائیں اپنی امت پیاری — تویں پیار حسینؓ شاہزادے کارن امت ساری
حسینؓ نے چالی سالاں اندر نہ ہک نماز قضا ئی — ہن بعضے بنن محب حسینی پڑھن نماز نہ کائی

فائدہ :۔ حضرت امام حسینؓ اس قدر عبادت کرتے تھے کہ بسبب رات کے جاگنے کے آپ کا رنگ مبارک زرد ہوگیا تھا۔ اور آنکھیں رونے کے سبب سے بے رونق ہوگئی تھیں۔ اور پیشانی مبارک پر کثرت سجود سے محراب پڑگئے تھے اور نماز میں زیادہ قیام کے سبب پاؤں پر ورم ہوگیا تھا۔ اور ہر ماہ میں آپ اتنے روزے رکھتے تھے جن کو ایام بیض کہتے ہیں۔ یعنی ہر ماہ کی تیرھویں، چودھویں، پندرھویں روزے رکھتے تھے۔ جیسا کہ حضرت آدم نے روزے رکھے۔ اور ماہ محرم الحرام میں پہلی تاریخ سے لے کر دسویں تک روزے رکھتے۔ اور کثرت سے نفل پڑھتے تھے۔ اور خاص دن عاشورہ کے دہ کام کرتے جو دس کام سنت ہیں جن کا ذکر مجلس اول فصل دوم میں ہو چکا ہے

ہن جو بنن محب حسینی سن توں میرے بھائی — نفل نوافل روزیاں سندا نام نہ لیندا کائی
دہ دن ماہ محرم سندے پٹن وچ گذارن ؛ — جیہڑے کم یزید نے کیتے اونویں نقل اُتارن
جویں یزیدیاں ہکساں اوپر ٹنگے سر اماماں — اونویں علم نکال وکھاون ایہ بھی لوکاں عاماں

چنانچہ تذکرۃ الطہرین میں جو اہل شیعہ کی معتبر کتاب ہے صفحہ دو سو میں لکھا ہے کہ جب دمشق میں یزید کی فوج امامین کے سر مبارک لائے تو وہ تمام علموں پر کھڑے کئے ہوئے تھے۔ حاصل کلام کہ علم کا نکالنا فعل یزیدی ہے

فائدہ :۔ لباس سیاہ پہننا ماہ محرم میں اور ماتم کرنا بھی سنت یزیدی ہے جیسا کہ تذکرۃ الطہرین میں صفحہ ۲۰۳ دو سو تین سے لے کر صفحہ ۲۰۵ دو سو پانچ تک ہندہ یزید کی بیوی سے روایت ہے۔ کہ ہندہ نے کہا ہے کہ جب سر مبارک امام حسینؓ ہمارے گھر میں رکھا گیا تو میں نے خواب میں دیکھا کہ دروازہ جنت کا کھلا ہے اور تمام اقربا امام حسینؓ کی ملاقات کو آئے ہیں اور ہر ایک نے اپنا اپنا نام جتایا کہ اے حسین میں تیرا چچا ہوں اور کسی نے کہا کہ میں تیرا بھائی ہوں۔ علی ھذا القیاس۔ امام مظلوم کے سر مبارک سے نور کے شعلے نکل کر آسمان کی طرف چڑھتے تھے۔ اور جب میں خواب سے بیدار ہوئی تو مجھے خوف آیا تو میں نے جلدی سے یزید کو تلاش کیا تو وہ اپنے بستر پر نہیں تھا۔ جب میں نے آگے دیکھا تو ایک اندھیری کوٹھڑی میں ماتم کر رہا ہے۔ اور کہتا ہے کہ ہائے ہائے میں نے کیا کیا۔ مجھے حسینؓ سے کیا کام تھا۔ جب میں نے اپنا خواب ظاہر کیا تو یزید نے صبح سویرے سب اہلبیت کو بلایا اور کہا کہ جو کچھ ہونا تھا ہوگیا۔ اب تمہاری کیا خواہش ہے۔ اور جو کچھ کہو گے اب میں اس پر عمل کروں گا۔ تب اہل بیت نے کہا کہ اب ہماری یہ خواہش ہے کہ ہم جی بھر کر امام حسینؓ پر ماتم کریں تو یزید نے کہا قَالَ فَعَلُوْا مَا بَدَا لَکُمْ یعنی جو کچھ تمہارا جی چاہے کرو۔ اب تم کو ہر طرح سے امداد ملے گی۔ چنانچہ

Marfat.com

یزید نے بہت سے مکان خالی کرا دیئے اور تمام شہر دمشق میں حکم دیا کہ سیاہ لباس پہن کر سات دن تک خوب ماتم کرد ۔ تو سب نے سات دن سیاہ لباس پہن کر خوب ماتم کیا ۔ اور آٹھویں دن اہل بیت کو مدینہ منورہ کی طرف روانہ کیا حاصل کلام ان تین کاموں کی بناء پہلے سب سے یزید ہی نے شروع کی ہے ۔ مثلاً علم نکالنا اور سیاہ لباس پہننا اور ماتم کرنا اگر ان کاموں کے کرنے میں ثواب ہے تو مبارک ہو یزید کو جس نے اس کار خیر کی بنیاد رکھی ہے ۔ اور یہ تینوں کام سنت یزید کی ہے ۔ اس واسطے تمام اہل سنت والجماعت کو ان کاموں سے نفرت ہے کہ یزید کی سنت کو یزید کے دوست ہی ادا کریں اور تمام مسلمانوں کو اللہ عزوجل اپنے فضل وکرم سے ان فعلوں سے بچائے آمین ثم آمین ۔

مجلس نہم

(اور یہ مجلس چوں فصلوں اور چند حکایات عجائبات پر مشتمل ہے)

فصل اول

در بیان پیشین گوئیاں آنحضرت در حق امام حسینؓ

پیشین گوئی اول ۔ عن ام الفضل بنت الحارث انہا علی رسول اللہ فقالت یا رسول اللہ انی رأیت حلما منکرا لیلۃ قال وما ہو قالت انہ شدید قال وما ہو قالت رأیت کان قطعۃ من مدت وضعت فی حجری ۔

ترجمہ ۔ ام فضلؓ سے روایت ہے کہ داخل ہوئی وہ اوپر رسول خدا کے اور عرض کی اس نے کہ یا رسول اللہ تحقیق دیکھا ہے میں نے ایک خواب بہت برا ۔ آج رات فرمایا رسول اللہ نے کیا ہے وہ خواب اس نے عرض کی یا رسول اللہ تحقیق وہ سخت ہے یعنی دیکھا میں نے گویا ایک ٹکڑا ہے جسم مبارک آپ کے سے گرا ہے بیچ گود میری کے

فقال رسول اللہ رأیت خیرا تلد فاطمۃ ان شاء اللہ غلاما یکون فی حجرک فولدت فاطمۃ الحسین فکان فی حجری ۔

ترجمہ ۔ پس فرمایا آپ نے دیکھا ہے تو نے اے ام فضل بہتر چیز کو یعنی پیدا ہوگا فاطمہ کے گھر ایک لڑکا وہ ہوگا بیچ گود تیری کے ۔ انشاء اللہ تعالےٰ ۔ پس پیدا ہوئے حسینؓ اور تھا بیچ گود میری کے کما قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فدخلت یوما علی رسول اللہ فوضعتہ فی حجرہ ثم کانت منی التفاتۃ فاذا عینا رسول اللہ تہریقان الدموع قالت فقلت یا نبی اللہ بابی انت وامی مالک قال اتانی جبرائیل فاخبرنی ان امتی ستقتل ابنی ہذا فقلت ہذا قال نعم واتانی بتربۃ من تربتہ حمراء ۔

ترجمہ جیسا کہ کہا تھا رسول خدا نے پس داخل ہوئی میں اوسی دن اوپر رسول خدا کے پس رکھا آپ نے حسینؓ بیٹے فاطمہؓ کو بیچ گود میری کے ۔ اور پھر التفات کرتے تھے یعنی کبھی میری طرف دیکھتے تھے اور کبھی حسینؓ کی طرف دیکھتے تھے ۔ اور آپ کی آنکھوں سے آنسو جاری تھیں ۔ پس عرض کیا ام فضلؓ نے یا رسول اللہ میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں کیا ہوا آپ کو

Marfat.com

کہ آپ روتے ہیں۔ فرمایا خبر دی مجھ کو جبرائیلؑ نے کہ تحقیق بہت قریب ہے کہ شہید کرے گی امت میری اس بیٹے میرے کو پس عرض کی میں نے اس لڑکے کو، فرمایا ہاں۔ اور فرمایا کہ لایا ہے میرے پاس جبرائیل علیہ السلام ایک مٹھ مٹی سُرخ کی یعنی اس جگہ کی جس جگہ امام حسین شہید ہوگا

فائدہ :۔ اس حدیث سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ حضرت محمد الرسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو اللہ تبارک وتعالیٰ نے تمام واقعات کربلا معلّی سے واقف کر دیا تھا یعنی جو کچھ مصیبتیں امام حسینؓ کے پیش آنے والی تھیں بلکہ جس وقت اور روز اور جگہ پر امام حسین نے جام شہادت پینا تھا اور جس شخص کے ہاتھ سے پینا تھا یعنی قاتل امام حسینؓ کا سب کچھ حضور پاکؐ کو معلوم تھا بسبب اتنی واقفیت ہونے کے پھر آپ نے جزع فزع بےصبری نہیں کی سوائے آنسو جاری ہونے کے۔ اور یہی حالات تمام حضرت علیؓ اور حضرت فاطمہؓ کو بھی معلوم تھے۔ مگر ہر ایک صاحب نے اس مصیبت پر صبر کیا اور وَاللّٰہُ یُحِبُّ الصّٰبِرِیْنَ کے مصداق بنے۔ یعنی اور اللہ صبر کرنیوالوں کا دوست ہے۔ اور ہر ایک کو صبر کرنے کی تلقین کرتے رہے اور مصیبت پر منہ سر سینہ پیٹنے سے منع کرتے رہے۔ جیسا کہ فرمایا لیس منا حلق وسلق وخرق۔ یعنی میری امت سے وہ شخص جو وقت مصیبت کے اپنا گلا نوچے اور دہن کرے یعنی خلاف شریعت الفاظ اپنے منہ سے کہے اور اپنا کپڑا پھاڑ کے اور منہ سر سینہ پیٹے۔

پیشین گوئی (۲)

ام سلمہؓ سے روایت ہے کہ حضور پر نور مجھ کو ایک مٹھی خاک کی دی۔ اور فرمایا کہ جب یہ مٹی سُرخ ہو جائے گی تب امام حسینؓ شہید کئے جائیں گے۔ کہا ام سلمہؓ نے کہ وہ مٹی میں نے ایک شیشی میں بند کر کے رکھ لی۔ اور روزمرہ میں اس مٹی کو دیکھتی تھی، ایک دن میں نے اس شیشی کو دیکھا تو وہ مثل خون کے ہوگئی تھی۔ تو میں نے لوگوں سے دریافت کیا تو معلوم ہوا کہ اسی دن امام حسین کو شہادت ملی۔ نقل از احمد حنبلؒ

نظم

پیشین گوئی (۳)

عید دیہاڑے سبھناں لڑکیاں عجب پوشاکاں لائیاں
یا حضرت اج ساریاں لڑکیاں نویں لباس بنائے
تاں فورا جبرائیل فرشتہ کیتا رب روانہ
دو کرتے رب عرشوں بھیجے زرد تے سُرخ چھپائی
زرد پسند حسن نے کیتا سُرخ حسین لیائے
حضرت فاطمہؓ حیدر دونوں راضی راضی تھیون
تاں فورا جبریل دھی نے ادبوں عرض سنائی
حضرت حسنؓ شہادت زہردں پادے سبط کبیرا
کربلا اندر جاناں کربل ہون کسیدن واللہ
تیراں بارش دشمن بارش دانگوں کرسن جانی
تاں حضرت علی تے فاطمہ تائیں سد نبی بلگائے
عرض سنائی علی تے فاطمہؓ ادبوں حال تمامے
فرمایا اُس دن نہیں ہوساں نہ تُسیں مردانے

حسن حسینؓ بھی نانے اگے عرضاں یوں سنائیاں
ساڈے پائے اتے پرانے میلے کپڑے آئے
حسن حسین شاہزادیاں تائیں دیہہ لباس شہانہ
آکھیا کر دو پسند جو چاہو جبرائیل زبانی
ناں خوشی دے چاہیں جائیں دوہاں کرتے پائے
شاہزادیاں پوشاکاں پایاں شالہ جم جم جیون
یا حضرت اک زہرے تک قتل شہادت پائی
امام حسینؓ شہادت قتلوں پاوے سبط صغیرا
چار چوفیرا دشمناں گھیرنا وچ حسینؓ اکلا
جسم حسینؓ ولی دا تیروں چھاننی وانگ چھپانی
شہید شہزادے دوویں ہوسن اندر کیہے زمانے
کون زمانہ ہوسی جدا یہہ ہون شہید نمانے
تاں صبر جمیل کمایا سبھناں سُن کر حکم ربانے

نہ منہ سر سینہ پٹیا کسے نہ ہرگز ماتم کیتا — حضرت علیؓ تے فاطمہؓ سن کر صبر پیالہ پیتا
جتنا درد علیؓ تے فاطمہؓ حسن حسینؓ نوں بھائی — اتنا درد نہ ہور کسے نوں جانے سب لوکائی
جد حضرت علیؓ تے فاطمہؓ سن کر صبر پیالے پیتے — نہ منہ سر سینہ پٹیا تے نہ وین سیاپے کیتے
اوہ کیہڑا دردی درداں والا جیہا اج چنگیرا — جیہنوں حضرت علی تے فاطمہ نالوں درد ودھیرا
ایہ سب فریبی ٹولا نال فریباں خلق پھٹائی — منہ سر سینہ پٹن کھاون حلوے گوشت بھائی
اس جھوٹھے مٹھے کھادن بدلے لوکاں دین ونجایا — قسم خدا دی جھوٹھ نہیں ایہہ اکھیں دیکھ ازمایا

پیشین گوئی (۴)

ابو نعیم یحییٰ حضرمی روایت کرتے ہیں اَنَّہٗ سَافَرَ مَعَ عَلِیٍّ اِلٰی صِفِّیْنَ فَلَمَّا حَاذَا نِیْنَوٰی فَاَوْاَصْبِرًا اَبَا عَبْدُ اللّٰہِ -

ترجمہ - کہ تحقیق سفر کیا ہم نے ساتھ علی کرم اللہ وجہہ کے طرف جنگ صفین کے پس جب ہم برابر آئے شہر نینوی کے تو حضرت علی نے اپنے آپ کو فرمایا صبر کر اے باپ حسینؓ کے تو یحییٰ نے عرض کی یا حضرت آپ کیا فرما رہے ہیں، تو حضرت علیؓ نے کہا مجھے حضرت رسول مقبول نے فرمایا تھا کہ حضرت حسینؓ اس نہر فرات کے کنارے شہادت پائیں گے اب وہ جگہ دیکھ کر مجھے وہ واقعہ یاد آیا -

پیشین گوئی - ۵ -

نظم

میرے دل بے صبری کیتی جد اوہ ڈٹھیاں جائیں — پھر ایہہ کیا اے باپ حسینؓ دے صبر جمیل کمائیں
ابو نعیم کہیا اک ساڈوں صالح مرد بتائے — قبر حسین دی جگہ اوپر اسیں نال علیؓ دے آئے
شاہ علیؓ فرمایا ایتھے بہسن اٹھ انہاندے — ایہو جاگہ جتھے ہوسن تنبو اپنے لاندے
ایس جگہ پر آل نبیؐ دی خون ہوون گے جاری — چند جیہے مہتاب شہزادے ہوسن خون غراری
آل رسول اللہ دی اوپر ظلم اجیہا ہوسی — زمین اسمان اونہاندے غم تھیں لہو ہنجو روسی

فصل دوم

در بیان عداوت یزید پلید با امام حسین در سہ وجہ است

وجہ اول - جو درمیان بنی ہاشم و بنی اُمیہ واقعہ ہوئی، اس کا مختصر قصہ اس طرح ہے کہ عبدالمناف کے چار لڑکے تھے جن میں سے دو جوڑے تھے یعنی ہاشم اور عبدالشمس اور دونوں صاحبزادوں کی پیشانی جڑی ہوئی تھی ہر چند جدا کرنے کی کوشش کی گئی مگر جدا نہ ہو سکی آخر تلوار سے چیر کر دونوں صاحبزادوں کی پیشانی جدا کی گئی - جب یہ بات دانشمند عقلمند دانا عرب میں گئی یعنی سنی تو داناؤں نے کہا کہ بہتر تھا کہ ہر دو صاحبزادوں کی پیشانیاں سوائے تلوار کے کسی اور چیز سے جدا کر دی جاتیں - کیونکہ یہ بدشگون ہے - اب اس کا یہ اثر ظاہر ہو گی کہ ہاشم اور عبدالشمس کی اولاد میں ہمیشہ تا قیامت عداوت رہے گی اور ان ہر دو فریق کے درمیان تلوار ہی فیصلہ کرے گی - چنانچہ اسی طرح واقعات بنی ہاشم اور بنی عبدالشمس یا امیہ میں اوّل اسلام اور بعد اسلام کے گذرتے چلے آئے ہیں جو کہ اظہر من الشمس ہیں - یعنی حضرت علیؓ کرم اللہ وجہہ اور امیر معاویہؓ

Marfat.com

ے درمیان میں بھی یہی واقعہ ظہور میں آیا اور بعد اس کے یزید پلید اور امام حسینؓ کے درمیان میں یہی واقعہ ظہور ہوا۔ اگر مفصل
یکھنا ہو تو خلافت بنی امیہ و خلافت عباسیہ میں دیکھو لکھتے ہیں کہ جب خلافت بنی اُمیہ کا دوران ختم اور خلافت بنی
عباسیہ کا دوران شروع ہوا تو عباسیوں نے بنی اُمیہ کی قبروں کو کھود کر ان کی ہڈیوں کو قبروں سے نکال کر آتش میں جلانا
شروع کیا۔ بسبب عداوت بنی امیہ کے۔

وجہ دوم عداوت یزید

عبداللہ بن زبیرؓ ایک خوبصورت عورت رکھتا تھا۔ جب اس کی خبر یزید کو پہنچی تو یزید اس پر عاشق ہوگیا۔ اور کسی
ر و فریب سے عبداللہ بن زبیرؓ سے طلاق دلوادی۔ اور بعد اس کے ملک شام سے موسیٰ اشعری کو اپنا وکیل کر کے اس مطلقہ
عورت کی طرف نکاح کی درخواست کرنے کے واسطے بھیجا۔ راستے میں موسیٰ اشعریؓ سے عبداللہ بن عمر کی ملاقات کی۔ تو
عبداللہ نے موسیٰ اشعری سے حال دریافت کیا تو موسیٰ اشعری نے کہا کہ میں یزید کی وکالت کو مطلقہ ابن زبیر کے پاس جا
رہا ہوں۔ تو عبداللہ نے کہا کہ اگر وہ مطلقہ یزید کو پسند نہ کرے تو میری طرف سے درخواست نکاح کر دینا۔ اس کے
بعد راستے میں حضرت امام حسینؓ سے ملاقات ہوئی تو آپ نے فرمایا اے موسیٰ اشعری کہاں جا رہے ہو۔ تو اس نے تمام
ماجرا اپنے سفر کا بیان کیا تو امام حسین نے فرمایا کہ اے موسیٰ اشعری اگر وہ مطلقہ عورت ان دونوں کو پسند نہ کرے تو میری
طرف سے درخواست نکاح کر دینا۔

القصہ جب وہ وکیل اس عورت مطلقہ کے پاس پہنچا تو کنایہ طور پر کچھ گفتگو شروع کی تب اس مطلقہ عورت نے
کہا کہ کنایہ چھوڑو۔ صاف طور پر جو کہنا ہے کہو۔ تب موسیٰ اشعری نے کہا کہ چار آدمی تیرے نکاح کے خواہش مند ہیں جس کو چاہو
قبول کرو۔ اس عورت نے کہا وہ چار کون کون ہیں۔ اس نے کہا اول تو میں ہوں۔ دوسرا یزید بن امیر معاویہؓ ہے۔ تیسرا عبداللہ
بن عمرؓ ہے اور چوتھا امام حسینؓ بن علیؓ ہے۔ اس عورت نے کہا کہ میں جوان ہوں اور ابن زبیرؓ نے مجھے طلاق دے دی ہے اور
میں اکیلا رہنا پسند نہیں کرتی میں خاوند کی تلاش میں ہوں اور خواہش بھی ضرور رکھتی ہوں۔ مگر تو اے موسیٰ اشعری بوڑھا آدمی
ہے اور میں چونکہ جوان ہوں اس واسطے تیری میری مناسبت نہیں ہوسکتی تو اس طمع سے باز آ۔ اور میں تم کو اپنا اصلاح گیر
بناتی ہوں۔ موسیٰ اشعری نے کہا کہ میں تو اپنے ارادہ سے باز آگیا ہوں۔ اب فرماؤ جو کچھ میرے خیال میں آیا عرض کر دوں گا
اس عورت نے کہا اے موسیٰ اشعری ان تینوں آدمیوں میں سے تیرے خیال میں میرے لئے کون سا آدمی بہتر ہے۔ موسیٰ نے کہا
ہر ایک کا مفصل حال اور اوصاف بیان کر دیتا ہوں جس کو تو اپنے نکاح کے لائق سمجھے گی اس سے اپنا نکاح کر لینا۔ اگر تم بادشاہی
اور مرتبہ اور عیش و عشرت اور لذت دنیا چاہتی ہو تو یزید کو اختیار کرو۔ اور اگر جوان آدمی اور زاہد اور خوبصورت متقی
مرد چاہتی ہو تو عبداللہ بن عمرؓ کو اختیار کرو۔ اگر دنیا میں سوہنا خلق اور پرہیزگاری اور پاکیزگی اور آخرت کی نجات ہر قسم کے
عذاب سے اور درجات جنت اور ہم نشینی زہرا فاطمہؓ اور اہلبیت رضوان میں شامل ہونا چاہتی ہو تو امام حسینؓ کے ساتھ
نکاح کرو تو اس عورت مطلقہ ابن زبیرؓ نے چند عرصہ فکر کرنے کے بعد کہا کہ مال دنیا فانی ہونے والا ہے۔ اور جو اللہ تعالےٰ
نے مجھے دیا ہے میری تمام عمر کے واسطے کافی ہے۔ اور جوانی اور خوبصورتی بھی بھوک یا بیماری کے آنے سے دور ہو جاتی ہے
مگر خدمت اہل بیت کی موجب دولت جاودانی و نیک بختی دنیا و آخرت کی ہے۔ اے موسیٰ اشعری میں نے اپنے
نکاح کے لئے حضرت امام حسینؓ کو پسند کر لیا ہے۔ بیت

آں بندہ کہ خدمت او اختیار کرد   او را خدا اور دو جہاں بختیار کرد

Marfat.com

وہ آدمی کے جو خدمت اس کی کو پسند کرے ۔ اس کو اللہ تعالے دو جہان میں صاحب نصیب کرے

پس جب یہ خبر نکاح مطلقہ ابن زبیر کی یزید پلید کو ملک شام میں پہنچی تو امام حسین کا دشمن ہوگیا ۔ اور عداوت بڑھ گئی ۔ اور کہنے لگے کہ میں نے چند مکر و فریب کر کے ابن زبیر سے طلاق دلوائی تھی اور یہ کوشش میری اپنے واسطے تھی اور اب امام حسینؓ نے اس کے ساتھ کیوں نکاح کر لیا ۔ پس یزید پلید نے اب امام حسینؓ کی ہلاکت کے واسطے کمر باندھ لی تاکہ ابن زبیر کی مطلقہ عورت کے ساتھ پھر نکاح کرے ۔ اور یہی سبب تھا امام حسینؓ کو میدان کربلا میں پیاسہ شہید کرنے کا

تیسری وجہ عداوت یزیدکی :۔

اور یہ بات یاد رہے کہ ابتدا سے لے کر فاسقوں بدکاروں ، فاجروں کی عداوت نیکو کاروں ۔ مخلص ۔ پرہیزگاروں کے ساتھ چلی آئی ہے ۔ مثلاً قابیل کی عداوت ہابیل کے ساتھ اور فرعون قارون کی عداوت موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ اور ابو جہل کی عداوت تھی حضرت محمد الرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ۔ الغرض قیامت تک یہی حال رہے گا کہ بدکار لوگ نیک لوگوں کے دشمن ہیں ۔ یہی مثال تھی یزید اور امام حسینؓ کی ۔ کیونکہ یزید تارک جماعت شراب خور اور داہڑی مون اور چسپنپٹ شطرنج نرد وغیرہ کا کھڈاری اور خلاف شریعت چلنے والا تھا ۔ اور امام حسین چونکہ پورے پابند شریعت متقی ۔ پرہیزگار اور قانون محمدی پر چلنے والے تھے ۔ اس واسطے یزید کی بیعت سے آپ نے انکار کیا اور اللہ تعالےٰ کی رضامندی کے واسطے کربلا معلیٰ میں شہید ہوئے ۔

جو اہلبیت محبت دعویٰ صرف زبانی کرے
چونپٹ تاش کھڈاری جمعہ جماعت نماز نہ پڑھے

ایہ جان یزیدی ٹولا سارے دعویٰ کوڑ سودائیاں
مچھاں وانگ پھوڑاں سر پر بودے وانگ عیسائیاں

ستھرے شاہی وانگو ساریاں داہڑیاں رگڑھنائیاں
بھنگی چرسی ہور شرابی رل گھوٹن مردائیاں

دعویٰ اہل البیت محبت کم یزیدی سارے
اے مومن بھائیو اونہاں کولوں رہنا سدا کنارے

دنیا اندر جو کسے دے نال محبت پائے
روز قیامت نال اسیدے اسنوں رب اٹھائے

مَنْ تَشَبَّهَ بِقَوْمٍ فَهُوَ مِنْهُمْ حضرت نے فرمایا
جو کسے ریس کریسی اُس سنگ جاسی حشر اٹھایا

دعویٰ اہل البیت محبت مسجد قدم نہ پاون
اوہ جان یزیدی ٹولا جادیں سید نال سدا ون

فائدہ :۔ حاصل کلام امام حسینؓ نے یزید کی بیعت اس واسطے نہیں کی تھی کہ وہ فاسق فاجر تھا جیسا کہ شہادتین میں آتا ہے ۔ سَبَبُهُمَا اَنَّهٗ لَمَّا تَمَلَّكَ يَزِيْدُ وَتَسَلَّطَ وَ ذٰلِكَ رَجَبَ سَنَةَ سِتِّيْنَ بِدِمَشْقَ كَتَبَ اِلَى الْاَقَالِيْمِ الْاُخْرٰى بِالْبَيْعَةِ لَهٗ وَ كَتَبَ اِلٰى عَامِلِهٖ بِالْمَدِيْنَةِ الْوَلِيْدِ بْنِ عُقْبَةَ اَنْ يَّاخُذَ الْبَيْعَةَ مِنَ الْحُسَيْنِ ابْنِ عَلِيٍّ فَامْتَنَعَ الْحُسَيْنُ مِنْ بَيْعَتِهٖ لِاَنَّهٗ كَانَ فَاسِقًا مُدْمِنًا لِلْخَمْرِ وَتَارِكَ الصَّلٰوةِ وَالْجَمَاعَةِ وَالْجُمُعَةِ وَظَالِمٌ

ترجمہ ۔ سبب شہادت امام حسینؓ کا یہ ہے کہ جب امیر معاویہؓ نے وفات پائی تو یزید بن معاویہ تخت نشین ہوا اور یہ واقعہ سنہ ۶۰ ہجری ماہ رجب شہر دمشق میں ہوا ۔ اور یزید نے تمام ملکوں کے حاکموں کو لکھا کہ تمام آدمیوں سے میری بیعت لو ۔ اور مدینہ منورہ کے حاکم ولید بن عقبہ جو کہ صحابی رسول خدا اور نیک صالح آدمی تھا اس کو بھی لکھا کہ میری بیعت تمام لوگوں اور امام حسین سے لے ۔ جب حکم نامہ یزید کا مدینہ منورہ میں ولید بن عقبہ حاکم کے پاس آیا تو اس نے مروان سے مشورہ لیا کہ اس کام کو کس طرح سے کرنا چاہیئے ۔ مروان چونکہ دراصل پکا شیطان تھا اس واسطے اس نے یہ مشورہ

Marfat.com

دیا۔ کہ اے ولید سب سے پہلے امام حسینؓ اور عبدالرحمٰن بن صدیق اکبرؓ اور عبداللہ بن عمرؓ اور عبداللہ بن زبیرؓ سے یزید کی بیعت کی درخواست کرو۔ اگر یہ چاروں صاحب بیعت یزید اختیار کر لیں تو بہتر ورنہ ان چاروں کو قتل کر دے تاکہ سب لوگ ڈر جائیں۔ اور پھر کوئی بھی یزید کی بیعت سے انکار نہیں کرے گا۔ مروان خبیث کی یہ رائے سُن کر ولید بن عقبہ حاکم مدینہ نے کہا استغفراللہ میں ان بزرگ ہستیوں کو قتل کر کے اپنا روسیاہ کروں۔ کیونکہ وہ اہل بیت کا قدردان تھا اس لئے اس کو یہ بات اچھی نہ لگی۔ اور امام حسین کو ولیدؓ نے بلوایا۔ تو امام حسینؓ بمع اپنے غلام اور موالی کے ولیدؓ کے پاس گئے اور اور سب کو دروازہ پر چھوڑ کر تنہا اندر ولیدؓ کے پاس تشریف لے گئے ولید نے دروازہ پر آکر آپ کا استقبال کیا اور بڑی عزت سے اپنی مسند پر آپ کو بٹھایا۔ اور نامہ یزید کا آپ کے پیش کر دیا۔ حضرت امام صاحب نے فرمایا کہ کل دن جمعہ کا ہے جب امیر معاویہ کا انتقال اور یزید کی تخت نشینی کا علم ہر خاص و عام کو ہو جائے گا تو اس کے بعد علی الاعلان جو کچھ کہنا ہوگا کہا جائے گا۔ ولیدؓ نے عرض کی کہ آپ کا فرمان دل و جان سے مجھے منظور ہے۔ پھر امام حسینؓ جلدی سے اپنے مکان کی طرف چلے گئے۔ لکھتے ہیں کہ جب امام حسینؓ ولید کے پاس آئے تو مروان نے چپکے سے ولید کو کہا کہ اے ولید اگر تو نے اس وقت بیعت امام حسینؓ سے نہ لی اور رخصت ہو کر چلے گئے تو پھر قابو نہیں آئیں گے۔ میری تو یہی رائے ہے کہ اگر بیعت منظور کریں تو بہتر ورنہ ان سب کو قید کرو۔ جب تک بیعت نہ کریں۔ اور اگر پھر بھی بیعت سے انکار کریں تو سب کو قتل کرو۔ اور اس کام کرنے سے یزید تم پر بڑا خوش ہوگا۔ اور تمہارا مرتبہ اور رتبہ زیادہ کر دے گا۔ ولیدؓ نے کہا وَیْلَکَ یَا مَرْوَانَ۔ یعنی افسوس ہے اوپر تیرے اے مروان اے دشمن خدا۔ اگر مجھ کو تمام جہان کی بادشاہی بھی ملے تو بھی میں اس کام کے کرنے کو تیار نہیں ہوں۔ مروان خاموش ہو گیا۔ اور صبح کو جمعہ کا دن تھا۔ تمام خاص و عام کو امیر معاویہ کے انتقال کی اور یزید کی تخت نشینی کا علم ہو گیا۔ اور یہ خبر مشہور ہوئی۔ تو امام صاحب نے بعد نماز جمعہ منبر پر کھڑے ہو کر اعلان کیا اور فرمایا کہ ہم کو دنیا اور حکومت دنیا کی کوئی نہیں مگر یزید سے ہم ہرگز بیعت نہیں کر سکتے کیونکہ وہ شراب پیتا ہے اور بے نماز تارک جمعہ جماعت اور فاسق اور فاجر بدکار ظالم اور بے حیا ہے۔ اور ہم اہل بیت آل رسولؐ پاک ہیں جن کے حق میں اللہ تعالےٰ قرآن کریم میں ارشاد فرماتا ہے

اِنَّمَا یُرِیْدُ اللّٰهُ لِیُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَیْتِ وَیُطَهِّرَكُمْ تَطْهِیْرًا ۝

ترجمہ۔ سوائے اس کے نہیں کہ ارادہ کرتا ہے کہ اللہ یہ کہ لے جاوے تم میں سے پلیدی کو اے اہل بیت رسول خداؐ کے اور پاک کرے تم کو پاک کرنا۔ اس واسطے ہم اُس کی بیعت نہیں کریں گے۔

مسئلہ:۔ اس آیت شریف اور امام صاحب کی زبان پاک سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ جو لوگ بے نماز تارک جمعہ جماعت، زانی، شرابی، ظالم، چوپٹ، نرد، شطرنج کے کھلاڑی اور دن رات بیہودہ گوئی میں مشغول رہنے والے اور نیک کاموں سے ہمیشہ دُور رہنے والے اور بُرے کاموں میں ہمیشہ مشغول رہنے والے سب یزیدی جماعت ہے۔ اور اللہ تعالےٰ کے حکموں کی تعمیل کرنے والے قرآن مجید کی تلاوت کرنیوالے اور اس پر عمل کرنیوالے اور اس کے حلال کو حلال جاننے والے۔ اور اس کے حرام کو حرام جاننے والے اور بُرے کاموں سے اجتناب کرنیوالے یعنی دُور رہنے والے پرہیزگار جیسے فرمایا اللہ تعالےٰ نے

اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰكُمْ ۝

ترجمہ:۔ یعنی نزدیک اللہ تعالےٰ کے وہ لوگ بہتر ہیں جو پرہیزگاری کرتے ہیں سب بعد اہل بیت ہیں۔

Marfat.com

فصل سوم

امام حسینؓ کا مدینہ منورہ سے مکہ مکرمہ کو جانا اور کوفی شیعہ کا خط لکھنا اور امام حسینؓ کا مسلمؓ کو روانہ کرنا

وَخَرَجَ حُسَيْنٌ اِلٰى مَكَّةَ :- یعنی نکلے امام حسینؓ طرف مکہ معظمہ کے چوتھی ماہ شعبان کی اور ٹھیرے امام حسینؓ مکہ مکرمہ میں چند روز بمع اہل و عیال کے۔

سب رئیس لگے مڑے آئے چُمن قدم ولی دے — مرحبا جیو آیاں جم جم یا فرزند نبی دے
شاہ حسین گیا وچہ مکے ہوئی خبر چو پھیرے — رُکر کوفے وچہ صلاحیں کرن رئیس وڈیرے
لیئے شاہ حسینؓ سدائیے اُسدی بیعت کریئے — اوہ فرزند علی دا اُس دے قدماں تے سر دھریئے
رل اتفاق کیتا اس گل تے وڈی جماعت بھاری — لکھن خط امام صاحب نوں کوفی وارو واری
جلدی آؤ پاس اساڈے یا محبوب خدائی — پے در پے چلاون قاصد راہیں ڈاک چلائی
ہکے ہکے خط پہنچاون قاصد ہک آون ہک جاون — کول عزیزاں حضرت صاحب قدم رنجہ فرماون

وَلَمَّا وَصَلَ الْخَبَرُ اِلٰى اَهْلِ الْكُوْفَةِ اِتَّفَقَ مِنْهُمْ جَمِيْعٌ كَثِيْرٌ وَكَتَبُوْا اِلَى الْحُسَيْنِ وَيَدْعُوْنَهُ اِلَيْهِمْ ؕ

ترجمہ:- (جب خبر پہنچی اہل کوفہ کو تو اتفاق کیا اُن کی ایک جماعت بڑی نے اور خط لکھے طرف امام حسینؓ کے، اور بلایا ان کو طرف اپنے اور کہا کہ ہم سب کے سب آپ کے فرمانبردار اور غلام ہیں بہت جلدی ہمارے پاس آپ تشریف لاویں کیونکہ ہم سب مرد عورت آپ کی ملاقات کے مشتاق ہیں)۔

جب امام حسین کے پاس اُن کے پے درپے ایک سو پچاس خط آچکے تو آپ کو اُن کی از حد خواہش معلوم ہوئی تو امام حسینؓ نے کوفیوں کو ایک خط لکھا کہ میں فی الحال تمہارے پاس اپنے چچا زاد بھائی حضرت امام مسلمؓ بن عقیلؓ کو بھیجتا ہوں اس کی امداد کرنی تم پر فرض ہے۔

ہک آئے ہک جائے قاصد شوق ہزار زبانی — اندر خطاں محبت کردے کوفی چرب لسانی
اسیں شیعہ سب تابع تیرے باپ تیر یتوں والے — جلدی اتھے تشریف لیاؤ اہیں تیرے ہجر لتاڑے
سانوں شوق دیدار تساڈا جیہدے اِتول آؤ — سب کوفی شیعہ غلام تساڈے دیر نہ ہرگز لاؤ
تاں ستہ امام حسینؓ اصحاباں آکھے مرد خدا دا — یارو کوفے جاون دا میں کیتا پک ارادہ
ابن عباسؓ مؤدب ہو کر کرما عرض زبانی — حضرت کوفے مول نہ جاؤ کوفی بڑے حرامی
خطاں اندر جو شوق لکھیندے جو ٹھے چرب لسانی — وعدہ کدے نہ پورا کردے کوفی سب شیطانی
قول اقرار انہاں شیعاں والا ہے اعتبار نہ کوئی — مکر فریب اتے ٹھگ بازی کار انہاندی ہوئی
آخر مل کر سب اصحاباں ایہ صلاح پکائی — آپ نہ جاؤ اپنی جاگہ بھیجو مسلم بھائی
سچا صدق یقین اونہاندا جا کر ایہ آزمائے — لکھے پھیر تسانوں جو جو حال تنہاندا پاوے
تاں پھر آپ روانہ کیتا مسلمؓ اپنا بھائی — ہُن سنوں جو کوفیاں نال اونہاندے کی کرتوت کمائی

Marfat.com

فصل چہارم

امام مسلم کا کوفہ میں جانا اور کوفیوں نے امام مسلم سے خط لکھوانا

فَلَمَّا وَصَلَ مُسْلِمٌ الْكُوفَةَ نَزَلَ فِي دَارِ الْمُخْتَارِ ابْنِ عُبَيْدٍ وَبَايَعَ الْحُسَيْنَ عَلٰى يَدَيْهِ خَلْقٌ كَثِيْرٌ مِنْ اثْنَيْ عَشَرَ أَلْفًا

ترجمہ ۔ پس جب پہنچا امام مسلم بن عقیل کوفہ میں اور داخل ہوئے بیچ گھر مختار بن عبید کے اور بیعت کی امام حسینؓ کی اوپر امام مسلم کے بارہ ہزار آدمی نے اور کہا بعض نے چالیس ہزار آدمی نے بیعت کی ۔ پس اطلاع پائی اس پر نعمان بن بشیر نے جو حاکم تھا کوفہ کا یزید کی طرف سے اور وہ اصحاب تھا رسول خدا کا ۔ اس نے بھی عام لوگوں کو امام صاحب کی بیعت کرنے کی طرف لوگوں کو رغبت دلائی ۔

کوفی شیعہ قسماں کھادن اسیں تساں توں گھولے — قسم خدادی اسیں تمامی آل نبیؐ دے گولے
آخر رل بل بیعت کیتی چہل ہزار جواناں — سارے آکھن آل نبیؐ توں فدا اساڈیاں جاناں
مسلمؓ دا سن وعظ تمامی لوکاں نوں تاثیراں — رناں مردتے لڑکے لڑکیاں آدن گھت وہیراں
آکھن حضرت کدے نہ پھرساں بیعت تساڈی کر کے — نال تساڈے مدد کرساں جان تلی تے دھر کے
آخر رل بل ساریاں شیعاں آکھیا مسلم تائیں — یا حضرت ہن کوفے اندر شاہ حسینؓ بلائیں!
ڈٹھا ہے ہن آپ تساں نے ساڈا صدق ارادہ — شاہ حسینؓ بلاؤ سانوں حدوں شوق زیادہ!
لکھے اندر شاہ حسین نوں جلدی خط پہنچائیں — آجاؤ کوفے اندر خیریں تیریاں رتاں ملائیں
اپنا فیض ہن نام خدا دے سانوں بخشش کرنا — اسیں شیعہ سب تابع تیرے دو جیہا خوف نہ ڈرنا
گولے بردے مرضاں کردے تیرے نام دکانے — چھیب آکوفے اندر سانوں تیرے شوق پورانے
آخر حضرت مسلم صاحب کوفیاں دے گل آکھے — لکھیا حسین ولی نوں قاصد دہیں بلا کے

فصل پنجم

دربیان خط لکھانا امام مسلم سے اہل کوفہ کے سرداروں نے طرف امام حسینؓ کے

جس کا مضمون یہ تھا کہ ہم سب اہل کوفہ متفق ہو کر لکھتے ہیں کہ جس وقت حضور کی خدمت اقدس میں یہ خط ہمارا گزارش ہو تو اسی وقت روانہ ہو کر ہم غریبوں کو فیض یاب کرنے کے واسطے کوفہ میں تشریف لے آویں، کیونکہ ہم سب اہل کوفہ آپ کے غلام خدمت گذار ہو چکے ہیں ۔ اور ہم سب اہل کوفہ نے یزید کی بیعت توڑ کر آپ کی بیعت امام مسلمؓ کے ہاتھ ہاتھ پر کر چکے ہیں ۔ اور ہم سب اہل کوفہ آگے بھی آپ کے والد بزرگوار حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے شیعہ ہیں ۔ آپ ضرور بالضرور مہربانی فرما کر اسی جگہ تشریف لے آویں ۔ اور اسی خط پر سب اہل کوفہ کے بڑے بڑے امیروں نے مہر اور

عام لوگوں نے اپنی اپنی مہریں اور دستخطیں کر دی تھیں۔ اور زبانی بھی قاصد کو تاکید کی تھی کہ ہماری طرف سے امام صاحب کو بہت ہی عاجزی سے عرض کر دینی۔ جیسا کہ اس نظم میں ظاہر ہے ؎

جب جاہ قاصد شاہ حسین نوں ساڈی کہیں زبانی
سکدیاں ساڈوں مدت گذری جلد کرو مہربانی

یا حضرت تشریف لیاؤ ساڈوں شوق زیادہ
دیکھو گے نتیں آکر ایتھے حضرت شوق اساڈا

آطبیبا مرض جدائی والی کر کوئی کاری!
سکدیاں جان لباں پر آئی مہر کرو اک واری

نامہ لے کر قاصد جلدی تکتے دے ول دھایا
کوسنے والیاں لوکاں نائیں ڈاڈھا شوق سوایا

عورت مرد تمام اڈیکاں شاہ حسینؑ دیاں کردے
تجروں شام تائیں اوہ تکن شاہ علیؓ دے پوتے

خبر لیاون والے قاصد راہاں وچ بہائے
لیکر کن آواز پوے اوہ حضرت صاحب آئے

مجرے اُٹھ اٹھ ویکھن راہاں وڈن لڑکے بالے
کوٹھیاں تے چڑھ عورتاں تکن رستے کے والے

فصل ششم

امام مسلم کے کوفہ میں پہنچنے کی خبر سن کر یزید کو تردد ہونا

مسلم بن یزید حضرمی اور عمارۃ بن ولید جو یزید کی طرف سے اڈیٹر اخبار کوفہ میں مقرر تھے انہوں نے یزید کو خط لکھا۔

فَكَتَبَ مُسْلِمُ بْنُ يَزِيْدَ الْحَضْرَمِيُّ وَعُمَارَةُ بْنُ الْوَلِيْدِ ابْنُ الْعُقْبَةِ إِلَى يَزِيْدَ يُخْبِرَانِهِ عَنْ مُسْلِمٍ وَمِنْ أَهْلِ الْكُوْفَةِ إِلَيْهِ وَتَغَافُلُ النُّعْمَانِ ابْنِ بَشِيْرٍ عَنْهُ

ترجمہ:- پس لکھا مسلم بن یزید اور عمارہ بن ولید نے طرف یزید بادشاہ دمشق کے تمام حال امام مسلم بن عقیل اور تمام اہل کوفہ کا یعنی تمام کوفہ والوں نے تیری بیعت توڑ کر امام حسین کی بیعت امام مسلم کے ہاتھ پر اختیار کر لی ہے۔ اور نعمان بن بشیر جو حاکم ہے کوفہ کا وہ سستی کرتا ہے۔ جب یہ خط یزید کے پاس پہنچا تو اس سے پہلے پہلے چالیس ہزار آدمی کا مجمع امام مسلم کے ساتھ ہو گیا ہے۔ گویا تمام کوفہ والوں نے امام مسلم کے ساتھ بیعت کر لی ہے۔ اور نعمان بن بشیر بھی ان کے ساتھ ہی درپردہ معلوم ہوتا ہے۔ اور ہم اطلاعاً آپ کو عرض کرتے ہیں کہ امام حسین مکہ معظمہ سے عنقریب کوفہ آنے والا ہے۔ اگر امام حسین کوفہ میں آگئے تو سخت مشکل کا سامنا ہو گا۔ اور آپ کی بادشاہت خراب ہو جائے گی تو اس وقت یزید نے تمام وزراء کو بلا کر مشورہ لیا کہ اب کیا کرنا چاہیئے۔ تمام وزراء نے یک زبان ہو کر کہا کہ حاکم کوفہ نعمان بن بشیر کو معطل کیا جائے اور اس کی جگہ ابن زیاد کو حاکم کیا جائے۔

فصل ہفتم

نعمان ابن بشیر کا معزول ہونا اور عبیداللہ بن زیاد کا حاکم کوفہ ہونا

فَعَزَلَ يَزِيْدُ النُّعْمَانَ وَوَلَّى مَكَانَهُ عُبَيْدَ اللهِ بْنَ زِيَادٍ وَكَانَ وَالِيًا عَلَى الْبَصْرَةِ

Marfat.com

ترجمہ:- پس یزید نے معزول کیا نعمان بن بشیر کو جو اصحاب رسول خدا تھے۔ اس واسطے کہ وہ امام مسلم پر سختی نہیں کرتا تھا اور اس کی جگہ عبیداللہ بن زیاد کو جو پہلے حاکم تھا بصرہ کا حاکم مقرر کر دیا۔ الغرض یزید نے ابن زیاد کو خط لکھا کہ تم اپنی جگہ بصرہ میں کسی شخص کو حاکم کر کے جلدی سے کوفہ میں جا کر نعمان بن بشیر کو معزول کردے۔ اور جن لوگوں نے امام مسلم کے ہاتھ پر بیعت کی ہے اُن کو کہہ دو کہ اُن کی بیعت توڑ کر میری بیعت قبول کریں۔ اور اگر یہ بات وہ قبول نہ کریں تو بمعہ امام مسلم سب کو قتل کر ڈالو۔ اور ہرگز ہرگز اس کام میں دریغ نہ کریں۔ ابن زیاد چونکہ بڑا بے رحم اور سخت دل آدمی تھا اس واسطے یزید نے ابن زیاد کو کہا کہ میری طرف سے امام حسینؓ کو بھی کہہ دینا کہ یزید کی بیعت قبول کر اگر وہ بھی میری بیعت قبول نہ کرے تو اس کو بھی قتل کرو۔ اور فوجیں جتنی تم چاہو میں بھیج دوں گا۔ ابن زیاد نے بڑا بھاری عتاب کا لکر کیا فَخَرَجَ عُبَیْدُ اللّٰہِ بْنُ زِیَادٍ مِّنَ الْبَصْرَۃِ اِلَی الْکُوْفَۃِ - پس یزید کا پروانہ پڑھ کر ابن زیاد بصرہ سے کوفہ کی طرف روانہ ہوا اور ایک بڑے بھارے لشکر کو ہمراہ لایا۔ اور جب مقام قادسیہ پر پہنچا جو قریب کوفہ ہے تو اپنے لشکر کو اسی جگہ چھوڑا اور لباس شاہی دُور کر کے لباس عربی پہن کر ڈاچی پر اسوار ہو کر مثل عربیوں کے بن کر رات کے وقت کوفہ میں داخل ہوا۔ تاکہ لوگ گمان کریں کہ امام حسینؓ آئے ہیں۔ اور مجھے ابن زیاد معلوم کریں۔ الغرض جسوقت ابن زیاد کوفہ میں داخل ہوا تو لوگوں نے امام حسینؓ سمجھ کر اس کے اردگرد مرحبا مرحبا یا فرزند رسول خدا کے نعرے بلند کئے۔ اور مثل نقیبوں کی اس کے آگے پیچھے چلتے تھے اور اس کی قدم بوسی کرتے تھے۔ اور اندھیری رات کے سبب کسی کو معلوم نہ ہوا کہ یہ ابن زیاد ہے پس وہ چپ رہا یہاں تک کہ داخل ہوا خاص کچہری کی جگہ میں اور لوگوں کو حکم دیا کہ تمام اپنے اپنے گھروں میں چلے جاؤ۔ اور آپ حاکم نشین مکان میں چلا گیا۔ اور آرام کیا ؎

بصرے اندر اپنی جاگہ چھوڑیا اپنا بھائی	منزل منزل کوفے اندر آیا واہو داہی
جاں قادسیہ وچہ پہنچیا اوتھے بیٹھ کرے تجویزاں	کیونکر وڑساں کوفے اندر کر دا ایہہ تمیزاں
کرے قیاس جو نال میرے ایہہ فوج تمامی ہوسی	کوفی میں وڑن نہ دیسن فتنہ اٹھ کھلوسی
اوسے جاگہ قادسیہ وچہ فوج تمامی چھوڑے	کل سپاہی تے ہمراہی اٹھ تے ہاتھی گھوڑے
جو لباس عراقیاں والے بدنوں کل اتارے	عربیاں وانگوں اوہ سب اپنی کل پوشاک سوارے
کرکے اٹھ اسواری چلیا سرتے بنھ عمامہ	سگواں عربی آیا جاپے جیویں کر شکل اماماں
اگے لوکی تکدے ہیسن راہ حسینؓ دلی دا	اچن چیتی لوکاں جاتا آیا پت علی دا
ملدے آکر شہروں باہر کہن سلام تمامی	اگوں چپ نہ بولیا ہرگز ابن زیاد حرامی

فصل ہفتم

امام مسلم کی شہادت اور شیعوں کا بھاگ جانا

جب صبح ہوئی تو ابن زیاد نے لوگوں کو بلا کر وہ سند حکومت کوفہ کی پڑھ کر سنائی اور یزید کی مخالفت کرنے سے دھمکایا۔ اور حکم دیا کہ جو کوئی امام مسلم بن عقیلؓ کی امداد کرے گا میں اس کو بڑا سخت ماروں گا اور سخت سزا دوں گا۔ اور امام مسلم کی جماعت کو ٹکڑے ٹکڑے کر کے پھاڑ دیا۔ اور امام مسلم بن عقیلؓ ام ہانی بن عروہ کے گھر جا چھپے ابن زیاد نے محمد بن

Marfat.com

اشعث کو فوج دے کر بھیجا کہ ام ہانی کو پکڑ لا دیں۔ اور تمام اہل کوفہ کے سرداروں کو اپنے پاس قید کیا۔ اور یہ خبر سن
باقی اہل کوفہ نے قریب چالیس ہزار آدمی کے جمع ہو کر بلوہ کیا اور مکان حاکم نشین کو گھیر لیا۔ تب ابن زیاد نے رئیسان
کو مثلاً بشیر بن شہاب اور محمد بن اشعث اور ابن ربیعی اور شمر ذی الجوشن وغیرہ کو فرمائش ڈال کر اپنا مددگار بنالیا۔
طرح تمام اہل کوفہ کو امام مسلم کی رفاقت سے متفرق کردیا۔ حتیٰ کہ شام تک چالیس ہزار آدمیوں سے جو کہ امام مسلم
کر چکے تھے صرف پانچسو آدمی رہ گئے۔ لکھتے ہیں کہ جب امام مسلمؓ نے مسجد کوفہ میں مغرب کی نماز کی امامت کرائی تو پانچسو
مقتدی تھا اور جب سلام پھیرا تو ایک بھی نظر نہ آیا۔ موقعہ پاکر سب نکل گئے۔ اور امام مسلم اکیلے نماز پڑھتے رہے۔ اور بعض
نے لکھا ہے کہ جب امام مسلمؓ ابن زیاد کے مکان کے قریب آئے تو دیکھا کہ سب شیعیان علی یعنی جن کا دعوے تھا کہ ہم علی
شیعہ ہیں بھاگتے چلے جارہے ہیں۔ امام مسلم نے کہا کہ اے محبان اہل بیت اب کہاں جاتے ہو تو کسی نے جواب نہ دیا
امام مسلم نے فرمایا اے شیعیان کوفہ تم نے ہم کو خط لکھے اور قاصد بھیجے اور کمال اصرار کے ساتھ بلایا۔ اور اقرار اور
کئے۔ اور اب کیا کرتے ہو۔ دشمنوں کے ہاتھ میں مجھے اکیلے کو چھوڑ کر آپ بھاگے جاتے ہو۔

نظم

حضرت مسلم ہک عورت تھیں منگیا آکر پانی
پانی آن پلایا بڈھی عاجز درد رنجانی

پانی پی کر بیٹھا مسلم دو وچہ کرے دلیلاں
بڈھی پچھدی کون کوئی توں صاحب حسن جمیلاں

جاہیں توں کوئی صاحبزادہ کی دلگیری تینوں!
کیوں توں نکراں دے وچہ بیٹھوں دس حقیقت مینوں

مسلم آکھیا میں پردیسی کے شہر وسیندا
شاہ حسینؓ دا بھائی ہاں میں مسلمؓ عاجز بندہ

کوفی شیعیاں سد بلایا نام ہے مسلمؓ میرا
میں اپنے غم درداں دیوچہ ہاں دلگیر ودھیرا

بڈھی آکھیا اوہ مسلمؓ جس تابعدار ہزاراں!
بھائی شاہ حسینؓ ولی دا سید شاہ ابراراں

میں صدقے اج گلیاں دے وچ کیوں تیں پھریں ڈولاندا
کہتے گئے اوہ شیعہ تیرے جنہاں تینوں آندا

مسلم آکھیا ابن زیادوں ڈر کر نٹھے سارے
توڑ گئے اوہ بیعت میری قول اقرار وسارے

طوعہ نام بڈھی دا آہا کردی خاطر داری
گھر اپنے بٹھلایا اوہ سی سنت اہل پیاری

دیوا بال دتا وچہ گھر دے اندر شاہ اکلا
کرکے وضو نماز گذارے گھر دچہ گھت مصلاّ

غم فرزنداں لاڈلیاں دا گھیرا آن بلادے
رد رد ہجوں ہار پر ودے فرزنداں دے ہاڑے

قاضی ابن شریح دے گھر وچہ آہے بال ایانے
خبر نہیں کی حال اوہناں دا اللہ مالک جانے

آیا سی اس بڈھی دا پت ڈاہڈا تھکا ماندا!
مائی اگے کھانا دھریا نال تسلی کھاندا!

دیکھیا اپنی مائی تائیں ہسے نالے رودے
اندر جاوے باہر آوے بیٹھے اٹھ کھلوے

بیٹا پچھے مائی کولوں کی اج ہویا تینوں!
اپنے رودن ہسن والی دس حقیقت مینوں

اس سنی عورت آکھیا اپنے بیٹے شیعہ تائیں
مسلم شاہ اساڈے گھر وچ لیاندا اللہ سائیں

خوش ہوداں ایہ وڈی رحمت دولت حاصل ہوئی
آل رسول جو خدمت کردا جنت ورسی سوئی

روداں گر کریا دا انہاں دی حالت درداں والی
کونیاں دعا کمایا آندا نکیوں حضرت عالی

بیٹا اس دا نوکر آہا جو کوتوال سی کوفی!
وڈا فاسق فاجر ظالم وعدے دا اپوقی

جد اوہ وچہ کچہری آیا ایہ گل ہوندی آہی
مسلم شاہ نوں گھر گھر بھالن کارن گئے سپاہی

Marfat.com

کرن منادی مشہم شاہ نوں جو کوئی ایتھے لیاوے — پنج سو لفقد روپیہ نالے جوڑا گھوڑا پاوے
کرکے طمع اوہ شیعہ دلوچہ کو توالی ول جاندا — حال حقیقت مسلم والی اسنوں آکھ سناندا
مسلم گھر ساڈے وچہ بیٹھا کتے نہ ڈھونڈن جاؤ — لشکر بہت اکٹھا کرکے میرے نال لیاؤ!
ابن زیاد دے کارن کہندا ترت محمد داہی — میرے نوکر دے گھر چھپیا پکڑو دیر نہ کائی
تاں اوسے وقت یزیدی لشکر مسلم اوپر دھائے — گھوڑیاں دے ہنکار سنے کھڑکار سماں دے آئے
ملوعہ سُنی دا گھر آکر گھیریا اوہناں شیطاناں — مسلم اندر کیوں لک بیٹھوں باہر آ جواناں

فَخَرَجَ مُسْلِمٌ بِسَيْفِهٖ يُقَاتِلُهُمْ ۔ ترجمہ ۔ پس باہر آیا امام مسلمؓ اور نکالی تلوار اپنی اور قتل کیا بہت ے خارجیوں کو اور باقی فوجی دوڑ کر کوٹھوں پر چڑھ گئے ۔

پس امام مسلم کو سخت پیاس لگی تو اس بڑھڑی مائی سے پانی طلب کیا ۔ تو اس مائی نے پانی دیا امام مسلم کو جب پانی پینے لگے تو ایک موذی نے تلوار چلائی تو آپ کا ہونٹ گیا ۔ اور وہ پیالہ سب خون ہوگیا ۔ اس کو واپس کرکے ے مائی یہ دنیا کا پانی اب ہمارے نصیب میں نہیں ہے ۔ ہم کو اللہ تعالےٰ جنت میں شراب اپنی رحمت سے پلائے اس کے ابن حریث اور ابن اشعث اور شمر ذی الجوشن نے ان کو فریب سے قید کرکے شہید کردیا ۔ اور سر مبارک کو نیزے ر ابن زیاد کے پیش کیا ۔ یہ واقعہ تیسری ذی الحجہ کے دن گذرا ہے

ہکے سنادن شیعہ سارے عاشق آل نبیؐ دے — اج ہن تابع بن گئے سارے ابن زیاد شقی دے
اوہ دن یاد نہ رہیا تنہاں جد آندا چایئں چایئں — اج لہو دے ترہائے کوفی شیعہ سب بلائیں
کئی ہزاراں قاصد گھلے منتاں نال منگایا — اج دتا ہتھ خارجیاں دے واہ دا غل کمایا
ظاہر اہل اہلبیت محبت باطن دغے کمائے — دوست بن کر دشمن ہوئی جھوٹے لارے لائے
ایہہ ٹھہ قدیموں شیعاں نے ہے تقیہ آڈ جنائی — حضرت علیؓ شہید کیتا سی کجھ تے اندر بجائی
جس شہید علی نوں کیتا دیکھیا وچہ کتاباں — اوہ تابدار حیدر دا پکا شیعہ مڈھ سناواں

فصل ہشتم

حضرت امام مسلمؓ کے دونوں صاحبزادوں کی شہادت

نقل کرتے ہیں کہ بعد شہادت امام مسلم کے ان کے دونوں صاحبزادوں کو ایک عورت پارسا نے اپنے گھر کے ایک گوشہ میں بٹھا کر کھانا کھلایا اور چھپایا ۔ اور آپ گھر کے باہر سو رہی کچھ رات گزری اس کا خاوند آیا اس ے نے پوچھا کہ اتنا وقت کہاں رہے ہو تو اس نے کہا کہ میں جب صبح کچہری میں گیا تو ایک منادی نے پکارا کہ جو کوئی سلم کے دو فرزندوں کو تلاش کرکے کچہری میں پیش کرے گا اس کو ایک گھوڑا اور عمدہ لباس اور بہت سا مال انعام ے گا ۔ میں نے تمام دن ان کی تلاش میں گھوڑا دوڑایا اور جب گھوڑا تھک گیا تو پیدل ہو کر صاحبزادوں کو تلاش ا ہوں مگر منزلِ مقصود کو نہیں پہنچا ۔ اس عورت نے کہا اے مرد خدا اللہ تعالےٰ سے ڈر اور حضرت محمد مصطفےٰؐ سے اور اس کی آل پر ظلم نہ کر اس نے کہا اے عورت چپ رہو ابن زیاد نے بہت سا انعام رکھا ہے جو کوئی ان کو پکڑ

Marfat.com

کرلائے گا، وہ انعام پائے گا - پھر اس عورت نے کہا اے مرد یہ کوئی مردانگی نہیں ہے کہ یتیم بچوں کو دشمن کے ہاتھ میں دینا - اور مال دنیا کے واسطے اپنا رو سیاہ کرنا - اس کے خاوند نے کہا اے عورت چپ رہو اور جلدی سے کھانا لاؤ کہ ہم کھا کر اپنے کام مشغول ہوں - عورت بے چاری نے جو کھانا تھا حاضر کر دیا اور آپ اسی غم میں سو رہی جب کچھ رات گذری تو بڑا صاحبزادہ جس کا نام محمدؓ تھا جاگا - اور اپنے چھوٹے بھائی ابراہیمؓ کو بلایا کہ اے بھائی اٹھ کوئی بات کر لیں کہ ہم نے بھی شہید ہی ہونا ہے - میں نے اسوقت اپنے والد بزرگوار حضرت مسلمؓ کو دیکھا ہے کہ وہ حضرت محمد الرسول اللہ اور حضرت علیؓ اور حضرت فاطمہؓ اور حضرت امام حسنؓ مجتبیٰ کے پاس جا کر بیٹھ گیا - اور وہ تمام صاحب جنت کے باغوں کی سیر کر رہے ہیں - تو اچانک حضرت محمدؐ مصطفےٰ کی نظر مبارک ہمارے والد امام مسلمؓ پر پڑی تو فرمایا اے مسلمؓ تیرے جی میں کیا آئی کہ تو اپنے مظلوم معصوم بچے ظالموں کے ہاتھ میں چھوڑ آیا ہے - تو والد بزرگوار نے عرض کی کہ یا حضرت وہ بھی میرے پیچھے پیچھے آ رہے ہیں - اس واسطے معلوم ہوتا ہے کہ ہم کو بھی یہ شہید کر دیں گے تو چھوٹے بھائی نے کہا کہ میں نے بھی یہی خواب دیکھا ہے ؎

دوہاں بھائیاں ہکدوجے دے گلو چہ باہیں پایاں — رخساریاں اوپر رکھ رخسارے رودن گھت دوہایاں
مسلمؓ باپ اساڈا سانوں کلیاں چھوڑ سدھایا — وچہ پردیس نہ دردی کوئی باجھ اللہ دے آیا
جد اوہ دونویں رودن لگے دو یتیم نمانے — تاں اس حارث شور انہاندا سنیا اوت ٹکانے
پچھدا اپنی عورت کولوں ہن کی شور کوکارا — گھر ساڈے دے اندر ہوندے دسیں ایکی کارا
عورت عاجز چپ زبانی کرے کلام نہ کائی — تاں حارث جلدی دیوا بالیا اندر ڈٹھا یا داہی
اندر وڑکے ویکھیا تاں دو طفل ایانے پائے — پچھدا کون تسیں انہاں آکھیا تاں اسیں مسلمؓ جائے
اس بدبخت کمینے دوہاں صاحبزادیاں پھڑیا — میرے گھر شکار تے میں کیوں باہر بھالن چڑھیا
مشکاں بنھ ییتاں تائیں قتل ارادہ کیتا — عورت اسدی ترلے کردی ایہ کم نہ کر نیتا
اس عورت اتے غلام تے لڑکے سارا زور لگایا — مگراں اس بدبخت کمینے دل وچہ رحم نہ آیا

فائدہ :- جب حارث نے صاحبزادوں کو پکڑ کر قتل کا ارادہ کیا تو اس کی عورت اور غلام اور اس کے لڑکے نے روکا مگر وہ بدبخت نہ رکا - تو انہوں نے عاجز ہو کر یہ مشورہ دیا کہ تو ان کو زندہ پکڑ کر ابن زیاد کے سپرد کر دے مگر اپنے ہاتھ سے قتل نہ کر، حارث نے کہا کہ ان کی تلاش میں بہت سے آدمی پھر رہے ہیں - اگر میں ان کو زندہ لے کر جاؤنگا تو لوگ مجھ سے چھین لیں گے - اور میں اپنے مقصد سے خالی رہ جاؤں گا - الغرض ان تینوں نے اس کو روکنے کی کوشش کی یہاں تک کہ اس بدبخت نے اپنی عورت اور غلام اور لڑکے کو قتل کر ڈالا - اور بعد اس کے ان معصوم صاحبزادوں کے سر مبارک تن سے جدا کر لئے اور لاشیں نہر فرات میں پھینک دیں - اور سر مبارک ابن زیاد کے سامنے لے گیا تو ابن زیاد نے کہا کہ تم نے ان بے گناہ معصوموں کو کیوں قتل کیا - میں نے یزید بادشاہ دمشق کو لکھا ہوا ہے کہ ہم نے امام مسلمؓ کے دو صاحبزادوں کو قید کیا ہوا ہے - اگر وہ مجھ سے طلب کریگا تو میں اس کو کیا جواب دوں گا - غصہ میں آ کر جلاد کو حکم دیا کہ اس کو قتل کر دو - چنانچہ جلاد نے اسی وقت اس بدبخت حارث بن عروہ کو قتل کر دیا - اور اہل بیت کے ساتھ دشمنی کر کے اپنے کئے کی سزا پا گیا - اور دوزخ کا ایندھن بنا - یعنی اپنی عورت، غلام، لڑکے اور صاحبزادوں کو قتل کر کے سب کچھ قتل ہو گیا اور خسر الدنیا والآخرۃ کا مصداق ہوگا -

فائدہ :- یہ قصہ دو طرح بیان کرتے ہیں - ایک تو اوپر بیان ہو چلا ہے - اور دوسرا قاضی ابن شریح کا یوں ہے -

Marfat.com

جسدن حضرت مسلم کولوں شیعیاں نے منہ موڑے
مسلم ہویا شہید تے نالے اسداد دست ہانی
ابن زیاد کہیا پھڑ مارد کون اونہاندا وردی
جس گھر ثابت ہوسی اسنوں پھڑ کر سولی دیساں
لبھن والا عزت پاسی نالے دولت دُونی
میرے گھر تھیں نکلن جیوں کر خبر ہوئی سرکارے
چڑھ اسوار پیادے ڈھونڈن ہر گھر ہین تلاشی
رات پئی تاں گھر وچہ جا کر کہندا دوہاں بھراواں
کوفے اندر رہ کر تسیں خود اپنی جان گوا سو
لڑکے دونویں رودن لگے درد دے وچہ بھارا
قاضی آکھیا وقت صبح کل ہویا شہید پیارا
درد فراق عماں تھیں دونویں رودن مارن آہیں
یک پردیسی بال ایانے تیجا غم دیاں کا تگاں
دوہاں یتیماں درد فراقوں دل وچہ غم سوائے

قاضی ابن شریح سنی دے گھر دو لڑکے چھوڑے
چغلی جا کر ماری حاکم پاس کسے شیعانی
ڈھونڈ د مسلم دے پت دونویں تلاشی ہو ہر گھر دی
جیوں کر اگے مار یا ہانی مردہ خوار کر یساں
ابن شریح جد گلاں سنیاں منہ ہویا جیوں پانی
میں نوں بھی ہور صاجزادیاں ابن زیاد امارے
ایہ گل سن کر قاضی تائیں ہوئی سخت ہراسی
چلو صاجزادیو ہیں نساں نکلے دے راہ پاچاں
گھر گھر بھال تساڈی ہوندے ایویں مارے جا سو
قاضی صاحب وسو سانوں کہتے باپ پیارا
بھی قتل تساڈے کارن وشمن کو فہ بھالیا سارا
دوتی وشمن بھی کوئی اوہ دن شالا ویکھے ناہیں
تازہ زخم لگے وچہ سینے درد لکایاں سانگاں
اے بابا کیوں چھڈ گیوں سانوں اندر دیس پرائے

فائدہ:- القصہ قاضی صاحب نے باہر لے جا کر کہا کہ یہ جو قافلہ جاتا ہے اس کے پیچھے پیچھے چلے جانا۔ اور یہ قافلہ مکّہ شریف جائے گا تم بھی ان کے ساتھ مکّہ شریف پہنچ جاؤ گے۔ اور اسوقت قافلہ کے مکّہ کے راستے میں جانے کا آواز سنائی دیتا تھا۔ مگر وہ صاجزادے تھوڑی دور جا کر قضائے الہٰی سے اندھیری رات کے رستہ بھول کر پھر کوفہ میں آگئے تو چونکہ سپاہی ان کی تلاش میں پھر رہے تھے اس واسطے انہوں نے پکڑ کر مشکیں باندھ لیں اور ابن زیاد کے حوالے کر دیا۔ ابن زیاد کمبخت نے حکم دیا کہ اے جلّاد ان کو قتل کر دے۔ تو دونوں صاجزادوں نے نہایت ہی منت زاری کی مگر وہ موذی باز نہ آیا۔ آخر صاجزادوں نے کوفی شیعوں کی طرف مخاطب ہو کر فرمایا اے شیعان علی اہل بیت کے مجبور تم نے ہمارے والد کو بھی شہید کرا دیا۔ اور ہم بے گناہوں کو بھی پکڑ کر ابن زیاد کے حوالے کر دیا۔ کیا تم کو کچھ شرم نہیں آتا۔ تو وہ سب خاموش ہو گئے۔ الغرض ابن زیاد نے جلّاد کو حکم دیا کہ ان کو جلدی شہید کرد۔ چنانچہ جلّاد نے ویسا ہی کیا اور دونوں صاجزادوں اور امام مسلم اور ہانی کے سر مبارک نیزوں پر نصب کر کے دمشق میں یزید بادشاہ کے پاس بھیجدیئے۔

فصل نہم

امام مسلم کا آخری خط لکھنا امام حسین کو، اور کن لوگوں نے امام مسلم کو شہید کیا تھا، اور کن لوگوں نے امام حسین کو کوفہ میں بلایا تھا، کیا وہ شیعہ تھے یا سُنی تھے، اسکو بحوالہ کتاب مفصل طور پر ہم ناظرین کے پیش کرتے ہیں تاکہ انصاف معلوم ہو جائے کہ کون لوگ

Marfat.com

محب اہل بیت ہیں اور کون دشمن اہل بیت ہیں

وَفِی ذَالِكَ خَرَجَ الْحُسَيْنُ مِنْ مَكَّةَ اِلَى الْكُوفَةِ وَقِيلَ كَانَ خُرُوجُهُ يَوْمَ التَّرْوِيَةِ -

ترجمہ :- جس دن نکلے امام حسینؓ مکہ سے طرف کوفہ کے وہ دن ترویہ کا تھا - یعنی آٹھویں ماہ ذوالحجہ کا

عاجزیاں تے منتاں کر کر شیعیاں خط لکھایا ۔ جھب آ شاہ حسینیاں کوفے کیوں اتنا چر لایا

اسیں شیعہ سب تابع تیرے ہرگز غم نہ کرنا ۔ اساں جاناں رکھ تلی تے تیاں اگے تیتھوں مرنا

اسیں دشمناں تیریاں لے سنگ لڑیئے دیئے جان پیاری ۔ جھب آ مرغاں وانگوں کوفے اندر مار اڈاری

آکر دیکھیں خارجیاں سنگ کیکر کراں لڑائی ۔ اسیں شیعہ سب تابع تیرے خوف نہ کرنا کائی !

اسیں خارجیاں نوں مار مکایئے جڑھ تھیں پٹ گوایئے ۔ اپ تیریا بدلہ لیئے تیرے ٹھنڈ کلیجے پایئے !

جھب آ شاہ حسیناں تیریاں سانوں جھب اڈیکاں ۔ اسیں شیعہ سب دشمناں تیریاں لائیے سو سو لیکاں

جھب دے مسلم عقیل جیوں کر کوفی کرن کمایاں ۔ جواج بن محب تے شیعہ کر کر کے وڈیائیاں

شاہ حسینؓ دی مدد کرن جد کوفے اندر آیا ۔ یا دشمناں دے وس پا دن جیوں کر مسلم قتل کرایا

ہن دیکھیا جاسی تابعداری کس دی کرسن بھائی ۔ شاہ حسین یا ابن زیاد دے مہلت نیڑے آئی !

جد کوفیاں دے خط بعد آئے شاہ حسینؓ نوں بھائی ۔ تاں مکہ چھوڑ روانہ ہویا اوہ مقبول الہی !!!

فائدہ :- شیعہ لوگ عام جاہل سنیوں مسلمانوں کو دھوکہ دیتے ہیں - اور کہتے ہیں کہ جو کچھ امامین کے ساتھ دشمنی کی کاروائیاں کی گئی ہیں وہ سب سنت اہل جماعت نے ہی کی ہیں - اب ہم بتوفیق الہی شیعوں کی کتابوں سے ثابت کر کے دکھاتے ہیں کہ جنہوں نے امام مسلم کو شہید کیا - اور امام حسین کو مکہ مکرمہ سے خط بھیجکر منگوایا وہ کون تھے سنت اہل جماعت تھے یا شیعہ صاحبان تھے -

مسئلہ دمع الہنون ترجمہ جلاء العیون باب پنجم فصل تیراں جو کہ شیعہ کی معتبر کتاب ہے اس میں مرقوم ہے کہ جب امام حسنؓ کا وصال ہوا تو عراق کے شیعہ حرکت میں آئے اور خط امام حسین علیہ السلام کو لکھا کہ ہم امیر معاویہؓ کو خلافت سے معزول کر کے آپ کے ساتھ بیعت کرتے ہیں ۔ آپ کی اس میں کیا رائے ہے ۔ امام حسین علیہ السلام نے ان شیعوں کو جواب دیا کہ صبر کرو جب موقعہ آئے گا تو دیکھا جائے گا - اور امام حسینؓ نے ان شیعوں کی کوئی مصلحت نہ دیکھی -

مسئلہ :- جب امیر معاویہ کا انتقال ہوا تو تمام شیعان کوفہ نے سُنا کہ امام حسین علیہ السلام مکہ معظمہ میں آ گئے ہیں ۔ چنانچہ سلیمان بن صرد خزاعی کے مکان پر جلسہ ہوا سلیمان خزاعی نے سب سے مخاطب ہو کر کہا کہ امیر معاویہؓ کا انتقال ہو گیا ہے ۔ اور امام حسین علیہ السلام یزید کی بیعت سے انکار کر کے مکہ معظمہ میں چلے گئے ہیں تم سب لوگ ان کے اور ان کے بزرگوں کے شیعہ ہو - اب ان کی امداد کرو - اور عریضہ لکھ کر بلاؤ - تمام شیعوں نے یک زبان ہو کر کہا کہ جب وہ صاحب یعنی امام حسینؓ یہاں ہمارے شہر میں تشریف لائیں گے اور لوز قدم سے منور کریں گے تو ہم سب بقدم اخلاص ان کی خدمت میں حاضر ہو جائیں گے - (نقل از دمع الہیون باب پنجم صفحہ بائیس ۲۲)

فائدہ :- محبان اہل بیتؓ سے ڈیڑھ سو خط جا رہا ہے امام حسینؓ کی خدمت اقدس میں یعنی عقیدت اور اخلاص کے مکر دستوں سے امام کو پھسلایا جا رہا ہے -

Marfat.com

مسئلہ :- اہل کوفہ یعنی رئیسان کوفہ نے قیس بن مہر اور عبد اللہ بن شداد کو اور عمارہ بن عبد اللہ ڈیڑھ سو خط دے کر امام حسین کی خدمت اقدس میں روانہ کیا۔ اور پھر بعد دو روز کے ایک اور خط لکھا اور بدست ہانی بن ہانی سبیعی عبد اللہ عبد الرحمان کو دے کر بخدمت امام حسین بن علی بن ابی طالب کے جا دے۔

اما بعد۔ آپ حضور بہت جلد اپنے خیر خواہوں کے پاس تشریف لائیں۔ تمام آدمی آپ کی امامت کے منتظر ہیں اور سوا آپ کے غیر کی طرف رغبت نہیں رکھتے۔ یعنی آپ کے سوا کسی غیر کو اپنا خلیفہ بنانا نہیں چاہتے۔ اور آپ جہاں تک ہو سکے بہت جلدی یہاں تشریف لادیں (نقل از دمع الہتون باب پنجم فصل تیراں)

فائدہ :- یہ آپ کے شیعہ امام حسینؓ کو سبز باغ دکھا رہے ہیں۔ ابھی ایک زمانہ آئے گا کہ امام صاحب پر خود تلواریں چلائیں گے۔

مسئلہ :- امام حسین علیہ السلام کو خطوط پر خطوط کوفی شیعوں کی طرف سے آرہے ہیں۔ مگر امام حسینؓ نے کوئی جواب نہیں لکھا تھا۔ یہاں تک کہ بارہ ہزار خط آچکا تھا۔ تو آخری خط کا جواب آپ نے لکھا (دمع الہتون باب پنجم صفحہ ۱۴۰)

مسئلہ :- امام مسلم کو امام حسینؓ نے کوفیوں کی بیعت کرنے کے لئے ہمراہ قیس بن مہر عمارہ بن عبد اللہ سلون بن عبد الرحمان ازدی کے روانہ کیا۔ اور فرمایا کہ اگر کوفی میری بیعت کرنے پر اتفاق کریں تو مجھ کو بہت جلدی حقیقت حال ان کے سے اطلاع کریں۔ جب امام مسلم اُن کے ہمراہ کوفہ میں پہنچے تو پچیس ہزار آدمی اہل کوفہ امام صاحب کی بیعت میں مشرف ہوئے۔ اور جب ابن زیاد کوفہ میں آیا تو بھی امام مسلم ام ہانی کے گھر پوشیدہ طور پر بیعت لیتے رہے (دمع الہتون باب پنجم صفحہ تیراں)

مسئلہ :- امام مسلم نے ستائیس روز اپنی شہادت سے پیشتر ایک خط امام حسین علیہ السلام کو لکھا۔ اس میں اظہار عقیدت اور انقیاد اہل کوفہ کا تھا۔ اور ایک جماعت اہل کوفہ نے بھی خطوط حضرت کو لکھے کہ یہاں ایک لاکھ تلوار آپ کی امداد کے واسطے تیار ہے (نقل از دمع الہتون باب پنجم)

مسئلہ :- جب ابن زیاد کوفہ میں آیا تو تمام شیعہ جماعت امام مسلم سے جدا ہوگئی۔ اور ابن زیاد کے گرد مثل مکھیوں کے ہوئے۔ اور اسی روز وہ مسجد میں آیا اور منبر پر کھڑے ہو کر منادی کرنے لگا۔ کہ جو لوگ بزرگ رئیس اس وقت مسجد میں نہ آئے گا میں اس کا خون بہا دوں گا۔ اور اس کو سخت ذلیل و خوار کروں گا۔ پس تھوڑی دیر میں مسجد پُر ہو گئی۔ اور سب آدمی حاضر ہو گئے (دمع الہتون صفحہ ۴۴)

مسئلہ :- ابن زیاد نے منبر پر کھڑے ہو کر کہا کہ جو شخص امام مسلمؓ کو پکڑ کر لائے گا۔ میں اس کو دو سو درہم انعام دوں گا۔ تو ستر آدمی شیعہ اس انعام کے طمع سے امام مسلم کے پکڑنے کو تیار ہوئے۔ جیسا کہ اوپر ذکر ہو چکا ہے۔ جب امام مسلم کو پکڑ کر لے آئے۔ تو آپ بہت غمناک ہوئے اور رونے لگے تو عبید بن عباس بن مرد اس نے کہا جو آپ کا پکا شیعہ تھا۔ اے مسلم کیوں روتے ہو۔ مقصد حاصل کرنے کے لئے یہ تکلیف زیادہ نہیں (دمع الہتون باب پنجم صفحہ تیراں سے لے کر چار سو اکتالیس تک۔

مسئلہ :- پچیس ہزار شیعہ سے امام مسلم پانی مانگتے ہیں۔ مگر وہ منہ چڑاتے ہیں۔ اور امام مسلم کی وصیت بھی نہیں سنتے۔ اور اتنے شیعوں کے ہوتے ہوئے اُن کا جرنیل ان کے سامنے قتل کیا جاتا ہے۔ مگر شیعہ کے خون میں ذرا بھی جوش نہیں آتا۔ جب امام مسلم ابن زیاد کے دروازے پر آئے تو پیاس نے بہت ہی عاجز کیا۔ اس وقت اکثر شیعیان کوفی منتظر حکم ابن زیاد بیٹھے تھے۔ یعنی امام مسلم کو قتل کرنے کے لئے جیسا کہ اوپر ذکر ہو چکا ہے۔ حضرت امام مسلمؓ نے فرا

Marfat.com

اے ناسقو ایک گھونٹ پانی کا تو مجھ کو پلا دو۔ تو ابن عمرو بدبخت شیعہ نے کہا کہ تجھے ایک گھونٹ پانی کا نہ ملے گا۔ غرض جب ابن زیاد نے امام مسلم کو قتل کا حکم دیا۔ تو امام مسلم نے فرمایا کہ مجھے تھوڑی دیر اجازت دو تاکہ میں اپنا وصی کسی کو بناؤں کہ میری وصیت کو پورا کرے۔ ابن زیاد نے کہا کہ جا ہو کرو۔ حضرت مسلم نے عمر بن سعد کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا کہ بطفیل اس قرابت کے جو تیرے اور میرے درمیان ہے میری وصیت کو قبول کر۔ اس ملعون نے ابن زیاد کے خوف سے امام صاحب کا کلام ہی نہ سنا۔ ابن زیاد نے کہا اے عمر بن سعد امام مسلم کے ساتھ جب تم قرابت رکھتے ہو تو اس کی وصیت کو کیوں نہیں سنتے۔ یعنی قبول کیوں نہیں کرتے۔ جب ابن زیاد نے اجازت دی تو امام مسلم نے اس کا ہاتھ پکڑ کر ایک گوشہ میں لے جا کر یہ وصیت فرمائی۔ کہ اول میری زرہ فروخت کر کے میرا قرضہ ادا کرنا۔ اور دوسرا مجھ کو دفن کرنا۔ تیسرا امام حسینؓ کو اس واقعہ سے خبر کر دینا، کہ کوفی شیعہ نے میرے ساتھ یہ بیوفائی کی ہے۔ آپ یہاں تشریف نہ لائیں (روضۃ الشہداء باب پنجم فصل چہارم سے ہے کہ صفحہ چار سو چودہواں تک) مگر اس عمر بن سعد شقی نے حضرت امام حسین علیہ السلام کو کوئی خبر نہ کی۔ اس کے بعد ابن زیاد نے حکم دیا کہ اس کو ایک محل پر سے جا کر قتل کرو۔ اور اس کے دھڑ کو چھت سے زمین پر پھینک دو۔ چنانچہ ایسا ہی کیا گیا۔ اور روبرو پچیس ہزار شیعوں کے یہ واقع ہوا۔ اور کسی نے امام مسلم کی شہادت دیکھ کر ٹھنڈا سانس بھی نہ لیا۔ یعنی امداد تو درکنار رہی۔

فصل دہم

امام حسینؓ کا مکہ مکرمہ سے کوفہ کو نکلنا اور تمام اصحابؓ کا روکنا

وَلَمَّا تَجَهَّزَ بِالْخُرُوْجِ مَنَعَهُ عَنْ ذَالِكَ ابْنُ عَبَّاسٍ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ صِدِّيْقٍ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ وَجَابِرٌ وَاَبُوْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيْ وَاَبُوْ وَاقِدِ اللَّيْثِيْ فَلَمْ يَمْتَنِعْ بِمَنْعِهِمْ قَالَ اِنِّيْ سَمِعْتُ اَبِيْ يَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِنَّ كَبْشًا يُسْتَحَلُّ بِهٖ بَلَدٌ اَكُوْنُ اَنَا ذَالِكَ الْكَبْشُ۔

ترجمہ:۔ اور جب ارادہ کیا امام حسینؓ نے کوفہ میں جانے کا تو تمام اصحاب اکرام نے منع کیا۔ یعنی ابن عباسؓ و عبدالرحمٰن بن صدیق و عبداللہ بن عمرؓ و ابو سعید خدری و ابو واقد لیثیؓ اور جابرؓ نے پس نہ رکے امام حسین ان کے روکنے سے اور فرمایا کہ میں نے سنا ہے اپنے باپ علی کرم اللہ وجہہ سے فرمایا انہوں نے کہ میں نے سنا رسول خدا سے کہ تحقیق ایک دنبہ ذبح کیا جائے گا بیت اللہ شریف میں۔ یعنی ایک ناحق خون کیا جائے گا۔ پس ڈرتا ہوں میں کہ شاید وہ دنبہ میں ہی نہ ہوں۔ غرض کہ امام صاحب نے کسی کی بات نہ مانی۔ آخر تیسری ماہ ذوالحجہ سنہ ۶۰ ہجری بروز منگلوار جس روز امام مسلم کوفہ میں شہید ہوئے امام حسینؓ ساتھ بیاسی آدمیوں کے یعنی مع اہل وعیال و عزیزوں و رفیقوں کے جس میں ستر آدمی اسوار اور باقی پیادے تھے۔ یکبارگی مکہ مکرمہ سے دل اٹھا اور کوفہ کی طرف کوچ فرمایا اور کسی کے روکنے سے نہ رکے سے

ابن عباس کہیا توں ایہ گل رکھیں یاد پیارے ۔۔۔ کوفیاں کورے وفا نہ کیتا دیون جھوٹے لارے
کوفے جاون اندر تینوں ہرگز نہ بھلیائیاں ۔۔۔ تیرے باپ تے بھائی اس تھے سے تکلیفاں پائیاں
تینوں بھی اوہ وقت نزع تک کوفیوں گے رد کیندے ۔۔۔ کوفی بے اعتبار ہی سارے لاراں کوڑ مریدے
پر شبرؓ نہ لیا حضرت جے تسیں نہیں منیاں ۔۔۔ اس گل اندر بھلا نہ تسے یاد رکھیں ایہ کہنا

Marfat.com

خوف کراں مت شاید تینوں کوئی دشمن مارن — وانگوں شاہ عثمان ولید ے مارن تیرے کارن
رب نہ کرے توں ماریا جاویں ہوسی بڑی خواری — بال ایانے حرم مدینے پاون ذلت خواری
امام حسینؓ کہیا اوہ ہونا جو ہے رب نے کرنا — طول طویل نہ گلاں کر یو مرنے تھیں کی ڈرنا
عمر دا بیٹا جد پردیسوں آیا وچہ مدینے — لوکاں آکھیا مکیوں کوفے چلے شاہ نگینے
ابن عباس ہینے آیا راتوں راتی چلبیا — دورانیں وچہ ملے کر پینڈا سنگ ولیدے لیا
یاحضرت اسیں موڑن آئے رو رو دہن دوہائیاں — کوفے جاون اندر ساتوں دستن نہ بھلیائیاں
بہتر ہے جو مکے اندر ٹھہرو کتے نہ جاؤ — شاہ کہیا ہن جان دیہو نہ موڑو مول بھراؤ
ابن عمر کہیا تسیں کیوں ہے چلے شاہزادے حسن رنگیلے — کیہڑے عقلوں وچہ پردیساں چلیوں شاہ جلیلے
اج اساں نوں دسے تیرا دشمن ہویا زمانہ — نہ ہرگز نال لے جاؤ حضرت شبرؑ سنے زنانہ

فائدہ:۔ چونکہ ابن عباس اور دیگر اصحاب اکرام اہل مکہ کو بالیقیں معلوم نہ تھا کہ آپ اسی سفر میں شہادت پائیں گے۔ ورنہ ہمراہ ہوتے۔ کیونکہ ایسے ایسے جلیل القدر اصحاب جو آپ پر مال جان قربان کرنے والے تھے کب رہ سکتے تھے۔ غرض جب امام صاحب کی اسواری مکہ معظمہ سے چلی تو مکہ معظمہ میں ماتم برپا ہوگیا۔ ہر ایک کی آنکھوں سے آنسو جاری تھے۔ کیونکہ کوئی بھی آپ کی جدائی گوارہ نہیں کرسکتا تھا۔

کس قدر اژدہام تھا اس وقت — مجمع خاص و عام تھا اسوقت
رخصت رونق دیار ہے آج — فرقت جان شہریار ہے آج
ملنے آتے تھے اقربا سارے — جمع تھے یار و آشنا پیارے
قہر ہوتا ہے قہر ہوتا ہے — ویران آج مکہ شہر ہوتا ہے

غرض کہ امام حسینؓ سب سے رخصت ہو کر مکہ معظمہ سے کوفہ کی طرف روانہ ہوگئے۔ اور چلتے چلتے جب منزل شعبہ میں پہنچے تو بکر اسدی کوفہ سے آتا تھا۔ اس نے کوفہ میں ابن زیاد کا آنا اور کوفی شیعوں کا بے وفا ہو جانا اور امام مسلم کی بیعت توڑ کر ابن زیاد سے مل جانا اور امام مسلم اور اس کے صاحبزادوں کا اور ہانی سنی کا شہید ہو جانا مفصل طور پر بیان کیا۔ امام حسین یہ خبر سن کر خاموش ہے اور کسی کو خبر نہ کی۔ امام مسلم کی ایک شاہزادی بھی ساتھ تھی جب وہ آپ کے پاس آئی تو آپ اس لڑکی کے منہ کی طرف دیکھنے لگے۔ اور اس کے سر پہ ہاتھ پھیرا وہ لڑکی عقل سے معلوم کر گئی اور عرض کی کہ یاحضرت آج آپ نے خلاف عادت میرے سر پہ دست مبارک پھیرا ہے کیا وجہ ہے۔ آپ کو خدا کی قسم سچ فرمانا کیا میرے اباجان تو شہید نہیں ہوگئے۔ آپ اس بات کو ضبط نہ کرسکے بے اختیار آپ کی چشم مبارک سے آنسو جاری ہوگئے اور فرمایا اے بیٹی چپ رہو اور مت رو ہم تمہارے باپ ہی ہیں۔ اور زینب تمہاری ماں ہے وہ لڑکی بے اختیار رونے لگی۔ بعد اس کے حضرت امام حسینؓ کو سب لوگ قسمیں دے کر کہنے لگے کہ آپ اپنے اور اپنے اہل و اطفال پر رحم فرما کر واپس مکہ شریف میں تشریف فرمائیں۔ اور کوفہ جانے کا ارادہ ملتوی کریں۔ جب لوگوں نے بہت ہی منت دعا جزی سے امام حسینؓ کو کوفہ جانے سے مجبور کیا تو آپ نے ارادہ مکہ معظمہ واپس جانے کا کر لیا۔ جب یہ خبر امام مسلمؑ کی شہادت کی امام مسلمؑ کے بھائیوں نے سنی تو انہوں نے کہا کہ اب ہم زندہ رہ کر کیا کریں گے۔ قسم ہے خدا کی جب تک ہم کوفیوں سے امام مسلم کا بدلہ نہ لیں گے یا آپ شہادت نہ پائیں گے ہرگز ہرگز واپس نہ جائیں گے۔

زندگی بہر دین یار است — یار چوں نیست زندگی عار است

زندگی واسطے دیکھنے یار جانی ‏ ‏ ‏ دوست باجھ اوہ زندگی عار جانی

فصل یاردہم

امام حسینؑ کا قاصد شہید ہونا اور ابن زیاد نے جاسوس بھیجنا اور حرؓ کا امام سے مل جا

جس دن مکیوں چلیا قاصد دے کر خط چلایا ‏ ‏ ‏ مسلمؑ دے ول بھیجیا اسنوں راوی ذکر کیایا
جاں پہونتا فادسیہ وچہ قاصد لشکر اسنوں پھڑیا ‏ ‏ ‏ کوفے اندر ابن زیاد دے پاس سی اسنوں کھڑیا
قاصد کولوں لے کر اوہ خط ابن زیاد دے پڑھیا ‏ ‏ ‏ کوفے آون والا ہن اساں پکہ ارادہ کریا
مسلمؑ تائیں لکھیا ہویا بہت سلام ولی دا ‏ ‏ ‏ تیرے لکھے بموجب مکیوں ٹریا پت علیؑ دا
ظالم ابن زیادے قاصد ترت شہید کرایا ‏ ‏ ‏ کربل دیاں شہیداں وچوں اوّل ہے اوہ آیا

ناشرہ:۔ روایت کرتے ہیں کہ ابن زیاد نے امام صاحبؑ کی آمد کی خبر سن کر ایک سانڈنی کا اسوار کہ مد جاسوس بھیجا، کہ جب امام حسین مکہ سے کوفہ روانہ ہوں تو فوراً خبر کرنا۔ اس جاسوس ابن زیاد نے آکر خبر دی کہ امام مکہ سے کوفہ کی طرف روانہ ہوئے کوئی سولہ دن گزر چکے ہیں۔ اور آج فلاں منزل پر ان کا مقام ہے۔ ابن زیاد نے بن یزید ریاحی کو ہزار اسوار کے ساتھ روانہ کیا کہ جہاں امام صاحب ملیں اسی جگہ ان کو روک لینا اور کسی طرف جا دینا۔ غرض کہ آپ جب فرات کے مقام پر پہنچے جو کوفہ سے دو میل کے فاصلہ پر ہے تو حر ریاحی ہزار اسوار باہتھیار پہنچ گیا۔ اور عرض کی کہ ابن زیاد کا مجھے حکم ہے کہ جہاں امام حسینؑ ملیں وہاں ہی قید کر لینا۔ اور خبردار کسی طرف جا اور میرا دل نہیں چاہتا کہ میں آپ کو ابن زیاد کے پاس لے جاؤں۔ اور یہ بھی مجھ سے نہیں ہو سکتا کہ میں آپ کو با دوں اور خود کوفہ میں واپس چلا جاؤں۔ بعد اس کے امام صاحبؑ نے فرمایا، اے حرؓ ظہر کا وقت ہے تم اپنی قوم کے نماز پڑھو اور ہم اپنی قوم کے ساتھ نماز پڑھتے ہیں۔ حرؓ نے عرض کی کہ یا حضرت آپ پیشوائے دین امام زمان ہیں امامت کرا دیں تو ہم دونوں لشکر مل کر نماز گزاریں۔ اور ہم آپ کی اقتدا کریں گے۔ الغرض امام صاحب نے نماز پڑ کے بعد فرمایا۔ کہ کوفیوں کے ڈیڑھ سو خطوط متواتر ہماری طرف آئے۔ اور رئیس کوفہ بھی برابر پیغام لائے باصرار ان نے کوفہ کا قصد کیا۔ اور تم بھی کوفہ کے رہنے والے ہو اگر تم اپنی بیعت پر قائم ہو تو ہم تمہارے شہر میں چلیں ورنہ میں واپس چلا جاؤں گا۔ حرؓ نے ہاتھ جوڑ کر عرض کی کہ حضور ان خطوں کو میں نہیں جانتا کہ ان کے بھیجنے والا کون ہے۔ امامؑ اپنے بکس میں سے تمام خط نکال کر دکھا دئے اور فرمایا کہ اکثر وہ آدمی جنہوں نے یہ خط ہماری طرف بھیجے ہیں۔ تمہارے ا میں موجود ہوں گے۔ اور ان کے ہاتھوں کی مہریں اور دستخطیں خود ان خطوں پر چسپاں کی ہوئی ہیں جو پکے شیعہ اور ا اہل بیت بن کر خط لکھتے رہے ہیں۔ اور اب اس وقت میری گرفتاری کے لئے تیرے لشکر میں موجود ہیں۔ جب امام نے خطوط پڑھنے شروع کئے تو جن لوگوں نے وہ خط لکھے ہوئے تھے وہ شیعہ شرم کے مارے اپنے سروں کو نیچا جھکا ابھی یہ بات ہو رہی تھی کہ اتنے میں ایک شخص اونٹنی کا اسوار آیا اور فرمان ابن زیاد کا حر ریاحی کو سنایا کہ اے حرؓ جب پر تم کو یہ پیغام ملے اسی وقت امام حسینؑ کو روک لینا۔ اور کسی چٹیل میدان میں جس جگہ گھاس اور پانی نہ ملے امام کا ڈیرہ اور تنبو لگوانا۔ حرؓ نے خط پڑھ کر امام صاحب کو دیا اور کہا کہ دیکھو حضرت ابن زیاد کو آپ کی گرفتاری کے

Marfat.com

ور خیال ہے۔ اور میں حیران ہوں کہ میری اور آپ کی یہ ملاقات پوشیدہ بھی نہیں ہو سکتی کیونکہ ہزار اسوار میرے
قت موجود ہیں۔ اگر میں آپ کو چھوڑ دوں تو مجھے ابن زیاد سخت سزا دے گا۔ اگر نہ چھوڑوں تو رسولؐ خدا کو دن
کے کون سا منہ دکھاؤں گا۔ اور میرا یہ عقیدہ آپ کے متعلق ہے ؎

صاحب معراج کا ہے نور عین ! نور دیدہ فاطمہؑ کا ہے حسینؑ

اشد کا :۔ روایت ہے کہ حُر نے اپنی فوج سے علیحدہ ہو کر امام حسینؑ کو عرض کی کہ یا ابن رسولؐ اگر آپ پر حُر تلوار
و اس کا ہاتھ کٹ جائے۔ اور بری نظر سے دیکھے تو اس کی نظر پھوٹ جائے اور قسم ہے خدا کی میں آپ کو ابن زیاد
نہیں لے جاؤں گا۔ اور آپ کا جی جہاں چاہے چلے جائیں میں کچھ تعرض نہیں کروں گا۔ اور میں کوفہ کی طرف پھر جاتا ہوں
یاد کو کہہ دوں گا کہ مجھے امام صاحب نہیں ملے اور جو کچھ میرے ساتھ ہوگی میں برداشت کروں گا۔

فصل دوازدہم

امام حسینؑ کا واپس مکہ کو آنیکا ارادہ کرنا اور سارات سفر کرنا

ا تحرف الحسین عن طریق الکوفۃ ونزل بکربلا فی الثانی المحرم سنۃ احدی وستین
نزل بہا سأل عن اسمہا فقیل ھذا موضع قالوا مادیۃ فقال کان اسمہا غیرہ قالوا العمیقال
کربلاء فقال موضع کرب و بلاء فنزل القوم ؎

ترجمہ :۔ پس پھر چلے امام حسینؑ کوفہ سے مکہ کو راستے میں قضاء الٰہی سے پھر چلے گئے کربلا میں دوسری ماہ محرم کی ۶۱ سنہ
یں۔ اور جب اُترے بیچ اس جگہ کے تو لوگوں سے دریافت کیا کہ یہ کون سی جگہ ہے لوگوں نے کہا اس جگہ کا نام
ہے ! تو آپ نے فرمایا کیا کوئی اور بھی نام اس جگہ کا ہے۔ لوگوں نے کہا دوسرا نام اس جگہ کا کربلا ہے فرمایا امام
نے یہی ہے جگہ درد اور مصیبتوں کی ؎

راوی کرے روایت جس دن کربلا شاہ سدھایا — حُر امام حسینؑ دلی نوں چھپ کرنے آیا!
کہندا حضرت عرض کراں میں دوس نہیں کجھ میرا — ما تو راتی جلدی ایتھوں کوچ کراؤ ڈیرا
شاید میری جاگہ اجکل ہور کوئی آ جاوے — ولدیاں دل وچ رہن ایہ ویلا پھیر نہیں ہتھ آوے
راتو راتی چلے حضرت لکے دسے دل دھائے — ساری رات چلائے گھوڑے فجرے کربل آئے
دوجی راتیں پھر اُٹھ دوڑے لکے دیول دھایاں — فجر ہوئی تاں اوہے جائیں کربل والیاں آئیاں
ایویں ست راتیں اُٹھ دوڑے کیویں جاں دا ں لگے — اوڑک ہو لاچار لگائے کربل ڈیرے پکے
حول قضا نہ ٹلدی ہرگز بندے دی تدبیر دوں — دسو کتول سنے کوئی قادر دی تقدیروں
گھوڑے اٹھو نہ ہلن ہرگز لا تھکے سب واہیں — ہُن لگے وچہ پہنچیا ساڈے وچہ نصیباں ناہیں
جس ویلے ٹھوکن تنبواں کارن لوہو جاری تھیندا — جے لکڑ گڈن دُکھاں ناوں تاں بھی لوہو چودیندا
ایہ گل دیکھ امام کہے ایہ قتل گاہ خاص ہماری — ایسے جاگہ اندر ہوسن خون اساڈے جاری
ایہو جاگہ کربل ہے جتھے اسیں شہادت پاواں — مارے جاسن پُت بھتیجے میرے سنے بھراواں

پئی سُنیدی سی ایہ اگے نت مصیبت بھاری   جس دے کارن نبی اللہ دے خبر دتی کمی والی
ایہ مصیبت مائے باپیو بھر دے نت ڈھونڈھادے   اوہ دیلا اج حاضر ہویا کرے جو ربنوں بھاوے
اج ویکھیا جاوے کی کجھ ایتھے ساڈیاں ہاوے   دھڑ جاناں دی بازی لگی ہوسی جو رب جاوے
جسدن دیاں پیشگوئیاں ساوں دسیاں نبی پیارے   جو کربل اندر کربل جاناں ہوسن کسے دیہاڑے
اج اوہ جا نگ کربل والی ظاہر پئی دسیوے   ہُن یارب ثابت قدم رکھیں بیصبری مول نہ تھیوے
اج بازی لاگ یارب سائیاں تینوں اساں دکھانی   کھیل اجیہی کھیلاں گے جو جگ وچ رہے کہانی
کھیل اساڈی والا چرچا نیک قیامت تھیسی   پر ساڈا اوہ جو ساڈے وانگوں صبر پیالہ پیسی
جو کوئی سُن کر منہ سر سینہ پٹے وانگ سودائیاں   اوہ ساڈیو چوں مول نہ ہووے خاص حدیثاں آئیاں

قَالَ النَّبِیُّ لَیْسَ مِنَّا مَنْ ضَرَبَ الْخُدُوْدَ وَشَقَّ الْجُیُوْبَ وَدَعٰی بِدَعْوَی الْجَاہِلِیَّۃِ

ترجمہ۔ فرمایا نبی کریم نے جو کوئی وقت مصیبت کے منہ سر سینہ پیٹے ہماری اُمت سے نہیں۔

مسئلہ:۔ طبرانی میں لکھا ہے کہ جب امام حسینؓ کربلا میں اترتے تو خواب میں حضرت رسول مقبول امام حسینؓ کو لے اندر سینہ مبارک سے لگایا۔ اور فرمایا! اے میرے فرزند دلبند دیکھ کوفہ کی طرف سے تیرے لئے لشکر تلواریں تیز کر کے تیرے قتل کے لئے آرہے ہیں۔ اور خبردار تونے صبر کرنا ہوگا۔ تاکہ شہادت میں کوئی کمی واقع نہ ہو جائے۔ اور امتحان کا وقت قریب ہے اور یاد رکھنا پورے تیر لینے ہوں گے۔ صبر کرنے میں کوئی کسر باقی نہیں چھوڑنی ہوگی۔ اور تیرے والدین تیری انتظار میں ہیں۔ جب خواب سے بیدار ہوئے تو یہ خواب اپنے اہل وعیال کو سنایا تو تمام سُن کر غمناک ہوئے تو امام صاحب نے فرمایا اے میرے اقربا وقت مصیبت پہ صبر کرنا ہوگا۔ کیونکہ صبر کرنا مومن کی نشانی ہے۔ جیسا کہ فرمایا اللہ تعالے نے سورہ بقر پارہ دوم میں یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اسْتَعِیْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصّٰبِرِیْنَ ۔ ترجمہ اے لوگو جو ایمان لائے ہو یعنی مومنو ایمان والو اللہ تعالے سے امداد طلب کرو وقت مصیبت کے ساتھ صبر اور نماز کے تحقیق اللہ تعالے صبر کرنے والے مومنوں کا ساتھی ہے۔ اور جو شخص مصیبت کو دیکھ کر یا سُن کر صبر نہیں کرتا بلکہ واویلا کر کے منہ سر سینہ پیٹتا ہے وہ مومن نہیں ہے ؎

جو وقت مصیبت منہ سر سینہ پٹے وانگ گنواراں   نہ پڑھے نماز نہ صبر کرے اوہ رلسی سنگ اشراراں
امام حسینؓ نے صبر کمایا وانگ ایوبؑ پیارے   تے اہل البیت دے تائیں آکھن بنیوں صابر سارے
جو صبر کرے اوہ ساڈا ساتھی خود اللہ فرماوے   اِنَّ اللّٰہَ مَعَ الصّٰبِرِیْنَ وچ قرآن بتاوے
جو ساڈا ساتھی بننا چاہے نہ پٹے منہ سر تائیں!   جیوں کر وچ مصیبت سودن کافر گمت کہائیں
بھاویں مومن موہنوں سدائے دعوٰی کرے زبانی   جے کر اندر صبروں خالی جانی ٹول شیطانی

مسئلہ:۔ بس یہ خواب دیکھ کر امام حسینؓ نے دعا مانگی اَللّٰھُمَّ اَعْطِ الْحُسَیْنَ صَبْرًا وَّ اَجْرًا ۔ یا اللہ عنایت کر حسینؓ کو صبر کا اجر۔

یارب اجر صبر دہ پورا میں راضی وچ رضائیں   ہن وقت مصیبت آیا جس دیاں پوندیاں نت کہائیں
جس نوں کربل کربل آکھن قرب ملے میں تائیں   اج کربلوں قرب جیسی تینوں میں راضی وچ رضائیں
یارب صبر ایوب صابر دا کریں عنایت مینوں   مول نہ تھیوے بیصبری میں عرض سناواں تینوں
جیوں کر ابراہیمؑ چخہ وچ ڈٹیا ہرگز نا ہیں!!   یاراں باراں میل چھیرا سڑیا بھڑکن بھاہیں

Marfat.com

فصل سیزدہم ۱۳

خط ابن زیاد کا زمین پر پھینکنا اور امام صاحبؓ کا غضب میں آنا، اور پانی بند کرنا اور شیعان کوفہ کا خط بھیجنے سے انکار کرنا اور امام صاحب کا خط دکھا کر ان سے اقرار کرانا اور کربلا میں پانی نہ ملنے کے سبب سے کھوہ کھودنا اور حرؓ کا مسلمان ہو کر شہید ہونا اور گرد خیموں کے کھائی کھودنا، اور آپکے تمام اصحابؓ کا بمعہ بھائی بھتیجوں فرزندوں کے شہید ہو جانا اور امام صاحب کا زین العابدین کو آخری وصیت کرنا اور طریقہ نقشبندیہ قادریہ چشتیہ وغیرہ کی تلقین کرنا

ثُمَّ كَتَبَ اِبْنُ اِبْنِ زِيَادٍ اِكْتَابًا اِلَى الْحُسَيْنِ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى يُطْلُبُهُ اِلٰى بَيْعَتِ يَزِيْدَ فَلَمَّا وَرَدَ الْكِتَابُ عَلَى الْحُسَيْنِ فَقَرَءَهُ ثُمَّ نَقَاهُ قَالَ عَلَيْهِ السَّلَامُ لِلرَّسُوْلِ مَالَهُ عِنْدِيْ جَوَابٌ

ترجمہ :- پھر خط لکھا امام حسینؓ کو ابن زیاد نے اور طلب کی بیعت یزید کی - پس جب آپ نے خط پڑھا تو پھینک دیا زمین پر غصہ سے اور فرمایا قاصد کو کہ نہیں ہے جواب اس خط کا میرے پاس کوئی - جب قاصد نے واپس جا کر ابن زیاد کو سارا ماجرا سنایا تو ابن زیاد بڑا غصہ میں آ کر بہت باتیں کرنے لگا - کہ کون ہو حسینؓ جو میرے خط کو زمین پر پھینکے - اسی وقت تمام کوفی شیعہ کو اپنی فوج میں بھرتی کرنے لگا اور بڑی بڑی تنخواہیں مقرر کردیں - تاکہ اس طمع سے شیعہ کوفی بھرتی ہو کر امام حسینؓ کے ساتھ جنگ کریں - پس جب بہت سی فوجیں کوفی شیعہ کی تیار ہو گئیں اور ہتھیار جنگ پہن لئے تو ابن زیاد نے حکم دیا کہ علی الصبح کربلا کی طرف امام حسینؓ پر چڑھائی کردو - اور عمر بن سعدؓ جو پہلے ملک اسی کا حاکم تھا اس لشکر کا سردار مقرر کیا ۔ ے

دے ملک دے حاکم تائیں حکم شتابی لکھیا ۔ لے جا لشکر کربلا طرفے ڈھل نہ لاویں ذرہ
عمرا حکم کراں میں تینوں جلدی کربل جائیں ۔ باغی ہویا حسین یزید دا اس نوں مار دکھائیں
اندر سے جد گیا پروانہ عمر مطالعہ کردا ۔ ابن زیاد نے کیتا تینوں لشکر دا سرکردہ
کارن جنگ حسینؓ شتابی کربل اندر جانا ۔ لکھیا عمر جواب جو ایہہ کم رب رسولؐ نہ بھانا
دوہترا ہے اوہ پاک نبی دا جو امت دا سائیں ۔ ایسے مندے کم دے بدلے مینوں بھیجو ناہیں
اوہ سی حاکم رے دا نالے اُسدی گرد نواحی ۔ اس کم کارن ابن زیاد دن اس نے معافی چاہی
لڑنا نال حسینؓ دلی دے میں منظور نہ کردا ۔ ابن زیاد نوں اس گل پاروں بہتا غصہ چڑھدا
کہندا غصے نال شتابی ابن زیاد حرامی ۔ سجے حکم میرے نوں موڑیں پھر کویں مانے موج جوانی
جاؤں ابن علیؓ دے مارن کارن جلدی جائیں ۔ یا پھر سند حکومت ردی بھیج اساڈے تائیں
اوہ سند حکومت والی جو ہے حاکم دا پروانہ ۔ دیویں موڑ اسانوں اپنے گھر وچ بیٹھ جوانان
اج توں ریہا حاکم رہسیں گل سرداری تیری ۔ میرا حکم جے منے ناہیں چھڈ ملازمت میری
کیتی عمر قبول حکومت دنیا دی سرداری ۔ کارن جنگ امام حسینؓ دے کردا جلد تیاری
چھوڑ بادین طمع دی خاطر دنیا حاصل کیتی ۔ روز قیامت پاوے گا جو کیتی اس بدنیتی
دنیا ہے مردار تے جانی طالب اسدے کتے ۔ جو دنیا پچھے دین وکھاون غافل عقل دے گتے

سچ فرمایا حضور پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اَلدُّنْیَا جِیْفَۃٌ وَالطَّالِبُھَا کِلَابٌ ۔ دُنیا مردار ہے اور طالب اس کا کتا ہے
دوسری جگہ فرمایا اَلْحُبُّ الدُّنْیَا رَأْسُ کُلِّ خَطِیْئَۃٍ یعنی دنیا کی محبت کل گناہوں کی جڑ ہے

فصل نمبر ۱۴

دربیان بند کردن آب عمر بن سعد آل مطہرات و متعلق آں،

بُلِغَ اِلٰی قِتَالِ الْحُسَیْنِ بِالْعَسَاکِرِ فَمَا زَالَ ابْنُ زِیَادٍ یُجَھِّزُ جُیُوْشًا دَارِ حَتّٰی اجْتَمَعَ عِنْدَ عُمَرَ بْنِ سَعْدٍ اَلثَّنَانِ وَ عِشْرُوْنَ اَلْفًا مَا بَیْنَ فَارِسٍ وَرَاجِلٍ فَنَزَلُوْا اَبْشَاطِیِٔ فُرَاتٍ وَکَانُوْا بَیْنَ الْمَآءِ وَبَیْنَ الْحُسَیْنِ وَالصَّحَابَۃِ وَکَانَ اَکْثَرُ خُرُوْجَ مَعَہٗ لِقِتَالِہِ الْحُسَیْنِ ھُمُ الَّذِیْنَ کَاتَبُوْہُ وَبَایَعُوْہُ ۔

ترجمہ :- جلدی سے بھیجے لشکر ابن زیاد نے کربلا کی طرف واسطے جنگ کرنے امام حسینؓ کے ساتھ اور جنگ کا سامان تمام جلدی جلدی سے تیار کرکے روانہ کرتا جاتا تھا یہاں تک کہ جمع ہوئے لشکر عمر بن سعد کے پاس بائیس ہزار اسوار اور پیدل اور جو کچھ ضروری خرچ واسطے جنگ کے وہیں اترے وہ اوپر نہر فرات

تاکہ بوقت انکاری یا غداری کے حجت کے طور پر ان کے سامنے کرسکیں۔ اور ان خطوط کے ذریعہ ان کو شرمندہ کریں ۔ چنانچہ جب آپ نے دیکھا کہ شیعہ صاحبان ان خطوط سے عملاً انکار کررہے ہیں تو آپ نے شیعوں کے سامنے ان خطوں کا ڈھیر لگا دیا تب بھی انہوں نے اقرار نہ کیا ۔ تو امام حسینؓ نے فرمایا کہ میں ان خطوں کو جلتی آگ میں ڈال دیتا ہوں اگر آگ ان خطوں کو جلا دے تو تم اپنے انکار میں سچے ہو ورنہ جھوٹے لیکن پھر بھی انہوں نے صاف انکار ہی کیا یعنی جب خطوں کو آگ نے نہ جلایا (نقل از روضۃ الشہداء) ۔

اکثر جنگ امام دے کارن آئے اوہ پریتی — جنہاں بیعت شاہ صاحب دی کوفے اندر کیتی
جنہاں خط امام صاحب نوں لکھے کرتا کیداں — کیتی کارن جنگ تیاری اکثر اونہاں خبیثاں
اکثر بہتے شیعہ آہے خارجی تھوڑے جانی — جنہاں ل فرات کنارے بند کیتا سی پانی
ستویں ماہ محرم آہی جد لشکر آئے بھارے — پانی بند کیتا شیطاناں ل فرات کنارے
ہوئے تنگ پیاسوں اہل البیت نبیؐ دے سارے — اک پانی دے قطرے کارن ترسن پئے بیچارے
مٹی نال تیمم کرکے پڑھسن نمازاں سارے — دشمن کارن بھی نہ پانی دیون اوہ ہتھیارے
نال پیاس کمال نہایت آیاں لب تے جاناں — نال اشارت باتاں کردے ہویاں خشک زباناں

Marfat.com

بُجھ کلیجے آتش ہوئے نال پیاس کما لا
شاہ ولید دے لشکر اندر سی اک شخص ہمدانی
یا حضرت جے حکم کرو تاں پاس عمر دے جاواں

محشر دا امیدان ہو یا سی عرصہ کربل والا
شاہ ولید دے اگے جا کر کردا عرض زبانی
دبدے نام سوال کراں کجھ پانی منگ لیاواں
اوہ شیطانی لشکر جاتی کدے نہ تیرے خیری
پاس عمر دے جا کھلوتا چپ چپاتا بھائی
اے بھائی توں شاید مینوں مسلمان نہ جاناں

•

ایہہ شاہ علیؓ دا بیٹا جیدے وڈے مراتب عالی
روز قیامت جیدی مائی پل تھیں لنگھن آوے
کل خلقت تھیں ستر کراوے آپ خداوند سائیں
اگلی پچھلی اُمت دیکھے در جے شان انہاں دے
اے بدبخت کمینے بنیوں مسلمان زبانوں
اہل البیت نبیؐ دے اوپر پانی بند کیتو ئی

حضرت فاطمہ مائی اسدی وڈیاں شاناں والی
بند کرو سب اکھیاں تائیں مولا حکم سنا دے
ایڈے درجے رب عطائے مائی فاطمہؓ تائیں
اُچے شان مراتب عالی کیتے رب تنہاں دے
ایڈے شاناں والے تائیں مارن آئیوں جاناں
منہ تھیں مسلمان سدا دیں عقل آوارہ ہوئی

فائدہ:۔ الغرض ہمدانیؒ نے کہا کہ اے عمر بن سعد زوف ہے تیرے اوپر اور تیری مسلمانی پہ کہ دریائے فرات کا
...ں کتے سؤر ہاتھی تو مرد بحر جیسے جانور تو پییں اور اہل بیت رسول اللہ پیاس کے سبب سے لب جان ہوں اور پھر تو
...تا ہے کہ ہم مسلمان ہیں اور اللہ اور اس کے رسول کو پہچاننے والے ہیں۔ کیا اسلام یہی کام سکھاتا ہے۔ تو عمر بن سعد شرمندہ
...کر کہنے لگا کہ اے برادر تو سچ کہتا ہے مگر میرا نفس رے کی حکومت چھوڑنا نہیں چاہتا تب ہمدانیؒ وہاں سے اٹھ کھڑا ہوا
...ر امام حسینؓ کی خدمت میں آکر یہ سارا ماجرا عرض کر دیا۔

مسئلہ:۔ نقل کرتے ہیں کہ جب لشکر یزید کے امام حسینؓ کے ساتھ لڑنے کو تیار ہوئے تو امام صاحب اپنے خیمہ سے
...ہر تشریف لاکر یزیدیوں کے سامنے کھڑے ہو کر بعد حمد و صلوٰۃ مخاطب ہو کر فرمایا کہ اے لشکر والو میں کون ہوں اور کس کی اولاد
...ں اپنے دلوں میں ذرا سوچو تو سہی کہ میرا قتل کرنا تم کو مناسب ہے جس نبی کا تم کلمہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ الرَّسُوْلُ اللّٰہِ پڑھتے ہو
...یا میں اس نبیؐ کی بیٹی کا بیٹا نہیں ہوں کہ جس کے حق میں آپ نے فرمایا ہے کہ اے فاطمہؓ تو میرے بدن کا ٹکڑا ہے۔ اور میں اس
...ی کا دوہتا ہوں جس پر تم پانچ وقت نمازوں میں درود پڑھتے ہو اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ بَارِکْ وَسَلِّمْ
شعر۔ واقف ہو تم خوب کہ میں ابن بتولؓ ہوں فرزند ہوں علیؓ کا میں سبط رسولؐ ہوں!

فائدہ:۔ جب عمر بن سعد نے پانی امام حسینؓ کا بند کرا دیا تو تمام اہل بیتؓ پیاس سے نہایت ہی تنگ ہوئے تو امام
حسینؓ نے عمر بن سعدؓ کو خط لکھا کہ تم سے تین باتیں کرنے کی درخواست کرتا ہوں۔ ان میں سے ایک کو اختیار کرو۔ اول تو مجھ کو

Marfat.com

رخصت دو کہ میں واپس مکہ مکرمہ چلا جاؤں۔ اگر یہ منظور نہیں تو دوسری بات یہ ہے کہ میں کسی اور ملک کو چلا جاتا ہوں۔ اگر یہ بھی منظور نہیں تو مجھ کو یزید کے پاس دمشق میں بھیج دو وہاں جو کچھ ہونا ہوگا ہو جائے گا۔ ابن سعدؔ نے جواب دیا کہ میں یہ سوال ابن زیاد کو لکھتا ہوں جیسا وہ حکم کرے گا عمل کیا جائے گا۔ الغرض ابن سعد نے ابن زیاد کو یہ درخواست لکھی تو اُس شقی ازلی نے غصے ہو کر لکھا کہ میں نے تم کو لڑائی کے لئے بھیجا ہے نہ کہ صلح کے لئے۔ اگر امام حسینؓ یزید کی بیعت کرے تو بہتر ورنہ اس کو قتل کر۔ کہ تم کو اس کے ساتھ خط کتابت کرنے کا کوئی حق نہیں۔ اگر اب بھی تم نے اس کام میں تامل یا غفلت کی تو میں تم کو معزول کر کے تیری جگہ پر کسی اور کو بھیج دوں گا جب یہ نامہ ابن زیاد کا ابن سعد کو ملا تو اسی وقت ابن سعد نے حکم دیا کہ تمام لشکر لڑائی کے واسطے تیار ہو کر ہتھیار پہن لے۔

مسئلہ:۔ روایت کرتے ہیں کہ جب ابن سعد نے امام حسینؓ کا پانی لینا نہر فرات سے بند کر دیا اور حکم دیا کہ امام صاحب کے کسی آدمی کو بھی پانی نہ لینے دیں۔ تو امام حسین کا خیمہ شریف ایک چٹیل میدان میں تھا۔ آپ نے اپنے ہمراہیوں کو حکم دیا کہ کوئی کنواں کھود دو۔ تب بہتر ہاتھ تک کنواں کھودا گیا مگر پانی نہ ملا۔ اور حال اہل بیت کا یہ تھا کہ کلام بھی شدت پیاس سے نہیں کر سکتے تھے۔ اور اشارے سے باتیں کرتے تھے۔ مگر نمازوں کی یہاں تک پابندی تھی کہ ایسے نازک وقت میں بھی تیمم سے نمازیں ادا کرتے تھے۔ مگر اب محبان اہل بیت کا جو صرف زبانی محب بننے کا دعوے کرتے ہیں یہ حال ہے کہ دیدہ دانستہ نمازیں تندرستی کی حالت میں بھی نہیں پڑھتے بلکہ محرم کے دنوں میں تو قلیل بلکہ دس عاشورہ کے دن تو بالکل نماز چھوڑ دیتے ہیں

فائدہ:۔ لکھتے ہیں کہ جب پیاس کے سبب سے اہل بیت سخت تنگ ہوئے تو حضرت عباسؓ علمدار چند آدمیوں کو ساتھ لے کر نہر فرات پر پانی لینے گئے۔ ابن زیاد کے سپاہیوں نے حضرت عباسؓ علمدار کے ہمراہیوں کو شہید کر دیا۔ اور حضرت عباسؓ کو زخمی کر دیا۔

فائدہ:۔ نقل کرتے ہیں کہ جب حضرت عباس نہر فرات پر پہنچے تو پیاس کی شدت کے مارے دونوں ہاتھوں میں پانی لے کر پینے لگے تو پیاس حضرت امام حسینؓ کی اور معصوم بچوں کی یاد آئی۔ تب دونوں ہاتھوں سے پانی نہر میں ڈال دیا اور مشک بھر کر خیمہ کی طرف لے چلے تو دشمنوں نے تیر مار کر مشک کو پھاڑ دیا۔ اور پانی تمام گر گیا۔ حضرت عباسؓ نے آکر حضرت امام حسینؓ کی خدمت میں عرض کی کہ یا حضرت آپ نے جو فرمایا کہ سوا آب شمشیر کے آب فرات ہمارے نصیب میں نہیں بجا ہے ؎

طبری کرے روایت حضرت تنبو اندر ڈھلتے — وعظ نصیحت کر کے حضرت کرتا کید الائے

وارد ہوسی میرے اوپر جو لکھیا رب والی — حال پکار نہ کرنی ہرگز صبر کرنا ہر حالی

میرے پچھے وین نہ کرنے کر کر گریہ زاری — جو دین الاوے دوزخ جاسی آکھیا نبی غفاری

جیسا کہ اصول کافی میں لکھتے ہیں اِذَا ذَھَبَ الصَّبْرُ ذَھَبَ الْاِیْمَانُ۔ یعنی صبر چھوڑنے سے ایمان جاتا رہتا ہے۔ اسی واسطے فرمایا رسول اللہ اَلصَّبْرُ نِصْفُ الْاِیْمَانِ یعنی صبر آدھا ایمان ہے

منہ اونہاں توں کردے حضرت خیموں باہر آئے — کر کے نظر اسماناں ولوں منہ تھیں بات الائے

یا اللہ توں سب کجھ جانیں ہیں دے چھپ عیب نہ کوئی — کوئی نشیعاں کیہوں سدیا کر کر کے دل جوئی

آپے بیعت شیعہ کرکے مارن آئے میںوں — اوہ جھوٹے ہیں سچا یا رب سب کجھ معلم تینوں

روز قیامت دے جاں ہر کوئی کیتا اپنا پاوے — اس دن بھی ہیں سچا ہو ساں میں مردود کس نہ آوے

بعد اس تھیں پھر یار بھتیجے بھائی سد بلائے — ہر اک تائیں شفقت کرکے نرمی سخن الائے

کہندا بھائی خدمت میری کیتی ہے تساں پوری — وچ درگاہ خداوند والی ہوسے تساں منظوری

سر میرے پر پیر اکڑا ہے اج بازاں دا — تھوڑے تسیں تے بہتے دشمن وس نہیں کجھ چلدا

Marfat.com

تسیں نہ میرے پچھے ایویں ضائع عمر گنواؤ ‏ ‏ بیعت تھیں آزاد کراں ہیں جا ہو جتھے چاہو
رب راضی تے میں بھی راضی خفگی ذرا نہ جانوں ‏ ‏ آپو اپنی گھریں سدھارو عیش جوانی مانوں
ہتھ بنھ عرضاں کردے سارے حضرت اسینؓ جاداں ‏ ‏ روز قیامت پاک نبیؐ نوں کیہڑا منہ دکھلاواں
ایہ حیاتی نت نہ رہسی اوڑک اک دن مرنا ‏ ‏ بھٹھ حیاتی تیری باہجوں جیون نوں کیا کرنا!
ہرگز چھوڑ نہ جاواں تینوں حاشا للہ حاشا ‏ ‏ کیوں کرماراں دشمن تیرے حضرت دیکھ تماشا
ہوئے چست حسین ولی دے سنگی اہل سعادت ‏ ‏ دہوتے ہتھ حیاتی کولوں کرن اڈیک شہادت

بیان خندق یعنی کھائی کا

فَلَمَّا تَبَيَّنَ اِنَّ الْقَوْمَ قَاتِلُوْهُ اَمَرَ اَصْحَابَهٗ فَاخْتَفَرُوْا حَفْرَةً پس جب یقین ہوا امام حسینؓ کو کہ ہرگز نہ چھوڑے گی فوج یزید کی تو حکم فرمایا اپنی فوج کو کہ کھائی کھودو گردا گرد اپنے خیموں کے اور ایک طرف رکھو راستہ نکلنے کا اور کھائی میں آگ جلاؤ۔ تاکہ جسوقت لڑائی شروع ہو جائے تو کوئی دشمن خیموں میں نہ آنے پائے۔ کیونکہ لشکر یزید کا چاروں طرف سے آرہا تھا

دسویں ماہ محرم آہی صبح عاشورے والی!! ‏ ‏ نمازی اٹھ نمازاں پڑھدے نال جماعت عالی
گردے شاہ حسینؓ ولی دے لشکر ٹھاٹھاں مارے ‏ ‏ گھوڑے ہنکن ہاتھی گجن وجن ڈھول نقارے
آکھ وچ میدان شتابی آحسینؓ جوانان! ‏ ‏ یا پھر اپنی جگہ شتابی بھیج کوئی مردانہ
حضرت ڈاچی اوپر چڑھ کر کوفیاں دیول آئے ‏ ‏ اوّل حمد اللہ دا پڑھ کر کوفیاں نوں سمجھائے
اسے قوم یزیدی بات میری نوں سنو ذرا دل لاؤ ‏ ‏ منّوں تسیں رسولؐ خدا نوں مسلمان سداؤ
یہود تساڈے ناوں بہتر بہت خدا تھیں ڈرّدے ‏ ‏ موسٰی دا کوئی نام لوے تعظیماں اسدیاں کردے
بھی عیسٰی دی قوم بھلی ہے کوئوں تساں لئیماں ‏ ‏ جے کھر پاون خر عیسٰے دا بہت کرن تعظیماں
تے نبی تساڈے دا ہیں دوہتا شرم کرو مردارو ‏ ‏ کیہڑی سختی کرکے مینوں وچ پردیسیاں مارو
خون تساڈا کیتا ہے میں یا کوئی ہور برائی ‏ ‏ جس تقصیروں ایڈی سختی ہے تساں ہیں پر چائی

الغرض امام حسینؓ نے شیعہ کوفیوں کی طرف متوجہ ہوکر فرمایا کہ کیا کوئی میں نے کسی کا خون کیا ہے۔ جس کا بدلہ لینے آئے ہو یا کسی کا مال میں نے لیا ہے جس کا مطالبہ کرتے ہو یا کسی کا میں نے نقصان کیا ہے جس کے لئے تم نے مجھ پر چڑھائی کی ہے

مکے اندر بیٹھا ساں میں قاصد بھیج منگایا! ‏ ‏ کی جواب اللہ نوں دیسو ایڈا دغا کمایا
پاس میرے اوہ خط تساڈے لکھے ہوئے تمامی ‏ ‏ جنہاں وچ ہزاراں قسماں لکھدے تسیں حرامی
اے کوفی شیعہ دنیا اوپر سدا نہ رہسو زندے ‏ ‏ اگوں کوئی جواب نہ دیون چپ ہوئے شرمندے

الغرض کوفی نہ شامی تھا اور نہ کوئی حجازی تھا صرف وہی حضرات شیعہ محبان اہلبیت کہلانے والے تھے جن پر امام مسلمؓ نے اعتماد کر کے امام حسین کو خطوط لکھے تھے کہ جلدی آؤ دس ہزار فوج آپ کی مدد کے لئے موجود ہے۔ الغرض جب امام حسینؓ نے یہ چند دلیلیں پیش کیں تو کسی نے جواب نہ دیا۔ تب آپ نے فرمایا کہ تمہارے پاس میرے قتل کرنے کی کوئی دلیل نہیں ہے بلکہ تم پر دلیل قائم ہوسکتی ہے

فائدہ:- پس امام حسینؓ نے فرمایا اے بھائی اگر ہوسکے اور آج پھر جاؤ اور لڑائی کا ارادہ ملتوی کرو۔ اور لڑائی صبح پر ٹھہراؤ۔ کیونکہ آج رات عاشورہ کی رات ہے اور اللہ کے نیک بندے اس بزرگ رات میں نفل نوافل پڑھتے اور ذکر اذکار

کرتے ہیں۔ اور ہماری بھی خواہش ہے کہ ہم بھی اس بزرگ رات میں اللہ تعالیٰ کی عبادت کریں اور دعائیں مانگیں۔ یہ بات سن کر ان لعینوں نے جواب دیا کہ ہم مہلت دینے کو تیار نہیں ہیں (نقل از خلاصۃ المصائب روایت دسویں)

حضرت امام حسینؓ ایک رات عبادت کے واسطے مہلت مانگتے ہیں مگر شیعہ کوئی مہلت نہیں دیتے

بعد اس کے حضرت امام حسینؓ ڈاچی سے اتر کر گھوڑے پر سوار ہوئے اور لشکر کی صف درست کر کے ارشاد فرمایا کہ تم میں کوئی شخص لڑائی میں پہل نہ کرے۔ جب کوئی حادثہ دشمن کی طرف سے پیش آئے تو مضائقہ نہیں۔ لکھا ہے کہ اوّل ابن سعد کے لشکر سے ایک شخص مالک بن عروہ گھوڑے کو دوڑا کر امام صاحب کے لشکر کے سامنے آیا اور اس نے دیکھا کہ خیموں کے گرد آگ جل رہی ہے۔ جو کہ امام صاحب نے حفاظت خیمہ کے لئے جلائی تھی تو اس شیطان نے امام صاحب کو مخاطب ہو کر کہا کہ اے امام حسینؓ دوزخ سے پہلے دنیا کی آگ میں جلنے لگے ہو۔ اتنی ہی بات کہہ رہا تھا کہ وہ مردود گھوڑے پر سے گر کر کھا کر اسی آگ میں گر کر سیدھا جہنم میں گیا۔

اس کے بعد دو شخص اور ابن سعد کے لشکر سے باہر آئے اور لڑائی چاہی۔ امام صاحب کے لشکر سے دو مجاہد نکلے اور ان دونوں یزیدیوں کو واصل جہنم کیا۔ لکھا ہے کہ جب کوئی سوار لشکر ابن سعد سے لڑنے کو آتا۔ تو حضرت امام حسینؓ جوش شجاعت میں آتے مگر انصار حضرت کو لڑائی میں جانے نہ دیتے اور مؤدبانہ عرض کرتے کہ جب تک ہم میں سے ایک آدمی بھی زندہ رہا، آپ کو جنگ میں جانے نہ دیں گے۔ الغرض جب لشکریان ابن سعد نے دیکھا کہ انصار امام حسینؓ کے مرنے کو تیار ہیں اور اپنی جانوں کی پرواہ نہیں کرتے اور جو شخص ہمارا جاتا ہے اس کو کتے کی طرح قتل کر دیتے ہیں۔ الغرض یزید کا لشکر سمجھ گیا کہ اگر ہم ان کا مقابلہ اس طرح کریں گے تو ہم مغلوب ہوں گے کیونکہ ایک ایک انصار یعنی امام حسینؓ کا مددگار ہزار ہزار یزیدی کو قتل کر دیتے ہیں۔ پھر ایک ایک کے مقابلے میں دس دس شخص یزیدی نکلتے تھے اور فوج یزید کے آدمی دور دور سے تیر چلاتے تھے اور کئی کئی آدمی مل کر ایک انصار کو شہید کرتے تھے۔ اور لشکر حسینیؓ کا ایک ایک غازی کئی کئی ہزار آدمیوں کو قتل کر کے اپنا مکان جنت میں خود دیکھ کر شہید ہوتا۔ اور اسی طرح شوق شہادت کے لئے ہر ایک کا قدم آگے بڑھتا تھا۔ اور اسی طرح شوق شہادت کے لئے ہر ایک کا قدم آگے بڑھتا تھا۔ اور اسی طرح سب مشتاق مولیٰ جنت میں داخل ہو گئے یہاں تک کہ پچاس آدمی سے زیادہ انصار درجہ شہادت کا حاصل کر کے کامیاب ہو گئے۔ اور خاص عزیز و اقارب امام حسینؓ کے باقی رہ گئے۔ اس وقت امام حسینؓ نے نعرہ دردناک مارا اَمَا مِنْ مُغِيْثٍ يُغِيْثُنَا لِوَجْهِ اللّٰهِ اَمَا مِنْ ذَابٍّ يَذُبُّ عَنْ حَرَمِ رَسُوْلِ اللّٰهِ۔ یعنی ہے کوئی میری فریاد کو پہنچنے والا واسطے رضامندی اللہ تعالیٰ کے۔ کیا ہے کوئی دشمنوں کو حرم محترم رسولؐ خدا سے دفع کرنے والا۔ پس یہ نعرہ سن کر حرّ نے مع اپنے بھائی اور بیٹے کے اور غلام کے خدمت امام حسین علیہ السلام میں حاضر ہو کر عرض کی کہ یا حضرت میں وہ شخص ہوں جس نے سب سے پہلے آپ پر لشکر کشی کی تھی۔ اب میں توبہ کر کے مسلمان ہو کر آپ کی خدمت میں حاضر ہوں۔ الغرض وہ چاروں شخص راہ مولیٰ میں یزیدیوں سے لڑ کر شہید ہو گئے

کر فریاد حسینؓ دلی نے آکھیا کت کہا تیں
ہے کوئی مرد جو پہنچے اج فریاد اساڈی تائیں
ہے ایمان والا کوئی بندہ نام خدا دے آوے
حرم رسول اللہ دے سختی کولوں اج بچاوے
موذیاں اوہ مظلوم بیچارے اندک باقی چھوڑے
اک حسینؓ رہیا بن پچھے بھی کجھ سنگی تھوڑے
نعرہ مار پکارے کوئی سنتیاں نوں ازادے
ویکھاں کیہڑا نام اللہ دا سن کر ترس کمادے
امام حسینؓ نے حق اونہاندے کیتیاں بد دعائیں
نہیں پٹ دے ہی مرجاسو شیو روز قیامت تائیں

Marfat.com

جیوں اج تسیں روایا سینوں روندے ای مرجا
پر اس رودن پٹن کولوں کدی نجات نہ پاسو!

ہن منہ سر سینہ پٹن کروں کوئی نجات نہ پائی
جو اہل البیت ہیں ہادیا کیتی اوہناں دیہاڑے بھائی

جو لکھ کر خط امام صاحب نوں قسماں نال بلایا
اسیں شیعہ سب تابع تیرے دغا فریب کمایا!

پھر اونہاں شیعیاں خارجیاں سنگ رل تلواراں پھڑیاں
شاہ حسین دے مارن کارن کوفیوں نوجاں چڑھیاں

جے شیعہ خط نہ لکھدے حضرت کدے نہ کربل جاندے
نہ خارجیاں سنگ لڑ مرتے جا کر پرتد ہو تاجو سب چاہندے

جو کجھ ہونا ہو چکا سب ہن کیوں پچھوتاؤ!!
اس منہ سر سینہ پٹن کولوں کدی نجات نہ پاؤ

ہن ہک نجات وسیلہ باقی ہور تہ چارہ کوئی
توبہ کر بخشاؤ جو تساں کولوں اگے ہوئی

اہل البیت نبیؐ دے تائیں خاص دلوں ہو جاؤ
پنجے وقت نماز پڑھو نہ داہڑی کدے منڈاؤ

چونپٹ تردال تاش تماشیاں نیڑے مول نہ جاؤ
بھی منہ سر سینہ پٹنا کولوں توبہ کرو بھراؤ

مسجداں کر دو آباد تے نال جماعت نماز ادا ؤ!
جمعہ نماز نہ چھوڑو ہرگز تاں نجبا تاں پاؤ

تے داہڑیاں نوں کرداڑ دیہہ ہن روڈ مستیں رائی
تاں نجات تساڈی ہوسی جو کرتوت کمائی

اب خاص امام حسین کے بھائی بھتیجوں پر نوبت آپہنچی!

الغرض بہتر تن جو سوائے اہل بیتؓ کے تھے۔ اپنی جان سید الشہدا پر نثار کر چکے۔ اب نوبت اہل بیت خاص عزیزان پاک پر آئی جو کہ معہ حضرت امام حسینؓ کے اکیس تن تھے۔ پہلے آپ کے چچازاد بھائی یعنی حضرت عقیلؓ کے تینوں بیٹے عبد اللہ۔ عبد الرحمن۔ جعفرؓ اجازت لے کر میدان جنگ میں نکلے اور سینکڑوں خارجیوں کو داخل فی النار کر کے درجہ شہادت حاصل کیا پھر امام صاحب کے بھتیجے محمد بن سعد بن عقیلؓ اور عبد اللہ بن مسلمؓ دونوں نوجوان تھے امام صاحب سے اجازت لے کر میدان جنگ میں آکر دشمنوں سے مقابلہ کیا اور ہزاروں کوفیوں کو قتل کر کے خود بھی شہادت پاکر جنت میں داخل ہوئے۔ پھر دونوں حقیقی بھانجے محمدؓ اور عونؓ امام صاحب کی ہمشیرہ زینب کے لڑکے راہِ مولا جنگ کر کے شہید ہوئے۔ پھر آپ کے بھائی علاتی یعنی حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے دوسرے بیٹے پانچ محمدؓ۔ عبد اللہ۔ عثمانؓ۔ جعفرؓ عباسؓ جو علمدار اور نہر فرات پر پانی لینے گئے تھے یہ پانچوں بھائی علاتی امام صاحب سے اجازت لے کر میدان جنگ میں مقابلہ کو فیاں شیعہ سے کرنے کو نکلے اور ہزاروں کی تعداد میں یزیدیوں کو قتل کر کے بعدہٗ درجہ شہادت کا حاصل کر کے حضرت محمد الرسول اللہ سے جا ملے۔ پھر دونوں غلام یعنی فیروزؓ حضرت امام حسینؓ کا غلام اور سعد حضرت علیؓ کا غلام تھا دونوں اجازت لے کر میدان کربلا میں گئے اور خوب جنگ کر کے شہید ہو گئے۔ پھر امام حسینؓ کے چار بھتیجے حضرت امام حسنؓ کے بیٹے حضرت عبد اللہؓ حضرت ابو بکرؓ حضرت عمرؓ حضرت قاسمؓ یہ چاروں صاحب اپنی اپنی باری پر میدان جنگ میں خوب جنگ کر کے شہید ہوئے۔ خصوصاً امام قاسمؓ کے حملوں سے فوج یزید میں لرزہ پڑ گیا۔ ارزق پہلوان اور اس کے چاروں بیٹے امام قاسم کے ہاتھ سے مارے گئے۔ اور لشکر یزید میں بہت شور مچ گیا۔ الغرض آپ کا رعب تمام لشکر پر پھیل گیا۔ آپ کے ایک حملے سے تیس پیادے اور پچاس اسوار قتل ہوئے اور بعد ازاں آپ کے بدن پر ستائیس زخم آئے اور شہید ہو کر اپنے آباؤ اجداد کو جا ملے۔

مسئلہ:- یہ جو نادان مسلمانوں میں بات مشہور ہے کہ حضرت قاسمؓ کا نکاح بی بی سکینہؓ کے ساتھ ہونے کا سامان ہوا تھا اس دن سے ساتویں دن محرم شریف میں مہندی اٹھاتے ہیں۔ اور خوب باجے گاجے بجاتے اور خوشی کا سامان تیار کرتے ہیں یہ سب باتیں نادانی کی ہندوستان میں پھیل گئی ہیں۔ خدا کی پناہ کہاں تو کربلا کی مصیبت اور طرح طرح کی آفتیں یہاں تک

Marfat.com

کہ پانی حلق تر کرنے کو نہیں ملتا - پیاس کی شدت سے اہل بیت اطہار سے بولا بھی نہیں جاتا اور اشارہ سے کام کرتے ہیں اور تیمم سے نمازیں ادا کرتے ہیں۔ وہاں مہندی رچانا اور خوشی کا سامان کرنا کیسی نادانی اور جاہلیت کی بات ہے جس کو بچہ بھی قبول نہیں کرتا ایسے ہی جاہلوں نے اور بہت سے کام کھیل اور تماشے کے اپنے خیال سے بنا رکھے ہیں - اور نام ان کا محبت اہل بیت اور دین کے کام رکھا ہے - ایسے کم عقل اور نادان مسلمانوں پر افسوس ہے - اور ان کے حق میں خداوند کریم سے دعائے خیر کرنی چاہیئے کہ خدا ان کو بھی سمجھ عطا کرے ، آمین -

اہل البیتؓ صدیقؓ عمرؓ سنگ اتنا پیار کمایا ۔۔۔ جو نام اونہاں دے ناماں اوپر لڑکیاں نام رکھایا
شاہ حسینؓ دے دو لڑکے ابو بکرؓ تے عمرؓ پیارے ۔۔۔ ابابکر تے عمر محبت کارن رکھے نام سہارے
پر پچھلگاں ٹھگاں جاہل لوکاں نوں پھسلایا ۔۔۔ صدیقؓ عمرؓ سن دشمن حیدرؓ کوڑ د کوڑ الایا

الغرض حضرت امام حسینؓ کے بڑے صاحبزادے حضرت علی اکبرؓ جو مشابہ رسول خدا تھے اور عمر اٹھارہ برس تھی - امام حسینؓ سے اجازت لینے کے لئے آئے کہ ابا جان آپ مجھے میدان جنگ میں جانے کی اجازت فرما دیں تو میں بھی میدان جنگ میں جا کر درجات حاصل کروں تو آپ نے فرمایا کہ میاں تم اپنی والدہ سے اجازت طلب کرو میری طرف سے تو اجازت ہے تو حضرت علی اکبر اپنی والدہ ماجدہ سے اجازت طلب کرنے لگے تو والدہ ماجدہ نے فرمایا کہ بیٹا جاؤ بسم اللہ میں والدہ اسمٰعیل ذبیح اللہ کی سے صبر کرنے میں کم نہیں ہوں - پس علی اکبرؓ خوب ہتھیار پہن کر یزیدیوں کے مقابلہ میں نکلے اور ہزاروں کو قتل کر کے دوزخ میں پہنچایا اور اپنے بدن مبارک پر بے شمار زخم کھا کر شہید ہوئے اور اپنے آباؤ اجداد کو جا ملے -

فائدہ :- اس کے بعد امام حسینؓ نے خود میدان جنگ میں جانے کا ارادہ کیا اور اول خیمہ مبارک میں تشریف لا کر حرم مبارک مطہرات کو فرمایا کہ میں تم کو اللہ تعالیٰ کے سپرد کرتا ہوں اور اللہ تعالیٰ تم کو مدینہ منورہ میں پہنچائے گا اور ہمیشہ با عزت اور با حرمت رکھے گا - اور میرے بعد تم نے ہر حال میں صبر سے کام لینا ہوگا - الغرض جب آپ خیمہ شریف سے باہر نکلے اور گھوڑے پر اسوار ہونے کا ارادہ کیا تو اچانک خیمہ میں سے رونے کی آواز صادر ہوئی تو آپ پھر خیمہ میں تشریف لائے اور فرمایا اے حرم اہل بیت کیا وجہ ہے کہ آپ کی آواز باہر گئی - تو جواب ملا کہ یا حضرت علی اصغر کی پیاس کی شدت سے حالت نازک ہے اور دودھ سوکھ گیا ہے اور زبان باہر آ گئی ہے اور دم آخری ہے - آپ نے فرمایا میری گودی میں دے دو - شاید اس کو معصوم جان کر پانی دے دیں - حضرت امام حسینؓ علی اصغر کو میدان میں لا کر فرمانے لگے کہ یہ شیر خوار بچہ ہے - اور پیاس کی وجہ سے اس کی ماں کا دودھ سوکھ گیا ہے اور اس کی جان کندنی آ رہی ہے اگر میں آپ کا تقصیری ہوں تو یہ بچہ واجب الرحم ہے اگر میرے سبب سے اس معصوم کو پانی نہیں دیتے تو حضرت فاطمہؓ لخت جگر رسول اللہ کا پوتا سمجھ کر ہی پانی دیدو - اگر یہ بھی نہیں تو حضرت محمد رسول اللہ کا بیٹا سمجھ کر ہی دو تین قطرے پانی کے اس کے حلق میں ڈال دو - حتیٰ کہ امام صاحب نے ہر طرح سمجھایا مگر ان کوفیوں بے رحموں سنگدلوں کو کوئی ترس نہ آیا اور جواب دیا کہ سوائے حکم ابن زیاد کے تم کو یا تمہارے بیٹوں کو پانی کا ایک قطرہ نہ دیں گے - اور حرملہ بن کاہل لعنتی نے ایک ایسا تیر چلایا کہ معصوم بچے کے حلق سے گذر کر امام صاحب کے بازو میں جا پہنچا - آپ نے بزور تمام تیر کھینچا تو حلق سے فوارہ خون کا چھٹا اور بچہ جاں بحق ہوا - آپ اس کو خیمہ میں لائے اور اس کی والدہ کو فرمایا کہ بچہ شہید ہو گیا ہے - اس کے بعد آپ کے پاس مردوں میں سوائے زین العابدینؓ بیمار کے اور کوئی باقی نہ رہا تھا - آپ کو اس وقت سخت صدمہ ہوا کہ عورتیں اکیلی رہ گئیں - اور میدان جنگ میں دشمنوں کا ہجوم تھا - اور مستورات کا یہ حال تھا کہ آنکھوں سے آنسو لگاتار جاری تھے اور دم میں دم نہ تھے - مگر صبر جمیل انہی کا حق تھا - پھر زین العابدینؓ تنہائی والد بزرگوار کی دیکھ کر نہایت بیتاب ہوئے اور اپنی بیماری کی بھی کچھ پرواہ نہ کی اور نیزہ ہاتھ میں لے کر کانپتے کانپتے میدان جنگ میں تشریف لائے

Marfat.com

اور مقابلہ طلب کیا۔ اچانک امام صاحب کی نظر اس طرف پڑی تو جلدی سے دوڑ کر اُن کو پکڑ کر خیمہ کی طرف لائے اور فرمایا اللہُ اللہ اے بیٹا میری نسل کٹ جائے گی میں امید رکھتا ہوں کہ میری نسل تجھ سے قیامت تک اللہ کریم جاری رکھے گا۔ اور تو باپ ہوگا شہیدوں کا نفخہ صور تک۔ اور فرمایا کہ بیٹا صبر کرو تم یادگار رسولِ خدا اور بقیہ آل عباد ہو۔ اگر تم بھی شہید ہوگئے تو نسل رسول خدا منقطع ہو جائے گی۔ خبردار تمہاری ثابت قدمی میں فرق نہ آئے پائے۔ صبر کو ہاتھ سے نہ دینا۔ اور جس طرح حضرت ابراہیمؑ نے بوقت چھنے کے اور حضرت اسمٰعیل نے بوقت ذبح کے اور حضرت یوسفؑ نے بوقت گرنے کنوئیں میں اور حضرت زکریا نے بوقت چیرنے آرہ کے صبر کیا تھا اسی طرح تم بھی صبر کرنا ہوگا۔ اور سلسلہ پیری مریدی ٹھیک خاندان نقشبندیہ قادریہ چشتیہ سہروردیہ وغیرہ طریقوں میں سینہ بسینہ چلی آتی ہیں سب کی سب نعمتیں امام حسینؓ نے اپنے بیٹے زین العابدینؓ کو عطا فرا دیں

یہ امانت اب تمہیں دیتا ہوں اے جان حسینؓ
پیری مریدی کا سلسلہ تمہیں نے اب رکھنا ہے قائم
پیروی سنت کی کرنی تم میرے نور العین
نقشبندی قادری چشتی طریقے اب جو ہیں
جو ان طریقوں پر نہ چلے اس کو دشمن جان لو
خلاف سنت مصطفائے وہ ہے دشمن مان لو
شفقت الفت ہے جتنی میری اہل بیت پر
بعد میرے تم نے رکھنا بلکہ اس سے بیشتر
بے پدر ہونے کا غم حضرت سکینہؓ کو نہ ہو!
رنج تنہائی نہ آوے زینبؓ و کلثومؓ کو!
پنجۂ اعداء سے آخر صبر میں ہے مخلصی
رفتہ رفتہ تا وطن تم لوگ پہنچو گے کبھی!
مار بد تنہا ہمیں بر جان زند — یار بد بر جان و بر ایمان زند
سانپ بُرا صرف اکیلی جان کو ہی ہلاک کرے گا — مگر دوست بُرا جان اور ایمان دونوں کو ہلاک کرے گا
ناز خنداں باغ را خنداں کند — صحبت نیکاں از نیکاں کند
جیسا کہ باغ کی سیر انسان کے دماغ کو خوش و خوشبو کر دیتی ہے — ایسے ہی نیکوکاروں کو صحبت و مجلس انسان کو نیک بنا دیتی ہے

الغرض مسخ ہونا یعنی انسان کی شکل سے بدل کر بندر سور وغیرہ کی شکل میں تبدیل ہو جانا بسبب بے ادبی خدا و رسولؐ اور بزرگان
دین کے ہے۔ اور قرآن مجید و حدیث شریف سے ثابت ہے جیسا کہ اللہ تعالےٰ پارہ چھ سورۃ مائدہ میں ارشاد فرماتا ہے قُلْ
هَلْ اُنَبِّئُكُمْ بِشَرٍّ مِّنْ ذٰلِكَ مَثُوْبَةً عِنْدَ اللّٰهِ ط کہدو تم یا محمدؐ کیا خبر دوں میں تم کو ساتھ بدتر چیز کے اُس سے جو تم نے مجھے کہا
کہ تمہارا دین سب دینوں سے بدتر اور اس دین والے سب دین والوں سے بدنصیب ہیں۔ اور بدلہ نزدیک اللہ تعالےٰ کے ہے
مَنْ لَّعَنَهُ اللّٰهُ وَغَضِبَ عَلَيْهِ وَجَعَلَ مِنْهُمُ الْقِرَدَةَ وَالْخَنَازِيْرَ۔ لعنت اور غضب ہے اللہ تعالےٰ کا اوپر اُن کے یعنی اللہ
تعالےٰ کا اُوپر اُن کے یعنی اللہ تعالےٰ نے اُن کو اپنی رحمت سے دُور کر دیا۔ اور غصہ اُن پر ڈال دیا اور کر دیا بعض کو بندروں کی
صورت میں اور بعض کو خنزیروں کی شکل بنا دیا۔ یعنی جو لوگ حضرت عیسےٰ اور داؤد علیہم السلام کے حکم کے برخلاف چلے اور ان
کی بے حرمتی کرنے لگے اللہ تعالےٰ نے ان کو مسخ کر دیا۔

مسئلہ :۔ سورۃ قلم میں لکھا ہے کہ ولید بن مغیرہ لعین نے حضرت محمد الرسول اللہ کو دیوانہ کہا تو نبی کریمؐ نے اس کو بددعا
دی تو وہ مسخ ہو گیا یعنی اس کا ناک مثل ہاتھی یا خنزیر کے بڑھ گیا جیسا کہ ارشاد ہوتا ہے۔ سَنَسِمُهٗ عَلَى الْخُرْطُوْمِ۔ یعنی قریب
ہے کہ ہم اس کی ناک پر داغ لگا دیں گے۔

خرطوم دے معنی ہاتھی دا سُنّ یا مُتّی سوراں والی — ایہ لفظ اہانت اُسدی کارن آکھیا رب متعالی
تاں جو اوس دیوانہ آکھیا سرور عالم تائیں — اُسدے حق وچ آیت بھیجی آپ خداوند سائیں
ابن عباسؓ کہیا نک اُتے زخم لگا اس تائیں — جنگ بدر وچ اوسے زخموں مر گیا ویکھو مزائیں

مسئلہ :۔ بنی اُمیّہ کا ایک مؤذن حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو تبرّہ بازی کرتا تھا۔ اس پر اللہ تعالےٰ کا غضب نازل ہوا

Marfat.com

کہ شکل اس کی مسخ ہوگئی۔ یعنی خنزیر کی ہوگئی۔ اور یہ تذکرۃ الطہرین جو شیعہ کی معتبر کتاب میں لکھا ہے۔ اور اس کتاب کے صفحہ ایکسو تنتیس سے ایک سو بتیس ۱۳۲ تک مسخ ہوجانے کا بیان ہے۔ مثلاً کسی نے امام حسنؓ سے کہا کہ آپ امیر معاویہ کے ظلم پر تحمل کیوں فرماتے ہیں۔ امام صاحبؓ نے فرمایا کہ میں شام کو عراق اور ملک عراق کو شام کر سکتا ہوں۔ ایک شخص نے سن کر اس کام کو محال جانا اور یقین نہ جانا تو امام حسنؓ نے اس کو بددعا دی کہ تو اس جگہ سے اٹھ جا کیونکہ تو عورت ہے۔ اور مردوں کی مجلس میں بیٹھنے سے تجھے شرم نہیں آتی۔ اور جو تیری عورت ہے وہ مرد ہوگیا ہے۔ اور جو اس کے پیٹ میں حمل تھا وہ بھی تیرے پیٹ میں آگیا ہے۔ الغرض اسی طرح اور بھی اسی کتاب تذکرۃ الطہرین میں کئی مسخ لکھے ہیں جن سے کوئی شیعہ انکار نہیں کر سکتا۔

حکایت دوم

یہ مسخ بھی امام مستغفری نے بیان کیا ہے۔ کہ مرد صالح نے حکایت کی ہے کہ ایک شخص کوفہ کے رہنے والا ہمارے ساتھ سفر میں شریک ہوا۔ اور وہ ابا بکر صدیقؓ و عمر فاروقؓ پر تبرہ بازی کرتا تھا۔ ہم نے ہر چند اس کو نصیحت کی کہ تو اس بدافعالی سے باز آ مگر وہ باز نہ آیا تو آخر ہم نے اس کو کہا کہ تو ہم سے جدا ہو جا تو وہ علیحدہ ہوگیا۔ جب ہم اس سفر سے واپس آئے تو اس کا غلام ہمیں ملا۔ ہم نے اس سے پوچھا کہ تیرا مالک کہاں ہے تو اس غلام نے جواب دیا کہ اس کی عجیب حالت ہے۔ اور وہ تم کو بلاتا ہے۔ جب ہم نے ملاقات کی اور اس سے حال دریافت کیا تو اس نے کہا کہ میری بُری حالت ہے۔ اور مجھ پر بڑی مصیبت آئی ہے۔ جب ہم نے مصیبت دریافت کی تو اس نے اپنے دونوں ہاتھ ہمیں دکھائے کہ وہ شکل بندر کے مسخ ہوگئے تھے۔ ہم نے اس کو کہا کہ یہ تیری بد اقوالی کی شامت ہے جو تو حضرت صدیقؓ اور عمر فاروقؓ کو تبرہ بازی کرتا ہے۔ اب بھی جلدی سے توبہ کر اور تبرہ بازی سے باز آ۔ مگر وہ ابو جہل کی طرح ضد کا پکا تھا۔ آخر تمام شکل اس کی مسخ ہوگئی اور وہ ہلاک ہوگیا۔

حکایت سوم

مولانا محمد سعیدؒ صاحب نے اپنی کتاب مجموعہ سعادت میں لکھا ہے کہ ایک شخص مجھ سے ملاقات رکھتا تھا اور وہ مذہب اثنا عشریہ کا تھا۔ میں نے ہر چند کوشش کی اور نصیحت کی کہ تو مذہب اثنا عشریہ کو چھوڑ کر سنت اہل جماعت ہو جا۔ مگر اس نے میری بات پر کچھ خیال نہ کیا۔ ایک دن اس نے اپنا خواب بیان کیا کہ آج رات میں خواب میں سفر میں مسافر چلا جاتا ہوں راستے میں مجھ پر سخت پیاس غالب ہوئی میں نے ہر چند پانی تلاش کیا مگر نہ پایا۔ راستے میں تھوڑی دُور جانے کے بعد مجھے ایک سبیل پانی کی نظر پڑی۔ میں نے دریافت کیا کہ یہ سبیل پانی کی کس کی طرف سے ہے تو لوگوں نے کہا کہ یہ سبیل حضرت صدیق اکبرؓ کی طرف سے ہے۔ چونکہ اس سے مجھے عار تھی اس واسطے میں نے اُن کا پانی پینا مناسب نہ سمجھا۔ اور آگے چلا گیا۔ پیاس تو حد سے بڑھتی جاتی تھی مگر میں چلا ہی گیا۔ آگے اور ایک سبیل مجھے نظر آئی تو میں نے پھر دریافت کیا۔ تو جواب ملا کہ یہ سبیل حضرت عمر فاروقؓ ہے میں نے وہاں سے بھی پانی پینا مکروہ جانا اور آگے چلا گیا۔ پیاس حد سے بڑھتی چلی جا رہی تھی مگر میں چلا گیا۔ آگے اور ایک سبیل مجھے نظر آئی میں نے دریافت کیا تو جواب ملا کہ یہ سبیل حضرت عثمان غنیؓ کی ہے۔ میری طبیعت اس سبیل سے بھی پانی پینے کو نہ چاہی پیاس کی وجہ سے دل بیتاب ہوگیا مگر میں پھر آگے ہی چلا گیا۔ اچانک ایک چوتھی سبیل مجھے نظر آئی۔ میں نے کہا یہ سبیل کس کی طرف سے ہے تو جواب ملا کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی طرف سے ہے۔ یہ سن کر میں بڑا خوش ہوا اور حاضرین سے کہا کہ مجھے جلدی سے پانی دینا کیونکہ میں بہت ہی پیاسا ہوں تو انہوں نے کہا کہ اگر تم ایسے پیاسے تھے تو اس راستے پر کئی سبیلیں ہیں پیچھے کسی سبیل سے پانی کیوں نہ پیا۔ تو میں نے اپنا تمام ماجرا سُنایا یعنی اُن سبیلوں سے پانی پینے کی کراہت بیان کی تو یہ بات سنتے ہی اس سبیل والے نے

ایک کوزہ پانی والا پکڑا اور ایسے زور سے میرے مُنہ پر مارا۔ اور کہا کہ جن کے حق میں رسول پاک یہ فرما دیں اَلْحُبُّ عَنِ الصِّدِّیْقِ وَالْعُمَرُ وَالْعُثْمَانُ وَعَلِیُّ الْمُرْتَضٰی اٰیَاتُ الْاِیْمَانِ وَبُغْضُ عَلَیْهِمْ اٰیَاتُ النِّفَاقِ ترجمہ:۔ یعنی محبت کرنی ابابکرؓ و عمر فاروقؓ و عثمان غنیؓ و علی المرتضٰیؓ سے نشانی ہے ایمان کی۔ اور اُن سے دشمنی اور عداوت کرنی نشانی ہے نفاق کی (از مشکوٰۃ شریف)۔ اے بدبخت تو ان کو بُرا جانتا ہے۔ اس کوزہ کے ضرب کے سبب سے میرے دانت ٹوٹ کر گر پڑے۔ اور جب میں خواب سے جاگا تو وہ سب دانت میرے بستر پر گرے پڑے ہیں۔ اسی وقت وہ شخص اس مذہب باطلہ سے تائب ہو کر سنت اہل جماعت ہوگیا۔

مسئلہ:۔ اگر کوئی شیعہ مسخ جو اوپر لکھے گئے ہیں انکار کرے اور کہے کہ ہماری کتابوں میں لکھا ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہؓ کو اور ابا بکر صدیقؓ۔ عمر فاروقؓ اور عثمان غنیؓ کو گالی دینا ذکر اللہ سے افضل ہے۔ بلکہ ہر نماز کے بعد اصحاب ثلاثہ پر لعنت کرنی اللہ کے ذکر سے افضل ہے اور ہم سب شیعہ اصحاب ثلاثہ پر لعنت کرتے ہیں۔ اور پھر کوئی بھی شیعہ مسخ نہیں ہوتا تو اس کا جواب یہ ہے کہ اب ہزاروں لوگ مذہب دہریہ مثل فرعون کے رکھتے ہیں اور غرق نہیں ہوتے جیسے فرعون غرق ہوا تھا۔ اور ہزاروں لوگ زکوٰۃ نہیں دیتے مثل قارون کے اور غرق نہیں ہوتے حالانکہ قارون زکوٰۃ کے نہ دینے سے غرق کیا گیا۔ الغرض ان دونوں کو دنیا میں عذاب اس لئے دیا گیا تاکہ دوسرے لوگ عبرت حاصل کریں اور نصیحت پکڑنے والے نصیحت پکڑیں۔ اسی طرح بعض تبرہ بازوں کو مسخ کیا تاکہ دوسرے لوگ عبرت حاصل کریں اور اس بد اقوالی سے باز آئیں اور توبہ کریں۔ ورنہ روز قیامت کے سخت سزا پائیں گے۔ اور بندر خنزیر بنا کر دوزخ میں ڈالے جائیں گے۔ (حدیث از مشکوٰۃ شریف) فرمایا حضرت محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ابا بکر صدیقؓ میری دائیں آنکھ ہیں اور عمر فاروقؓ میری بائیں آنکھ ہیں۔ اور عثمان غنیؓ میری زبان ہے اور علی کرم اللہ وجہہ میری جان ہے۔ اس حدیث سے صاف معلوم ہوا کہ جو کوئی ان چہار یار میں سے کسی کو بُرا جانے گا وہ گویا رسول پاک کو بُرا جانے گا۔ اور رسول پاک کو بُرا جاننے والا کافر ہے۔

مجلس دہم

(یہ دس فصلوں پر مشتمل ہے)

فصل اوّل

در فضائل و خصائل زین العابدین رضی اللہ تعالیٰ عنہ

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ اِنَّمَا یُرِیْدُ اللّٰهُ لِیُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَیْتِ وَیُطَهِّرَكُمْ تَطْهِیْرًا ۔

ترجمہ:۔ سوائے اس کے نہیں کہ اللہ تعالےٰ چاہتا ہے کہ یہ بچائے تم میں سے پلیدی کو اے اہل بیت محمد الرسول اللہ کے اور پاک کرے تم کو پاک کرنا ہر ایک گناہ کی آلودگی سے۔

فائدہ :- حضرت زین العابدینؓ چوتھے امام تھے ۔ اور کنیت ان کی ابو محمد ہے ۔ اور لقب زین العابدینؒ اور پیدا ئی سنہ ۳۸ھ حضرت امام حسینؓ کے دولت خانہ میں - اور بعض روایات سے ثابت ہے کہ زین العابدینؒ ۳۶ یا ۳۸ سن ہجری پیدا ہوئے اور بوقت کربلا آپ کی عمر ۲۳ سال کی تھی ۔ اور یہ مثل اپنے دادا باجد کے بڑے عالم فاضل عابد زاہد صابر اور متقی و پرہیزگار صاحب علم متحمل مزاج مجاہد اور اہل شجاعت بڑے دلیر تھے ۔ یہاں تک کہ جب آپ معرکۂ کربلا میں سخت تھے اور تمام اقرباء آپ کے شہید ہو چکے تھے سوائے حضرت امام حسینؓ کے کوئی باقی نہ رہا تھا تو اس وقت بھی آپ بسبب کے کانپتے ہوئے تلوار پکڑ کر خیمہ سے باہر واسطے جنگ کے تشریف لائے تو حضرت امام حسینؓ نے آپ کو بصد مشکل خیمہ میں لا کر - دیگر جب شمر لعین آپ کو دمشق میں قید کر کے لے گیا تھا تو یزید پلید نے کہا اے زین العابدینؓ تو میرے لڑکے کا ہم عمر ہے ے لڑکے سے کشتی کر کے دکھا - تو حضرت زین العابدینؓ نے فرمایا کہ ایک تلوار میرے ہاتھ میں دیدو اور ایک تلوار اُس کے ں دے دو - پھر میدان میں ہم دونوں کو نکال کر کشتی دیکھ لو -

فصل دوم

زہد و صلوٰۃ امام زین العابدینؒ و دیگر ذکر امام صاحبؓ

زہد و سخاوت اور پرہیزگاری میں آپ اپنے زمانہ میں بے مثل تھے - چنانچہ آپ کی نماز نہایت ہی خشوع و خضوع اور حضور الی ہوتی تھی - جیسا کہ مومنوں کی صفت میں اللہ تعالے سورۃ مومنون میں فرماتا ہے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ - قَدْ الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِیْنَ هُمْ فِیْ صَلَاتِهِمْ خَاشِعُوْنَ -

ترجمہ - تحقیق خلاصی پائی مومنوں نے اپنی نمازوں میں خشوع کرتے ہیں - یعنی دل لگا کر نماز پڑھتے ہیں - اور غیر خیالات سے دور کرتے ہیں - اور جو لوگ نماز خشوع سے نہیں پڑھتے ان کے حق میں ایک بزرگ فرماتے ہیں

او ٹھک بیٹھک وِ ٹھو ہودن بھاویں ہے سیانے
کجھ خبر نہ اس دربار شہانے کی کیتے عرض حضور اسنے

حکایت

شواہد ایمان میں لکھا ہے کہ ایک رات حضرت زین العابدین نماز پڑھ رہے تھے اور ایک شیطان بن کر آپ کے سامنے آیا - زبھی خلل پیدا کرے مگر امام صاحب ویسے ہی نماز میں مشغول رہے جیسے پہلے تھے - پھر شیطان سانپ بن کر امام صاحب کے د پھرنے لگا - پھر بھی امام صاحب کے دل میں کوئی غیر خیال نہ آیا - جیسا کہ فرمایا حضورؐ پاک نے اِنَّ الْمُصَلِّیْ یُنَاجِیْ رَبَّهٗ فَلْیَنْظُرْ ں بِہٖ ترجمہ - تحقیق نمازی کلام کرتا ہے اپنے مولا سے اور گویا دیکھتا ہے اپنے رب تعالیٰ کو اور کلام کرتا ہے ساتھ اس کے ں اسی حدیث کے حضرت علی کرم اللہ وجہ ہیں - آخر شیطان نے آپ کی انگشت کاٹ لی اور آپ کا خون جاری ہو گیا گر صاحب نے پھر بھی کچھ پرواہ نہ کی - اور نماز باخشوع ہی پڑھتے رہے - جیسا کہ حضور پاک نے فرمایا ہے کہ لَا صَلٰوۃَ اِلَّا بِحُضُوْرِ لبِ - یعنی نہیں نماز مگر ساتھ حضوری دل کے - جب امام صاحبؓ فارغ ہوئے تو اللہ تبارک و تعالے نے جتایا کہ یہ سانپ ہے شیطان ہے جو آپ کی نماز کو خراب کرنا چاہتا تھا - تب امام صاحب نے اس کے منہ پر طمانچہ مار کر فرمایا اے بدبخت تو لیل و خوار ہوا ہے اور دوسروں کو بھی ذلیل کرنا چاہتا ہے دور ہو جا تو نہیں جانتا کہ باپ میرا حسینؓ اور دادا میرا

Marfat.com

علی کرم اللہ وجہہ اور نانا میرا حضرت محمد الرسول اللہ اور دادی میری حضرت فاطمۃؓ زہرا اور والدہ میری شہر بانوؓ جو کسریٰ ہرمز بن نوشیرواں عادل بادشاہ کی بیٹی ہے

فائدہ :۔ یہاں امام صاحب نے نبوت اور بادشاہی کو ملایا کہ دونوں درجے ہم کو حاصل ہیں ۔ دیگر ایک بزرگ نے امام صاحب کی نماز کا ذکر یوں فرمایا ہے ۔

اشرف ذات جو زین العابد پوتا شاہ علیؓ دا ۔ خوش فرزند جگر دا گوشہ پیر حسینؓ دلی دا
ستیاں ہیں کسے مسجد اندر نیت نماز کھلوئے ۔ اگ لگی اس مسجد تائیں لوک اکٹھے ہوئے
کھلے نماز گذارن حضرت لوکاں اگ بجھائی ۔ بعد نماز دھیان کیتو نے سنو مرید بھائی
لیکر مسجد سڑی تساڈی دیکھ تعجب ہوئے ۔ لوکاں عرض کیتا تسیں جس دم نیت نماز کھلوئے
بلدی اگ ڈٹھی سب لوکاں خلقت جڑ مل آئی ۔ حال پکار کیتی سب لوکاں مشکل نال بجھائی
عابد آکھیا قسم خدا دی سانوں خبر نہ کائی ! ۔ رحمت برکت صلوٰت اللہ دھن جنیدی مائی !

سچ فرمایا جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم نے اَلصَّلوٰۃُ مِعْرَاجُ الْمُؤْمِنِیْنَ ۔ کہ نماز مومنوں کے لئے معراج ہے اور مولانا روم صاحب فرماتے ہیں ؎

تا ترک علائق و عوائق نہ کنی ۔ یک سجدہ شائستہ لائق نہ کنی
جد تک کل علائق دنیا چھوڑیں ہرگز ناہیں ۔ گویا یک نہ سجدہ کیتا توں لائق سائیں !
نماز وکھاون کارن شیطاں حملے کر کر آوے ۔ اوہو رہے سلامت جس نوں مولا پاک بچاوے
جاں مومن سجدہ کردے شیطوں لعنتے حال پکاروں ۔ ہے ہے دور ہویا دربا روں ہیں یک سجدہ پاروں
تلاوت سجدہ واجب اُپر مومناں جان پیارے ۔ جو کرن تلاوت سجدہ ناہیں اوہ شیطان تناڑے
سجدے نال عداوت شیطاں مڈھ قدیموں آئی ۔ کرن تلاوت سجدہ ناہیں اوہ شیطاناں دے بھائی

مسئلہ ۔ روایت کرتے ہیں کہ امام زین العابدینؓ اس قدر روتے تھے کہ آپ کے رخساروں پر آنسو بہنے کے سبب سے کھال پھٹ گئے تھے ایک دن آپ کے فرزند نے عرض کی کہ یا حضرت آپ اس قدر کیوں روتے ہو فرمایا کہ حضرت یعقوب علیہ السلام کے بارہ بیٹے تھے ۔ مگر ایک کے گم ہونے سے آپ کی روتے روتے آنکھیں گم ہو گئی تھیں ۔ اور نابینے ہو گئے تھے ۔ اور میں نے اپنے بہتر آدمی اپنی آنکھوں کے سامنے شہید ہوتے دیکھے ہیں ۔ میں کس طرح نہ روؤں ؎

داغ ہجراں بر دل من کم نزاز یعقوب نیست ۔ او پسر گم کردہ بود و من پدر گم کردہ ام
داغ جدائی کا اوپر دل میرے کے حضرت یعقوب سے کم نہیں ہے ۔ اس لئے کہ اس نے بیٹا گم کیا تھا اور میں نے باپ کو گم کیا ہے

مسئلہ :۔ لکھتے ہیں کہ جب حضرت زین العابدین وضو کرتے تو آپ کا چہرہ مبارک زرد ہو جاتا ۔ لوگوں نے اس کا سبب دریافت کیا تو آپ نے فرمایا کہ تم نہیں جانتے کہ میں کس کے سامنے کھڑا ہوتا ہوں ۔ اور وضو کرتے وقت آپ پاؤں کی ایڑیاں بہت ہی کوشش سے دھوتے ۔ لوگوں نے پوچھا تو فرمایا میرے نانا جان کا فرمان ہے کہ جو وضو میں ایڑیاں خشک رکھے گا اس کے پاؤں قیامت کے دن دوزخ میں ڈالے جائیں گے ۔

جو اڈیاں خشک وضو وچہ رکھے اوہ اڈیاں دوزخ ساڑے ۔ جو کرن خلال انگشت وضو وچہ پچھین اوس دیہاڑے !!
سنتے جو پیر نہ مطلق دھودن خالی انہاں کی تھیوسے ۔ پیراں دھودن فرض ہے وچہ قرآن حدیث پڑھیوسے

Marfat.com

فائدہ :۔ قرآن کریم پارہ چھ سورۃ مائدہ میں پیر دھونے کا ذکر پایا جاتا ہے مثل منہ دھونے کے اور ابن ماجہ میں حدیث ابن عباسؓ سے روایت ہے قال اذا توضأت فخلل اصابع یدیک و رجلیک ترجمہ۔ یعنی فرمایا حضور پاکؐ نے اے ابن عباسؓ جس وقت وضو کرے تو پس بوقت دھونے ہاتھوں اور پاؤں کے خلال کر اور کا ضروری۔ الغرض امام زین العابدین ہزار رکعت نفل روزانہ پڑھتے تھے۔

مسئلہ :۔ ہشام بن عبد الملک حج کو گیا۔ اور بسبب انبوہ لوگوں کے حجر اسود کا بوسہ نہ لے سکا۔ اور ایک طرف جدا ہو کر بیٹھ گیا۔ اتنے میں امام زین العابدینؓ بھی کمبل اوڑھے طواف کرتے ہوئے آئے اور لوگ آگے سے اس طرح ہٹتے جاتے تھے جیسے شیر سے بھیڑیں۔ اور ہیبت کے مارے آپ کے چہرہ مبارک کی طرف دیکھ نہ سکتے تھے۔ جب آپ حجر اسود کے پاس آکر کھڑے ہوئے تو لوگ ادھر ادھر جگہ چھوڑ کر ہوگئے اور آپ حجر اسود کو چوم کر بہت دیر تک زاری سے بارگاہ عالی میں دعا کرتے رہے۔ جب آپ آگے چلے گئے تو ایک شامی نے ہشام سے پوچھا کہ یہ کون صاحب ہیں۔ ہشام نے اس خیال سے کہ شام کے لوگ ان کی طرف متوجہ نہ ہو جائیں کہا کہ میں نہیں جانتا کہ یہ عربی ہیں یا عجمی۔ حضرت ابو الفراس فرزدق شامیوں میں موجود تھے بولے اس سے کیا پوچھتا ہے ادھر آؤ میں تم کو بتاؤں کہ یہ کون ہیں۔ اور یہ قصیدہ جو مولوی جامی نے فرمایا ہے پڑھ کر سنایا ؎

آں کس ست ایں کہ مکہ و بطحا ‌ ‌ زمزم و بوقبیس و خیف و منا
حرم و حل بیت و رکن و حطیم ‌ ‌ ناودان و مقام و ابراہیمؑ

یہ وہ ہے جو مکہ مکرمہ اور جنگل مکہ اور زمزم اور ابو قبیس پہاڑ اور مسجد خیف اور منا واسطے ان کے ہے۔ اور حرم اور بیت اللہ اور رکن اور حطیم اور مقام ابراہیم سب ان کے واسطے ہے

مروہ سعی صفا حجر عرفات ‌ ‌ طیبہ و کوفہ کربلا و فرات
ہر ایک امد بقدر و عارف ‌ ‌ بر علم مقام او واقف

مروہ اور صفا پہاڑی حجر اسود اور عرفات اور مدینہ اور کوفہ کربلا اور فرات کا پانی یعنی تمام مقامات بزرگ تمام تمام ان کے واسطے ہیں۔ ہر ایک شخص ان کے شان اور علم اور مقام سے واقف ہے

قرۃ العین سید شہدا است ‌ ‌ زہرۂ شاخ دوحہ زہرا است
میوۂ باغ احمد مختار ‌ ‌ لالۂ زار حیدر کرار

یہ امام حسینؓ کی آنکھوں کی ٹھنڈک ہے اور پھول ہے فاطمہؓ زہرا کے بڑے درخت کا۔ یہ وہ ہے باغ محمد مصطفیٰ کا اور پھول سے لگا رکھا گیا حضرت علیؓ کا۔

چوں کند جائے در میان قریش ‌ ‌ رود از فخر بر زبان قریش
کہ بدیں سرور ستودہ شیم ‌ ‌ بہ نہایت رسیدست فضل و کرم

جب کرے جا گہ درمیان قریش کے جو جاوے فخر اوپر زبان قریش کے جو یہ سردار تعریف کیا گیا جو انتہا بندگی کو پہنچا ہوا ہے

در عرب و عجم بود مشہور ‌ ‌ گو ندانند منغفل مغرور
بر ہمہ عالم است پر تو نور ‌ ‌ گر ضریرے ندید زاں چہ ضرر

یہ بیچ عرب اور عجم کے مشہور ہے۔ خواہ کوئی غفلت اور مغروری کے ساتھ نہ جانے۔ سورج کی روشنی تمام عالم

Marfat.com

پر ہے اگر اندھا نہ جانے تو کیا نقصان ہے

شُد بلند آفتاب بر افلاک
بوم زاں بہرہ گرنیافت چہ باک

حب ایشاں دلیل صدق و وفاق
بغض ایشاں نشان کفر و نفاق!

سورج آسمان پر بلند ہوتا ہے۔ اگر چام چڑیا اُتو نہ دیکھے تو کیا ہے۔ ان کی محبت نشان ہے صدق اور سلوک کا اور ان
ان کی نشان ہے کفر اور نفاق کا

ذکر شاں سابق ست در افواہ
در ہمہ خلق بعد ذکر خُدا

اللہ تعالیٰ کے ذکر کے بعد ان کا ذکر تمام جہان میں پھیلا ہوا ہے۔

فائدہ:- جب ہشام نے یہ قصیدہ فرزدق سے سُنا تو فرزدق کو گرفتار کرکے قید کر دیا۔ تو حضرت زین
نے فرزدق کو قید خانہ میں بارہ ہزار دینار ارسال کیا۔ فرزدق نے عرض کی کہ یا حضرت یہ قصیدہ للہ تھا میں در ہم
لیتا۔ تو امام صاحب نے فرمایا کہ یہ ہدیہ بھی للہ ہے ہم اس کو واپس نہیں لیں گے

زاں کہ ما اہل بیت احسانیم
آں چہ دادہ ایم باز نستانیم

اس لئے کہ جو کچھ ہم اہل بیت کسی پر احسان کرتے ہیں پھر واپس نہیں لیا کرتے۔ الغرض آپ کی وفات
اٹھارویں ماہ محرم ۹۵ھ ہجری بعہد ولید ابن عبد الملک مزار شریف بہ پہلوئے امام حسنؓ در مدینہ منورہ
عمر ۵۷ سال امامت ۳۴ سال۔

فصل ۳ سوم

در فضائل و خصائل حضرت امام محمد باقر بن زین العابدین

ولادت یوم جمعہ تیسری ماہ صفر اور ایک روایت میں غرۂ ماہ صفر ۵۷ھ در مدینہ منورہ نام محمدؐ کنیت
ابو جعفر لقب باقر ورثہ کرتا تھا۔ بروقت شہادت امام حسینؑ تین سال کے تھے۔ بروقت وفات زین العابدین اٹھتیس
سال کے تھے خوارق آپ کے بسیار ہیں۔ نیز فصل الخطاب میں لکھا ہے کہ حضرت امام باقرؓ کے چھ لڑکے اور تین
لڑکیاں تھیں جن میں سے اولاد صرف جعفر صادقؓ سے ہی ہوئی ہے۔ اور آپ کی والدہ کا نام فاطمہ بنت حسنؓ ہے جن
کو ام الحسن یا ام العبد اللہ بھی کہتے ہیں۔ اور آپ کو جعفر یا شاکر یا ہادی بولا جاتا ہے۔ مگر زیادہ مشہور باقرؓ ہی ہے
اور امام محمد باقرؓ پانچویں امام ہیں۔ باقر اس واسطے کہا جاتا ہے کہ آپ بڑے عالم اور مالدار شیرا در بہادر تھے اور یہ
لقب آپ کا خود حضور پاکؐ نے ہی رکھا تھا۔ جیسا کہ جابرؓ سے روایت ہے کہ فرمایا آپؐ نے اے جابرؓ شاید تم زندہ
رہو اور ملاقات کرے اولاد حسینؑ کا سے تو جوان میں محمدؐ ہوگا اُس کو میرا سلام دینا۔ نقل کرتے ہیں کہ آخر وقت میں
حضرت جابرؓ نابینے ہو گئے تھے۔ ایک دن امام محمدؐ باقر حضرت جابر کے نزدیک آئے تو دریافت کیا جابرؓ نے تو کون ہے
تو فرمایا امام محمد باقر نے کہ میں محمدؐ بن علیؓ بن حسینؑ ہوں۔ تو حضرت جابر نے امام محمد باقر کو بلا کر اُن کے ہاتھ اور پاؤں
پر بوسہ دیا۔ اور عرض کیا یَا ابْنَ رَسُوْلِ اللّٰہِ یُقْرِءُکَ السَّلَامُ۔ کہ بیٹے رسول اللہ کے سلام ہو تجھ پر رسول اللہ کی طرف
سے اور گزرا ہوا ماجرا بیان کیا۔ اور کہا کہ آپ کا لقب باقر آپ نے ہی رکھا تھا کہ آپ کے زمانے میں وہ باقر یعنی بہادر

Marfat.com

...ر اولاد عالم فاضل ہوگا اور آپ بڑے متقی و پرہیزگار تھے فضائل آپ کے بے شمار ہیں اور آپ ستاون سال کی عمر میں ۱۱۴ھ میں خلفائے مروان کے زہر دینے سے شہید ہوگئے۔ اور مدینہ منورہ میں اپنے والد بزرگوار کے پاس دفن ہوئے

فصل چہارم

در فضائل و خصائل حضرت امام جعفر صادقؓ

حضرت امام جعفر صادقؓ چھٹویں امام ہیں۔ کنیت آپ کی عبداللہ اور مشہور جعفر صادقؓ ہے اور پیدائش آپ کی در مدینہ منورہ بروز پیر دوازدہ ربیع الاول ۸۳ھ کو ہوئی بوقت وفات امام زین العابدین پندرہ سال اور بوقت وفات والد حضرت امام باقر چونتیس ۳۴ سال اور ایک روایت میں اکتیس ۳۱ سال کے تھے۔

فائدہ:۔ آپ بڑے عالم فاضل متقی پرہیزگار عابد زاہد سخی بہادر دلیر صادق کلام تھے۔ ایک بار آپ کو ایک ظالم بادشاہ نے منگوا کر کہا کہ تم اولاد رسولؐ کس طرح بن گئے ہو، حالانکہ رسول خدا کی کوئی اولاد باقی نہیں رہی۔ تو امام صاحبؓ نے فرمایا، کہ ہمارا رسول خدا کی اولاد ہونا قرآن کریم سے ثابت ہے اور یہ آیتیں پڑھیں جو پارہ سات سورۃ انعام میں ہے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَتِلْكَ حُجَّتُنَا اٰتَیْنٰهَا اِبْرٰهِیْمَ عَلٰی قَوْمِهٖ الخ۔ جب آپ پڑھتے پڑھتے وَزَكَرِیَّا وَیَحْیٰی تک پہنچے تو چپ ہوگئے تو اس ظالم بادشاہ نے کہا آگے کیوں نہیں پڑھتے تو آپ نے وَعِیْسٰی وَاِلْیَاسَ پڑھ کر فرمایا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کئی صدیوں بعد مریم علیہا السلام کے پیٹ سے پیدا ہو کر اولاد ابراہیم میں شمار کئے جاتے ہیں۔ اور ہماری والدہ ماجدہ حضرت فاطمہ بنت رسولؐ خدا کے درمیان میں ابھی ایک واسطہ بھی نہیں، کیا ہم حضرت فاطمہؓ کی اولاد رسول خدا کی اولاد نہیں ہوسکتے وہ بادشاہ چپ ہوگیا۔ حاصل کلام اس قصہ سے صاف ظاہر ہے کہ جس طرح حضرت عیسیٰ علیہ السلام بیٹے مریم علیہا السلام کے اولاد ابراہیم میں شمار ہیں۔ اسی طرح اولاد حضرت فاطمہؓ بھی اولاد رسول خدا میں اولیٰ درجہ سے بھی اولیٰ درجہ شمار ہیں اور اسی نسبت سے اولاد امام جعفر صادقؓ بھی اولاد صدیق اکبرؓ میں شمار ہیں۔ جیسا کہ شیعہ کی معتبر کتاب تذکرۃ الطاہرین صفحہ ۲۳۵ میں مرقوم ہے وَاُمُّهٗ اُمُّ فَرْوَةَ بِنْتُ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِیْ بَكْرٍ وَاُمُّهَا اَسْمَاءُ بِنْتُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِیْ بَكْرٍ۔

ترجمہ۔ یعنی والدہ امام جعفر صادقؓ کی فروہ تھی۔ جو بیٹی قاسمؓ بن محمدؓ بن ابو بکرؓ کی تھی۔ اور نانی امام جعفر صادقؓ کی اسماءؓ ہے جو بیٹی عبدالرحمن بن ابی بکرؓ کی تھی۔

فائدہ:۔ یہ یاد رکھنے والی بات ہے کہ جس واسطہ سے اہل بیت اجمعین کو برا جانا اور ان کی توہین کی۔ اور جو اہلبیت کو برا جانے گا گویا رسول خدا کو برا جانے گا۔ وہ مثل ابوجہل ابولہب کفار مکہ کے ہوگا۔ اور ان کے ساتھ دوزخ میں جائے گا۔ الغرض وفات آپ کی در مدینہ منورہ بروز پیر دوازدہ رجب المرجب ۱۴۸ھ کو ہوئی اور تمام عمر آپ کی ۶۵ یا ۶۷ سال ہوئی اور آپ کو والد ماجد حضرت باقرؓ کے پاس جنت البقیع میں دفنایا گیا اور مدت امامت ۳۴ سال ہے واللہ اعلم بالصواب۔

فصل پنجم

Marfat.com

در فضائل و خصائل حضرت امام موسیٰ کاظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ

حضرت موسیٰ کاظم ساتویں امام ہیں کنیت آپ کی ابو ابراہیم ہے اور لقب کاظم اس واسطے ہوا کہ آپ بڑے بردبار متحمل مزاج حلیم طبع تھے۔ اور کاظم کے معنے غصہ کیوقت غصہ کھانے والا ہے۔ اور آپ منزل ابواء (مکہ اور مدینہ کے درمیان ایک جگہ ہے) بروز اتوار ساتویں ماہ صفر ۱۲۸ سنہ ہجری میں پیدا ہوئے اور بوقت رحلت والد خود امام جعفر صادق آپ کی عمر بیس سال کی تھی۔ اور والدہ آپ کی ام الولد جن کا نام حمیدہ تھا جو بربر سے آئی تھیں۔ اور ایک روایت میں ہے کہ اندلس یعنی فرنگستان جو انگریزوں کا ملک ہے سے آئی تھیں۔ جہاں بنو امیہ کی خلافت سو برس تک رہی ہے۔ آپ بڑے عالم اور کریم تھے۔ فضائل آپ کے بے شمار ہیں۔ جیسا کہ حبیب السیر میں ہے کہ ایک روز کسی نے آپ سے جانوروں کی بولی میں کلام کیا تو آپ نے اسی بولی میں جواب دیا۔ جب وہ چلا گیا تو خادموں نے عرض کی کہ یا حضرت یہ کلام اجنبی تھی۔ آپ نے فرمایا کہ یہ کلام ایک جماعت جنات کا ہے اور ہر ایک امام الوقت سب زبانیں جانتا ہے وَعَلَّمَ آدَمَ الْاَسْمَآءَ کا مصداق ہوتا ہے اولیاء اللہ نے بڑے بڑے خوارق آپ کے بیان کئے ہیں بلکہ قبولیت دعا کے واسطے قبر شریف آپ کی تیر بہدف ہے جو دعا آپ کی قبر شریف پر مانگی جائے فوراً قبول ہوتی ہے۔ اور وفات چھبیسویں ماہ رجب ۱۸۳ سنہ ہجری بروز جمعہ در قید خانہ ہارون رشید ہوئی۔ بعض کا قول ہے کہ ہارون رشید نے زہر دلوائی تھی۔ تمام عمر آپ کی پچپن ۵۵ سال ہے۔ امامت پینتیس ۳۵ سال ہوئی قبر آپ کی بغداد شریف میں ہے۔

فصل ششم

در فضائل و خصائل امام علی موسیٰ رضاؓ

امام علی موسیٰ رضاؓ آٹھویں امام ہیں۔ کنیت ابو الحسن ہے اور پیدائش آپ کی در مدینہ منورہ بروز جمعرات دسویں ماہ ربیع الآخر ۱۵۳ سنہ ہجری کو ہوئی۔ بروقت وفات موسیٰ کاظم ۳۰ سال کے تھے اور لقب صابر۔ وفا۔ اور رضا ہے اور والدہ آپکی ام الولد بنام خیزران یا سکینہ نوبیہ یا سمانہ ہے۔ آپ تمام عمر کبھی کسی سے خفا اور رنجیدہ نہیں ہوئے اور نہ کبھی کسی کلام رد کیا۔ یعنی جب تک کسی کا کلام ختم نہ ہوجاتا خاموش رہتے۔ اور تمام عمر کسی سوالی کو نہیں موڑا وَاَمَّا السَّآئِلَ فَلَا تَنْهَرْ پر پورا عمل کر کے دکھایا۔ اور کبھی آپ قہقہہ کر کے ہنستے نہیں تھے۔ اور آپ کا دستور تھا کہ جب دستر خوان بچھاتے تو تمام اپنے خادم اور غلام بلکہ چرواہوں تک بلا کر کھاتے تھے۔ اور اکثر شب بیدار رہتے تھے خصوصاً ایام بیض کے روزے رکھتے تھے اور صدقہ اکثر پوشیدہ دیتے تھے۔ اور خوارق آپ سے بہت ہیں۔ اور کسی وجہ سے ظاہر نہیں ہوئے اور امراض برص وغیرہ آپ کی برکت سے زائل ہو جاتا تھا۔ اور آپ کی وفات کا ذکر یوں کرتے ہیں کہ مامون رشید آپ کے کمالات دیکھ کر آپ کا مطیع ہوگیا تھا۔ اور کہتا تھا کہ یہ آپ کا مرید ہوں خلافت آپ کا حق ہے اگر آپ قبول نہ کرتے تھے۔ آخر آپ کو اپنا ولی عہد بنا لیا۔ اگر آپ کہتے ہی رہے کہ یہ بات مجھے راست آتی معلوم نہیں ہوتی۔ چنانچہ سب عباسی جمع ہو کر مامون الرشید کے پاس آئے اور انتقال خلافت سے روکا۔ اور رفتہ رفتہ اس کو امام صاحب کا دشمن بنا دیا۔ چنانچہ اس نے آپ کو باغ میں منگوا کر انگور زہر دار کھلا دیے۔ زہر کھاتے ہی اپنے فرزند دلبند محمد تقی کو بغداد سے طوس میں بلوا کر سب امانتیں امام محمد مہدی کی جہاں مدفون تھیں۔ بتا دیں کہ بعد از بلوغ نکالنا اور

Marfat.com

پنی مرقد کی نسبت فرمایا کہ فلاں مقام میں زمین کھودنے سے ایک سنگ نکلے گا جس پر کچھ لکھا ہوا ہوگا۔ مجھ کو وہاں دفن کرنا اور وفات آپ کی بہ مشہد مقدس بعہد مامون الرشید بروز جمعہ اکیسویں ماہ رمضان ۲۰۳ھ ہجری کو ہوئی۔ اور قبر آپ کی ملک فارس میں قریب شہر طوس کے ہے۔

فصل ہفتم

در فضائل و خصائل امام محمد تقی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

امام محمد تقی نانویں امام ہیں۔ کنیت آپ کی ابو جعفر اور لقب تقی و قانع و جواد ہے۔ یعنی بڑے پرہیزگار متقی و سخی تھے ولادت بروز شب جمعہ گیارہ رجب ۱۹۵ھ میں ہوئی اور والدہ آپ کی ام الولد بنام سبیکہ تھی۔ جو قوم نوبی خاندان ماریہ قبطیہ سے تھی۔ آپ کے کمالات و خوارق صغر سنی ہی سے شہرۂ آفاق تھے۔ کتاب اہل السنت و الجماعت تذکرۃ الطاہرین صفحہ دو سو ہفتر پر مرقوم ہے کہ جب مامون رشید نے آپ کے خوارق دیکھے تو شیفتہ ہو کر اپنی دختر ام فضل کا نکاح آپ سے کر کے مدینہ منورہ آپ کے ساتھ روانہ کر دیا اور سالانہ ایک ہزار روپیہ آپ کو پہنچاتا تھا۔ ابو ہاشم جعفریؓ نے روایت کی ہے کہ ایک دن آپ مسجد کوفہ میں نماز پڑھنے گئے تو صحن مسجد میں ایک درخت بیری کا خشک ہو گیا تھا۔ اُس کو جب پانی مستعمل وضو کا پہنچا تو وہ خشک درخت فوراً سرسبز ہو گیا اور میوے بھی بغیر گٹھلی کے لگے اور خاص و عام لوگ کھاتے اور تبرک بھی لے جاتے۔ خوارق آپ کے بہت ہیں آپ کی نگاہ سے زنجیر آہنی ٹوٹ جاتے۔ ابن طلحہؓ سے روایت ہے کہ آپ کی اولاد امام علی نقیؓ کے سوا کوئی بھی نہ تھی۔ وفات بروز منگل دار ماہ ذوالحجہ ۲۲۰ھ ہجری میں بعہد معتصم باللہ ہوئی۔ بقول بعض معتصم باللہ نے آپ کو زہر دیا تھا۔ عمر پچیس ۲۵ سال امامت ۱۷ سال مزار شریف قریب مزار امام موسیٰ کاظمؓ جد خود بغداد۔

فصل ہشتم

در فضائل و خصائل امام علی نقی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

امام علی نقیؓ کو امام علی ہادی بھی کہتے ہیں۔ دسویں امام۔ کنیت ابوالحسن ثالث ہے۔ ولادت در مدینہ ۵ ذوالحجہ ۲۱۲ھ ہجری اور بعض کے نزدیک ۱۳ ماہ رجب ۲۱۴ھ ہجری اور بوقت وفات والد ماجد چھ سال کے تھے اور اسی وقت مسند امامت پر جلوس فرمایا۔ خوارق صغر سنی ہی سے ظہور میں آئے۔ تو کل اہل مدینہ مطیع ہوئے۔ جب خلیفہ متوکل عباسی کو اطلاع ہوئی تو اس نے آپ کو عراق میں بلایا۔ اور شہر سُرَّ مَن رَاٰی کے جواب سامرہ مشہور ہے آپ کو قیامت کا حکم دیا جس جگہ آپ کو مقام کرنے کا حکم تھا وہ جگہ بالکل خراب اور ویران تھی۔ آپ کے ایک مرید نے عرض کی یا ابن رسول اللہ یہ لوگ آپ کے بدخواہ معلوم ہوتے ہیں اسی واسطے قیام ویران میں کرایا ہے۔ تو آپ نے ہاتھ مبارک سے اشارہ کیا تو وہاں اس مرید کو باغات نظر آئے۔ آپ نے فرمایا یہ باغات جہاں ہم رہیں گے ساتھ ہی رہیں گے ظاہر مکان کی ہم کو کوئی ضرورت نہیں۔ خلیفہ متوکل کے پاس شعبدہ باز آیا تو متوکل نے اسے کہا کہ اگر تو شعبدہ سے امام علی نقیؓ کو خجلت زدہ کرے گا تو میں تم کو بہت سا انعام دوں گا

توشعبدہ بازنے دو ہزار دینار مقرر کر کے امام صاحب کے سامنے شعبدہ بازی شروع کر دی حتیٰ کہ اہل مجلس خندہ زن ہوئے اور جب شعبدہ باز نے ایک شیر کی تصویر نکالی تو امام صاحبؓ نے اس شیر کی تصویر کو حکم دیا کہ مجسم ہو کر اس شعبدہ باز کو پکڑ فوراً شیر کی تصویر نے مجسم ہو کر شعبدہ باز کو ہلاک کر ڈالا ۔ وفات بروز سوموار آخر جمادی الآخر بقول دوم رجب ۲۵۴ھ بعہد معتمد باللہ ہوئی ۔ فضائل بے شمار ہیں ۔ اور اولاد تین لڑکے حسنؒ حسینؒ جعفرؒ اور ایک لڑکی عائشہؓ ہے ۔ مزار شریف سامرہ واقعہ کوچہ احمد رشید ی میں ہے ۔

فصل نہم ۹

در فضائل و خصائل امام حسن عسکری رضی اللہ تعالےٰ عنہ

امام حسن عسکری گیارہویں امام ہیں ۔ کنیت ابو محمدؒ لقب حسن زکی و خالص و سراج ہے ۔ پیدائش در مدینہ بروز سوموار دسویں ربیع الآخر ۲۳۱ھ بقول دوم ۲۳۲ھ ہوئی ۔ بوقت وفات والد ماجد ۲۴ سال کے تھے خوارق بے شمار ہیں ۔ شواہد میں لکھا ہے کہ ایک شخص نے آپ کے سامنے فاقے کی شکایت کی تو آپ نے زمین پر ہاتھ مار کر پانچسو دینار کھود کر اس سوالی کو دے دیئے اور ایک شخص نے تپ چوتھیہ کی بابت آپؓ کو خط لکھا کہ مجھے تپ چوتھیہ کا تعویذ عنایت فرمائیں ۔ مگر خط بھیجنا بھول گیا ۔ ایک دن اتفاقیہ آپ کو وہ شخص ملا تو آپ نے فرمایا کہ بھائی فلاں دن تم نے مجھ کو خط لکھا تھا مگر بھیجا نہیں کیا سبب ۔ تو اس نے عرض کی یا حضرت میں خط بھیجنا بھول گیا ہوں تو آپ نے فرمایا کہ تپ چوتھیہ کے واسطے قُلْنَا یَا نَارُ کُونِی بَرْدًا وَّسَلَامًا عَلٰی اِبْرَاہِیْم لکھ کر گلے میں ڈالنے سے آرام ہو جاتا ہے ۔

مسئلہ :۔ ایک دفعہ ایک عورت نے بادشاہ متوکل عباسیہ کے سامنے سیدہ ہونے کا دعویٰ کیا ۔ تو متوکل نے امام حسن عسکری کو بلا کر اس عورت کی تحقیق چاہی ، تو آپ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے امام حسنؓ حسینؓ کی اولاد کے گوشت کو درندوں پر حرام کیا ہے ۔ اس عورت کو کسی درندہ کے آگے ڈال دو ۔ اگر یہ سیدہ ہوئی تو کوئی درندہ اس کو نہ کاٹے گا تو وہ عورت کہنے لگی کہ میں سیدہ نہیں ہوں ۔ اس کے بعد اُمراء وزراء کہنے لگے جو دراصل اندرونی آپ کے دشمن تھے کہ امام صاحب بھی تو سید ہیں ان کی بھی تو آزمائش کرنی چاہیئے ۔ بادشاہ متوکل نے چند درندے منگوا کر ایک کمرہ میں بند کر کے امام صاحب کو بلوا کر کمرہ کے دروازے میں کھڑا کر کے دروازہ کھول دیا اور آپ چبوترہ پر چڑھ گئے اور جب وہ درندے شیر وغیرہ نکلے تو آپ کے ارد گرد طواف کرنے لگے ۔ اور آپ ان کی پشت پر ہاتھ پھیرتے تھے ۔ اور وہ شیر آپ کو سلام کرتے تھے ۔ اور پاؤں پر گرتے تھے ۔ یہ کرامت دیکھ کر امیر وزیر سب آپ کے مطیع اور تابعدار بن گئے فضائل آپ کے بے شمار ہیں ۔ آپ کی اولاد ایک ہی فرزند بنام ابوالقاسم محمدؒ ہوا ۔ وفات یوم جمعہ ۸ ربیع الاول یا آخر ۲۶۰ھ ہجری بعہد معتمد خلیفہ عباسی ہوئی اور اس نے آپ کو زہر دیدیا تھا اور مزار شریف قریب والد خود علی نقیؒ سامرہ میں ہے

فصل دہم

در فضائل امام محمد مہدی رضی اللہ تعالےٰ عنہ

امام محمد مہدی بارہویں امام ہیں ۔ اور یہ ابھی پیدا ہونے والے ہیں ۔ اور ان کے حق میں رسول خدا نے بہت سی پیش گوئیاں فرمائی ہیں ۔ جیسا کہ عام کتابوں میں پایا جاتا ہے کہ نام مبارک آپ کا اور والدین کا موافق نام و کنیت و والدین رسول خدا کے ہوگا ۔ یعنی آپ کا نام محمد اور والد کا نام عبد اللہ اور والدہ کا نام آمنہ رضی اللہ تعالےٰ عنہم ہوگا ۔ اور اخیر زمانہ میں آپ پیدا ہوں گے ۔ اور آپ کے ہمراہ اصحاب کہف و ابدال کی جماعت ہوگی اور دو خلیفے اہلبیت سے آپ کے بعد دنیا میں ہوں گے ۔ اور خزائن مدفون بیت اللہ شریف نکال کر تصرف میں لائیں گے ۔ اور تفصیل اس کی فصل الخطاب و فتوحات مکیہ میں ہے ۔

مسئلہ :۔ کتاب کلینی میں محمد بن یعقوب و محمد بن بابویہ قمی اور شیخ ابوجعفر طوسی وغیرہ معتبر مفسرین شیعہ لکھتے ہیں کہ امام محمد مہدی ۲۵۵ھ ہجری ۱۵ شعبان کو امام حسن عسکری کے گھر پیدا ہوئے اور غار سر من رائے میں چھپے ہوئے ہیں اور قریب قیامت کے ظاہر ہوں گے یہ سب لغویات ہے ۔ اس کو ہم بحث امام آخر زمان میں پورے طور سے ان شاء اللہ لکھیں گے ۔ اور امام محمد بن حسن عسکری کی بابت شیخ رکن الدولہ سمنانی قدس سرہٗ اپنی کتاب مردہ میں لکھتے ہیں کہ محمد بن عسکری جب نظروں سے غائب ہو گئے تو اول دائرہ ابدال میں رہے ۔ بعدہٗ ترقی فرما کر مرتبہ قطب اعلیٰ پہنچے ، بعدہٗ وفات پائی اور مدینہ منورہ میں مدفون ہوئے ۔ اَللّٰھُمَّ رَبِّ یَسِّرْ وَلَا تُعَسِّرْ وَتَمِّمْ بِالْخَیْرِ بِحُرْمَتِ سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَاَھْلِ بَیْتِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

مجلس گیارہویں

(یہ مجلس سات فصلوں میں منقسم ہے)

فصل اول

در ذکر چہار یار کبار مجمل

پارہ ۲۶ سورۂ فتح ۔ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ وَالَّذِیْنَ مَعَہٗٓ اَشِدَّآءُ عَلَی الْکُفَّارِ رُحَمَآءُ بَیْنَھُمْ تَرٰھُمْ رُکَّعًا سُجَّدًا یَّبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰہِ وَرِضْوَانًا ۝

ترجمہ ۔ محمد رسول اللہ کے ہیں ۔ اور جو اس کے ساتھی ہیں بہت سختی کرنے والے ہیں اوپر کفار کے ۔ اور آپس میں بہت رحمدل اور محبت کرنے والے ہیں ۔ اور دیکھتا ہے تو کہ وہ رکوع اور سجدہ کرتے ہیں اور طلب کرتے ہیں فضل اور رضامندی اللہ تعالےٰ کی ۔

سِیْمَاھُمْ فِیْ وُجُوْھِھِمْ مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ ذٰلِکَ مَثَلُھُمْ فِی التَّوْرٰىةِ وَمَثَلُھُمْ فِی الْاِنْجِیْلِ ۝ کَزَرْعٍ اَخْرَجَ شَطْاَہٗ ترجمہ ۔ اور بیچ چہروں ان کے نشانی ہے سجدہ کی یعنی نور ۔ اور ایسے ہی مثال ان کی ہے بیچ توراۃ کے اور بیچ انجیل کے ۔ مانند مثال کھیتی کے کہ نکالا اس نے انگوری اپنی نکالے ،

فَاٰزَرَہٗ فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوٰی عَلٰی سُوْقِہٖ یُعْجِبُ الزُّرَّاعَ لِیَغِیْظَ بِھِمُ الْکُفَّارَ ۝ ترجمہ ۔ پھر قوۃ پکڑے پھر

Marfat.com

موٹی ہووے پھر کھڑی ہو جاوے اوپر جڑ اپنی کے۔ تعجب میں ڈالتی ہے کھیتی زمیندار کو تاکہ غصہ میں ڈالے کفار کو یعنی اصحاب کرام کو اسلام کی قوت میں دیکھ کر کفار کو غصہ میں ڈالے۔

چونہہ یاراں بن امت میری کہے رسول ربانا
نمک بناں بے لذت ہووے جویں انواں کھاناں
جویں اونی ہانڈی تائیں کوئی پسند نہ بیاوے
صدیق عمرؓ عثمانؓ علیؓ دی حب بن کسے نہ بھاوے

كَمَا قَالَ النَّبِيُّ مَثَلُ اَصْحَابِي فِي اُمَّتِي كَالْمِلْحِ فِي الطَّعَامِ لَا يَصْلُحُ الطَّعَامُ اِلَّا بِالْمِلْحِ

ترجمہ۔ جویں فرمایا نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مثال میرے اصحابوں کی بیچ امت میری کے مثل نمک کے ہے، بیچ کھانے کے نہیں لذت دیتا کھانا بغیر نمک کے (حدیث شرح سنن اور ابن مالک)۔ خطیب جامع بغدادی میں لکھا ہے۔

اِذَا ظَهَرَتِ الْبِدَعُ وَسُبَّ اَصْحَابِي فَلْيُظْهِرِ الْعَالِمُ عِلْمَهُ وَمَنْ لَمْ يَفْعَلْ ذٰلِكَ فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ۔

ترجمہ۔ جس وقت ظاہر ہو کر لوگ بدعتیں کریں اور اصحاب رسول اللہ کو گالیں نکالیں تو چاہیئے کہ ظاہر کرے عالم علم اپنا یعنی لوگوں کو سمجھائے۔ اگر عالم ہو کر خاموش رہے اور حق ظاہر نہ کرے لوگوں کی مخالفت کے ڈر سے تو ایسے عالم پر لعنت ہے اللہ تعالےٰ اور تمام فرشتوں اور تمام آدمیوں کی۔

نظم

جو عالم مسئلے حق نوں دشمن ناحق تھیں لکھ چھپاون
آتش دے گز پاوے دیکر دوزخ ملک جلاون
تے کچھوں پر لگیں ماریں دنیاں کیوں تساں حق چھپایا
کیوں مسئلہ حق بیان نہ کیتا طمع دلاں وچ پایا
عالم بھائیو ڈرو خدا تھیں مسئلے حق بتاؤ
حلوے گوشت شربت پچھے نہ ایمان ونجاؤ

فائدہ۔ جن لوگوں کا خیال ہے کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو اصحاب ثلاثہ کے ساتھ دلی رنج تھا اور ظاہر تقیہ کی وجہ ان کے ساتھ میل جول رکھتے تھے وہ لوگ مطابق اس آیت کے صاف جھوٹے ہیں۔ کیونکہ اللہ تعالےٰ نے چہار یار کی شان یوں واضح کر کے فرماتے ہیں۔ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ۔ ترجمہ یعنی جو لوگ سنگی ہیں محمد الرسول اللہ کے وہ بہت سختی کرنے والے ہیں اوپر کفار کے۔ اور آپس میں ایک دوسرے کے ساتھ بہت محبت اور سلوک کرنے والے

فائدہ:۔ اور بعض لوگوں کا یہ خیال ہے کہ یہ آیتیں صرف حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے حق میں نازل ہوئی ہیں۔ یہ سب غلط ہے کیونکہ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ کی ضمیر جمع مشارکت کی واحد حضرت علیؓ پر ہرگز عائد نہیں ہو سکتی۔ اور اگر حضرت حسنینؓ کو اس میں شامل کیا جائے تو یہ بھی نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ وقت نزول اس آیت کے صاحبزادے نہایت کم عمر تھے۔ اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ کو دیکھو تو تمام شیعہ کی کتابوں میں لکھا ہے کہ حضرت علیؓ ہمیشہ تقیہ کے پابند ہے۔ یہاں تک کہ ادنیٰ مسلمان سے بھی اس قدر ڈرتے تھے کہ اپنے تشیعی مذہب کو ظاہر نہیں کرتے تھے۔ اگر آپ سے کوئی شخص دریافت کرتا کہ آپ کس سنت پر چلتے ہیں تو آپ فرماتے کہ میں سنت خلفائے راشدین پر چلتا ہوں۔ اگر کسی کو شک ہو اور اس مضمون کو دیکھنا چاہتا ہو تو معتبر کتاب شیعہ نہج البلاغت میں دیکھے جس جگہ حضرت علیؓ نے دو خط امیر معاویہؓ کی طرف روانہ کئے جن میں سے ایک کا مضمون یہ تھا۔ مَا زَعَمْتَ وَمَكَانُهُمَا مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ وَالرَّسُوْلِ خَلِيْفَةِ الصِّدِّيْقِ۔ خَلِيْفَةُ الْفَارُوْقُ الْعُمَرِيُّ مَكَانُهُمَا مِنَ الْاِسْلَامِ الْعَظِيْمِ وَاِنَّ الْمُصَابَ بِهِمَا الْجَرَاحُ فِي الْاِسْلَامِ شَدِيْدٌ وَرَحِمَهُمَا اللّٰهُ وَجَزَاهُمَا اللّٰهُ بِاَحْسَنِ عَمَلًا۔

ترجمہ۔ اے امیر معاویہؓ تو نے خیال کیا کہ خدا رسول کے خلیفے خیر خواہ صدیق اکبرؓ و عمر فاروقؓ ہی تھے۔ پس جس طرح وہ دونوں خلیفے خیر خواہ اسلام تھے ویسا ہی میں بھی خیر خواہ اسلام ہوں۔ مگر ان دونوں کا مرتبہ اسلام میں بہت ہی بڑا ہے۔ تحقیق حادثہ وفات

Marfat.com

دونوں کی کا سخت مصیبت ہے اسلام میں۔ اور اللہ تعالیٰ ان دونوں پر بہا بر رحمت برسائے اور نیک بدلہ دے اور جزائے اجر عطا فرمائے۔

مسئلہ:۔ پس اصحاب ثلاثہ کی شان وایمان میں تو بھی قول امام صاحب حضرت علی کا مومنوں کے واسطے کافی ہے۔ مگر حضرت علی کا قول سنکر کفار کو ضرور غصہ آوے گا۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں لِيَغِيظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ۔ ترجمہ۔ یعنی اصحاب کبار کی شان وشوکت رنج میں ڈالتی ہے کفار کو۔

مسئلہ:۔ امام قرطبیؒ فرماتے ہیں کہ جس شخص کو اصحاب کرام کی صفت وثناسُن کر دل میں غصہ آوے وہ بلاشبہ کافر ہے مطابق اس آیت شریف کے لِيَغِيظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ۔

فائدہ:۔ اب لازم ہے دشمنان اصحاب ثلاثہ کو کہ دشمنی سے باز آئیں۔ اور خالص دل سے توبہ کریں۔ ورنہ مثل کفار کے سزاوار ہوں گے وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْهُمْ مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِيْمًا ؕ

ترجمہ۔ اور وعدہ کیا اللہ نے ان لوگوں سے جو ایمان لائے اور عمل کئے نیک بخشش ہے اور اجر ہے بڑا

چارے یار نبی دے پیارے جنہاں شرف حیاتی
جو کسے نوں دشمن جانے سوئی کافر جانی

چارے یار نبیدے پیارے جو ہاں حب ودودی
صدیقؓ عمرؓ عثمانؓ علیؓ ہے دشمن نے مردودی

وچ گرنتھ دے بابا نانک صفت بیان سناوے
جو نہہ یاراں دے دشمن اُتے بابا لعنت پاوے

نالے بابا نانک صاحب چار امام بتاوے
جو کوئی منکر چاراماماں اُس پر لعنت پاوے

چارے مذہب چار کتاباں چارے یار رسولؐ
جو انہاندا دشمن ہووے سو کافر مجہول!

اوہ کافر تھیں بھی کافر ہویا پورا یار شیطانی
صدیقؓ عمرؓ عثمانؓ علیؓ دا جیہڑا دشمن جانی

کَمَا قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَنْ سَبَّ اَصْحَابِيْ عَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ؕ (از مشکوٰۃ)

ترجمہ:۔ جیسا کہ فرمایا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی شخص گالیں دے میرے کسی صحابی کو اس پر لعنت ہے اللہ تعالیٰ اور تمام فرشتوں اور تمام آدمیوں کی۔ اور تمام مخلوقات کی۔

فائدہ:۔ یعنی ابابکر صدیقؓ و عمر فاروقؓ و عثمان غنیؓ وحیدر کے دشمنوں پر تمام چیزیں عرش معلٰے سے لیکر تحت الثریٰ تک لعنت بھیجتی ہیں۔

ایہ چارے گو ہر یار موافق واانگوں اربع عناصر
بکد وجے دے دوست بیلی مشفق حامی ناصر

کہیا پیغمبرؐ حب چونا ندی مومن دے دل بھاوے
بیدیناں دے دل وچ ہرگز حب نہ مول سماوے

بن ما کہیا فرض بچھانو حب چونہہ یاراں جانی
جیونکر فرض نمازاں روزے کلمہ نج پچھانی

جو چونہہ یاراں دا منکر ہے کجھ قبول نہ پاسی
صدیقؓ عمرؓ عثمانؓ علیؓ دا دشمن دوزخ جاسی

كَمَا قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْحُبُّ عَنِ الصِّدِّيْقِ وَالْعُمَرِ وَالْعُثْمَانِ وَعَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ اٰيَتُ الْاِيْمَانِ وَبُغْضُ عَلَيْهِمْ اٰيَتُ النِّفَاقِ (از مشکوٰۃ)

ترجمہ۔ جیسا کہ فرمایا نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے محبت ابابکر صدیقؓ و عمر الفاروقؓ و عثمان غنیؓ و علی ابن ابیطالبؓ نشان ہے ایمان کا یعنی مومن ہونے کی نشانی ہے۔ اور دشمنی اور عداوت ان کی نشانی ہے منافق ہونیکا

چو نہہ یاراندی کرن محبت ہے ایمان نشانی
بغض کینہ حسد عداوت کرن منافق جانی

بعد نبی ہیں اشرف افضل چار مرے یار نبیدے
عالی درجہ شان تہناں دا ساتھ پیار نبیدے

وچ انجیل توراۃ خدا نے بھیجی صفت تہناندی
جبرائیل خدا دی طرفوں خبر قرآن لیاندی

نبی کہیا جویں کلمہ میرا عیب گناہ بہاوے
حب صدیق عمر دی ایویں مومن نوں بخشاوے

جیوں کر حب علیؓ عثمانؓ دی تویں برابر ہوئی
وڈھ گھٹ جانے کافر ہوڑے اسوچہ شک نہ کائی

رُکھ ہدایت رحمت بھریا بنے نبی اوہ پایا
جنت ربدی اندر اُس دا میوے بھار جھکایا

سوہنے چارے ڈال عجائب بخش کیتے ربا ہیں
شاخاں دکھن پورب گئیاں مشرق مغرب تائیں

جس ڈالی نوں کوئی سوالی کر کے آس پلاوے
اوسے رُکھ دا میوہ ملسی جس طرفوں کوئی آوے

تابعداری کارن مومن جس ڈالی ہتھ پاوے
اوہ ڈالی اس مومن کارن جنت وچہ لیجاوے

حب چوہاندی مومن تائیں پاس رسول پہنچاوے
حب نبیدی عاشق تائیں مولا نال ملاوے

اسمعیلا ایہ شکرانہ ادا نہ کیتا جاندا
مفضلوں رب نے کیتا تینوں تابعدار چوہاندا

فائدہ :- نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چہار یار مثل اربعہ عناصر کے ہیں۔ جس طرح انسان کا جسم بغیر اربعہ عناصر کے سلامت رہنا محال ہے۔ اسی طرح بغیر محبت چہار یار کے ایمان کا سلامت رہنا محال ہے۔ مثلاً آتش زیادہ ہونے سے گرمی ہو جاتی ہے۔ اور آب زیادہ ہونے سے سردی اور خاک زیادہ ہونے سے ضعف جگر وغیرہ اور ہوا زیادہ ہونے سے سوداوغیرہ بیماریاں ہو جاتی ہیں۔ حاصل کلام جب تک چار خلطیں برابر بموزوں نہ رہیں تب تک انسان کا بدن تندرست نہیں رہے گا۔ اسیطرح جب تک چہار یار کبارؓ کی محبت دل میں موزوں نہ رہے گی تب تک ایمان درست نہ رہے گا۔ الغرض جس انسان کے دل میں زیادہ محبت اصحاب ثلاثہ کی ہو اور حضرت علی کا دشمن ہو۔ وہ انسان مثل زیادہ گرمی والے بیمار کی ہے۔ اگر جلدی علاج نہ کریگا تو ہلاک ہو جائے گا۔ اور ہم اہل سنت اس کو خارجی کہتے ہیں۔ اور علاج اُس کا توبہ ہے جس شخص کے دل میں زیادہ محبت حضرت علیؓ کی ہو اور اصحاب ثلاثہ کا دشمن ہو وہ زیادہ سودا ہو جانے والے بیمار کی طرح ہے۔ جس طرح سودائی بیمار لوگوں کو گالیں نکالتا ہے بدزبانی اور تبرہ بازی کرتا ہے۔ اور کسی کی نصیحت اس کو اثر نہیں کرتی۔ اسی طرح اصحاب ثلاثہ کے دشمن بھی تبرہ بازی کرتے ہیں اور وعظ نصیحت بھی ان کو اثر نہیں کرتا۔ اور یہ لوگ رافضی کہلاتے ہیں۔ علاج ان کا بھی توبہ ہی ہے۔ الغرض جسطرح بیمار آدمی تندرست کہلانے کا حقدار نہیں ہو سکتا اسی طرح یہ بھی ہر دو فریق خارجی و رافضی اپنے اپنے عقیدہ سے سچی توبہ کر کے باز نہ آئیں اور اصحاب چہار یار کبار کی محبت و تابعداری نہ کریں تو مومن کہلانے کا حقدار نہیں۔ بلکہ منافق یا فاسق یا مرتد کہلا سکتے۔ خدایا ہر ایک مسلمان کہلانے والے کو مذہب باطلہ اور بدعقیدہ سے سچی توبہ نصیب کر۔ آمین

چہار یار محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت مثل اعضاء رئیسہ کے ہے

جس شخص کے دل میں اصحاب ثلاثہؓ کی محبت ہو اور حضرت علیؓ کا دشمن ہو۔ وہ مثل مُردہ کے ہے اور اُسکو خارجی کہا جاتا ہے اور جس شخص کے دل میں محبت حضرت علیؓ کی ہو اور اصحاب ثلاثہ کا دشمن ہو وہ مثل اس بیمار کے ہے جس کا نہ کان ہو نہ آنکھ ہو۔ اور دل بھی بیمار ہو۔ اس شخص کو رافضی کہا جاتا ہے۔ اور اس آیت کا مصداق ہوتا ہے صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُونَ ۔ ترجمہ بہرے ہیں گونگے ہیں۔ اندھے ہیں۔ پس وہ نہیں پھر آتے۔ کتاب معانی الاخبار میں حدیث ہے۔ جو امام موسیٰ رضا نے حضرت امام حسن ابن علی ابن ابی طالب سے روایت کی ہے۔ اور شیخ قمی معتبر مفسر شیعہ راوی ہیں کما قال النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اِنَّ اَبَابَكْرٍ مِنِّی بِمَنْزِلَةِ السَّمْعِ ۔ ترجمہ جیسا کہ فرمایا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق ابا بکر بمنزلہ میرے کان کے ہے یعنی

Marfat.com

جس طرح میرے کان میں شیطان کا اثر نہیں ہوسکتا اسی طرح صدیق اکبرؓ کو بھی شیطان کا اثر نہیں ہوسکتا وَاِنَّ الْعُمَرَ الْفَارُوْقَ مِنِّیْ بِمَنْزِلَۃِ الْبَصَرِ - اور تحقیق عمر فاروقؓ بمنزلہ میری آنکھ کے ہے یعنی جس طرح میری آنکھ میں کفار بیدین دشمن ہیں - اسی طرح عمر فاروقؓ بھی ان کو دشمن ہی سمجھتے ہیں وَاِنَّ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ بِمَنْزِلَۃِ الْقَلْبِ - اور تحقیق عثمانؓ ابن عفان بمنزلہ میرے دل کے ہے جس طرح میرے دل میں سوائے خیال رحمانی کے کوئی شیطانی نہیں گذر سکتا اسی طرح عثمانؓ غنی کے دل میں بھی خیال شیطانی نہیں گذر سکتا - اسی واسطے آپ کو عثمان بن عفان جامع القرآن کامل الحیاء والایمان حبیب الرحمٰن کا خطاب دیا گیا وَعَلِیٌّ کَرَّمَ اللّٰہُ وَجْہَہٗ مِنِّیْ بِمَنْزِلَۃِ الرُّوْحِ فِی الْجِسْمِ - اور علی کرم اللہ وجہہ بمنزلہ میرے روح کے ہے جس طرح روح کو عرفان الٰہی حاصل ہے اسی طرح علیؓ کو بھی عرفان الٰہی حاصل ہے

امام حسنؓ دی پاک زبانوں ایہہ گل ثابت ہوئی ۔ صدیقؓ عمرؓ عثمانؓ علی دے درجے ہور نہ کوئی
اصحاب ثلاثہ دا جو دشمن دشمن جان علیؓ دا ۔ گلی اوہ رب نبیؐ دا دشمن کافر برا عقیدہ

چہار یار کبار رضی اللہ تعالیٰ عنہم کا دوست مثل آباد مکان اور دشمن مثل ویران مکان کے ہے

کَمَا قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ اَنَا مَدِیْنَۃُ الْعِلْمِ وَاَبُوْبَکْرٍ اَسَاسُہَا وَعُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ جِدَارُہَا وَعُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ سَقْفُہَا وَعَلِیُّ بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ بَابُہَا (مشکوٰۃ)

ترجمہ جیسا کہ فرمایا نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے میں شہر ہوں علم کا اور ابابکرؓ اس کی بنیاد ہے - اور عمر فاروقؓ چار دیواری ہے - اور عثمان غنیؓ اس کی چھت ہے اور حضرت علیؓ اس کا دروازہ ہے -

چہار یار کبارؓ مثل نوح علیہ السلام کی کشتی کے ہیں

جو شخص چہار یارؓ سے محبت رکھے گا گویا کشتی نوح علیہ السلام میں بیٹھ گیا - اور پار سلامت جانے کا حقدار ہے ورنہ غرق ہوگا - گلزار احمدی میں لکھا ہے کہ جب نوح علیہ السلام کو اللہ تبارک وتعالیٰ نے کشتی تیار کرنے کا حکم دیا تو اول ہدایت فرمائی کہ ہزار تختہ تیار کرو اور ہر تختہ پر ایک نبیؑ کا نام لکھنا چنانچہ ایسا ہی کیا گیا - مگر پھر بھی چار تختوں کی کسر کشتی میں رہ گئی تو جبرائیل علیہ السلام نازل ہوئے اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد سنایا کہ جب تک چار یار حضرت محمد آخر زمان پیغمبرؐ کے نام کے تختے نہ لگاؤ گے کشتی ہرگز تیار نہ ہوگی - چنانچہ حضرت نوح علیہ السلام نے چار تختوں پر چہار یار کبارؓ کے نام مبارک لکھ کر تختے کشتی میں لگائے تو کشتی مکمل ہوگئی -

جب تک چوہنہ یاراں دے چار تختے نہ بناویں ۔ صدیقؓ عمرؓ عثمانؓ علیؓ دا نام انہاں پر ہووے
بیڑا کدی تیار نہ ہوسی حکم حضور دوں آیا ۔ نال فوراً چوہاں یاراں حضرت تختیاں نام لکھایا
ترنت مکمل بیڑا ہویا دیر کوئی لگی نائیں ۔ اوہ کدے نجات نہ پاسی بیڑا سٹرسی دوزخ جاسی
جب تک چوہاں یاراں نال نہ رکھسی صاف عقیدہ ۔ اوہ بیڑا پڑھے کفر دی چھڈے بیڑا نوح نبیدا
اوہ دا رنگ کتھانے دچہ اونانے خوشے کھا کھا مرسی ۔ صدیقؓ عمرؓ عثمانؓ علیؓ جو نال عداوت کرسی
اسمٰعیل فقیرا ایہہ گل جانیں نال یقین ۔ بر حق ہے چوہاں توں خالی اوہ سب فرقے ہیں

مسئلہ - اصحاب ثلاثہؓ کی تعریف تو خود اہل شیعہ کی کتابوں سے ثابت ہوتی ہے - جیسا کہ شیعہ نامی تفسیر عسکری باب المومنین میں لکھتے ہیں کہ ابوالحسن علی ابن اسمٰعیل کی روایت ہے - پر سید مذکورہ آنحضرتؐ نے عمر بن الخطاب

وداد گفت بوسطہ آں کہ اظہار شہادتیں میمنود بزبان قرار حضرت امیرالمومنین مے کرد۔ یعنی لوگوں نے سوال کیا کہ حضرت علیؓ نے اپنی لڑکی ام کلثوم کا نکاح کیوں عمر فاروقؓ کے ساتھ کیا۔ تو فرمایا اس لئے کہ وہ زبان سے کلمہ شہادت پڑھتا تھا اور حضرت علیؓ کی بزرگی بیان کرتا تھا۔

مسئلہ :۔ سلمان فارسیؓ کی روایت اپنی کتاب مجالس المومنین میں لکھتے ہیں مَا سَبَقَكُمْ اَبُوْ بَكْرٍ الصَّلٰوةِ وَالصَّوْمِ وَلٰكِنْ بِشَيْءٍ وَقَرَ فِيْ قَلْبِهٖ ،

ترجمہ ، یعنی رسولؐ خدا ہمیشہ اپنے اصحابوں کو فرمایا کرتے تھے کہ ابا بکرؓ زیادہ نماز پڑھنے یا روزے رکھنے سے تم سے بزرگی نہیں لے گیا لیکن ایک چیز ان کے دل میں رکھی تھی یعنی عقیدہ خدا و رسولؐ کے ساتھ تھا۔

مسئلہ :۔ امام جعفر صادقؓ نے فرمایا کہ شام کے وقت ایک آواز آتی ہے کہ حضرت عثمانؓ اور اس کی جماعت مراد پانیوالی ہے جیسا کہ کلینی نے اس روایت کو اپنی کتاب الروضہ صفحہ ایک سو چھیالیس [۱۴۶] میں لکھا ہے۔ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ يَقُوْلُ اِخْتِلَافُ ابْنِ عَبَّاسٍ مِنَ الْمَحْتُوْمِ ۔

ترجمہ ۔ محمد بن علیؓ کہتا ہے میں نے امام جعفر صادقؓ سے سنا ہے آپ فرماتے تھے بنی عباس میں اختلاف پڑنا بھی یقینی ہے وَالنِّدَاءُ مِنَ الْمَحْتُوْمِ وَخُرُوْجُ الْقَائِمِ مِنَ الْمَحْتُوْمِ ترجمہ۔ اور آسمان سے آواز آنا بھی یقینی ہے وَقُلْتُ كَيْفَ النِّدَاءُ قَالَ مُنَادِيْ مُنَادٍ مِنَ السَّمَاءِ اَوَّلَ النَّهَارِ ۔ میں نے پوچھا آسمان سے آواز کس طرح آتی ہے آپ نے فرمایا ایک پکارنے والا پکارتا ہے صبح کے وقت اَلَا اِنَّ عَلِيًّا وَشِيْعَتَهٗ هُمُ الْفَائِزُوْنَ خبردار علیؓ اور اس کی جماعت مراد پانے والی ہے فَقَالَ يُنَادِيْ مُنَادٍ اٰخِرَ النَّهَارِ اَلَا اِنَّ عُثْمَانَ وَشِيْعَتَهٗ هُمُ الْفَائِزُوْنَ ۔ اور شام کے وقت پکارنے والا پکارتا ہے کہ خبردار عثمانؓ اور اس کی جماعت مراد پانیوالی ہے۔

فائدہ :۔ اب شیعہ کی کتابوں سے اصحاب ثلاثہ کی فضیلت و بزرگی و محبت و الفت ساتھ آئمہؑ کے ثابت ہو گئی اسی واسطے آئمہ کرام نے شیعہ لوگوں پر رنجیدہ ہو کر فتویٰ دیا کہ شیعہ اصحاب ثلاثہ کو برا جانتے تھے جیسا کہ اصول کافی صفحہ ایکسو اکاون [۱۵۱] پر لکھا ہے عَنْ اَبِي الْحَسَنِ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى غَضِبَ عَلٰى شِيْعَتِهٖ ۔ کہ حضرت امام حسنؓ نے فرمایا کہ تحقیق اللہ تعالیٰ شیعوں پر سخت غضب ناک ہوا

مسئلہ : چہار یار کبارؓ کے حق میں آنحضرتؐ نے دعا فرمائی جیسا کہ جامع ترمذی میں ہے عَنْ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ رَحِمَ اللّٰهُ اَبَا بَكْرٍ زَوَّجَنِيْ اِبْنَتَهٗ وَحَمَلَنِيْ اِلٰى دَارِ الْهِجْرَةِ وَصَحِبَنِيْ فِي الْغَارِ وَعَتَقَ بِلَالًا مِنْ مَالِهٖ ۔

حضرت علیؓ روایت کیتی جانی شک دے رائیں ! پاک نبیؐ دعا فرمائی ابا بکرؓ دے تائیں
رحم کرے رب ابا بکرؓ پر آکھیا سرور سائیں بیٹی جس نکاح کر دتی عائشہ میرے تائیں
مینوں چاہیں اوپر چاکر مینوں اندر غار چھپائے مالوں کرے غلام آزاد بلال جو حبشی آئے
وَرَحِمَ اللّٰهُ عُمَرَ يَقُوْلُ الْحَقَّ وَاِنْ كَانَ مُرًّا ۔
تے رحم کرے رب عمرؓ ولی پر بولے حق زبانی بھاویں کوڑا لگے اونہاں جو ہے ٹولی شیطانی
وَرَحِمَ اللّٰهُ عُثْمَانَ يَسْتَحْيِيْ مِنْهُ الْمَلٰٓئِكَةُ
تے رحم کرے رب عثمانؓ غنی پر بولیا نبی زبانی جس تھیں کردے شرم فرشتے یعنی ملک نورانی
وَرَحِمَ اللّٰهُ عَلِيًّا اَدِرِ الْحَقَّ مَعَهٗ حَيْثُ دَارَ
رحم کرے رب علیؓ ولی پر جو سردار ولیاں پھیر دا حق ہمیش علیؓ سنگ آکھیا شاہ صفیاں

Marfat.com

چونہہ یاراں حق بہت حدیثاں آئیاں آیاں بھائی پر اسبیلا بے فرماناں ہک نہ منی کائی

فصل دوم

در ذکر فضائل شیخین رض اور منکر شیخین بالاجماع کافر ہے

قطعی طور پر یہ امر قرار پا گیا ہے کہ حضرت شیخین رضی اللہ تعالے عنہم کو تمام اصحابوں پر فضیلت ہے اور بعد انبیاء علیہم السلام کے تمام مخلوقات پر ان کی بزرگی ہے۔ جیساکہ فرمایا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اَفْضَلُ النَّاسِ بَعْدَ النَّبِیِّیْنَ اَبِیْ بَکْرِنِ الصِّدِّیْقِ وَعُمَرُ الْفَارُوْقِ۔ ترجمہ۔ یعنی فرمایا نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تمام مخلوقات سے افضل بعد انبیاؑ کے ابا بکر صدیق و عمر فاروق ہیں حدیث عبد اللہ بن انس رض از ابن ماجہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ اِنِّیْ لَاَرْجُوْ لِاُمَّتِیْ فِیْ حُبِّ اَبِیْ بَکْرٍ وَعُمَرَ کَمَا اَرْجُوْ لَهُمْ
ترجمہ۔ حضرت انس بن مالک رض سے روایت ہے کہ فرمایا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق میں امید رکھتا ہوں واسطے امت اپنی کے بیچ محبت ابا بکر رض و عمر فاروق کے جس طرح امید رکھتا ہوں بیچ کلمہ شریف کے یعنی جسطرح لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ الرَّسُوْلُ اللّٰہِ پڑھنے سے گناہ معاف ہوتے ہیں۔ ایسے ہی محبت ابا بکر رض و عمر رض سے بھی گناہ معاف ہوتے ہیں۔ اور جس طرح بغیر کلمہ کے محبت فائدہ نہیں دیتی۔ اسی طرح بغیر محبت کے کلمہ بھی فائدہ نہیں دیتا۔ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰی اخْتَارَنِیْ وَاخْتَارَ لِیْ اَصْحَابًا وَاَصْهَارًا۔ فرمایا حضور پاک نے تحقیق اللہ تعالٰے نے پسند کیا مجھکو اور میرے لئے پسند کیا میرے تمام اصحاب اور جوایوں کو (از مشکوٰۃ)

ابو سعید روایت کیتی پاک نبی نے فرمایا !
نبی نہیں کوئی اول پیچھوں رب کریم اوپایا
گراں دو وزیر اسمانی ہر نوں رب عطائے
تے دونویں وزیر امین خدا نے کارن اساں اوپائے
جبرائیل تے میکائیل وزیر اسمانی آئے !
عمر صدیق وزیر زمیں دے مینوں رب عطائے
ایہ دونویں وزیر مشیر نے میرے آکھیا نبی الٰہی
جیوں کر بادشاہاں دی عادت دیکھن اندر آئی
مشورہ لیں صدیق عمر ہتھیں پاک رسول خدائی
مشکل کماں اندر جانی سُن توں میرے بھائی
جس نبی وزیر مشیر کیے توں دشمن کویں بنادیں
بہتر ہے اس کموں جیکر توں توبہ کر جا دیں
وزیر بھنے مشکل کماں اندر کرنی یاری !
مشیر بھی مشورہ کرنا اندر کار گذاری !
پر دشمناں دے دل پھڑکن بھڑکن باہیں مارن آہیں
جاں دیکھن شان صدیق عمر رض دا لنگھ گیا اسگاہیں

کَمَا قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مَا مِنْ نَبِیٍّ اِلَّا لَهٗ وَزِیْرَانِ مِنْ اَهْلِ السَّمَآءِ وَوَزِیْرَانِ مِنْ اَهْلِ الْاَرْضِ فَاَمَّا وَزِیْرَانِ مِنِّیْ فِیْ اَهْلِ السَّمَآءِ فَجِبْرَآئِیْلُ وَمِیْکَائِیْلُ وَوَزِیْرَانِ مِنَ الْاَرْضِ اَبُوْبَکْرٍ وَعُمَرُ

(از ترمذی دابو سعید خدری)

ترجمہ فرمایا جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کوئی نبی نہیں گذرا پہلے مجھ سے مگر واسطے اس کے دو وزیر آسمان سے اور دو وزیر زمین میں سے تھے۔ پس میرے واسطے دو وزیر آسمانی جبرائیل علیہ السلام و میکائیل علیہ السلام ہیں۔ اور دو وزیر زمین پر ابا بکر صدیق اور عمر فاروق رض ہیں۔ حدیث ابن عمر رض ترمذی۔ خَرَجَ ذَاتَ یَوْمٍ وَدَخَلَ الْمَسْجِدَ اَبُوْبَکْرٍ وَعُمَرَ۔

ابن عمر تھیں ہک روایت ترمذی اندر آئی
حجرے دیں باہر نکلے سرور قدم رنجہ فرمائی

مسجد اندر داخل ہوئے حضرت نبیؐ الہٰی !!! — دونویں یار صدیق عمر بھی ساتھ نبی ہمراہی

فَاَهُدُ هُمَا عَنْ يَمِيْنِهٖ وَالْاٰخَرُ شِمَالِهٖ وَهُوَ اٰخِذٌ بِاَيْدِيْهِمَا فَقَالَ هٰكَذَا نُبْعَثُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

صدیقؓ سجے تے عمرؓ کھبے سن پاک نبی دے بھائی — دوہاں دا ہتھ پکڑ نبیؐ نے خوشخبری فرمائی

جو ایس طرح رل قبروں اٹھساں تنے یار کمائے — وچہ میدان حشر دے جاساں روز قیامت والے

روز حساب صدیق سجے تے کھبے عمرؓ کھلوسی — صدیق عمرؓ دا دشمن جیہڑا اوس پیہاڑے روسی

عَنْ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ اَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ سَيِّدَا كُهُوْلِ اَهْلِ الْجَنَّةِ مِنَ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ اِلَّا النَّبِيِّيْنَ وَالْمُرْسَلِيْنَ ۔

فائدہ :- برادران اسلام کو غور کرنا چاہیئے کہ آپ کتنے غیرت مند تھے یہاں تک کہ حضرت فاطمہؓ کی لاش مبارک پر بھی غیر محرم آدمی کی نظر پڑنے سے غیرت کرتے تھے ۔ تو جب آپ زندہ تھیں ۔ اسوقت حضرت علیؓ کی موجودگی میں کس کو طاقت تھی کہ آپ کی طرف نگاہ بھی کرے ۔ ایک عمر فاروقؓ نہیں اگر تمام جہان بھی جمع ہو جاتا تو بھی کسی کو طاقت نہ تھی کہ حضرت فاطمہؓ کو صدمہ پہنچائے ۔ غرضیکہ اور بھی ایسے بہت ہی بہتان لگاتے ہیں جن کا نام ونشان سنت اہل جماعت کی کتابوں میں کہیں نہیں پایا جاتا صرف کم علم اور جاہل ان پڑھ لوگوں کو ورغلانے اور گمراہ کرنے کو ایسی ایسی باتیں کرتے ہیں ۔

حضرت علیؓ ذا کرے مقابلہ طاقت قدرت کینوں ۔ اوہ ہکو غالب مشرق مغرب آکھ سناواں تینوں
باراں در خیبر دے جس نے پل وچہ توڑ وکھائے ۔ جنہاں توڑن کولوں عاجز سب اصحابی آئے
ذوالفقار تلوار علیؓ دی جس دا ثانی پایا ۔ باراں کوٹاں تائیں جس نے دانگ بارود اڑایا
حیدر شیر بہادر نامی بھائی نبیؐ الٰہی ۔ صدیقؓ عمرؓ عثمانؓ کی طاقت کرن اس نال لڑائی
جو کہن صدیقؓ عمرؓ عثمانؓ نے ہے خلافت کھوئی ۔ اوتھاں ہتک علیؓ حیدر دی کیتی جس دی حد نہ کوئی
اوہ کی جانن شان علیؓ دا جاہل لوگ دیوانے ۔ شان علی دا تیتا نوں جی عمر صدیقؓ عثمانؓ جانے

جنہاں ہکدوجے سنگ زندگی بھائیاں وانگ گذاری | وقت نبیؐ بھی بعد نبیؐ دے نال پیار نیاری!
ہن پچھلگاں لوے آپو آپ بنائے کھاتے | صدیقؓ عمرؓ عثمانؓ علیؓ سنگ فرق نہ جانن رائی
یارب کریں ہدایت اینہاں کرکے فضل الٰہی! | صدیقؓ عمرؓ عثمانؓ علیؓ سنگ فرق نہ جانن لائی

بہتان سوم :- تذکرۃ الطہرین صفحہ بیاسی میں لکھا ہے۔ فی الحدیث القدسی علیٰ ما ذکرہ الزمخشری۔

ترجمہ۔ ذکر کیا زمخشری نے کہ حدیث قدسی میں اللہ تعالےٰ فرماتا ہے کہ جس نے فرمانبرداری کی حضرت علی کرم اللہ وجہٗ کی وہ ضرور داخل جنت ہوگا۔ اگرچہ بے فرمانی کرے میری جیسا کہ اِنَّ حُبَّ عَلِیٍّ ھُوَ الْاِیْمَانُ الْکَامِلُ ۔ یعنی حب علی کی ایمان کامل ہے کہ اُس کو کوئی گناہ نقصان نہیں دیتا خواہ وہ کیسا ہی بدافعال ہو۔

فائدہ :- یہ بھی حضرت علیؓ پر شیعہ کا صاف بہتان ہے۔ کیونکہ اللہ تعالےٰ قرآن پاک میں فرماتا ہے اَطِیْعُوا اللّٰہَ وَاَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ ۔ یعنی تابعداری کرو اللہ کی اور اُس کے رسول کی تب تم مومن ہوگے ورنہ نہیں اور اس بہتان میں اللہ تعالیٰ کی بھی ہتک ہے اس لئے کہ فرمانبرداری مقدم ہے اللہ تعالےٰ کی حضرت علی کرم اللہ وجہٗ کی فرمانبرداری سے

بہتان اوّل شیعہ بر حضرت فاطمہؓ

یہ بہتان سورج کی طرح روشن ہے کہ جو حضرت فاطمہؓ کو باغ فدک کے بارہ میں لگاتے ہیں۔ کہ حضرت فاطمہؓ نے کئی دفعہ دربار حضرت ابابکرؓ میں عام اجلاس کے سامنے جاکر دوہائی دوہائی کی۔ حتیٰ کہ سر مبارک سے کپڑا اتار کر بھی پکارا کہ اے لوگو میری امداد کرو۔ یعنی مجھے باغ فدک خلیفہ اوّل سے لے دو۔ مگر کسی شخص نے بھی آپ کی فریاد رسی نہ کی۔ اور حضرت فاطمہؓ نے تادم اخیر اس ناراضگی کے سبب سے صدیق اکبرؓ سے کلام نہ کی

فائدہ :. مفصل حال باغ فدک کا انشاءاللہ تعالےٰ آگے لکھا جائے گا۔

جواب اوّل :- اس بہتان کا یہ ہے کہ جناب حضرت فاطمہؓ حرص دنیا سے پاک تھے۔ اُن کو مال دنیا سے چنداں محبت ہی نہ تھی کہ اتنی عاجزی کرتے۔

جواب دوم :. اس بہتان کا یہ ہے کہ حضرت فاطمہ اس قدر پردہ نشین تھے کہ تمام عمر آپ نے کسی غیر محرم آدمی سے کلام نہیں کی۔ اور نہ ہی کسی طرف نظر کی ہے۔ حتیٰ کہ بروقت وفات آپ نے جناب حضرت علی علیہ السلام کو وصیت فرمائی کہ میرا جنازہ رات کے وقت قبرستان کی طرف لے جانا۔ تاکہ غیر محرم آدمی کی نظر بھی میرے جنازہ پر نہ پڑے۔

فائدہ :- غور کرنا چاہیئے کہ ایسی پردہ نشین پارسا پاک دامن عورت عام اجلاس میں جا سکتی ہے۔ اور نعوذ باللہ من ذالک کپڑا سر سے اتار سکتی ہے۔ اور پھر دنیا کی خاطر عام اجلاس میں حال پکار سکتی ہے۔ جس کو حضرت رسول پاکؐ نے فرمایا ہے۔ اَلدُّنْیَا جِیْفَۃٌ وَّ طَالِبُھَا کِلَابٌ ۔ یعنی دنیا مردار ہے اور اُس کا طالب کتا ہے حاشا للہ یہ کام حضرت فاطمہؓ نے ہرگز ہرگز نہیں کیا۔

بہتان دوم شیعہ بر حضرت فاطمہؓ

چنانچہ تذکرۃ الطہرین شیعہ کی معتبر کتاب کے صفحہ چھتالیس پر درج ہے کہ امام باقر علیہ السلام سے روایت ہے کہ حضرت فاطمہؓ قیامت کے دن دوزخ کے دروازہ پر کھڑے ہو کر ہر ایک شخص کے چہرہ کی طرف نظر کریں گی۔ پس ایک شخص کو بسبب گناہ کے فرشتے پکڑ کر دوزخ کے قریب لائیں گے۔ تو جناب سیدہؓ اُس کے چہرہ کی طرف دیکھیں گے۔ تو اُس کے چہرہ پر

Marfat.com

لفظ محبت اہل بیت کا لکھا ہوگا۔ تو حضرت فاطمہؓ جناب باری تعالےٰ سے دُعا کریں گے کہ یا باری تعالےٰ کیا تو نے وعدہ نہیں کیا تھا کہ جو کوئی فاطمہؓ کی اولاد کو دوست رکھے گا میں اس کو دوزخ میں نہ جلاؤں گا۔ پس وہ وعدہ اپنا پورا فرما۔ پس اللہ تعالےٰ فرمائیں گے فَمَنْ قَرَاَتَ بَیْنَ عَیْنَیْہِ مُؤْمِنًا فَخُذْ بِیَدِہٖ وَاَدْخِلْہُ الْجَنَّۃَ ط۔ ترجمہ:۔ یعنی اے فاطمہؓ تجھے اجازت ہے کہ جس شخص کے ماتھے پر لفظ مومن یا محبت اہلبیت کا لکھا ہوا تو دیکھے تو اُس کا ہاتھ پکڑ کر جنت میں لے جا۔

جواب اوّل:۔ ناظرین کو غور کرنا چاہیئے کہ ابھی بہتان اوّل کے جواب میں اوپر ذکر ہوا ہے۔ حضرت فاطمہؓ اپنا جنازہ بھی غیر محرم کو دکھانا پسند نہیں فرماتے تھے تو غیر محرم آدمیوں کو دیکھنا اور اُن کو پکڑ کر بہشت میں لے جانا کب پسند کرتے ہیں فرض کیا مومن تو تمام آپ کے غلام اور فرزند ہیں۔ کافروں سے آپ کو کیا تعلق کہ اُن کی طرف دیکھیں اور اُن کے چہرہ ناپاک کی پہچان کریں۔ یہ سب جاہلوں کے گمراہ کرنے کو بہتان باندھے ہیں کہ مُنہ سر سینہ پیٹ کر دوزخی بنیں۔

جواب دوم:۔ حدیث شریف میں آیا ہے کہ قیامت کے دن سب سے اوّل حضرت فاطمہؓ کی سواری پلصراط سے گذرے گی اور بوقت گذرنے آپ کے تمام انبیاء علیہم السلام واولیاء کرام وتمام اہل اسلام کو حکم ہوگا کہ تمام اپنی اپنی آنکھیں بند کرو چنانچہ یہ حکم باری تعالےٰ کا سُن کر تمام لوگ آنکھیں بند کر لیویں گے۔ جب حضرت سیدہؓ کی سواری پلصراط سے گذر جائے گی تو تمام لوگ آنکھیں کھول لیں گے

فائدہ:۔ ناظرین کو غور کرنا چاہیئے کہ جو ایسی پارسا ہوں جن کے گذرنے پر انبیاء علیہم السلام کو آنکھیں بند کرنے کا حکم ہو کہ خیر البشر کی بیٹی پر کسی کی نظر نہ پڑے۔ کیا وہ عام مومن یا معاذ اللہ کافروں کی طرف دیکھ سکتی ہیں۔ یا دیکھنا پسند کرتی ہیں۔ یہ بات ہرگز ہرگز درست نہیں۔ بلکہ جاہلوں کو گمراہ کرنے کے واسطے افترائی بنایا گیا ہے۔ اور ایسے ہی کئی بہتان ہیں جن میں سے بعض کو ہم موقع موقع پر درج کر چکے ہیں۔

بہتان ہائے شیعہ بر امامین حضرت حسنین قرۃ العینؓ

بہتان اوّل:۔ حضرت امام حسنؓ حسینؓ پر بھی پوشیدہ طور پر کئی بہتان ہیں۔ جو گہری نظر سے معلوم ہوتے ہیں۔ چنانچہ شیعہ کا خاص مذہب ہے جس کو علامہ فصول وغیرہ نے نقل کیا ہے۔ لکھتے ہیں کہ امام حسینؓ علیہ السلام امام حسنؓ پر جب امیر معاویہؓ کے ساتھ صلح کر لی تھی سخت ناراض تھے۔ بلکہ امام حسین علیہ السلام فرماتے تھے کہ اگر میرا ناک یا کان کاٹا جاتا تو مجھے اتنا بُرا معلوم نہ ہوتا جتنا کہ مجھے صلح کرنی امام حسنؓ کی امیر معاویہؓ کے ساتھ بُری معلوم ہوئی ہے

بہتان دوم شیعہ:۔ شیعہ صاحب اپنے اماموں پر یہ بھی افترا باندھتے ہیں کہ اُن کا ظاہر اُن کے باطن سے اس قدر مخالف تھا کہ اگر ظاہر میں میت پر نماز جنازہ پڑھتے ہیں تو باطن میں اسی میت کے لیئے بددُعا کرتے ہیں۔ اور اپنے مخلص شیعوں کو بھی یہی تعلیم دیتے رہے ہیں۔ جیسا کہ اصول کافی صفحہ نمبر ۹۹ میں روایت ہے۔ عَنْ اَبِیْ عَبْدُ اللّٰہِ اِنَّ رَجُلًا مِنَ الْمُنَافِقِیْنَ مَاتَ فَخَرَجَ الْحُسَیْنِ اِبْنِ عَلِیٍّ یَمْشِیْ مَعَہٗ مُوْلٰی لَہٗ فَقَالَ الْحُسَیْنُ ترجمہ۔ امام جعفر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص منافق فوت ہو گیا تو امام حسینؓ بن علیؓ اس کے جنازہ پر تشریف لے جا رہے تھے تو راستہ میں آپ کو اپنا ایک غلام ملا۔ آپ نے اُس کو فرمایا کہ اے فلاں تو کہاں جاتا ہے۔ اس غلام نے جواب دیا کہ یا حضرت میں فلاں شخص کے جنازہ کے لیئے جاتا ہوں۔ امام نے فرمایا کہ تو میرے پاس کھڑا ہو جا اور جو میں کہوں سُنتے جانا۔ اور اسی طرح کہتے جانا۔ پس جب میت کے وارث نے تکبیر کہی تو امام صاحب نے بھی تکبیر کہہ کر یوں کہنا شروع کیا کہ اے اللہ تو اس بندہ پر لعنت بھیج جو ہزار ہا لعنتیں ایک دوسری سے ملی ہوئی ہوں۔ اور اس کو بہت سخت عذاب کر

Marfat.com

فائدہ:۔ نعوذ باللہ من ذالک یہ منافقوں کا طریقہ ہے ظاہر میں کچھ اور باطن میں کچھ یہ نفاقی خصلتیں پاک لوگوں کی طرف نسبت کرنا منافقوں کا کام ہے۔ دیگر مجھے غالباً یقین ہے کہ جو شیعہ لوگ آجکل اہل سنت کے جنازہ میں شامل ہوتے ہیں یہ بھی ایسے ہی کلمات کہتے ہوں گے۔

بہتان شیعہ بر امام باقر بن زین العابدینؓ

شیعہ اپنی کتاب فروع کافی جلد دوم صفحہ ۲۱ میں لکھتے ہیں کہ امام باقر اپنی شرمگاہ پر نورہ یعنی پوڈر لگا کر لوگوں کے سامنے ہو جایا کرتے تھے۔ اور سترپوشی کے واسطے صرف پوڈر کو کافی سمجھتے تھے جیسا کہ لکھتے ہیں اَنَّ اَبَا جَعْفَرٍ دَخَلَ ذَاتَ یَوْمٍ الْحَمَّامَ فَتَنَوَّرَ۔ ترجمہ۔ تحقیق امام باقرؓ ایک دن حمام میں داخل ہوئے اور اوپر اپنے پوڈر لگایا فَلَمَّا اَنْ اَطْبَقَتِ النُّوْرَۃُ

ترجمہ۔ تحقیق امام باقر ایک دن حمام میں داخل ہوئے اور اوپر اپنے پوڈر لگایا۔ فَلَمَّا اَنْ اَطْبَقَتِ النُّوْرَۃُ عَلٰی بَدَنِہٖ الخ پس جب پوڈر اُن کے بدن پر لگ گیا تو آپ نے تہبند اپنا اُتار دیا۔ تب غلام نے عرض کی کہ میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں آپ تو ہر وقت تہبند باندھنے کا حکم فرماتے ہو۔ اور اب آپ نے خود اپنے بدن سے تہبند اتار دیا ہے۔ تو امام صاحب نے فرمایا کہ تو نہیں جانتا نورہ یعنی پوڈر شرمگاہ کو ڈھانپ دیتا ہے

فائدہ:۔ دیکھو صاحبان شیعہ نے امام باقرؓ پر کتنا بڑا بہتان لگایا ہے جس کو کوئی عقلمند انسان تسلیم نہیں کر سکتا اور نہ ہی کوئی ایسا فعل کرنا پسند کرتا ہے۔ پس میرا غالباً قیاس ہے کہ آجکل جو منڈیئے فقیر بھنگی چرسی لنگوٹیاں وغیرہ باندھتے ہیں جو خلاف شرع ہوتی ہیں وہ اسی روایت کے مطابق باندھتے ہوں گے۔

بہتان ہائے شیعہ بر امام جعفر صادق علیہ السلام

بہتان اوّل:۔ شیعہ کہتے ہیں کہ ہمارے پاس ایک قرآن مجید سوائے اس قرآن مروّجہ کے ہے جو حضرت فاطمہؓ پر نازل ہوا تھا۔ اور قرآن فاطمہؓ اس قرآن مروّجہ سے تین حصے زیادہ ہے۔ گویا یہ قرآن مروّجہ اُس قرآن کی چوتھائی ہے جیسا کہ اصول کافی صفحہ ۱۴۶ پر درج ہے۔ ثُمَّ قَالَ عَبْدُ اللّٰہِ وَعِنْدَنَا الْمُصْحَفُ فَاطِمَۃَ مَا یُنْزِلُ رَبُّہُمْ ط:۔ ایک لمبی روایت میں ہے کہ فرمایا امام جعفر صادق علیہ السلام نے کہ ہمارے پاس ایک قرآن فاطمہؓ ہے جو حضرت فاطمہؓ پر ان کے رب نے نازل فرمایا تھا قَالَ مُصْحَفٌ فِیْہِ مِثْلُ قُرْاٰنِکُمْ ھٰذَا ثَلَاثَ مَرَّاتٍ فرمایا وہ ایسا قرآن ہے جو تمہارے قرآن سے تین حصے زیادہ ہے وَاللّٰہِ مَا فِیْہِ مِنْ قُرْاٰنِکُمْ حَرْفٌ وَاحِدٌ ط قسم ہے خدا کی اس میں تمہارے قرآن کا ایک حرف نہیں ہے۔

فائدہ:۔ اے ناظرین ذرا خیال کرو کتنا بڑا بہتان حضرت امام صاحب پر لگاتے ہیں۔ اہل سنت کی کتابیں تو در کنار خاص شیعہ کی بعض کتابوں میں بھی لکھا ہے کہ سوا اس قرآن موجودہ کے اور کوئی قرآن نہیں ہے۔ مثلاً عمدۃ البیان میں ہے۔ مگر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے درحقیقت سب شیعہ کا عقیدہ اصول کافی پر ہی ہے۔ اسی لئے یہ اس قرآن موجودہ کو حفظ نہیں کرتے اور تجربہ سے معلوم ہوا ہے کہ شیعہ میں کوئی حافظ نہیں ہوتا

بہتان دوم بر امام جعفرؓ:۔ اصول کافی جلد ثانی صفحہ ۱۹۸ میں عبدالرحمن ابن کثیر نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ زنا بھی ایک قسم کا نکاح ہے۔ عَنْ اَبِیْ عَبْدِ اللّٰہِ قَالَ جَاءَتْ امْرَءَۃٌ اِلٰی عُمَرَ فَقَالَتْ اِنِّیْ زَنَیْتُ فَطَہِّرْنِیْ فَاَمَرَ بِہَا۔ ترجمہ۔ امام جعفر صادق فرماتے ہیں کہ حضرت عمرؓ کے پاس ایک

Marfat.com

عورت آئی اور عرض کی کہ یا حضرت مجھ سے زنا سرزد ہوا ہے۔ آپ اس گناہ سے مجھے پاک کریں پس حضرت عمرؓ نے اس کو حد مارنے کا حکم فرمایا۔ فَاُخْبِرَ بِذٰلِکَ اَمِیْرُ الْمُؤْمِنِیْنَ فَقَالَ کَیْفَ زَنَیْتِ۔ پس جب حضرت علیؓ کو اس واقعہ کی خبر ہوئی تو فرمایا اے عورت تو نے کس طرح زنا کیا ہے فَقَالَتْ مَرَرْتُ بِالْبَادِیَۃِ فَاَصَابَنِیْ عَطَشٌ شَدِیْدٌ پس اس عورت نے عرض کیا کہ یا حضرت میں جنگل میں گئی ہوئی تھی وہاں مجھے سخت پیاس لگی فَاسْتَسْقَیْتُ اَعْرَابِیًّا فَاَبٰی اَنْ یَسْقِیَنِیْ اِلَّا اَمْکَنْتُہٗ مِنْ نَفْسِیْ۔ پس ایک گاؤں والے سے میں نے پانی مانگا تو اس نے کہا کہ تو میرے نفس کی خواہش پوری کر تو میں تم کو پانی دوں گا ورنہ پانی نہیں ملے گا۔ فَلَمَّا اَجْھَدَنِی الْعَطَشُ سَقَانِیْ فَاَمْکَنْتُہٗ مِنْ نَفْسِیْ، پس جب پیاس نے مجھے بہت تنگ کیا تو میں اس کی خواہش پوری کرنے پر راضی ہوگئی اور پانی لے کر پی لیا۔ فَقَالَ اَمِیْرُ الْمُؤْمِنِیْنَ تَزْوِیْجٌ وَرَبِّ الْکَعْبَۃِ۔ پس یہ سن کر حضرت علی کرم اللہ وجہ نے فرمایا کہ مجھے قسم ہے بیت اللہ کی یہ تو عین نکاح ہے زنا نہیں۔

فائدہ:۔ دیکھو صاحبان یہ حضرت علیؓ اور حضرت جعفر صادق علیہ السلام پہ کتنا بڑا بہتان ہے کہ زنا کو بھی نکاح بنا دیا۔ غالباً میرا قیاس ہے کہ تمام بازاری عورتوں نے اسی واسطے مذہب شیعہ کو اختیار کر رکھا ہے کہ اس مذہب میں زنا کی کسی طرح بھی تعزیر نہیں ہے۔ اور متعہ مذہب شیعہ میں کمال فضیلت رکھتا ہے۔

بہتان سوم:۔ تذکرۃ الطہرین میں صفحہ ۸۰ پر مرقوم ہے کہ کتاب امالی میں صفوان حمال سے روایت ہے۔ کہ ایک دن میں امام جعفر صادقؓ کے پاس گیا۔ اور عرض کی کہ یا حضرت میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں میں نے سنا ہے کہ آپ فرماتے ہیں کہ ہمارے شیعہ سب داخل جنت ہیں۔ اگرچہ انہوں نے حقوق اللہ اور حقوق العباد میں کتنی ہی کوتاہی کیوں نہ کی ہو۔ تو امام جعفر صادقؓ نے فرمایا کہ ہمارے ہاں شیعہ سب داخل جنت ہیں خواہ وہ کیسے ہی بداعمال ہوں یعنی زانی شرابی بے نماز بے روزے تارک زکوٰۃ تارک حج بے فرمان والدین استاد۔ جوئے باز ڈاکو۔ چور وغیرہ بدعمل کیوں نہ ہوں۔ کیونکہ جو حقوق العباد ہمارے شیعوں پر ہوں گے وہ ہم خمس میں حساب کریں گے۔ اور جو حقوق اللہ ہوں گے وہ ہم خدا تعالےٰ سے بخشوا لیں گے۔ بہرحال ہم اپنے کسی شیعہ کو بھی دوزخ میں نہ جانے دیں گے۔

فائدہ:۔ یہ صاف بہتان ہے کیونکہ جو حقوق العباد ہیں وہ تو کسی صورت میں بھی معاف نہیں ہو سکتے۔ جب تک حق والا معاف نہ کرے خواہ وہ حق مال ہو، خواہ حق عزت حرمت ہو۔ چنانچہ اللہ تعالےٰ نے پارہ تیس سورۃ اذا زلزل میں ارشاد فرمایا ہے وَمَنْ یَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّۃٍ شَرًّا یَّرَہٗ ترجمہ۔ پس جو کوئی ایک ذرہ بھر بھی برائی کرے گا اس کو پالے گا۔ یعنی خشخاش کے دانہ جتنی برائی کی سزا بھی پوری ملے گی دیگر خمس تو کھا گیا بادشاہ اور مال لوگوں کا مجرے دیا جائے گا مثل مشہور ہے۔ نانی نے خصم کیتا دوہترے کو چٹی۔ اگر مسئلہ خمس کا دیکھنا ہو تو شروع پارہ دسں میں دیکھو۔

فصل تیسری

شیعوں کا نام رافضی تب سے پڑا ہے جب سے انہوں نے امام زیدؒ جو حضرت امام حسینؓ کا پوتا اور حضرت علیؓ کا پڑپوتا تھا کو شہید کر ڈالا۔

جسدن زیدؒ شہید کرایا رل کے انہاں پلیداں ۔۔۔ رافضی یعنی تارک اسدن نام پیا بے دیناں

اوہ سید آل رسول اللہ دی انہاں امام بنایا — برا نہ کہو اصحاباں تائیں زیدؓ اونہاں فرمایا
ایہ گل شیعیاں بھانی ناہیں دشمن اسدے ہوئے — پر ظاہر دوست بنکے اسدی خدمت وچہ کھلوئے
نال ہشام دے جنگ کرن نوں کیتی اونہاں تیاری — خبر نہ اوسنوں جو ایہ دشمن وچوں قوم ہماری
نوجاں جدوں مقابل ہویاں ہوئی جنگ تیاری — تیراں ہزار سپاہی آہا رافضیاں غدا کاری!
ایہ دوست اہل البیتؓ نبی دے سارے گھر نوں موڑے — زیدؓ شہید ہویا اسجگہ بھی کجھ سنگی تھوڑے
ایہ پوتا شاہ حسین ولی دا انہاں شہید کرایا — نال امام حسینؓ جویں سی کربل ظلم کمایا
کرکے ترک امام اپنے نوں جاں اوہ نٹھے سارے — رافضی نام اونہاں داہویا اسدن کولوں پیارے
بھی وقت شہادت سید آکھیا ایہ مینوں چھوڑ سدھائے — رَافِضُوْنَ فَهُمْ رَافِضُوْنَ تاں ایہ لقب لائے

مجلس سولویں ۱۶

در طعن ہائے شیعہ بر اصحابہ کرامؓ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝ وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِیْنَ ۝ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا رَسُوْلَهٖ الْكَرِیْمِ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ۝ پارہ دس سورۃ توبہ میں اللہ تعالےٰ جل جلالہٗ نے اصحابہ اکرامؓ کا شان اور ایمان یوں ارشاد فرمایا۔ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَهَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَالَّذِیْنَ اٰوَوْا وَّنَصَرُوْٓا اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ حَقًّا لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِیْمٌ۔

ترجمہ۔ اور وہ لوگ جو ایمان لائے اللہ پر اور رسولؐ اللہ پر اور وطن اپنا چھوڑا خدمت اسلام کے واسطے۔ اور جنگ کیا کفار سے بیچ راہ اسلام کے۔ اور وہ لوگ جنہوں نے جگہ دی مہاجروں کو اور مدد کی ان کی ہر طرح سے وہ وہ لوگ ہیں سچے مومن اور واسطے ان لوگوں کے بخشش ہے اور رزق ہے اچھا۔

فائدہ:۔ یہاں اللہ تعالےٰ نے مہاجر اور انصار کی تعریف فرما کر بخشش اور رزق نیک کا بھی وعدہ فرمایا ہے۔ اور اس وعدہ خداوندی کے مستحق سب سے اوّل چہار یار محمد الرسول اللہ ہیں۔ یعنی ابابکر صدیقؓ۔ عمر فاروقؓ۔ عثمان غنیؓ۔ علی کرم اللہ وجہ جن کا خاتمہ بھی باایمان ہوا۔ اور اپنے اپنے زمانہ خلافت میں رزق بھی عمدہ سے عمدہ پایا۔ اور درحقیقت سب اصحاب اس میں شامل ہیں۔

طعن اوّل شیعہ بر عمر فاروقؓ

شیعہ کہتے ہیں کہ بیماری کی حالت میں حضرت محمدؐ الرسول اللہ نے کاغذ اور قلم دوات مانگی تو اصحاب مرتد ہوگئے حضرت عمرؓ نے کہا کہ اسوقت حضرت کو تکلیف ہے ہم کو خداؐ کا قرآن ہی کافی ہے۔ پس عمر نے بے ادبی کی اور حکم کی تعمیل نہ کی ایسی ایسی باتیں بنا کر جاہل غریب مسلمانوں کو اصحاب ثلاثہ سے بداعتقاد کرتے ہیں۔

جواب:۔ یہ قصہ کتب اہل سنت میں اس طرح لکھا ہے کہ جمعرات کو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سخت بیمار ہوگئے۔ جب درد کا غلبہ ہوا تو آنحضرت نے فرمایا کہ کاغذ قلم دوات لاؤ تو میں تجھ کو کچھ وصیت لکھدوں تاکہ میرے بعد تم کبھی نہ بھولو۔ تو بعض

اصحابوں نے کاغذ لانے میں کچھ گفت گو کی - بعض نے کہا کہ لانا چاہیئے - اور بعض نے کہا کہ اسوقت آپ کو تکلیف ہوگی کاغذ نہیں لانا چاہیئے - بعض نے کہا کہ حضورؐ کو شدت مرض سے ہذیان نہ ہوگیا ہو - بعض نے کہا کہ پھر دوبارہ دریافت کرنا چاہیئے - جب حضرت عمر فاروقؓ نے دیکھا کہ اصحاب آپس میں جھگڑ رہے ہیں تو فرمایا کہ خاموش رہو - اسوقت حضورؐ کو شدت کی درد نہایت سخت ہو رہی ہے جھگڑنے سے کوئی فائدہ نہیں - ہم کو کتاب اللہ کافی ہے - آخر بعض اصحابؓ نے حضورؐ سے کاغذ منگوانے کی کیفیت دریافت کی تو آپؐ نے فرمایا تم لوگ اس وقت مجھ سے دُور ہو جاؤ - میں جس چیز میں مشغول ہوں وہ اس سے بہتر ہے

دیکھو حضرت محمد مصطفٰے ۔۔۔ حضرت عمرؓ کے مطابق ہی کہا
مجھے نہ بلاؤ نبیؐ کا ارشاد ہے ۔۔۔ بات تو صرف یہی ہے باقی سب شیعہ کا عناد ہے
شیعہ کہتے ہیں ہزیاں کی نسبت مصطفٰے کو دی ۔۔۔ اس میں ہے بے ادبی احمد مختار کی!
یہ مرض آگے بھی انبیاء کو ہے لاحق ہوا ۔۔۔ پڑھ قرآن میں فَخَرَّ مُوسٰی صَاعِقًا

جیسا کہ پارہ نو سورۃ اعراف میں ہے - فَلَمَّا تَجَلّٰى رَبُّهٗ لِلْجَبَلِ جَعَلَهٗ دَكًّا وَّخَرَّ مُوسٰى صَعِقًا ط ترجمہ :- پس جب موسیٰ علیہ السلام بیہوش ہو کر گر پڑے

فائدہ :- یعنی جب موسیٰ علیہ السلام نے دیدار الٰہی دنیا میں طلب کیا تو یہ واقعہ ہوا - اور حدیث شریف میں آیا ہے کہ جب نفخہ صور کا پھونکا جاوے گا تب انبیاء علیہم السلام سوا موسیٰ علیہ السلام کے بیہوش ہو جائیں گے - کیونکہ وہ دنیا میں نور الٰہی کی جھلک دیکھ چکے تھے -

جواب دوم :- اگر کاغذ قلم دوات کا منگوانا اور لکھنا بقول شیعہ حکم اللہ تعالےٰ کا تھا تو نعوذ باللہ من ذالک حضرت محمد الرسول اللہ بھی خاطی ٹھہرے کیونکہ اللہ تعالےٰ کے حکم کی نافرمانی کی - جیسا کہ اللہ تعالےٰ پارہ ۲ سورۃ مائدہ میں ارشاد فرماتے ہیں يٰۤاَيُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَاۤ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ وَاِنْ لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَهٗ ط ترجمہ - اے رسول پہنچا دے تمام مخلوق کو جو کچھ اتارا ہے رب تیرے نے تیری طرف اگر ایک حکم بھی میرا تو نے مخلوق کو نہ پہنچایا تو گویا تو نے میرا کوئی حکم بھی نہیں پہنچایا -

جیکر توں ہک امر اساڈا خلقت کنوں لوکایا! ۔۔۔ گویا کوئی نہ حکم اساڈا خلقت نوں پہنچایا
جو کل خلقت نوں ڈریا ناہیں عمر کنوں کد ڈردا ۔۔۔ ایہ شیعہ صاحب قدر کی جانن پاک نبیؐ سرور دا
جے اوہ کم ضروری ہوندا کر دے نبیؐ الٰہی ۔۔۔ ہٹکیاں ہوڑیاں مول نہ رہندا پاک رسول نعالی
یا اوہ کم جے دینی ہوندا کر دے نبیؐ الٰہی ۔۔۔ اے پر سب کچھ سمجھے جانے ہرگز ایہ گل ناہی
کجھ تدبیر سیاست یا کوئی بندوبست اصحاباں ۔۔۔ لکھنا سی منظور نبیؐ نوں آیا وچہ کتاباں
لکھن دی کجھ حاجت ناہیں آکھیا گیا زبانی ۔۔۔ عمرؓ صلاح دتی جو متی پاک رسولؐ گرامی

مسئلہ :- مسلم و بخاری شریف میں ہے کہ حضرت محمد الرسول اللہ نے قریب وفات کے تین چیزوں کی وصیت فرمانے کے لئے قلم دوات منگوائی تھی سو وہ وصیت درد کے بعد آرام ہونے کے وقت آپؐ نے زبانی فرمایا کہ ایک تو مشرکین کو عرب کے ٹاپو سے باہر نکال دینا - دوسرا قاصدوں کے ساتھ سلوک رکھنا جیسا کہ میں رکھتا ہوں - تیسرا اسامہ کا لشکر تیار کر کے شام ملک میں جلدی بھیج دینا -

جواب سوم :- قرطاس یعنی کاغذ کا واقعہ جمعرات کا ہے - اور آپ نے پیر وار یعنی سوموار کے دن انتقال فرمایا - الغرض

لہ پس گر پڑے موسیٰ علیہ السلام بیہوش ہو کر -

Marfat.com

کہ آپؐ نے اس واقعہ کے بعد پانچ دن زندہ رہ کر دار فانی سے رحلت فرمائی - اگر یہ حکم فرض ہوتا کہ خلافت حضرت علیؓ کو ملنی چاہیئے تو ضرور ہی ان پانچ دنوں میں آپ لکھ دیتے - نعوذ باللہ من ذالک - کیا خدا تعالیٰ کو بھی حضرت عمرؓ کا خوف تھا - کہ ان پانچ دنوں میں کوئی آئیت نہ ارسال فرمائی - کہ خلافت حضرت علیؓ کو ملنی چاہیئے

ہویا معلوم جو دعویٰ شیعہ بالکل جھوٹا آیا ۔۔۔ جھوٹ طوفان بنا کر اینہاں جاہلاں نوں بھرمایا
خلافت لکھن کارن کاغذ ناں حضرت منگوایا ۔۔۔ تے نہ جبرائیلؑ فرشتہ حکم الٰہی آیا ! ! !
جیکر حکم اللہ دا ہوندا سُنتوں میرے بھائی ۔۔۔ لکھدے جھبدے نبیؐ الٰہی دیر نہ کردے کائی

فائدہ :- یہ جو شیعہ اس مقام پر حضرت عمرؓ پر طعن کرتے ہیں کہ حضرت عمرؓ نے محمد الرسول اللہ کو کاغذ نہ لکھنے دیا - اور کہا کہ ہم کو قرآن کافی ہے - لکھنے کی کوئی ضرورت نہیں - یہ شیعہ صاحب کے فہم کا قصور ہے - اور اس کا جواب اول یہ ہے کہ جس وقت کاغذ لکھنے کا حکم آپؐ نے دیا تھا تو عام اصحابہ کرام کو حکم دیا تھا نہ کہ صرف حضرت عمرؓ کو دیا تھا

جواب دوم یہ ہے - کہ اس جگہ حضرت علی کرم اللہ وجہٗ بھی موجود تھے - اُن کا ہاتھ کیسنے کاغذ لانے سے روکا تھا - اور یہ جو حضرت عمرؓ نے عرض کی تھی کہ حضرتؐ لکھنے کی کوئی ضرورت نہیں ہم کو قرآن کافی ہے اس کہنے کی وجہ یہ تھی کہ حضرت محمد الرسول اللہؐ پر قرآن کریم تمام ہو چکا تھا - اور دین کامل ہو چکا تھا - باقی کوئی کسر نہ تھی کہ جس کو حضرت محمد الرسول اللہ لکھتے - جیسا کہ پارہ چھ سورۃ مائدہ میں ہے - اَلْیَوْمَ اَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَیْکُمْ نِعْمَتِیْ - ترجمہ - آجدن میں نے کامل کر دیا واسطے تمہارے دین تمہارا اور تمام کر دیں اوپر تمہارے نعمتیں -

خیر خواہی دے کارن کاغذ حضرت عمرؓ ہٹایا ۔۔۔ ویر عداوت نال کسیدے ہرگز ناہیں آیا
نہ کوئی بے فرمانی کیتی ہرگز اُس نے کائی ۔۔۔ سی تکلیف نبی دی کارن دلوچہ شفقت آئی
ایسے نازک وقت اندر کجھ لکھن مناسب ناہیں ۔۔۔ جیوں کر ہے دستور بزرگاں شفقت کرن تداہیں
جیوں استاد بیمار شاگرد ایہ ادبوں عرض گذارے ۔۔۔ سبق نہیں اج پڑھناں لائق اے استاد ہمارے
اُستاد کہے آ سبق پڑھیں شاگرد ایہ عرض سناوے ۔۔۔ ہے تکلیف تساں نوں حضرت پڑھنا سبق نہ بھاوے
اس انکار نہ آکھن بلکہ ہے ایہ شفقت بھاری ۔۔۔ عمرؓ خلیفے ایسی طرح سی ادبوں عرض گذاری !

شعر

چشم بد اندیش برکندہ باش ۔۔۔ عیب نمائش ہنر در نظر کاش
آنکھ بُرے دشمن کی اے اللہ ہلاک ہووے ۔۔۔ جو ہنر بھی بیچ آنکھ اُسکی کے عیب دکھائی دیتا ہے

فائدہ :- اسی طرح اور بھی کئی طعن تشنیع حضرت عمرؓ فاروق پر کرتے ہیں کبھی کہتے ہیں کہ وہ نبوۃ پر شک یعنی شک کرنیوالا تھا کبھی کچھ اور کبھی کچھ طعن کرتے ہیں - جن کا ذکر نا بسبب طوالت کے چھوڑ دیا گیا ہے -

طعن دوم در تجہیز تکفین حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم بر اصحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعینؓ

شیعہ کہتے ہیں کہ اصحاب ثلاثہ طمع دنیا کے سبب سے جھگڑا لئے خلافت میں پڑ گئے - اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم کی نعش مبارک تین دن تک پڑی رہی - اور کوئی اصحاب تجہیز و تکفین میں شامل نہ ہوا - اور نہ ہی کسی نے جنازہ پڑھا - اسی طرح حضرت فاطمہؓ کے جنازہ پر بھی کوئی شریک نہ ہوا - ایسے ہی کئی طرح کے من گھڑت ڈھکو نسلے بنا کر جاہل مسلمانوں کو سنا کر بد اعتقاد کر دیتے ہیں - اور گمراہ کر دیتے ہیں -

جواب اول :- یہ طعن شیعہ کا اصحابہ کرام پر بالکل غلط ہے ۔ کیونکہ شیعہ کی ہی کتاب اصول کافی صفحہ ۲۷۶ پر درج ہے عَنْ اَبِیْ جَعْفَرَ صَلَّتْ عَلَیْهِ الْمَلَائِکَةُ وَالْمُهَاجِرِیْنَ وَالْاَنْصَارِیْنَ فَوْجًا فَوْجًا ط ترجمہ ۔ روایت ہے کہ امام جعفر نے فرمایا کہ جب حضرت محمد الرسول اللہ کی روح مبارک قبض کی گئی ۔ تو اوّل آپ کا جنازہ فرشتوں نے پڑھا پھر مہاجرین یعنی ابابکرؓ صدیق و عمر فاروقؓ ۔ عثمانؓ بن عفانؓ وغیرہ نے ۔ پھر تمام مدینہ کے رہنے والوں نے ۔ الغرض کہ دس دس آدمی جنازہ آپ کا پڑھتے تھے ۔ اور حضرت عمرؓ دروازہ میں کھڑے فرماتے تھے کہ جنازہ اور اہل بیت کو خالی کرد ۔ جیسا کہ امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں وَنَادٰی عُمَرَ بْنِ خِطَابَ خَلُّوا الْجَنَازَةَ وَاَهْلَهَا ۔ ترجمہ ۔ حضرت عمرؓ پکارتے جاتے تھے کہ اے لوگو خالی کرو جنازہ اور اُس کے اہل کو ۔

امام جعفرؓ دی خود زبانی ایہ گل ثابت ہوئی ۔ سب اصحاب جنازہ پڑھیا خالی رہیا نہ کوئی
ایہ دھوکا دیون کارن شیعاں جھوٹی گل بنائی ۔ اصحاب نبیؐ دیاں حب زیادہ دنیا سنگ لگائی
بعد نبیؐ مرتد ہوئے سب کہن ایہا نوں خالی! ۔ ہک سلامت علیؓ رہیا اتے بھی چند شخص کمالی

یعنی سلمان فارسیؓ اور ابوذر غفاریؓ اور مقدادؓ اصلی سلامت رہے تھے ۔ اور عمار بن یاسر تردد میں تھا سوائے ان تین اصحاب کے دیگر سب اصحاب بعد وفات محمد الرسول اللہؐ کے مرتد ہوگئے تھے ۔

جواب دوم :- جب حضرت محمد الرسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قریب الموت ہوئے تو آپ نے وصیت فرمائی کہ مجھ کو سوا اہل بیت میرے کے اور کوئی غسل نہ دیوے ۔ اور جنازہ میرا بعد غسل کے میری قبر کے پاس رکھ دینا ۔ کیونکہ اوّل میرا جنازہ حضرت جبرئیل علیہ السلام اور دیگر ملائکہ پڑھیں گے ۔ پھر اہل بیت میرے بمعہ مہاجرین میرا جنازہ پڑھیں گے پھر انصار پھر عام لوگ فوجیں فوجیں جنازہ کے لئے آئیں گے ۔ چنانچہ ویسا ہی ہوا ۔ مطابق فرمان غسل کے لئے پانچ شخص مقرر ہوئے ۔ ایک حضرت علی کرم اللہ وجہہ اور دونوں صاحبزادے امام حسنؓ وحسینؓ اور دو غلام ایک حضرت عباسؓ کا اور ایک حضرت عقیلؓ کا غلام اور یہ بھی آپ کی وصیت تھی کہ اے علیؓ سوا تیرے تمام آنکھیں بند کرلیں ۔ ورنہ جو کوئی میرے جسم مبارک کو دیکھے گا وہ نابینا ہو جائے گا ۔ کیونکہ سوائے حضرت علیؓ کے کسی کو طاقت نہیں کہ میری فوتگی کے بعد میرے جسم کی بھی طرف دیکھ سکے ۔ چنانچہ ویسا ہی کیا گیا ۔

فائدہ :- برادران اسلام بتایئے ۔ اس بات میں اصحابہ کرام کا کیا قصور ہے ۔ ہر ایک نے فرمان نبوی پر عمل کیا ۔

جواب سوم :- شیعہ کی معتبر کتاب جلاء العیون میں درج ہے کہ ابابکرؓ صدیق حضرت محمد الرسول اللہ کا جنازہ پیش امام ہو کر پڑھانے لگے تو حضرت علیؓ نے حضرت ابابکر صدیقؓ کو پیچھے ہٹا دیا ۔ اور خود امام ہو کر جنازہ پڑھایا ۔ اور بعد دیگر اصحابوں کو اجازت جنازہ پڑھنے کی دی ۔ یہاں تک کہ دس دس آدمی داخل ہوتے تھے اور جنازہ پڑھتے تھے جیسا کہ اوپر ذکر ہوا ہے بعض شیعہ غریب جاہل مسلمانوں کو دھوکا دینے کو یہ شعر پڑھتے ہیں ؎

چوں اصحابہ حُبّ دنیا داشتنی ۔ نبیؐ را از بے کفن بگذاشتنی

ترجمہ ۔ یعنی اصحابہ کو ایسی محبت دنیا کی تھی کہ انہوں نے محمد الرسول اللہؐ کو بے کفن اور بے جنازہ ہی چھوڑ دیا ۔

فائدہ :- اور یہ شیعہ کا صاف جھوٹ اور بہتان ہے ۔ کیونکہ کتب شیعہ سے بھی ثابت ہوتا ہے کہ تمام اصحاب محمد الرسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جنازہ پڑھا تھا ۔ جیسا کہ تذکرۃ الطہرین صفحہ ۱۸ پر لکھا ہے کہ حضرت محمد الرسول اللہؐ کو غسل دیا حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے وَکَفَّنَهٗ وَصَلّٰی عَلَیْهِ مَعَ مَلَا ئِکَةِ السَّمٰوٰتِ وَ مَعَ بَنِیْ هَاشِمٍ وَالْمُهَاجِرِیْنَ وَالْاَنْصَارِ وَدَفَنَهٗ اور کفن دیا اور جنازہ پڑھا ساتھ فرشتوں کے اور بنی ہاشم کے اور مہاجرین کے اور انصار کے اور

Marfat.com

دفن کیا حضرت محمد الرسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو۔

فائدہ :۔ یعنی ملائکہ اور مہاجر اور انصار نے ملکر جنازہ پڑھا۔ تو یہ بات اظہر من الشمس ہے کہ سب سے اول مہاجر حضرت ابابکر صدیق اور عمرؓ فاروق اور عثمان غنیؓ ہیں۔

مسئلہ :۔ اگر حضرت علیؓ کو حضرت صدیق اکبرؓ و حضرت عمر فاروقؓ کے ساتھ دلی رنج ہوتا تو وقت غسل اُن کو شامل کر کے اندھے کر دیتے۔ پس اس قرینہ سے معلوم ہوتا ہے کہ اصحاب ثلاثہؓ اور حضرت علیؓ کا آپس میں رنج و عناد کوئی نہ تھا مگر یہ باتیں صرف اَن پڑھ مسلمانوں کے گمراہ کرنے کے واسطے شیعوں نے بنا رکھی ہیں۔

طعن سوم :۔ شیعہ کہتے ہیں کہ حضرت فاطمہؓ خاتون جنت بنت رسول اکرمؐ کا جنازہ بھی اصحاب ثلاثہؓ نے نہیں پڑھا تھا

جواب :۔ حضرت خاتون جنتؓ نے بوقت قریب الوفات حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو وصیت فرمائی تھی کہ میرا جنازہ کوئی مرد نہ دیکھے۔ تم نے آپ ہی میرا غسل کفن دفن جنازہ کرنا ہوگا۔ بلکہ میرا جنازہ رات کے وقت نکالنا تاکہ غیر محرم مرد عورت کی نظر بھی میرے جنازہ پر نہ پڑے۔ جیسا کہ وفات حضرت فاطمہؓ میں مذکور ہے

نظم

نال صحیح روایت مردی وچہ کتاباں آیا
جو فاطمہؓ مرض الموت اپنی وچہ حیدر نوں فرمایا

جو شرم کراں مُت منجی میری مرد نا محرم جاون
ظاہر میت میری اُتے نظر نہ محرم پاون

عادت سی اس ویلے ایہی لوک تمامی کردے
میت عورت مرداں وانگوں ظاہر کر کے دھردے

حضرت فاطمہؓ اس گل کولوں آہی بہت حیرانی
شاید میت میری دیکھن مرد نا محرم جانی

شاہ علیؓ نوں کرے وصیت کر کے بہت از روئی
راتو رات ہیوں دفنائیں غیر نہ دیکھے کوئی

موجب ایس وصیت حیدر راتیں دفن کرائی
فاطمہ آکھیا میت میری ہور نہ دیکھے کائی

فجرے سب اصحاب نبیدے پاس علی دے آئے
ابوبکرؓ تے عمرؓ بیٹھا در ودھاں سخن الائے

کیوں نہ کیتی خبر اسانوں حیدرؓ شیر الہیٰ!
علیؓ کہیا جو زہراؓ نے ایہ وصیت کیتی آہی

جو راتو رات ہیوں دفناویں ہور نہ ویکھنا پاوے
میں کیتا عمل وصیت اوپر شاہ علیؓ فرماوے

كَمَا قَالَ شَيْخُ الصَّدُوْقِ فِيْ صَاحِبِ الْخِصَالِ مِنْ إِمَامِ عَلِيٍّ كَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ جَاءَ اَبُوْبَكْرٍ وَعُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اِلٰى اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ حِيْنَ دُفِنَ فَاطِمَةُ فِيْ حَدِيْثِ الطَّوِيْلِ قَالَ هُمَا اِمَامًا مَا ذَكَرْتُمَا لَمْ اَشْهَدْ كُمَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَاِنَّهٗ قَالَ لَا يَرٰى عَوْرَتِيْ غَيْرُكَ اِلَّا ذَهَبَ بَصَرُهٗ۔

ترجمہ :۔ جیسا کہ کہا بابویہ قمی ملقب شیخ صدوق شیعہ نے بیچ صاحب خصال کے بسند خود امام عبداللہ سے کہ آئے دونوں صاحب حضرت ابابکر صدیق و عمر فاروق حضرت علیؓ کے پاس اور کہا کہ حضرت فاطمہؓ کے دفن کے وقت ہمیں آپ نے خبر کیوں نہ کی۔ اور یہ قصہ بیچ حدیث لمبی کے ہے۔ کہا ان دونوں نے اے حضرت علی کرم اللہ وجہہ نہ شامل کیا آپ نے ہم کو حضرت فاطمہؓ کے تجہیز و تکفین میں جیسا کہ نہ شامل کیا آپ نے ہم کو تجہیز و تکفین محمد الرسول اللہ میں۔ تو حضرت علیؓ نے کہا اے ابابکر صدیق و عمر فاروق آپ کے نہ بلانے کی وجہ یہ تھی کہ حضرت محمد الرسول اللہ نے مجھ کو وصیت فرمائی تھی کہ میرے جسم مبارک کو تیرے سوا کوئی اور دیکھے گا تو نابینا ہو جائے گا۔ اور میں نہیں چاہتا تھا کہ آپ صاحبان کو تکلیف پہنچے۔ اور حضرت فاطمہؓ نے بھی وصیت فرمائی تھی جو کہ مذکور ہو چکی ہے۔

Marfat.com

فائدہ :- الحمد للہ اس طعن بدگمان سے بھی اصحاب ثلاثہؓ خود حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی زبان مبارک سے ہی خلاص ہوئے۔

حاصل کلام اس غسل کفن میں شامل نہ کرنے میں نہ تو حضرت علیؓ پر کوئی طعن آتا ہے اور نہ ہی اصحاب ثلاثہ پر کوئی طعن لازم آتا ہے۔ کیونکہ حضرت محمد الرسول اللہ اور حضرت فاطمہؓ نے خود ہی وصیت فرمائی تھی کہ ہمارے تجہیز و تکفین سوا تیرے کوئی اور نہ کرے۔ جیساکہ ابا بکر صدیق کو فرمایا کہ میرے بعد خلافت کا حق تیرا ہے۔ پس ہر ایک صاحب نے مطابق وصیت کے عمل کیا

طعن چہارم در خلافت اصحاب ثلاثہ رضی اللہ تعالےٰ عنہم اجمعین

پارہ اٹھاراں سورۃ نور میں اللہ تعالےٰ نے ہر چہار خلیفہ حق ہونے کی خوشخبری فرمائی ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ۔ وعدہ کیا اللہ تعالےٰ نے اُن لوگوں سے جو ایمان لائے تم میں سے اور عمل کئے اچھے اس بات کا لَیَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِی الْاَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مِنْ قَبْلِهِمْ۔ کہ خلیفہ کریں گے ہم تم کو بیچ زمین کے جیساکہ خلیفہ کیا ہم نے اُن کو جو ایمان لائے پہلے تمہارے یعنی بنی اسرائیل کو جانشین کیا تھا وَلَیُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِیْنَهُمُ الَّذِی ارْتَضٰى لَهُمْ۔ اور یہ کہ ثابت کرے گا اللہ تعالیٰ واسطے اُن کے دین اُن کا جو پسند کیا واسطے اُن کے وَلَیُبَدِّلَنَّهُمْ مِّنْ بَعْدِ خَوْفِهِمْ اَمْنًا۔ اور بدل دے گا خوف اُن کے کو امن بے خوفی سے۔ وَیَعْبُدُوْنَنِیْ وَلَا یُشْرِكُوْنَ بِیْ شَیْــٴًـا ط وَمَنْ كَفَرَ بَعْدَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓىٕكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ۔ ترجمہ :- اور بندگی کریں گے میری اور نہ شریک لائیں گے ساتھ میرے کسی چیز کو۔ اور جو کوئی کفر کرے پیچھے اُس کے یعنی چہار خلیفہ کی خلافت نہ مانے یا اُن میں سے کسی کو نہ مانے۔ یعنی کسی کی خلافت کا انکار کرے۔ پس وہی لوگ ہیں فاسق بدکار۔ حاصل کلام اللہ تعالےٰ نے وعدہ فرمایا تھا کہ اے امت محمدیہ جو تم میں سے ایمان لائیں گے اور عمل بھی نیک کریں گے۔ ہم تم کو خلیفے زمین کے کریں گے۔

فائدہ :- اوّل نمبر پر اس آیت کے مصداق چہار یار ہیں جن کی خلافت سے سوا فاسق بدکار کے کوئی انکار نہیں کرسکتا۔

مسئلہ :- شیعہ کہتے ہیں کہ خلافت حق علی کرم اللہ وجہہ کا تھا۔ اور اصحاب ثلاثہ کا کوئی حق نہیں تھا۔ اس واقعہ کو ہم مختصر طور پر معتبر تاریخوں سے صاحب انصاف کے آگے پیش کرتے ہیں تاکہ معلوم ہو جائے کہ کون کاذب ہے۔

فائدہ :- مختصر قصہ یوں ہے کہ بعد وفات جناب سرور کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔ سب سے پہلے ایک جماعت انصار نے دعوائے خلافت کا کیا تو اصحاب مہاجرین بھی سقیفہ بنی سعد میں جمع ہوگئے۔ اور خلافت کی گفت گو ہوتی رہی۔ آخر اصحاب انصار نے کہا کہ ایک امیر ہم میں سے مقرر ہو اور ایک تم میں سے مقرر ہو۔ تو اُس وقت حضرت صدیق اکبرؓ نے یہ حدیث پڑھی جو بخاری شریف و مسلم شریف میں ہے قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ اَلْاَئِمَّةُ مِنَ الْقُرَیْشِ۔ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ امامت قریش میں ہی ہونی چاہیئے۔ پس یہ فرمان آپ کا سن کر تمام انصار خاموش ہو گئے۔ اور پھر کسی نے دعوائے خلافت کا نہ کیا۔ کیونکہ انصار مہاجر ابو بکر صدیقؓ کو یار غار اور متقی پرہیزگار جانتے تھے۔ اور فضائل بھی ان کے خود سرور کائنات کی زبان مبارک سے سب نے سنے ہوئے تھے۔ جیساکہ بخاری و مسلم شریف میں ہے یَا عَائِشَةُ اُمُرِیْ اَبَا بَكْرٍ لِّیُصَلِّیَ بِالنَّاسِ۔ ترجمہ :- اے عائشہؓ اپنے باپ ابوبکرؓ کو کہو کہ لوگوں کو نماز

Marfat.com

پڑھائے - اور یہ حکم آپ نے مرض الموت میں فرمایا - اور پانچ دن برابر حضرت محمد الرسول اللہ نے ابو بکرؓ کے پیچھے نماز پڑھی اور یہ متفق مسئلہ ہے کہ حضرت ابابکرؓ کے سوا حضور پرنور محمد الرسول اللہ نے اور کسی اُمتی کے پیچھے نماز نہیں پڑھی - اور یہ حدیث ابو بکر صدیق کی خلافت حق ہونے کی طرف دلالت کرتی ہے

حاصل کلام سب انصار و مہاجرین نے مشورہ کرکے صدیق اکبر کو خلیفہ مقرر کیا - اور سب نے مع حضرت علی کرم اللہ وجہہ متفق ہو کر بخوشی رضا حضرت ابو بکر صدیق کی خلافت منظور کرکے بیعت اختیار کی - اسوقت حضرت صدیق اکبر کی عمر ۶۱ سال برس کی تھی - اور اس شان و شوکت سے خلافت کی کہ زبان بیان کرنے سے عاجز ہے - دین خدا اور سنت مصطفےٰ کو ادا کیا کہ ملک عرب سے بدعت وغیرہ کا نام و نشان مٹا دیا - اور بدین مرتدین مثل مسیلمہ کذاب اور اسود یمنی وغیرہ کو جنہوں نے دعویٰ نبوت کا کیا تھا تہ تیغ کر دیا - اور لاکھہا کفار کو مسلمان کر دیا - اور بہت ملکوں پر فتح پائی - اور ہر ملک سے غنیمت بے شمار ہاتھ آئی - پس ظاہر کام تو اسلام کا اسطرح کیا جس کی تاریخ شاہد ہے - اور باطن میں آپ دن رات ذکر الٰہی میں مصروف و مشغول رہے -

نظم

بعد وفات نبیؐ دے سب اصحاباں مجلس لائی — کر و خلیفہ اسنوں جیہڑا سب توں افضل بھائی

تاں چند اصحاب حدیث نبی دی مجلس وچہ سنائی — جسنوں کرے روایت ترمذی ابوداؤد نسائی

قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ اَبُوْ بَکْرٍ خَیْرُ النَّاسِ بَعْدَ النَّبِیِّ ؐ - ترجمہ - فرمایا نبی کریم ؐ نے کہ ابو بکر صدیق افضل ہیں تمام آدمیوں سے بعد انبیاء علیہم السلام کے وَلَا یَنْبَغِیْ لِقَوْمٍ فِیْھِمْ اَبُوْ بَکْرٍ اَنْ یَّؤُمَّھُمْ اور روایت ہے ایک جماعت اصحابؓ سے کہ فرمایا آپؐ نے نہیں ہے لائق اس قوم کو جس میں ابو بکرؓ ہو کہ سوائے ابو بکرؓ کے کسی اور کو اپنا امام بنائے -

نظم

جسدل صدق صدیقؓ نہیں اس صادق کون بناوے — جو دل صدق صدیقوں خالی کاذب آکھیا جاوے

جسدل صدق صدیقؓ نہیں اس صادق مول نہ جانی — اوہ مردود کمینہ ہے خود آکھیا نبی حقانی

صدق صدیق ایمان نشانی آیا وچہ حدیثاں — بن صدق صدیقؓ نہ مومن نہ ہووے رلیا سنگ خبیثاں

فائدہ :- متواتر روایات سے ثابت ہوتا ہے کہ صدیق اکبرؓ افضل ہیں تمام اصحاب سے جیسا کہ سید علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا کہ اے ابابکر صدیقؓ امام کیا تجھکو رسول اللہ نے ہمارا امر دین کے لئے یعنی امام کیا تجھکو واسطے نماز جماعت کے - پس کون ہے بے دین جو ہٹا دے تجھ کو اس امر سے یعنی خلافت سے بیچ دنیا کے -

فائدہ :- خلافت ابابکر صدیقؓ کا ثبوت تو ہر ایک فریق سے کافی ملتا ہے

نظم

سب اصحاباں متفق ہو کر کیتی بیعت صدیقی — علیؓ زبیرؓ بھی وچے آہے مسئلہ جان تحقیقی!

کہیا صدیق کراہت جسدل بیعت میری اوچھدے — سب تھیں اول حیدرؓ آکھیا ساڈوں چنگی لگے!

تینوں حضرتؐ اگے کیتا پچھے کون ہٹاوے — کل اصحاباں ناوں اول حیدرؓ آکھ سناوے

ابو ہریرہ کرے روایت خود حضرتؐ فرمایا — شب معراج میں عرض کیتا جد وچہ حضور سدھایا

جو میرے بعد خلیفہ کرتوں یارب حیدرؓ تائیں — جو کجھ حکم اللہ دا ہیسی ملکاں عرض سنائی

بعد نساڈے حکم خلافت ابو بکرؓ نوں آیا — ایہ سب نقطہ غوث الاعظم غنیہ اندر لیایا

Marfat.com

حدیث ابن عباس از بخاری و مسلم قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ اَبُوْ بَکْرٍ صَاحِبِیْ وَ مُؤْنِسِیْ فِی الْغَارِ ۔ فرمایا رسول اللہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ابوبکرؓ میرا مصاحب اور دوست اور یار غار ہے وَسُدُّوْا کُلَّ خَوْخَۃٍ فِی الْمَسْجِدِ غَیْرِ خَوْخَۃِ اَبُوْبَکْرِ الصِّدِّیْقِ ۔ اور تمام باریاں مسجد کی طرف سے بند کردو سوائے باری ابوبکر صدیقؓ کے ۔ یہ حدیث حضور پاکؐ نے وقت قریب وفات کے فرمائی اور تین دن بعد وفات پائی ۔ اس حدیث میں خلافت صدیق اکبرؓ کا کنایہ ہے ۔ اور مثل اس کے جو دوسری حدیث حضرت علیؓ کے حق میں آئی ہے ۔ سُدُّوْا کُلَّ خَوْخَۃٍ فِی الْمَسْجِدِ غَیْرِ خَوْخَۃِ عَلِیٍّ کَرَّمَ اللّٰہُ وَجْہَہٗ ۔ یعنی بند کردو باریاں مسجد کی سوا باری حضرت علیؓ کے جو مسجد کی طرف ہے ۔ درحقیقت یہ دونوں حدیثیں صحیح ہیں ۔ شیخ ابن حجر فرماتے ہیں کہ وجہ تطبیق ان کی یہ ہے کہ جو حدیث حضرت علیؓ کے حق میں ہے وہ حکم بوقت بنانے مسجد کے تھا ۔ اور ابھی تمام مسجد تیار نہیں ہوئی تھی تو فرمایا حضور پاکؐ نے کہ بند کردو تمام باریاں اور حضرت علیؓ کی باری جو مسجد کو جاتی ہے کھلی رہنے دو ۔ تاکہ نہ داخل ہووے اجنبی آدمی میرے اور علیؓ کے سوا ۔ اور حضرت صدیق اکبرؓ کی باری کھلی رکھنے کا حکم آخر وقت میں تھا جب کہ آپ کی وفات کے اندر تین دن باقی رہ گئے تھے ۔ اس میں اشارہ ہے صدیق اکبرؓ کی خلافت حق ہونیکا کَمَا قَالَتْ عَائِشَۃُ قَالَ لِیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ فِیْ مَرَضِہٖ اُدْعِیْ لِیْ اَبَابَکْرٍ اَبَاکِ وَاَخَاکِ ترجمہ ۔ جیسا کہ روایت ہے حضرت عائشہؓ سے کہ فرمایا رسول خدا نے واسطے میرے بیچ مرض الموت اپنی کے کہ اے عائشہ بلا واسطے میرے باپ اپنے ابوبکرؓ کو اور بھائی اپنے عبدالرحمنؓ کو حَتّٰی اَکْتُبَ کِتَابًا فَاِنِّیْ اَخَافُ اَنْ یَّتَمَنّٰی مُتَمَنٍّ تاکہ لکھ دوں میں حکمنامہ ۔ پس تحقیق ڈرتا ہوں میں یہ کہ آرزو کرے کوئی آرزو کرنیوالا ۔ وَیَقُوْلُ قَائِلٌ وَلَا یَاْبَی اللّٰہُ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ۔ رواہ مسلم اور کہے کوئی کہنے والا میں حقدار ہوں خلافت کا ۔ حالانکہ نہیں کوئی حقدار خلافت کا بوقت موجود ہونے ابوبکرؓ صدیق کے ۔ جیسے دلالت کرتی ہے حدیث حضور پاکؐ کی کہ نہیں کوئی مومن انکار کرتا خلافت ابابکر صدیقؓ کی سے کَمَا کَانَ فِیْ کِتَابِ الْحَمِیْدِیَّۃِ اَنَا اَوْلٰی بِالْخِلَافَۃِ ۔ جیسا کہ بیچ کتاب حمیدیہ کے ہے کہ فرمایا حضرت ابابکر صدیقؓ نے کہ میں حقدار ہوں خلافت کا میری موجودگی میں سوا میرے کوئی خلافت کا حقدار نہیں ہے ۔

فائدہ :۔ مگر یہ حکم نامہ لکھنے کا موقعہ نہیں ملا کہ خلافت حق صدیق اکبرؓ کا ہے ۔ اور خلافت صدیق اکبرؓ کی باجماع تمام اصحابہ کرامؓ کے ہے ۔

فائدہ ۔ شیعہ کہتے ہیں کہ خلافت حضرت علیؓ کی نفی ہے ۔ یعنی قرآن کریم سے ثابت ہے جس کے ثبوت میں یہ آیت پیش کرتے ہیں جو پارہ چہار سورۃ المائدہ میں ہے اِنَّمَا وَلِیُّکُمُ اللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ ۔ یعنی سوا اُس کے نہیں کہ دوست تمہارا اللہ اور اس کا رسول ہے ۔ ایک اور حدیث پیش کرتے ہیں مَنْ کُنْتُ مَوْلَاہُ فَعَلِیٌّ مَوْلَاہُ ۔ یعنی جس کا میں مولیٰ یعنی دوست و مددگار ہوں اُس کا علیؓ بھی دوست و مددگار ہے ۔ اور کہتے ہیں کہ خلافت منصوص بحدیث ہے ۔ کیونکہ جب رسول خداؐ حج الوداع سے واپس آئے تو مقام غدیر میں بحکم الٰہی حضرت علیؓ کو اپنا وصی بنایا ۔ اور حضرت عمرؓ نے مبارکباد دی کہ بَخٍ بَخٍ یَا عَلِیُّ اَصْبَحْتَ مَوْلَایَ وَمَوْلٰی کُلِّ مُؤْمِنِیْنَ وَمُؤْمِنَاتٍ ۔ حضرت عمرؓ نے کہا میں بہت خوش ہوں اے علیؓ واسطے تیرے کہ تو میرا اور تمام مومن مرد و عورت کا صاحب ہوا

جواب :۔ اس آیت کی تفسیر جو خلافت کے حق میں پیش کرتے ہیں ۔ اِنَّمَا وَلِیُّکُمُ اللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ ۔ کو کسی اردو خواں مترجم قرآن سے دریافت کرنے سے صاف معلوم ہو جاتا ہے کہ اس آیت کے معنے کیا ہیں ۔ اور کس موقعہ پر نازل ہوئی ہے ۔ شان نزول اس آیت شریف کا تو تمام لوگ جانتے ہیں ۔ کہ جب حضرت علیؓ تے نماز اور رکوع کی حالت

Marfat.com

میں اپنی انگشتری سائل کو سخاوت کر دی تو یہ آیت شریف حضرت علیؓ کے حق میں نازل ہوئی۔ اِنَّمَا وَلِیُّکُمُ اللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ وَالَّذِیْنَ یُقِیْمُوْنَ الصَّلٰوۃَ وَیُؤْتُوْنَ الزَّکٰوۃَ وَھُمْ رٰکِعُوْنَ ۝

ترجمہ۔ سوا اس کے نہیں کہ تمہارا دوست اللہ تعالیٰ اور اس کا رسولؐ ہے۔ اور مومن لوگ جو قائم کرتے ہیں نماز کو اور دیتے ہیں زکوٰۃ اور وہ رکوع کرنیوالے ہیں۔ یعنی حالت رکوع میں بھی سخاوت کرتے ہیں۔

فائدہ :۔ اللہ تعالیٰ نمازیوں اور سخیوں کو دوست رکھتا ہے

نہ اسو چہ ذکر خلافت نہ کوئی حال امامت آیا — صرف علیہؑ ؓ شان سخاوت اللہ نے فرمایا
مسلماناں دے دھوکے کارن شیعیاں گل بنائی — جو اس آیت وچہ حیدرؓ سندا ذکر خلافت بھائی
خلافت دا کوئی نام نشان نہ اس آیت وچہ آیا — لوکاں نوں گمراہ کارن نوں شیعیاں ڈھنگ بنایا

مسئلہ :۔ کلینی وابن بابویہ اور شیخ طوسی وغیرہ معتبر شیعہ امام زین العابدینؓ وامام محمد باقرؓ وامام جعفر صادق سے روایت کرتے ہیں کہ شدت مرض میں رسول خداؐ نے حضرت ابن عباس اور حضرت علیؓ کو طلب فرما کر کل مہاجرین وانصار کے سامنے ارشاد فرمایا کہ اے ابن عباسؓ میں اس جہان فانی سے انتقال کرنے والا ہوں اور تو میرے بعد میری خلافت کو قبول فرما کر مجھ سے اس وہم کو دور کر۔ تو حضرت عباسؓ نے عرض کی کہ میں اس عہدہ کی لیاقت نہیں رکھتا۔ خلافت کے لائق حضرت امیر المومنین حضرت علی کرم اللہ وجہٗ ہیں۔

فائدہ :۔ صاحبان کو غور کرنا چاہیئے کہ اگر بقول شیعہ حضرت علیؓ کی خلافت نصی ہوتی یا بقول شیعہ ایک سو بتیس بار کی تاکید ہوتی کہ میرے بعد اے علیؓ تم ہی خلیفے ہو یا رسول خداؐ نے امیر علیؓ کو عام مجمع میں عید غدیر کے دن خلیفہ مقرر کیا ہوتا تو کیوں بوقت انتقال فرماتے کہ اے عباسؓ میرے بعد میری خلافت کو قبول کر۔ اور حضرت ابن عباسؓ نے کیوں نہ عرض کیا کہ یا حضرت ابھی اڑھائی ماہ ہی گذرے ہیں کہ عید غدیر کے دن آپ خلافت حضرت علیؓ کو دے چکے ہیں پھر خلیفہ بنانے کی کیا ضرورت ہے اور نہ ہی اہل بیت میں سے کسی نے جواب دیا کہ آپ تو وصی اپنا حضرت علیؓ کو مقرر کر چکے پھر دوبارہ کسی اور کو وصی بنانے کی کیا ضرورت ہے۔

فائدہ :۔ پس معلوم ہوا کہ حضرت علیؓ کی خلافت نصی نہیں ہے۔ یہ شیعہ کا محض افترا ہے۔

کرو خیال جے نصی خلافت شاہ علیہؑ دی آہی — تاں کیوں آخر وقت وصیت کریے نبی الٰہی
جو کریں قبول خلافت میری چاچا ابن عباسا — میں دنیا نوں چھوڑ کراں ہن جنت اندر واسا
تے کیوں وقت عباسؓ وصیت علیؓ رہیا چپ کیتا — غدیر خلافت مینوں بخشی اج عباسؓ سے لیتا
پس معلوم ہویا نصی خلافت شاہ علیؓ دی ناہیں — ایہ جھوٹ طوفان سنادن شیعہ جاہل لوکاں تائیں

جواب دوم :۔ اور یہ جو حدیث پیش کرتے ہیں مَنْ کُنْتُ مَوْلَاہُ فَعَلِیٌّ مَوْلَاہُ ۔ جس کا میں دوست اور مددگار ہوں اُس کا علیؓ بھی دوست اور مددگار ہے۔ اہل سنت وجماعت کو یہ حدیث بسر وچشم منظور ومقبول ہے۔ اور حضرت عمرؓ کی مبارک بادی بھی ہماری کتب میں موجود ہے۔ اور حضرت علیؓ کا مولیٰ ہونے کا کسی کو عذر وانکار نہیں۔ کیوں کہ مولیٰ کے معنے دوست ومددگار کے ہیں۔ اور حضرت علیؓ کی دوستی ومددگاری تو اہلسنت کا خود دعوےٰ ہے کہ جس کے دل میں حضرت علیؓ کی محبت نہیں وہ مسلمان نہیں۔ بلکہ جو حضرت علی دوستوں کا دشمن ہے وہ بھی ایماندار نہیں۔

فائدہ :۔ جتنی دوستی حضرت علیؓ کی ابا بکر صدیقؓ وعمر فاروقؓ وعثمان غنی کے ساتھ تھی سوائے اللہ تعالےٰ اور اس کے رسولؐ کے اتنی دوستی اور کسی کے ساتھ نہیں تھی۔ جس کی تاریخ گواہ ہے۔ کیونکہ حضرت محمد الرسول اللہ کے دو سوہرے اور دو داماد تھے

Marfat.com

اور پھر حضرت علیؓ نے اپنی لڑکی ام کلثومؓ کا نکاح حضرت عمر فاروقؓ کو کر دیا تھا۔
فائدہ :- اگر مولیٰ کے معنے اولیٰ بھی ہیں تو بھی ہم کو منظور ہے کیوں کہ نسبت بہ نسب نامہ کے حضرت علی کرم اللہ وجہٗ تمام اصحابوں سے افضل ہیں۔

طعن پنجم در اجماع بر اہل سُنت والجماعت

شیعہ کہتے ہیں کہ اہل سنت والجماعت نے اجماع کر کے خود بخود اصحابؓ ثلاثہ کو اپنے خلیفے بنا لیا ہے جو نص قرآنی کے خلاف ہے۔

جواب :- بنص و حدیث صحیح سے اجماع ثابت ہے۔ اور ہر دو فریق کے کتب سے بھی ثابت ہے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے پارہ پانچ سورۃ نساء میں فرمایا ہے۔ قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَمَنْ یُّشَاقِقِ الرَّسُوْلَ مِنْ بَعْدِ مَا تَبَیَّنَ لَہُ الْھُدٰی۔ ترجمہ۔ فرمایا اللہ تعالیٰ نے جو کوئی مخالفت کرے رسول خداؐ کی پیچھے اُس کے سبب گمراہی کے بعد ہدایت کا رستہ ظاہر ہو وَیَتَّبِعْ غَیْرَ سَبِیْلِ الْمُؤْمِنِیْنَ نُوَلِّہٖ مَا تَوَلّٰی وَنُصْلِہٖ جَھَنَّمَ وَسَآءَتْ مَصِیْرًا ۔ ترجمہ اور تابعداری کرے سوا رستے مومنوں کے یعنی جو راہ اجماع مُومنین کے خلاف ہے اُس پر چلے تو ہم اُس کو اُس کے حوالے کریں گے جس کو وہ دوست رکھتا ہے یعنی دوزخ میں داخل کریں گے اور وہ بڑا ٹھکانہ ہے

حدیث :- حدیث صحیح بخاری و مسلم شریف میں ہے کہ فرمایا رسول خداؐ نے اللہ تعالیٰ کا ہاتھ مسلمانوں کی جماعت پر ہے۔ جس نے جدا راہ پکڑی وہ دوزخ میں جا پڑا۔ پس جس بات پر امت کا اجماع ہوا ہے وہی اللہ تعالیٰ کی مرضی ہے۔ اور جو منکر ہوا سو دوزخی ہے۔

دلیل اوّل :- برادران اسلام اللہ تعالیٰ اور رسول خدا نے تو مومنوں کی مخالفت کرنیوالے کو دوزخی فرمایا ہے۔ اور تمام مومنوں کی صلاح و مشورہ پر چلنے کا حکم فرمایا۔ مومن تو درکنار بلکہ خدائے رحمٰن نے اپنے حبیب محمدؐ الرسول کو ارشاد فرمایا وَشَاوِرْھُمْ فِی الْاَمْرِ۔ یعنی اے محمدؐ مومنوں کے مشورہ کے ساتھ ہر ایک کام کیا کرو۔ پس اصحابہ کرام سے مشورہ کرنا اور اُن کی راہ پر چلنا خاص خدا پاک کی راہ پر چلنا ہے۔ اور برخلاف اجماع کے چلنا خاص گمراہی ہے۔

جیکر شک شیعہ نوں ہووے اس آیت وچہ بھائی	جیسو چہ ذکر اجماع اصحاباں کیتا پاک الہٰی
کہن جو سُنیاں اس آیت دے معنے چا بدلائے	موافق مطلب اپنے سارے کر تفسیر سدھائے
ایہ شک دنجائیں اسمعیلا ہور بیان سنائیں	شاید رب سبب ہدایت کرے اونہاں تائیں
نہج البلاغت اندر دیکھو خود حیدرؓ فرمایا	اس اجماع اصحاباں دی اوہ کر تاکید سدھایا

قَالَ عَلِیٌّ کَرَّمَ اللّٰہُ وَجْہَہٗ مَنْ رَاتَّھَا بَاشُوْرٰی۔ فرمایا حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ نے تحقیق وہ شخص جس کو اجماع یعنی مشورہ کے ساتھ امام کیا گیا ہو امام شوریٰ ہے وَالْبَیْعَتِہٖ مِنَ الْمُھَاجِرِیْنَ وَالْاَنْصَارِ کَمَا سَبَقَ خُلَفَائِہٖ ۔ اور جس کی بیعت مہاجر و انصار کریں وہ خلیفہ حق ہے جیسا کہ اصحاب ثلاثہؓ کی بیعت کی گئی تھی۔

فائدہ :- اس کلام سے دو فائدے حاصل ہوئے ایک تو حضرت علیؓ کا اجماع امت کو جائز رکھنا۔ دوسرا انصار و مہاجر کے اجماع اصحاب ثلاثہ کی خلافت کا حق ہونا ثابت کر دیا۔

جیکر اجے بھی شک ہووے تاں ہور بیان سناواں	جیونکر نہج البلاغت اندر دیکھیا لکھ دکھاواں

Marfat.com

حضرت حیدر خود فرمایا میں نہیں دلوں بنایا! — فَاِنْ تَرَکْتُمُوْنِیْ فَاِنَّ کَاھُنْ کُمْ ہے آیا
ایہ خط حیدرؓ دا بہت لمبا ہے میں اختصار بتاواں — جو کجھ حاصل مطلب ہے میں واضح کر سمجھاواں
جیکر متفق ہو کر مینوں تساں امام بنایا — واجب پھیر اطاعت میری شاہ علیؓ فرمایا
تے جیکر کرد نہ بیعت میری متفق ہو کر سارے — تساں جیہا اک میں بھی مقتدی کیتے نیک بولاسے
ایسے نوں اجماع کہن جو سنت اہل بتاون — جیہڑی حیدرؓ دے گواہی نہج البلاغتوں لیاون

کَمَا قَالَ عَلِیٌّ کَرَّمَ اللّٰہُ وَجْھَہٗ اَلْزِمُوْا سَوَادَ الْاَعْظَمُ فَاِنْ اَیْدَ اللّٰہِ عَلَی الْجَمَاعَتِ۔

ترجمہ - فرمایا حضرت علیؓ نے لازم پکڑو تم جماعت بڑی کو پس تحقیق ہاتھ اللہ کا اوپر جماعت بڑی کے ہے۔ وَاِیَّاکُمْ وَالْفُرْقَۃِ فَاِنَّ الشَّاذَّ مِنَ النَّاسِ الشَّیْطٰنِ۔ اور دور رہو تم فرقہ بندی سے تحقیق جدا ہونیوالا جماعت بڑی سے واسطے شیطان کے ہے۔ یعنی جو اجماع کا منکر ہے وہ بموجب بقول حضرت علیؓ شیطان کی جماعت میں داخل ہے

مسئلہ :- شیعہ کہتے ہیں کہ خلافت حق علیؓ کا تھا اور اصحاب ثلاثہ نے جبراً چھین لیا تھا۔ اور بعقائد شیعہ نبوت اور امامت کا ایک ہی اصول اور ایک ہی معمول ہے۔ یعنی حضرت محمد الرسول اللہ صلعم سے لے کر حضرت مہدیؑ تک ایک ہی نور اور ایک ہی دستور ہے۔ صرف نبوت اور امامت میں نزول وحی کا فرق ہے۔ یعنی امام کو وحی نہیں آتی اور نبیؐ کو وحی آتی ہے۔ جیسا کہ قاضی نوراللہ شوستری شیعہ نے مجالس المومنین میں لکھا ہے کہ امام قائم نبیؐ کے ہوتا ہے بیچ تمام امور کے۔ اس واسطے نبوت اور امامت میں کوئی فرق نہیں ایک ہی وجود اور ایک ہی مقصود ہے

جواب :- بقول شیعہ جب نبوۃ اور امامت میں ایک ہی اصول اور ایک ہی معمول ہے، کوئی فرق نہیں ہے تو جس طرح نبوۃ کو کوئی چھین نہیں سکتا، خواہ دعویٰ ہی کرے ایسے ہی امامت کو بھی زبردستی سے کوئی چھین نہیں سکتا خواہ دعوے امامت کا کرے۔ مثلاً مسیلمہ کذاب وغیرہ نے جب جھوٹا دعویٰ نبوۃ کا کیا تو خداوند کریم نے اس کو مسلمانوں کے ہاتھ سے خوار اور ذلیل کرکے ہلاک کر دیا۔ اب کوئی شخص اس کی قبر کا نشان بھی نہیں جانتا۔ اگر بقول شیعہ خلفاء ثلاثہ خلافت کا حق نہیں رکھتے تھے جو نبوۃ کے قائم مقام ہے تو مثل مسیلمہ کذاب کے مسلمانوں کے ہاتھ سے ذلیل و خوار اور ہلاک کیوں نہ ہوتے بلکہ ان کی قبروں پر سلام بھیجا جاتا ہے۔ مثلاً درود شریف جس کو ہر خاص و عام جانتے ہیں۔ جیسا کہ کتاب زیارت مدینہ منورہ میں لکھا ہے۔

مسئلہ :- ہر صبح و شام روزمرہ حضرت محمد الرسول اللہ کے روزۂ انوار پر اوّل یہ سلام پڑھا جاتا ہے۔ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّھَا النَّبِیُّ السَّیِّدُ الْکَرِیْمُ ط وَرَسُوْلُ الْعَظِیْمِ ط رَؤُوْفُ الرَّحِیْمِ ط وَرَحْمَۃً لِّلْعٰلَمِیْنَ ط اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا نُوْرِ عَرْشِ اللّٰہِ ط اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا خَیْرِ خَلْقِ اللّٰہِ۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ بْنُ ھَاشِمٍ یَا طٰہٰ یَا یٰسٓ یَا بَشِیْرُ یَا سِرَاجُ یَا مُنِیْرُ یَا مُقَدَّمُ جَیْشِ اَنْبِیَآءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ ط اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا شَفِیْعُ الْمُذْنِبِیْنَ۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سُلْطَانُ الْاَنْبِیَآءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ ط پھر حضرت ابابکر صدیقؓ پر روزمرہ اس طرح سلام پڑھا جاتا ہے اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدِنَا اَبُوْبَکْرِ الصِّدِّیْقِ ط اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا خَلِیْفَۃَ الرَّسُوْلِ اللّٰہِ عَلَی التَّحْقِیْقِ ط اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا صَاحِبَ رَسُوْلَ اللّٰہِ ثَانِیَ الثَّنَیْنِ اِذْ ھُمَا فِی الْغَارِ ط اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا اَنْفَقَ مَالَہٗ کُلَّہٗ فِیْ حُبِّ رَسُوْلِ اللّٰہِ حَتّٰی تَخَلَّلَ بِالْعَبَاءِ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْکَ وَاَرْضٰکَ اَحْسَنَ الرِّضٰی وَجَعَلَ الْجَنَّۃَ مَنْزِلَکَ وَمَسْکَنَکَ وَمَحَلَّکَ وَمَاوٰکَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا اَوَّلَ الْخُلَفَآءِ وَتَاجَ الْعُلَمَآءِ وَصِھْرَ النَّبِیِّ

Marfat.com

